
حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی الشیخ احمد فاروقی حنفی سرہندی قدس سرہ العزیز

کے علوم و معارف پر مشتمل رسالہ مبارکہ کی پہلی اردو شرح

# سعادت العباد

شرح

# مبداء و معاد



شارح

ابو البیان پیر محمد سعید احمد مجددی

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی الشیخ احمد فاروقی حنفی سرہندی قدس سرہ العزیز

کے علوم و معارف پر مشتمل رسالہ مبارکہ کی پہلی اردو شرح

# سعادت العباد

شرح

# مبدأ و معاد

## جلد دوم

شارح

سراج العارفین شہباز طریقت شارح مکتوبات امام ربانی

ابو البیان **پیر محمد سعید احمد مجددی** قدس سرہ العزیز

ترتیب و تدوین

**علامہ محمد بشارت علی مجددی**

**تنظیم الاسلام پبلیکیشنز**

121-بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ

پاکستان +92-55-3841160 :☎

marfat.com

Marfat.com

# سعادت العباد

جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ

باراول ........ 2007 ............... تعداد 1,100

ھدیہ ............................... 300 روپے

ناشر

تنظیم الاسلام پبلی کیشنز

مرکزی جامع مسجد نقشبندیہ 121-بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ

**Tanzeem-ul-Islam Publications**

121-B Model Town Gujranwala, Pakistan

*Ph #* :+92-55-3841160, Fax #:+92-55-3731933

Website:tanzeemulislam.org

*E-mail:* info@tanzeemulislam.org

tanzeemulislam@yahoo.com

marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ربنا لا تؤاخذنا ان نسينا او اخطانا ربنا ولا
تحمل علينا اصرا كما حملته على الذين من قبلنا
ربنا ولا تحملنا ما لا طاقة لنا به واعف عنا واغفر لنا
وارحمنا انت مولىنا فانصرنا على القوم
الكفرين

ربنا

تقبل منا انك انت السميع العليم
وتب علينا انك انت التواب الرحيم

marfat.com
Marfat.com

اَللّٰهُمَّ

اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَی اللّٰهِ مِنْ جَمِیْعِ مَا کَرِهَ اللّٰهُ

قَوْلًا وَّفِعْلًا وَّخَاطِرًا وَّسَامِعًا وَّنَاظِرًا سُبْحَانَهٗ

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی حَبِیْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

marfat.com
Marfat.com

# الاھداء

ہم اس تصنیف لطیف کو اپنے شیخ مکرم

سراج العارفین شہبازِ طریقت شارحِ مکتوبات امام ربانی

ابوالبیان **پیر محمد سعید احمد** مجددی

## کے والدین کریمین

کی طرف منسوب کرتے ہیں

جن کی آغوشِ ولایت اور حسنِ تربیت کی بدولت

ادب و نیاز اور سوز و گداز کا پیکرِ جمیل

تشکیل پایا

صاحبزادہ محمد رفیق احمد مجددی

marfat.com
Marfat.com

بُرہانِ ولایتِ محمدیّہ ، حُجتِ شریعتِ مُصطفویہ

کاشفِ اسرارِ سبع مثانی ، عالمِ علومِ مُقطعاتِ قرآنی

امامِ ربّانی ، عارفِ حقّانی

قیّومِ زمانی

شیخ الاسلام والمُسلمین ، آیۃ اللہ فی الارضین

# حضرت شیخ احمد فارُوقی

حنفی ، ماتُریدی ، نقشبندی ، سرہندی

# المعروف مجدّد الفِ ثانی

اُویسی ، رحمانی

قُدِّسَ سِرُّہُ السُّبحانی

marfat.com
Marfat.com

# فہرست


| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| پیش لفظ | 17 |
| **منہا ۔۱۹** | |
| حق تعالیٰ اپنی موجودیت میں وجود کا محتاج نہیں | 19 |
| معقولات کی دو قسمیں ہیں | 21 |
| **منہا ۔۲۰** | |
| حق تعالیٰ وہم وتخیل سے وراء ہے | 28 |
| رؤیت اور مشاہدہ میں فرق | 29 |
| وہم اور خیال میں فرق | 30 |
| وجوبی اور امکانی حجابات | 31 |
| اصحاب حجب کی اقسام ثلاثہ | 32 |
| حجابات کی سہ اقسام | 33 |
| وصل عریانی | 35 |
| حق تعالیٰ اشیاء کائنات سے وراء ہے | 36 |
| طریقت نقشبندیہ میں معرفت ذات کا تصور | 37 |
| عالم دنیا میں رؤیت باری تعالیٰ واقع نہیں | 39 |
| عامۃ الناس کی عقول کیفیت رؤیت کے ادراک سے قاصر ہیں | 41 |
| **منہا ۔۲۱** | |
| حق تعالیٰ دید ودانش سے وراء ہے | 43 |
| عرفائے کاملین بے حجاب جلوۂ یار سے شادکام ہوتے ہیں | 44 |
| **منہا ۔۲۲** | |
| حق تعالیٰ مقید کے آئینوں سے بالا ہے | 45 |
| وحدت الوجود......وحدت الشہود | 47 |
| حضرت امام ربانی کا نظریہ توحید | 48 |
| سالکین مجددیہ کیلئے چند فکر انگیز گذارشات | 49 |
| متکلمین علماء بھی ہیں اور صوفیاء بھی | 50 |
| ہمیں فص نہیں نص چاہیے | 51 |
| روز قیامت احکام شرعیہ کی بابت باز پرس ہوگی | 52 |
| **منہا ۔۲۳** | |
| محفوظ اولیاء ہی ملائکہ سے افضل ہیں | 54 |
| حضرت امام ربانی کا مشاہدہ | 56 |
| غم والم......بھی نعمت ہیں | 58 |
| اطاعت رسول ﷺ کے ثمرات | 58 |
| **منہا ۔۲۴** | |
| صفات بشریہ سے مراد علل معنویہ ہیں | 60 |


marfat.com
Marfat.com

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| صاحب فنائے نفس کو غیرت آتی ہے | 61 |
| حدود شرعیہ کے نفاذ میں ترس کی ممانعت | 63 |
| بشریت مطہرہ | 64 |
| انا بشر مثلکم کی حکمت | 67 |
| مردہ بدست غسال | 68 |
| شیخ کا عتاب باعث رحمت ہے | 69 |
| حالت غضب میں حواس کا اعتدال | 70 |
| غصہ کا علاج | 71 |
| خواجہ احرار صاحب ثروت تھے۔ | 73 |
| ہر قول پیغمبر حق ہے | 74 |
| اکتب محمد ابن عبداللہ | 75 |
| لا امحوک ابداً | 76 |
| امور اجتہادیہ میں اختلاف رائے | 77 |
| کھانے کے آداب مسنونہ | 78 |
| اہل وعیال کے ساتھ حسن معاشرت | 81 |
| تربیت اولاد کیلئے تین آداب | 83 |
| تزویج وتجرید میں اختلاف صوفیاء | 85 |
| اہل وعیال کے ساتھ موانست | 86 |
| سگ بچہ مردہ است | 88 |
| اہل اللہ میں لطافت کا غلبہ | 90 |
| اہل اللہ پر تنقید کی ممانعت | 91 |
| ظاہر بین اور باطن بین | 93 |
| اہل اللہ کے ظاہر بین حرماں نصیب ہیں | 95 |
| اہل اللہ میں کدورات بشریہ کا ظہور | |
| باعث آزمائش ہوتا ہے | 96 |
| لوگوں کی تین اقسام | 98 |
| اہل اللہ کی خطا باعث عطا ہے | 101 |
| ایک غلط فہمی کا ازالہ | 104 |
| **منہا۔ ۲۵** | |
| نسیان ماسوی راہ طریقت کی شرط ہے | 106 |
| ماسوی اللہ کی دو اقسام | 107 |
| علوم امکانی اور معارف وجوبی | |
| اجتماع ضدین نہیں | 110 |
| **منہا۔ ۲۶** | |
| سالک کے عروجی مراتب اور نزولی مدارج | 111 |
| عارفین، مولا صفات ہوتے ہیں | 113 |
| حق تعالی کی تین سو ساٹھ صفات ہیں | 115 |
| تخلق باخلاق اللہ کے مختلف معانی | 115 |
| صفات ثمانیہ کی تین اقسام | 118 |
| تحقق بحقائق اللہ کا مفہوم | 119 |
| **منہا۔ ۲۷** | |
| حضرت امام ربانی کا مقام رضا سے | |
| بہرہ اندوز ہونا | 121 |
| دعا افضل ہے یا رضا افضل | 124 |
| **منہا۔ ۲۸** | |
| تقلید کا معنی ومفہوم | 127 |


marfat.com
Marfat.com

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| تقلید کی اقسام | 128 |
| تقلید شرعی کی اقسام ثلاثہ | 130 |
| مجتہدین کی اقسام | 131 |
| اجتہاد کا ثبوت | 135 |
| امام اعظم فانی الصفت ہیں | 136 |
| آئمہ مجتہدین کا اپنے مقلدین کی اعانت کرنا | 137 |
| مذاہب اربعہ سے خروج گمراہی ہے | 139 |
| تلفیق کی تفصیلات | 140 |
| مسائل متفقہ.....مسائل مختلفہ | 141 |
| مقلد محقق کا تفرد | 143 |
| علم کلام کا مختصر تعارف | 144 |
| شاھق الجبل کے متعلق متکلمین کی آراء | 146 |
| حضرت امام ربانی کا امتیازی موقف | 147 |
| حضرت امام اعظم کا مختصر تعارف | 149 |
| حنفیوں کو جنت کا مژدہ | 151 |
| حضرت امام مالک کا مختصر تعارف | 155 |
| حضرت امام احمد بن حنبل کا مختصر تعارف | 157 |
| حضرت امام شافعی کا مختصر تعارف | 159 |
| حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مختصر تعارف | 161 |
| حضرت خواجہ محمد پارسا کا مختصر تعارف | 163 |
| **منہا ۔ ۲۹** | |
| سالک کو خلافت مقیدیہ دینے کا سبب | 166 |
| شیخ کیلئے بیعت لینے کے آداب وشرائط | 167 |
| خلیفہ مقید.... خلیفہ مطلق | 169 |
| حضرت مولانا جامی کا مختصر تعارف | 170 |
| حضرت خواجہ یعقوب چرخی کا مختصر تعارف | 173 |
| **منہا ۔ ۳۰** | |
| یادداشت کی تفصیلات | 176 |
| یادداشت اور یادکرد میں فرق | 178 |
| یادداشت کے تین معانی | 180 |
| **منہا ۔ ۳۱** | |
| تکمیل سلوک کا انحصار مقامات عشرہ پر ہے | 186 |
| حضرت شیخ شبلی کا مختصر تعارف | 188 |
| صوفیائے کاملین میں نقائص باقی رکھنے کی حکمتیں | 192 |
| **منہا ۔ ۳۲** | |
| حصول فیض کیلئے اہل اللہ کی نیازمندی لازم ہے | 195 |
| اہل اللہ ہی حزب اللہ ہیں | 198 |
| **منہا ۔ ۳۳** | |
| صورت بشریہ باطنی کمالات کی پردہ پوش ہے | 199 |
| اہل اللہ کے بطون بیچون وبیچگون ہیں | 200 |


marfat.com
Marfat.com

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| **منہا ۔ ۳۴** | |
| بدعت کی تفصیلات | 202 |
| حضرت امام ربانی اور امور بدعت | 204 |
| تقسیم بدعت سے انکار کی توجیہات | 208 |
| بدعت حسنہ...... رافع سنت ہے | 211 |
| بدعت اعتقادی اور بدعت عملی | 214 |
| فرقہ رافضیہ کی اقسام | 216 |
| زبان رسالت سے روافض کی مذمت | 217 |
| صحابہ کرام اور فرقہ رافضیہ | 218 |
| بارگاہ رسالت ﷺ میں حضرت امام ربانی کی قبولیت | 219 |
| **منہا ۔ ۳۵** | |
| متشابہات کی تاویل اور علماء کی آراء | 220 |
| مفوضین اور مؤولین | 220 |
| حضرت امام ربانی کا موقف | 222 |
| کارکنان قضاء وقدر کون ہیں؟ | 224 |
| محکمات اور متشابہات کے متعلق حضرت امام ربانی کا موقف | 225 |
| **منہا ۔ ۳۶** | |
| اتباع سنت، حصول محبوبیت کا ذریعہ ہے | 227 |
| متابعت ظاہری...... متابعت باطنی | 228 |
| ریاضت وسنت کا فرق | 230 |
| اطاعت رسول ہی اطاعت خدا ہے | 232 |
| دونوں اطاعتوں کے درمیان تفریق کی ممانعت | 233 |
| سنت کی برکات | 235 |
| **منہا ۔ ۳۷** | |
| محبت کی اقسام | 236 |
| محبت ذاتیہ کے اعتبارات ثلاثہ | 238 |
| مقام تکمیل میں محبت رسول غالب ہوتی ہے | 240 |
| **منہا ۔ ۳۸** | |
| شرافت علم معلوم کے مقام شرافت کے مطابق ہے | 243 |
| علم ظاہر اور علم باطن | 244 |
| علم کے دو ظروف | 244 |
| علم معاملہ...... علم مکاشفہ | 245 |
| علم نافع اور علم غیر نافع | 247 |
| علماء کے تین گروہ | 248 |
| شیخ کے حقوق تمام حقوق سے فوق ہیں | 249 |
| **منہا ۔ ۳۹** | |
| عالم امر اور عالم خلق کی تعریفات | 254 |
| لطیفہ...... محل نور ہے | 256 |
| لطیفہ روح، سر اور خفی کی تفصیلات | 258 |
| لطیفہ اخفیٰ، نفس اور قالبیہ کی تفصیلات | 260 |
| جسم انسانی میں لطائف کی تعیین | 261 |


marfat.com
Marfat.com

| مضامین | صفحہ | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|---|
| لطیفہ جاری ہونے کا مطلب | 262 | **منہا۔ ۴۱** | |
| موت کی تعریف اور اس کی قسمیں | 264 | صفت تکوین کی تفصیلات | 290 |
| موت اختیاری کی اقسام | 265 | صفت قدرت کی تفصیلات | 293 |
| **منہا۔ ۴۰** | | قدرت کسبی کا اجمالی تذکرہ | 297 |
| معراج نبوی ﷺ جسمانی ہے | 269 | صفت ارادہ کی تفصیلات | 298 |
| اہل اللہ کا باطنی عروج | 270 | ارادہ کی دو قسمیں | 300 |
| دونوں معراجوں میں فرق | 271 | استطاعت مع الفعل حقیقت قدرت ہے | 302 |
| شیخ رفاہی کی روحانی پرواز | 272 | استطاعت کی دو قسمیں | 303 |
| شیخ بسطامی کی روحانی معراج | 272 | **منہا۔ ۴۲** | |
| کلام...... حقیقی صفت ہے | 274 | رویت باری تعالیٰ دنیا میں واقع | |
| کلام لفظی...... کلام نفسی | 277 | نہیں ہے | 307 |
| قرآن کی تعریف | 278 | کشف اور فراست کے درمیان امتیاز | 311 |
| کلام اللہ کے مراتب اربعہ | 279 | فراست کی اقسام ثلاثہ | 312 |
| کلام اللہ کے سات بطون | 280 | اہل معرفت کی فراست | 313 |
| وجوبی مراتب...... امکانی مراتب | 281 | اہل ریاضت کی فراست | 313 |
| قرآن، ذاتی وشیونی کمالات کا جامع ہے | 283 | مناظرہ کی تعریف | 315 |
| حقیقت قرآن مرتبہ نور سے بالا ہے | 284 | مناظرہ کی دو قسمیں | 315 |
| قرآن غیر مخلوق ہے | 286 | مناظرہ مذموم کی تفصیلات | 316 |
| دائرہ امکان | 287 | مناظرہ محمود کا اجمالی تذکرہ | 319 |
| ازل کی تعریف | 287 | علم کلام کی تفصیلات | 321 |
| ابد کی تعریفات ثلاثہ | 288 | حضرت شیخ ماتریدی کا مختصر تعارف | 323 |
| سجدہ عبادت...... سجدہ تحیت | 288 | اشاعرہ کی فلسفیانہ موشگافیوں پر نقد ونظر | 326 |
| | | حضرت شیخ اشعری کا مختصر تعارف | 327 |


marfat.com
Marfat.com

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| **منہا ۔ ۴۳** | |
| امام ربانی علم کلام کے مجتہد ہیں | 329 |
| علم لدنی کی اقسام ثلاثہ | 330 |
| الہام اور فراست کی اجمالی تفصیلات | 331 |
| **منہا ۔ ۴۴** | |
| تخلیق انسانی کا مدعا | 335 |
| عبد ماذون...... بندہ مرزوق | 337 |
| تخلیق ہدایت...... تقسیم ہدایت | 340 |
| اسیران بدر کے متعلق باہمی مشاورت | 341 |
| احکام جزئیہ میں خطاء کا احتمال | 342 |
| زلت کے اطلاق سے اجتناب | 344 |
| عتاب کا اجمالی بیان | 345 |
| افعال عباد مشیت سے متعلق ہیں | 347 |
| **منہا ۔ ۴۵** | |
| قرآن مجید متقین کے لئے ہادی ہے | 348 |
| عرفائے کاملین صفات پر اکتفا نہیں کرتے | 350 |
| **منہا ۔ ۴۶** | |
| حضرت خواجہ باقی باللہ کے چند مریدین | 352 |
| یک در گیر محکم گیر کا مقولہ | 355 |
| حضرت خطیب الاسلام کا ایک چیلنج | 357 |
| سیدنا علی المرتضیٰ کا محب مفرط گمراہ ہے | 358 |
| مرید کیلئے شیخ ہی امام برحق ہوتا ہے | 361 |
| **منہا ۔ ۴۷** | |
| کلمہ طیبہ لاہوتی نغمہ ہے | 362 |
| یہ نغمہ فصل گل ولالہ کا نہیں پابند | 365 |
| **منہا ۔ ۴۸** | |
| حقیقت سے مراد مبداء تعین ہے | 366 |
| حقیقت قرآنی اور حقیقت کعبہ | 367 |
| حقیقت محمدیہ ﷺ | 368 |
| حقیقت محمدیہ کی دو جہتیں | 369 |
| حقیقت کعبہ حقیقت قرآن سے بالا ہے | 371 |
| حقائق الاشیاء ثابتہ کی تفصیلات | 373 |
| معدوم، مرئی شئی نہیں | 375 |
| حقیقت احمدیہ ذات احد کا مظہر ہے | 377 |
| حقیقت امکانی...... حقیقت وجوبی | 377 |
| حقیقت احمدیہ شیون کا ایک بلند مرتبہ ہے | 378 |
| اسم محمد اور اسم احمد کے حقائق | 379 |
| اسم احمد میں میم عبودیت کا حلقہ ہے | 380 |
| حقیقت محمدیہ عالم خلق کی مربی ہے | 381 |
| ہزارہ دوم میں امام ربانی کی برکات | 383 |
| ہزار سالہ مجدد ہی امام زمانہ ہوتا ہے | 384 |
| حضرت امام ربانی کے معاندین کا خبث باطن | 385 |
| حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر عالم امر کا غلبہ تھا | 386 |


marfat.com
Marfat.com

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| **منہا ۔ ۴۹** | |
| کلمہ طیبہ کے فیوض وبرکات | 387 |
| کلمہ طیبہ کے تقاضے | 389 |
| **منہا ۔ ۵۰** | |
| معوذتین کی قرآنیت | 390 |
| حضرت شیخ منیری کا مختصر تعارف | 393 |
| مکتوبات منیری کی اہمیت | 395 |
| **منہا ۔ ۵۱** | |
| تقلید مذموم..... تقلید محمود | 397 |
| اہل اللہ کے ناقدین حرمان نصیب ہیں | 400 |
| سیدنا صدیق اکبر جمال نبوت کا آئینہ ہیں | 401 |
| چوں گرفتی پیر را تسلیم شو | 402 |
| بمے سجادہ رنگین کن .. | 403 |
| سیدنا آدم علیہ السلام اور شجرہ ممنوعہ | 404 |
| عصمت کی تعریف | 405 |
| اہل اللہ کی خطا پر گریہ وزاری | 406 |
| وائے ناکامی زاہد..... | 407 |
| مسئلہ نسیان کا اجمالی بیان | 408 |
| خواجہ حبیب عجمی کی صحت نیت | 411 |
| خطاء پیر بہتر از صواب مرید | 413 |
| حضرت شیخ شاذلی اور حزب البحر کا وظیفہ | 414 |
| **منہا ۔ ۵۲** | |
| تجلی کا معنی ومفہوم | 416 |
| تجلی صفاتی..... تجلی ذاتی | 417 |
| تجلی ذاتی کی قسمیں | 418 |
| تمام انبیاء نفس نبوت میں مساوی ہیں | 419 |
| اولوالعزم علیہم الصلوات چھ رسول ہیں | 420 |
| انبیاء کرام کے درمیان مخایرہ کی ممانعت | 421 |
| آیات واحادیث میں متابقت | 422 |
| وصول باعتبار نظر..... وصول باعتبار قدم | 424 |
| حضرت موسیٰ حضرت عیسیٰ سے افضل ہیں | 426 |
| **منہا ۔ ۵۳** | |
| سیر مستطیل..... سیر مستدیر | 430 |
| صوفیائے مستہلکین اور صوفیائے راجعین | 432 |
| **منہا ۔ ۵۴** | |
| مقام رضا کی تفصیلات | 433 |
| حضرت امام ربانی اور مقام رضا | 435 |
| صورت رضا اور حقیقت رضا | 436 |
| **منہا ۔ ۵۵** | |
| سنت کا اکتساب ۔ بدعت سے اجتناب | 438 |
| متابعت نبوی ﷺ کی برکات | 439 |
| گرد نعل اسپ سلطان شریعت سرمہ کن | 441 |
| **منہا ۔ ۵۶** | |
| لفظ جن کا معنی ومفہوم | 442 |
| جنات کے متعلق اہلسنت کا موقف | 443 |


marfat.com
Marfat.com

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| روحانی مخلوق کی تین اقسام | 444 |
| جنات کی تین اقسام | 445 |
| جسم انسانی پر جنات کا تسلط اور شیاطین کا تصرف | 446 |
| **منہا۔ ۵۷** | |
| امام ربانی کے نزدیک نبی ﷺ کے ساتھ ہمسری کا دعویٰ کفر ہے | 449 |
| جزوی فضیلت کو کلی فضیلت کے ساتھ معارضہ کی مجال نہیں | 451 |
| شہداء کے جزوی فضائل کا بیان | 452 |
| اولیاء، انبیائے علیہم الصلوٰۃ کے طفیلی ہیں | 453 |
| حضرت خضر کو حضرت موسیٰ پر جزوی فضیلت حاصل ہے۔ | 454 |
| خاتم ولایت اور خاتم نبوت | 457 |
| **منہا۔ ۵۸** | |
| نبوت ولایت سے افضل ہے | 460 |
| ولایت نبوت سے منور ہے | 461 |
| نبی کا ایک سانس بھی ولی کی زندگی سے فاضل تر ہے | 462 |
| انبیاء اولیاء سے چار مراتب میں افضل ہیں | 463 |
| **منہا۔ ۵۹** | |
| صفات ذاتیہ کی تین اقسام | 464 |

| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| صفات سلبیہ.... صفات ثبوتیہ | 465 |
| صفات ثبوتیہ کی دو قسمیں | 466 |
| صفات فعلیہ | 467 |
| حق تعالیٰ بذات خود موجود ہے | 468 |
| صفت حیات کا اجمالی تذکرہ | 470 |
| صفت علم کا تفصیلی تذکرہ | 471 |
| فیض تخلیقی.... فیض کمالاتی | 476 |
| سیر نظری.... سیر قدمی | 477 |
| **منہا۔ ۶۰** | |
| صفات ثبوتیہ.... صفات سلبیہ | 479 |
| مماثلت ذاتی.... مماثلت صفاتی | 481 |
| مماثل موافق.... مماثل مخالف | 483 |
| معیت عامہ.... معیت خاصہ | 485 |
| **منہا۔ ۶۱** | |
| حال کی تعریف | 487 |
| حال کے متعلق صوفیائے کرام کی آراء | 488 |
| وجدانات | 488 |
| نسخ کے متعلق تمہیدی کلمات | 489 |
| نسخ کے تدریجی مراحل | 490 |
| نسخ کی تعریف اور اقسام اربعہ | 492 |
| حضور اکرم ﷺ محلل و محرم ہیں | 494 |
| نسخ بالسنۃ کی سات مثالیں | 495 |


marfat.com
Marfat.com

# پیش لفظ

علم وعرفان اوراحوال وایقان کے رُخ زیبا کوسنوارنے اورنکھارنے میں علمائے راسخین اور عرفائے کاملین میں جن نفوس قدسیہ کے علمی آثاراور باطنی اسرار کوشہرت دوام حاصل ہوئی ان میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے مکتوبات شریفہ اور رسائل مبارکہ سرفہرست ہیں۔اللہ تعالیٰ نے حضرت امام ربانی کی تصانیف عالیہ کا جوفہم وادراک ہمارے آقائے ولی نعمت سراج العارفین حضرت علامہ ابوالبیان پیر محمد سعید احمد مجددی قدس سرہٗ العزیز کوعطا فرمایا البینات شرح مکتوبات (۳ جلدیں) اور سعادت العباد شرح مبداء ومعاد (۲ جلدیں) اس کا بین ثبوت ہیں اہل طریقت کی نظر میں البینات شرح مکتوبات کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ سلسلہ عالیہ چشتیہ نظامیہ کے عظیم روحانی پیشوا حضرت شیخ عبدالرؤف نظامی مدظلہٗ (جنوبی افریقہ) نے اپنے بارہ مدارس دینیہ میں اسے بطور نصاب شامل فرمایا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا بے پایاں شکرواحسان ہے کہ اس نے ہمیں سعادت العباد کی تکمیل کی توفیق انیق رفیق فرمائی۔جس کا پہلا حصہ حضور قبلہ عالم ابوالبیان قدس سرہٗ العزیز کے دوسرے سالانہ عرس پاک کے موقعہ پر چھپ کر منظر عام پر آیا۔جس میں 18 منہا کی توضیح وتشریح کی گئی۔اب بحمدہٖ تعالیٰ اس کا دوسرا حصہ آپ کے ہاتھوں میں ہے جس میں بقیہ 43 منہا کی شرح پیش خدمت ہے۔جن میں چند ضروری مباحث صفات باری تعالیٰ،تقلید وتلفیق ،یادداشت،حضرت امام ربانی کے تقسیم بدعت سے انکار کی توجیہات،

marfat.com
Marfat.com

مناظرہ کی اقسام، عتاب کا اجمالی تذکرہ وغیرہا قابل ذکر ہیں۔

اس تصنیف لطیف کی ترتیب وتدوین، تسوید وتزئین اور طباعت واشاعت میں علامہ محمد بشارت علی مجددی، شہید وفا مولانا محمد اکبر شاکر مجددی مرحوم، علامہ حافظ تنویر حسین مجددی، سید اظہر علی شاہ مجددی، علامہ راشد علی مجددی، علامہ محمد اشفاق مجددی (شریعہ اینڈ لاء)، ڈاکٹر محمد انوار احمد اعجاز، محمد ندیم ارشد مجددی، شہزادہ محمد عارف مجددی اور محمد جاوید احمد مجددی کی شبانہ روز محنت لائق تحسین ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں دارین کی سعادتوں اور کونین کی برکتوں سے نوازے اور اپنے شیخ مکرم کے عظیم وپاکیزہ مشن کی بیش از بیش خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔

اللھم آمین بجاہ النبی الکریم علیہ التحیۃ والتسلیم

قارئین کرام سے التماس ہے کہ دوران مطالعہ اگر کمپوزنگ یا پروف ریڈنگ کی کوئی فروگذاشت پائیں تو دامن عفو میں جگہ دیتے ہوئے ادارہ کو مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کی جاسکے۔

ابو الحبیب محمد رفیق احمد مجددی

درگاہ حضرت ابو البیان قدس سرہ العزیز

امیر اعلیٰ: عالمی ادارہ تنظیم الاسلام

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۱۹

از خصائص حضرت واجب الوجود ست تعالیٰ و تقدس

حضرت واجب الوجود تعالیٰ و تقدس کی خصوصیات سے ہے کہ

کہ بذات خود موجود بود و اصلا درموجودیت بوجود

وہ بذات خود موجود ہو ۱ اور موجودیت میں ہرگز وجود

## حق تعالیٰ اپنی موجودیت میں وجود کا محتاج نہیں

۱ زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ واجب الوجود اپنی موجودیت (موجود ہونے) میں وجود کا بھی محتاج نہیں بلکہ وہ اپنی ذات کے ساتھ موجود ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کے خصائص میں سے ہے جبکہ تمام مخلوقات وجمیع ممکنات اپنی موجودیت میں وجود کی محتاج ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

محتاج نشود برابر ست کہ وجود را عین ذات بگیریم

کا محتاج نہ ہو برابر ہے کہ ہم وجود کو عین ذات مانیں یا ذات پر

یا زائد برذات بر ہر دو تقدیر عینیت و زیادتی محذور

زائد۔ [۲] ہر دو تقدیر عینیت و زیادتی پر حذر لازم ہے

لازم ست و چوں حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ را سنت

چونکہ حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ کی سنت اس (انداز) پر جاری ہے

[۲] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرما رہے ہیں کہ جب صوفیائے وجودیہ نے عینیت کا قول کیا تو متکلمین اہلسنت نے ان پر اس قدر تابڑتوڑ اشکالات وارد کئے جن کے جوابات کے لئے ان صوفیاء کو لمبے چوڑے دلائل دینا پڑے اور ان دلائل کی کھینچا تانی کر کے اپنے مؤقف کو ثابت کرنا پڑا لیکن پھر بھی مسکت اور تسلی بخش جواب نہ دے سکے فلہٰذا عینیت کی صورت میں دلائل متطاولہ کا احتیاج لازم آتا ہے اور جمہور متکلمین اہل سنت کی مخالفت بھی لازم آتی ہے اور جب وجود کو زائد علی الذات کہا جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ذات، وجود کے ساتھ موجود ہے جس سے ذات کی وجود کی طرف احتیاج لازم آئے گی اور اللہ تعالیٰ سبحانہ احتیاج سے پاک ہے۔ تعالیٰ اللہ عن ذالك علواً كبيراً

marfat.com
Marfat.com

برآں جاری شدہ است کہ ہرچہ درمرتبہ وجوب ست

کہ جو کچھ مرتبۂ وجوب میں ہے [3] اس کا نمونہ

نمونہ آں در ہر مرتبہ امکان ظاہر سازد "**علمہ احد اولم**

امکان کے ہر مرتبہ میں ظاہر فرما دے کسی کو معلوم ہو یا

**یعلمہ**" انموذج ایں خاصہ در عالم امکان وجود را ساختہ

نہ ہو۔ اس خاصہ کا نمونہ عالم امکان میں وجود کو بنایا ہے

است کہ وجود ہر چند موجود نیست و از معقولات

کیونکہ وجود اگرچہ موجود نہیں ہے اور معقولات

[3] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرمارہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سبحانہ کی یہ سنت وعادت جاری ہے کہ اس نے عالم وجوب کی ہر ہر چیز کا نمونہ عالم امکان میں ظاہر فرمادیا ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے چاہے کسی کو اس بات کا علم ہو یا نہ ہو، کوئی مانے یا نہ مانے۔ چونکہ عالم وجوب کی ہر اک شئ کا نمونہ عالم امکان میں ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے وجوب کا نمونہ عالم امکان میں وجود کو بنادیا ہے اور یہ وجود، جو وجوب کا نمونہ ہے، یہ موجود نہیں بلکہ یہ تو معقولات ثانیہ میں سے ہے۔

علماء نے معقولات کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں

معقولات ذاتیہ خارجیہ اور معقولات ثانویہ ذھنیہ

## معقولات ذاتیہ خارجیہ

یہ ہیں کہ جن کا وجود ذاتی طور پر خارج میں موجود ہوتا ہے جیسا کہ تمام اشیائے کائنات۔

marfat.com
Marfat.com

## معقولات ثانیہ ذہنیہ

وہ ہیں کہ جن کا وجود خارج میں موجود نہیں ہوتا بلکہ ذہن میں اشیاء کی صورتیں ہوتی ہیں جیسے کتاب جو سامنے میز پر پڑی ہوئی ہو یہ اس کتاب کا وجود ذاتی خارجی ہے جبکہ اس کتاب کا تصور جو ذہن میں ہے وہ معقولات ثانویہ ذہنیہ میں سے ہے جو نا قابل اعتبار ہے۔

غرضیکہ وجوب کا نمونہء وجود، جو عالم امکان میں ہے یہ وجود ذہنی ہے حقیقی نہیں ہے اسی لئے نا قابل اعتبار ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ثانیہ است اما اگر فرض کنیم وجود او را پس او موجود

ثانیہ میں سے ہے لیکن اگر ہم اس کے وجود کو فرض کریں [۲] پس وہ

بذات خود خواہد بود نہ بوجود دیگر برخلاف موجودات

بذات خود موجود ہو گا نہ کہ کسی دوسرے وجود کے ساتھ برخلاف

دیگر کہ موجودیت آنہا بوجود محتاج ست وذوات

دیگر موجودات کے کہ ان کی موجودیت وجود کی محتاج ہے ان کی ذاتیں

اینہا کافی نیست پس ہر گاہ وجود کہ او را در موجودیت

کافی نہیں ہیں پس جبکہ ایسا وجود کہ جس کو اشیاء کی موجودیت میں

اشیا مد خلے دادہ اند اگر موجود شود بذات خود موجود

مدخل دیا ہوا ہے اگر موجود ہو گا تو اپنی ذات کے ساتھ موجود

[۲] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرما رہے ہیں کہ اگر ہم اللہ تعالیٰ کے وجود کو (ذہنی طور پر) فرض کرلیں تو وہ بھی کسی وجود کے احتیاج کے بغیر اپنی ذات کے ساتھ موجود ہوگا۔ جب ذہناً مفروضہ وجود کو کسی دوسرے کا احتیاج نہیں رہتا تو ذات (حق تعالیٰ) کو اپنی موجودیت میں کسی دوسرے وجود کا احتیاج کیونکر ہوگا فلہٰذا اللہ تعالیٰ بذات خود موجود ہے جبکہ دیگر موجودات اپنی موجودیت میں وجود کی محتاج ہیں۔ ان کی ذوات خود بخود کافی نہیں لہٰذا انہیں وجود کی حاجت ہے۔

marfat.com
Marfat.com

خواہد بود ومحتاج بوجود دیگر نخواہد بود خالق

ہو گا کسی دیگر وجود کا محتاج نہیں ہو گا۔ ۵ خالق

موجودات تعالیٰ وتقدس بالاستقلال اگر بذات خود موجود

موجودات تعالیٰ و تقدس بالاستقلال اگر بذات خود موجود

شود واصلا بوجود محتاج نہ گردد چہ عجب ست

ہو اور ہرگز کسی وجود کا محتاج نہ ہو تو کیا تعجب ہے

واستبعاد بعیداں از مبحث خارج است **واللّٰہ سبحانہ**

(حقیقت سے) دور افتادگان کا اسے بعید از عقل جاننا مبحث سے

**الملہم للصواب** اگر کسے گوید کہ مراد حکما و اشعریہ

خارج ہے اور اللہ سبحانہ درست کا الہام فرمانے والا ہے۔ اگر کوئی کہے کہ حکماء، اشعریہ

وبعضے متصوفہ کہ بہ عینیت وجود مر ذات را تعالیٰ و

اور بعض خود ساختہ صوفی کی مراد جو ذات تعالیٰ و

۵ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرما رہے ہیں کہ اشیائے کائنات جن کی موجودیت میں وجود دخیل ہے وہ وجود بھی اپنی ذات کے ساتھ ہی موجود ہے کسی دوسرے وجود کا محتاج نہیں۔ اگر وہ وجود بذات خود ہی موجود ہو سکتا ہے تو اللہ تعالیٰ سبحانہ جو جملہ موجودات کا خالق ہے بغیر کسی وجود کی محتاجی کے وہ اپنی ذات کے ساتھ ہی مستقل طور پر موجود ہو تو اس میں کیا تعجب اور استحالہ ہے......لیکن حقیقت سے ناآشنا دور افتادہ لوگ اسے ناممکن یا بعید از فہم جانیں تو یہ بات خارج از بحث ہے، اللہ تعالیٰ سبحانہ ہی درست الہام فرمانے والا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

تقدس قائل گشته اند ہماں ست کہ تو آں را گفتہ در

تقدس کے لئے عینیت وجود کے قائل ہوئے ہیں وہی ہے کہ جسے آپ نے

معرفت سابق کہ واجب وجود موجود است تعالیٰ و

گذشتہ معرفت میں بیان فرمایا کہ واجب الوجود تعالیٰ و

تقدس بذات خود نہ بوجود پس معنی ایں کلام کہ

تقدس بذات خود موجود ہے نہ کہ وجود کے ساتھ پس اس کلام

"موجود است بوجودے کہ عین ذات است" آنست

کا معنی ہے کہ (واجب الوجود) ایسے وجود کے ساتھ موجود ہے جو (اسکی) ذات کا

کہ موجود ست بذات خود نہ بوجود درجواب گوئیم

عین ہے، وہ یہی ہے کہ وہ اپنی ذات کے ساتھ موجود ہے نہ کہ وجود کے ساتھ جواب

کہ بریں تقدیر خلاف اہل سنت باایشاں دریں مسئلہ

میں ہم کہیں گے اس تقدیر پر اہل سنت کا اختلاف ان کے ساتھ اس مسئلہ

در برابر نمی افتد بایستے کہ اہل حق بریں تقدیر در تقابل

میں برابر نہیں پڑتا کیونکہ اہل حق اس صورت پر ان کے مقابلہ میں

ایشاں می گفتند کہ او تعالیٰ بوجود موجود است نہ

کہتے کہ وہ تعالیٰ وجود کے ساتھ موجود ہے نہ کہ ذات کے ساتھ

بذات اثبات زیادتی وجود بریں تقدیر مستدرک است

اس تقدیر پر وجود کی زیادتی کا اثبات زائد ہے

marfat.com
Marfat.com

پس اثبات زیادتی وجود را دلالت برآں شد کہ خلاف

پس زیادتی وجود کا اثبات اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ

فریقین درنفس وجود نیست بلکه در وصف اوست

فریقین کا اختلاف نفس وجود میں نہیں ہے بلکہ اس کے وصف میں ہے

کہ عینیت و زیادتی باشد یعنی ہر دو فریق قائل اند

جوعینیت اور زیادتی ہے یعنی دونوں فریق اس بات کے قائل ہیں کہ

بآنکہ اوتعالیٰ بوجود موجود است خلافے ندارند مگر

وہ تعالیٰ وجود کے ساتھ موجود ہے کوئی اختلاف نہیں رکھتے

درعینیت و زیادتی آں اگر گویند کہ چوں واجب الوجود

مگر اس کی عینیت اور زیادتی میں اگر کہتے ہیں کہ جب واجب الوجود

تعالیٰ و تقدس بذات خود موجود باشد پس واجب را

تعالیٰ و تقدس بذاتِ خود موجود ہو تو واجب تعالیٰ

تعالیٰ موجود گفتن بکدام معنی باشد؟ چه معنی موجود

کو موجود کہنے کے کیا معنی ہیں کیونکہ موجود کا معنی

ما قام به الوجود است **ولا وجود ههنا اصلاً** جواب گوئیم کہ

وہ چیز جس کے ساتھ وجود قائم ہو اور یہاں وجود ہرگز نہیں جواباً ہم کہیں گے

آرے وجود یکہ ذات واجب تعالیٰ و تقدس بآں موجود

کہ ہاں وہ موجود کہ ذات واجب تعالیٰ و تقدس جس کے ساتھ موجود ہو

marfat.com
Marfat.com

شود در واجب تعالٰی مفقود ست اما وجود یکه بطریق

واجب تعالٰی میں مفقود ہے لیکن جو وجود

عرض عام بر ذات او تعالٰی مقول شود و بطریق اشتقاق

عرض عام کے طور پر اس تعالٰی کی ذات پر بولا جائے اور بطریق اشتقاق

محمول گردد اگر باعتبار قیام آں وجود واجب را تعالٰی

محمول ہو اگر اس وجود کے قیام کے اعتبار سے واجب تعالٰی کو

موجود گویند گنجائش دارد ہیچ محذور لازم نیاید والسلام

موجود کہیں تو گنجائش رکھتا ہے اس سے کوئی استحالہ لازم نہیں آتا۔ والسلام

marfat.com
Marfat.com

# منہا - ۲۰

ہرگز نہ پرستیم خدائے راکہ درحیطۂ شہود آید وسرئی

ہم ایسے خدا کی ہرگز پرستش نہیں کرتے [1] جو شہود کے احاطہ میں آجائے اور دکھائی

گردد ومعلوم شود ودروہم وخیال گنجد چہ مشہود و

دے اور معلوم ہو جائے اور وہم وخیال میں سما جائے کیونکہ مشاہدہ میں آنے والا،

مرئی ومعلوم و موہوم ومتخیّل دررنگ شاہد و رائی و

دکھائی دینے والا، معلوم ہو جانے والا، وہم میں آنے والا، خیال میں سمانے والا شاہد

[1] حق تعالیٰ شہود اور وہم وتخیل سے وراء ہے

زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مشاہدہ، رؤیت، وہم اور خیال میں نہیں سما سکتا جو ذات، مشہود مرئی، معلوم، موہوم اور متخیل (بفتح خاء) ہو وہ مخلوق اور مصنوع ہو گی اور جو چیز مخلوق ومصنوع ہو وہ حادث اور فانی ہے اور جو چیز حادث اور فنا پذیر ہو وہ عبادت اور پرستش کے لائق نہیں اور جو لائق عبادت اور قابل پرستش نہیں وہ معبود برحق نہیں ہو سکتی، اللہ تعالیٰ ہر قسم کے تخیلات، توہمات اور مشاہدات سے وراء ہے

ع آں لقمہ کہ در دہاں نگنجد طلبم

یعنی کیسی عجیب بات ہے کہ ہم لوگ اس ہستی کو وہم وخیال اور کائنات کے آئینوں

marfat.com
Marfat.com

عالم وواہم ومتخیّل مصنوع و محدث ست

دیکھنے والے، عالم اوروہم وخیال کرنے والے کی مانند مخلوق اور پیدا شدہ ہے

ع آں لقمہ کہ در دہان نگنجد طلبم

لقمہ جو دہن میں سما نہیں سکتا وہ میں طلب کرتا ہوں

مقصود ازسیر وسلوک خرق حجب ست حجب وجوبی

سیر و سلوک سے مقصود پردوں کا چاک کرنا ہے وہ حجاب وجوبی

میں لانا چاہتے ہیں جو دید، عقل اورفہم میں نہیں آ سکتا۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں مشاہدہ، رؤیت، وہم اور خیال کی قدرے وضاحت کردی جائے تاکہ مسئلہ سمجھنے میں آسانی رہے۔ وباللّٰہ التوفیق

## رؤیت اور مشاہدہ میں فرق

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز رؤیت اور مشاہدہ کے درمیان فرق بیان کرتے ہوئے یوں رقمطراز ہیں

- ...... رؤیت حق تعالیٰ (واجب الوجود) کے دیدار کو کہا جاتا ہے جبکہ مشاہدہ کا تعلق وجوب کے ظلال میں سے ایک ظل کے ساتھ ہے۔
- ...... رؤیت، اصالت اور مشاہدہ، ظلّیت ہے۔ رؤیت، نبوت کا ثمرہ ہے جبکہ مشاہدہ، ولایت کا نتیجہ ہے۔
- ...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام ولایت میں بیشتر قدم رکھتے ہیں کیونکہ ان میں عالم امر کی نسبت غالب ہے جبکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نبوت میں بیشتر قدم ہیں لہٰذا انہوں

marfat.com
Marfat.com

نے مشاہدہ پر اکتفانہ کر کے رؤیت بصری کی درخواست کر دی۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۲۶۰)

## وہم اور خیال میں فرق

وہم اور خیال انسانی دماغ میں دو قوتیں ہیں۔ وہم کا محل دماغ میں وسط جوف کا پچھلا حصہ ہے اور خیال کا محل دماغ میں بطن اول کا پچھلا حصہ ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز وہم اور خیال کے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

یہ وہم ہی کی شرافت ہے کہ حضرت حق تعالیٰ سبحانہ نے تخلیق عالم کو اس مرتبہ میں اختیار فرمایا ہے اور اسے اپنے کمالات کا محل بنایا ہے۔ مرتبۂ وہم، نمود بے بود سے عبارت ہے جیسے آئینے میں زید کی صورت نمود بے بود ہے۔ یہ مرتبۂ علم اور مرتبۂ خارج سے وراء ہے۔ عالم موہوم مخترع نہیں کہ وہم کے ازالہ سے زائل ہو جائے جیسا کہ سوفسطہ کا مذہب ہے بلکہ عالم موہوم یقینی ہے جس پر جزا و سزا اور ثواب و عذاب مترتب ہونگے۔ یہ خیال ہی کی بزرگی ہے کہ حضرت واجب الوجود نے اسے عالم مثال کا نمونہ بنایا ہے جو تمام جہانوں سے وسیع تر ہے حتی کہ اس عالم میں مرتبۂ وجوب جل شانہ کی ایک صورت بھی بیان کی جاتی ہے اور حکم کیا گیا ہے کہ حق تعالیٰ سبحانہ کی مثل نہیں لیکن مثال ہے۔ وللہ المثل الا علی (النحل)

❁...... راہ سلوک کا دارومدار تو ہم و تخیل پر ہے۔ احوال و مواجید کا ادراک وہم سے ہوتا ہے اور سالکوں کو تجلیات و تلوینات خیال کے آئینے میں مشہود ہوتی ہیں: فلو لا الوھم لقصر الفھم ولو لا الخیال لستر الحال یعنی اگر وہم نہ ہوتا تو فہم قاصر رہتا اور اگر خیال نہ ہوتا تو حال مستور رہتا۔

اس راہ سلوک میں وہم و خیال سے زیادہ کوئی چیز مفید نہیں اور ان کے ادراک

marfat.com
Marfat.com

وانکشاف اکثر واقع کے مطابق ہوتے ہیں۔ یہ وہم وخیال ہی ہے کہ پچاس ہزار سال کی راہ جو بندہ اور رب کے درمیان ہے کو خدا تعالیٰ کے کرم سے بہت کم مدت میں قطع کرلیتا ہے اور وصول کے درجات تک پہنچا دیتا ہے۔

(ماخوذ از مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب ۱۰۹ وغیرھا)

اہل طریقت نے خیال کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں۔

خیال با کشف اور خیال بدون کشف

یہ حق تعالیٰ کی قدرت ومرضی ہے کہ بعض خیالات میں قرب کو نقش فرما دیتا ہے اور بعض خیالوں میں منقش نہیں فرماتا۔

ع ہر گل پسرے را حرکات دیگر ہست

## وجوبی وامکانی حجابات

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز سیر وسلوک اور تصوف وطریقت کی غرض وغایت بیان فرمارہے ہیں کہ ان سے مقصود وجوبی اور امکانی حجابات کو پھاڑ کر بے پردہ وصل ہے۔ وجوبی حجابات، امکانی حجابات اور وصل عریانی کی قدرے تفصیلات ہدیہء قارئین ہیں چنانچہ ملاحظہ ہو!

ہر وہ چیز جو بندے کو حق تعالیٰ سے بے خبر یا دور کردے حجاب کہلاتی ہے یعنی تمام اشیاء اور خیالات ماسویٰ، حجابات ہیں۔ سب سے بڑا حجاب بندے کی اپنی ذات (حجاب خودی) ہے جیسا کہ حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

حجابِ چہرۂ جاں می شود غبار تنت
تو خود حجاب خودی حافظ از میاں برخیز

حجابات کی دو قسمیں ہیں: حجابات نورانی اور حجابات ظلمانی

marfat.com
Marfat.com

❁...... حجابات ظلمانی سے مراد عالم امکان اور کدورات بشریہ ہیں جنہیں حجابات امکانی بھی کہا جاتا ہے۔

حجابات نورانی کی دو قسمیں ہیں:

❁......حجابات نورانی سے مراد صفات، شیونات اور اعتبارات کے ظلال ہیں۔

۱...... حجابات وجودیہ: اسماء وصفات کے ظلال کو کہا جاتا ہے غالبًا انہی کو حجابات وجوبی بھی کہتے ہیں۔

۲......حجابات اعتباریہ: یہ شیونات اور اعتبارات کے ظلال ہیں شاید انہی کو حجابات کیفی بھی کہا جاتا ہے۔

اصحاب حجب تین ہیں:

۱...... اصحاب شمال (صاحبان دست چپ)

۲...... اصحاب میمنہ (صاحبان دست راست)

۳......سابقان (واصلان ذات بلا کیف)

زوال حجابات بھی دو قسم پر ہے زوال علمی اور زوال عینی (وجودی)

حجابات نورانی کا زوال، زوال علمی ہے کیونکہ صفات وشیونات درمیان میں رہتی ہیں صرف عارف کے علم و دید سے باہر ہوتی ہیں جیسا کہ کسی عارف نے کہا

حسنے تو چناں کرد مرا زیر و زبر
کز خال و خط زلف تو ام نیست خبر

حجابات ظلمانی کا زوال، زوال عینی وجودی ہے کہ عالم امکان کی کثافتوں اور بشریت کی کدورتوں کا ازالہ ہو جاتا ہے۔

حجابات ظلمانی، حجابات نورانی اور حجابات کیفی کی قدرے وضاحت ملاحظہ ہو:

marfat.com
Marfat.com

## حجابات ظلمانی

ہر قسم کے گناہ اور لذات نفسانی، طبیعی ہیں انہیں حجابات ناسوتی بھی کہا جاتا ہے۔ سالک کو سب سے پہلے انہی حجابات کو رفع کرنا پڑتا ہے۔ اصحاب شمال، صاحبان حجابات ظلمانی کو ہی کہا جاتا ہے۔

## حجابات نورانی

علوم ظاہریہ رسمیہ، عبادات عادیہ اور انوار ملکوتیہ، حجابات نورانی ہیں، انہیں حجابات ملکوتی بھی کہا جاتا ہے۔ سالک کو حجابات ظلمانی کے بعد انہی حجابات کو اٹھانا پڑتا ہے سالک کے لئے ان حجابات کا اٹھانا، حجابات ظلمانی سے زیادہ مشکل ہوتا ہے کیونکہ حجابات نورانی، مزے اور لذت میں حجابات ظلمانی سے بڑھے ہوئے ہیں۔ اصحاب میمنہ، صاحبان حجابات نورانی کو کہا جاتا ہے۔

## حجابات کیفی

کیف وکم اور امکان وحدوث کے تمام مناظر ومظاہر حجابات کیفی ہیں تعالی اللّٰہ عن ذالك علواً كبيراً۔ سالک کو آخر میں مشاہدۂ ذات کے لئے تمام حجابات کیفی کا پردہ چاک کرنا پڑتا ہے اور یہ کام سب سے زیادہ مشکل ہوتا ہے اور اس کے بغیر ذاتِ بے کیف تک رسائی ناممکن ہے۔ سابقان سے مراد وہی حضرات ہیں جو حجابات ظلمانی، نورانی اور کیفی سے گذر کر ذات بلا کیف تک وصول بلا کیف کے انعام سے سرفراز ہیں۔ حضرت عارف رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اتصال بے تکیف بے قیاس
ہست رب الناس را با جان ناس

(البینات شرح مکتوبات مکتوب ۱۵،۲۱)

marfat.com
Marfat.com

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ایک مکتوب میں حجابات ظلمانی وحجابات نورانی کی وضاحت کرتے ہوئے رقمطراز ہیں ملاحظہ ہو!

میرے مخدوم! راہ سلوک انسان کے سات لطیفوں کی تعداد کے مطابق کل سات قدم ہے دو قدم عالم خلق میں ہیں جو کہ قالب (بدن عنصری) اور نفس سے تعلق رکھتے ہیں اور پانچ قدم عالم امر میں ہیں جو کہ قلب، روح، سر، خفی اور اخفیٰ کے ساتھ وابستہ ہیں اور ان سات قدموں میں سے ہر ایک قدم میں دس ہزار پردے پھاڑنے پڑتے ہیں خواہ وہ پردے نورانی ہوں یا ظلمانی ان للّٰہ سبعین الف حجاب من نور و ظلمۃ یعنی بیشک اللہ تعالیٰ کیلئے نور و ظلمات کے ستر ہزار حجاب ہیں۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۵۸)

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ عارف جب ولایت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات کے مرتبے میں پہنچتا ہے تو اس مقام میں تمام حجابات وجودی واعتباری اٹھ جاتے ہیں اور عارف کو وصل عریانی نصیب ہو جاتا ہے اور مطلوب کی یافت حقیقی طور پر میسر آ جاتی ہے جس میں گمان اور وہم کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ (البینات شرح مکتوبات مکتوب ۲۱)

غوث الثقلین حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ ارشاد گرامی بھی اسی مفہوم کی خبر دیتا ہے

خرقت جمیع الحجب حتی وصلت الی
مقام لقد کان جدی فادنانی

یعنی میں نے تمام پردوں کو پھاڑ ڈالا یہاں تک کہ وہاں پہنچ گیا جہاں میرے جدا مجد (دادا) تھے تو انہوں نے مجھے قریب کر لیا۔ مطلب یہ ہے کہ میں نے ظلال کے تمام مرتبوں کو طے کر لیا جس کو ولایت صغریٰ کہتے ہیں اور اس جگہ سے سرور عالم صلی اللہ علیہ

marfat.com
Marfat.com

سلم کے مبداء تعین پر پہنچ گیا جو کہ اسماء وصفات کے مرتبہ میں ہے اور اس کو ولایت کبریٰ کہتے ہیں۔ و اللہ اعلم

دوران سلوک انہی پردوں کو پھاڑنا پڑتا ہے تا کہ وصل عریانی نصیب ہو، محض عروج ونزول کا نام تصوف وطریقت اور سیر وسلوک نہیں بقول شاعر

قرب نے بالا و پستی رفتن است
قرب حق از قید ہستی رستن است

جیسا کہ شب معراج حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر قسم کے حجابات کو پھاڑتے ہوئے حریم قدس جل سلطانہ میں باریاب ہوئے۔ (البینات شرح مکتوبات مکتوب ۴)

## وصل عریانی

اس کا لغوی معنی ہے برہنہ وصل (بے پردہ ملاقات) اصطلاح صوفیاء میں وصل عریانی ''بدون اعتبار زائد بر ذات مجردہ صرفہ'' کا نام ہے یعنی ذات حق کا ایسا مشاہدہ جس میں کسی اعتبار زائد کا نشان نہ ہو۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ ولایت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات کے مرتبے میں عارف کو مقصود حقیقی کا وصل تحقیقی میسر آتا ہے نہ کہ وصل گمانی یعنی ایسا وصل کہ عارف اور ذات کے اسماء وصفات وشیونات کے درمیان نہ حجابات ظلمانی حائل رہتے ہیں اور نہ حجابات نورانی۔

آپ فرماتے ہیں اگر کوئی خوش نصیب اس مقام کو حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس کو لازم ہے کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل متابعت ومحبت اختیار کرے اور سنت و شریعت کی پابندی کا خوب اہتمام کرے کیونکہ یہ مقام عزیز الوجود ہے۔

(البینات شرح مکتوبات مکتوب ۲۱)

یاد رہے کہ اللہ تعالیٰ حجابات اور پردوں میں نہیں ہے بلکہ ہم اور عالم امکان

marfat.com
Marfat.com

باشد یا امکانی تا وصل عریانی میسر آید نہ آنکہ مطلوب

ہوں یا امکانی تاکہ وصل عریانی میسر آجائے نہ یہ کہ مطلوب

را در قید آرند وصید نمایند

کو قید میں لائیں اور شکار کر لیں۔ ؏

پردوں میں مستور اور محدود ہیں۔

## حق تعالیٰ اشیائے کائنات سے وراء ہے

؏ یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ سیر وسلوک سے مقصود مطلوب حقیقی کو قید میں لانا نہیں بلکہ اس سے مقصود قید ہستی کے پردے پھاڑ کر اور ہر قسم کے حجابات چاک کر کے صورتوں اور شکلوں سے پرے مطلوب حقیقی کو تلاش کرنا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ اشیائے کائنات سے وراء الوراء ہے جیسا کہ آپ کا موقف ہے انہ تعالیٰ وراء الوراء ثم وراء الوراء یعنی اللہ تعالیٰ پرے سے بھی پرے ہے۔

درحقیقت حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے ان صوفیائے وجودیہ کی تردید فرمائی ہے جو کائنات اور ذات، ممکنات اور وجوب کی عینیت کے قائل ہیں اور ذات مطلق (اللہ تعالیٰ) کو ممکنات کے پردوں میں مقید جانتے اور اسے کائنات کی شکلوں اور صورتوں میں تلاش کرتے ہیں۔

علامہ اقبال مرحوم جب وحدت الوجود کا موقف رکھتے تھے انہوں نے بھی یہ کہہ دیا تھا:

ع یزداں بکمند آور اے ہمت مردانہ!

مگر سرہند شریف کی پہلی حاضری نے ہی ان کے قلب ونظر میں انقلاب پیدا کر دیا تھا اور حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کی توجہات قدسیہ کی بدولت وحدت الوجود

marfat.com
Marfat.com

کے تنگ کوچہ سے وحدت الشہود کی شاہراہ پر گامزن ہو کر پکار اٹھے

خرد ہوئی ہے زمان و مکاں کی زناری
زماں ہے نہ مکاں لا الہ الا اللہ
یہ مال و دولت دنیا یہ رشتہ و پیوند
بتان وہم و گماں لا الہ الا اللہ

آپ فرماتے ہیں کہ چونکہ ذات حق جل سلطانہ بے رنگ اور بے جہت ہے وہ شکلوں و پردوں اور صورتوں میں محدود و مستور نہیں بلکہ ان سے بالا ہے اس لئے ذات اور بندوں کے درمیان جتنے بھی امکان و وجوب کے پردے ہیں ان کی نفی کرتے ہوئے انہیں چاک کرنا چاہئے تاکہ بلاحجاب وصل یار نصیب ہو سکے۔

خطیب الاسلام حضرت صاحبزادہ پیر سید فیض الحسن شاہ رحمۃ اللہ علیہ وارث مسند آلو مہار شریف ضلع سیالکوٹ پنجاب پاکستان نقشبندی طریقت کی اس معرفت کو بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں ملاحظہ ہو!

سلسلہ نقشبندیہ کے عظیم روحانی پیشوا قطب ربانی حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک بزرگ کے قریب سے گذر ہوا وہ بزرگ بڑے غور سے برتن کے اندر کچھ دیکھ رہے تھے۔ آپ نے پوچھا کیا دیکھ رہے ہو؟ کہنے لگے

ما در پیالہ عکس رخ یار دیدہ ایم
اے بے خبر ز لذت شرب مدام ما

یعنی میں پیالے میں صاف پانی ڈال کر اسمیں چاند کا عکس دیکھ رہا ہوں۔ رات کا وقت تھا اور چاند چمک رہا تھا۔ ان کے کہنے کا مطلب یہ تھا کہ میں جس طرح پانی میں چاند کا عکس دیکھ رہا ہوں اسی طرح مخلوق میں خالق کا عکس دیکھ رہا ہوں (مطلب یہ تھا کہ میں سیر آفاقی کر رہا ہوں) آپ فرمانے لگے خدا کے بندے! چاند تو اوپر چڑھا

marfat.com
Marfat.com

ہوا ہے اور تو پیالے میں چاند دیکھ رہا ہے اصل چھوڑ کر نقل کو کیوں دیکھتا ہے؟ حقیقت چھوڑ کر مجاز میں کیوں پھنستا ہے؟ منہ سیدھا اوپر کر، تیری گردن پر ورم تو نہیں وہ دیکھ! سامنے چاند چمک رہا ہے۔

بس عزیزان گرامی! بات یہ ہے کہ لوگ چاند پیالے میں دیکھتے ہیں اور نقشبندی مجددی لوگ چاند سیدھا دیکھتے ہیں یہ ہے نقشبندی طریقت میں معرفت ذات کا تصور۔ ہم لوگ مجاز کے پردے ہٹا کر، صورت کے بت مٹا کر، حقیقت کے دیس میں جا کر، وحدت کے سمندر میں غوطہ لگا کر جلوۂ یار سے فیضیاب ہوتے ہیں۔ اگر یہ معرفت بندے کو آ جائے تو دنیا کسی رنگ میں فقیر کو دھوکہ نہیں دے سکتی۔ کوئی حسن اور کوئی طمع، کوئی خوف اور کوئی غم درویش کو خدا سے بیگانہ نہیں کر سکتا الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون

دو عالم سے کرتی ہے بیگانہ دل کو
عجب چیز ہے لذت آشنائی

(مقالات خطیب الاسلام)

marfat.com
Marfat.com

عنقا شکار کس نشود دام باز چیں

عنقا کسی نے شکار نہیں کیا جال اٹھا لے

کا ینجا ہمیشہ باد بدست ست دام را

کہ اس جگہ ہمیشہ جال خالی ہاتھ آتا ہے [۳]

۳ اس شعر کو حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے اپنے موقف کی تائید میں نقل فرمایا ہے کہ جس طرح شکاریوں نے نایاب پرندے ''عنقا'' کو شکار کرنے کیلئے جال پھیلائے مگر اسے دام میں پھنسا نہ سکے ایسے ہی اللہ تعالیٰ کو اپنے خیالوں اور صورتوں کے پردوں میں کھینچ کر لانے والے کبھی بھی اسے ممکنات کے جال میں نہیں لا سکتے ...... یہ ہے معرفت کا وہ تصور جو حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے امت محمدیہ اور ملت مصطفویہ (علیٰ صاحبہا الصلوات) کے سامنے پیش فرمایا ہے: جزاہ اللّٰہ تعالیٰ عنا ماھو اھلہ' بقول اقبال مرحوم

بہت مدت کے نخچیروں کا انداز نگاہ بدلا
کہ میں نے فاش کر ڈالا طریقہ شاہبازی کا

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ایک سوال مقدر کا جواب ارشاد فرما رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ وہم وخیال، عقل و بیان اور مشاہدہ ورؤیت سے وراء ہے حالانکہ علمائے اہلسنت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اللہ تعالیٰ کا دیدار ہوگا۔ آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ آخرت میں اللہ تعالیٰ کا دیدار ہوگا ہمارا اس پر ایمان ہے لیکن اس کی کیفیت کیا ہوگی ہم اس معاملہ میں مشغول نہیں ہوتے۔

یہ امر ذہن نشین رہے کہ متکلمین اہلسنت کا رؤیت باری تعالیٰ کے متعلق یہ موقف ہے کہ دنیا میں اللہ تعالیٰ کا دیدار واقع نہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حق

marfat.com
Marfat.com

تعالیٰ کا دیدار ہوا ہے مگر وہ دنیا میں دنیا سے نکل کر آخرت کے ساتھ ملحق ہونے پر ہوا ہے۔ آخرت میں اللہ تعالیٰ کا بلا کیف وادراک اور بے شبہ ومثال دیدار ہوگا مگر یہ رؤیت کالرؤیت ہوگی حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز رؤیت باری تعالیٰ کے متعلق رقمطراز ہیں: چنانچہ ملاحظہ ہو

مومنوں کو بہشت میں اللہ تعالیٰ جل سلطانہ کا بے چونی و بے چگونی کے طور پر دیدار ہوگا کیونکہ وہ رؤیت جو بے چون سے متعلق ہے وہ بھی بے چون ہوگی بلکہ دیکھنے والا بھی بے چونی کی وجہ سے حظ وافر حاصل کرے گا تا کہ بے چون کو دیکھ سکے لا یحمل عطا یا الملك الا مطایا ہ ۔آج اس معما کو اس نے اپنے اخص خواص اولیاء پر سہل کر دیا ہے اور منکشف ہو چکا ہے کہ یہ مسئلہ ان بزرگوں کے نزدیک تحقیقی اور دوسروں کے لئے تقلیدی ہے۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب ۱۷)

(مزید تفصیلات کیلئے سعادت العباد شرح مبداء ومعاد جلد اول منھا۹ ملاحظہ ہو)

marfat.com
Marfat.com

بقی ان الرؤیة فی الآخرة حق نؤمن به ولا نشتغل بکیفیته

باقی رہا یہ کہ رؤیت آخرت میں حق ہے ہم اس پر ایمان رکھتے ہیں [۴] لیکن ہم اسکی کیفیت

## عامۃ الناس کی عقول کیفیت رؤیت کے ادراک سے قاصر ہیں

[۴] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کو بیان فرمارہے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کی آخرت میں رؤیت پر ایمان رکھتے ہیں لیکن اس رؤیت کی کیفیت میں مشغول اس لئے نہیں ہوتے کہ عامۃ الناس کی عقول وافہام اس رؤیت کی کیفیت کے ادراک سے عاجز اور قاصر ہے بقول شاعر

لائق دولت نبود ہر سرے
بار مسیحا نکشد ہر خرے

ترجمہ: نہیں ہر شخص سرداری کے قابل، نہ ہر خر عیسیٰ برداری کے قابل۔

marfat.com
Marfat.com

لقصور فهم العوام عن درکه لالعدم ادراک الخواص فان لهم

میں مشغول نہیں ہوتے کیونکہ عوام کی فہم اس کے ادراک سے قاصر ہے۵ نہ کہ خواص کو

نصیباً من ذالک المقام فی الدنیا وان لم یسم رؤیة

ادراک نہیں کیونکہ دنیا میں ان کے لئے اس مقام سے حصہ ہے اگرچہ اسے رؤیت

والسلام علٰی من اتبع الھدٰی

کا نام نہیں دیا جاتا اور سلامتی ہو اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔

۵ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کیفیت رؤیت کی بابت عدم مشغولیت کی وجہ، عوام کا قصور فہم بیان فرمار ہے ہیں جبکہ خواص کو اللہ تعالیٰ نے اس قدر روحانی استعداد اور باطنی قابلیت عطا فرمائی ہوتی ہے کہ ان کی قوت مدرکہ رؤیت کی کیفیات کے ادراک سے شادکام اور فائز المرام ہوتی ہیں۔ والحمدللّٰہ علی ذالك کیونکہ انہیں دنیا میں بھی رؤیت باری تعالیٰ نصیب ہوتی ہے اگرچہ اسے رؤیت نہیں کہا جائے گا یعنی یوں نہیں کہا جائے گا کہ انہوں نے دنیا میں سر کی آنکھوں سے خدا تعالیٰ کا دیدار کرلیا ہے۔( واللّٰہ اعلم بحقیقة الحال )

امیر المومنین حضرت سیدنا علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کا ارشاد گرامی ہے لا اعبد رباً لم اراہ یعنی میں اپنے رب کا دیدار کیے بغیر اس کی عبادت نہیں کرتا۔

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ میں نے خدا کا دیدار ننانوے مرتبہ کیا ہے۔ اس قسم کے دیدار سے مراد رؤیت قلبی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۲۱

ہرچہ در دید و دانش می آید مقیّدست و از صرافت

جو چیز دید و دانش میں آ سکتی ہے وہ مقید ہے [1] اور اطلاق صرف سے

اطلاق متنزل ومطلوب آنست کہ از جمیع قیود منزّہ

فرو تر ہے اور مطلوب وہ ہے جو تمام قیود سے منزہ و مبرا ہو

ومبرّا باشد پس ماورائے دید ودانش او را باید جست

لہٰذا اس کو دید و دانش سے ماوراء تلاش کرنا چاہئے

[1] زیرِ نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز توحید خالص کا وہ نظریہ بیان فرما رہے ہیں جو کتاب وسنت کے عین مطابق ہے اور وہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ جل سلطانہ انسانی دید، فہم اور علم کی حدود سے بالا ہے کیونکہ یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ جو چیز بھی دید ودانش اور عقل وفہم میں آ جائے وہ مطلق نہیں رہتی بلکہ مقید ہو جاتی ہے جبکہ اللہ تعالیٰ مطلق محض ہے۔ مطلق محض کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر قسم کی آلائش، آمیزش اور شائبے سے بلند ہے اسی بنا پر کتب تصوف میں اللہ تعالیٰ کو ذات محض، ذات صرف، ذات سازج اور ذات بحت جیسے اسماء سے پکارا گیا ہے۔

عارف کا مطلوب حقیقی (حق تعالیٰ) ہر قسم کی حدود وقیود سے پاک اور خالی ہے یعنی وہ مخلوق اور حادث کے تعینات وتقیدات سے منزّہ ومبرّہ ہے اس لئے اسے دید و دانش سے ماوراء تلاش کرنا چاہئے کیونکہ یہ معاملہ عقل کے اطوار وانداز سے بالا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

این معامله ورائے طور نظر عقل ست چه عقل ماورائے

یہ معاملہ عقل کے انداز نظر سے وراء ہے کیونکہ عقل ماورائے

دید و دانش را جستن محال می داند

دید و دانش کو ڈھونڈنا محال جانتی ہے

راز درون پردہ ز رندان مست پرس

درون پردہ کا راز رند مستوں سے پوچھ [1]

کیں حال نیست صوفئی عالی مقام را

کیونکہ یہ عالی مقام صوفی کا حال نہیں ہے

[1] حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز کے درج فرمودہ شعر سے دو مفہوم معلوم ہوتے ہیں

◉ ......ایک تو یہ کہ حق تعالیٰ شکلوں اور صورتوں کے تعینات سے بالا ہے کیونکہ یہ سب مخلوق اور حادث ہیں اور عقل دید و دانش سے نتائج اخذ کر کے اس پر حکم لگانے تک ہی محدود ہوتی ہے جبکہ اللہ تعالیٰ ان سب چیزوں سے وراء الوراء ہے۔

◉ ......دوسرے یہ کہ عرفائے کاملین حظیرۃ القدس کے جملہ حجابات اٹھا کر بے پردہ جلوۂ یار سے شادکام ہوتے ہیں غالباً یہی وجہ ہے کہ کبھی نہ کبھی بے خودی کے عالم میں ان سے حقائق و اسرار کا اظہار و اعلان ہو ہی جاتا ہے۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ تحدیث نعمت کے طور پر آپ اپنی طرف اشارہ فرما رہے ہیں واللہ اعلم بحقیقۃ الحال غالباً بایں وجہ بزبان اقبال مرحوم آپ یہ کہنے میں حق بجانب ہیں

بہت مدت کے نخچیروں کا انداز نگاہ بدلا
کہ میں نے فاش کر ڈالا طریقہ شہبازی کا

marfat.com
Marfat.com

# مِنها-۲۲

مطلق بر صرافت اطلاق خود ست ہیچ قیدے باو راہ
مطلق اپنے اطلاق صرف پر ہے [1] کسی قسم کی کوئی قید کا اس میں
نیافتہ است اما چون درمرآت مُقید ظہور فرماید عکس
دخل نہیں ہے لیکن جب مقید کے آئینوں میں ظہور فرمائے اس کا
او باحکام آن مرآت منصبغ گشتہ مقیّد و محدود نماید
عکس ان آئینوں کے احکام میں رنگین ہو جاتا ہے، وہ مقید اور محدود دکھائی
لاجرم دردید و دانش آید پس اکتفا بردید ودانش اکتفا بر
دیتا ہے لامحالہ دید و دانش میں آتا ہے لہٰذا دید و دانش پر اکتفا،
عکسے است از عکوس آن مطلوب بلند ہمتان بجوز و
کسی عکس پر اکتفا کر لینا ہے اس مطلوب کے عکسوں میں سے بلند ہمت

## حق تعالیٰ مقید کے آئینوں سے بالا ہے

[1] زیرنظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ذات مطلق ہے اس اطلاق محض کو کسی قسم کی قید سے مقید نہیں کیا جا سکتا لیکن جب وہ ذات مطلق ممکنات اور موجودات کے آئینوں میں ظہور فرماتی ہے تو ذات کا انعکاس

marfat.com
Marfat.com

کائنات کے شیشوں کے احکام میں رنگین ہو کر مقید اور محدود دکھائی دیتا ہے نتیجتاً وہ فہم وعقل وعلم اور دید ودانش میں آجاتا ہے۔

جب سالک مخلوقات وممکنات کے محدود ومقید آئینوں میں ذات مطلق کے انوار وتجلیات کو مشاہدہ کرتا ہے جس کی بنا پر وہ ذات حق جل سلطانہ کی دید ودانش کا دعویٰ کر دیتا ہے حالانکہ اس نے ذات کا مشاہدہ نہیں کیا بلکہ انعکاس کو دیکھا ہے جس پر وہ اکتفاء کر بیٹھتا ہے جو اس کے کم ظرف ہونے کا عکاس اور دوں ہمت ہونے کا غماز ہے۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال بقول اقبال مرحوم

صد مرض پیدا شد از بے ہمتی
کوتہ دستی ، بے دلی ، دوں فطرتی

marfat.com
Marfat.com

سویز سیر نشوند ⁵ان اللّٰه سبحانه یحب معالی الھمم جعلنا

اخروٹ اور منقی سے سیر نہیں ہوتے۔ یقیناً اللّٰہ سبحانہ عالی ہمتوں کو پسند فرماتا ہے

اللّٰہ سبحانه من معالی الھمم بحرمة سید البشر علیه وعلٰی اله

اللّٰہ سبحانہ ہمیں بلند ہمتوں میں سے بنائے بحرمت سید البشر آپ پر اور آپ کی آل

الصلوات والتسلیمات

پر صلوات و تسلیمات ہوں

⁵ کچھ سالک تو اشیائے کائنات میں ذات مطلق کے انوار وانعکاس پر ہی اکتفا کر لیتے ہیں جبکہ عالی ہمت اور وسیع الظرف سالکین مخلوقات وممکنات کے پردے چاک کر کے بے حجاب جلوۂ یار کا مشاہدہ کرتے ہیں۔

دراصل یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے صوفیائے کرام کے توحید کے متعلق دو نظریات کو بیان فرمایا ہے۔

ا.....نظریۂ وحدت الوجود ۲.....نظریۂ وحدت الشہود

اشیائے کائنات کے آئینوں اور شکلوں میں ذات کے انوار وتجلیات دیکھنے کو وحدت الوجود سے تعبیر کیا جاتا ہے، اس نظریہ کے بانی حضرت محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ العزیز ہیں۔ صوفیائے وجودیہ اس نظریہ کو آیات متشابہات سے ثابت کرتے ہیں جو فاما الذین فی قلوبھم زیغ فیتبعون ماتشابه منه ابتغاء الفتنة وابتغاء تأویله (آل عمران ۷) کی رو سے محل غور ہے کیونکہ عقائد، متشابہات سے نہیں بلکہ محکمات سے ثابت ہوتے ہیں مگر صوفیائے وجودیہ کا یہ بیان عقیدہ نہیں بلکہ بیان حال ہے اس لئے انہیں غلبہء حال اور سکر وقت کی بنا پر معذور جاننا چاہئے اسے تجلی صوری بھی کہا جاتا ہے۔ (واللّٰه اعلم بحقیقة الحال)

marfat.com
Marfat.com

بعض صوفیاء کرام نے ذات کے جلووں کو مختلف شکلوں اور صورتوں میں دیکھا چنانچہ کسی نے کہا کہ ہم نے اللہ تعالیٰ کو لڑکے کی شکل میں دیکھا...... کسی نے کہا ہم نے اللہ تعالیٰ کو عورت کی شکل میں دیکھا...... کسی نے کہا ہم نے اللہ تعالیٰ کو گھوڑے کی شکل میں دیکھا...... حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام نے درخت کی شکل میں اللہ تعالیٰ کو دیکھا جیسا کہ درخت سے آواز آئی انی انا اللّٰہ یقیناً میں تیرا اللہ ہوں۔

## حضرت امام ربانی کا نظریہ توحید

اشیائے کائنات کے سارے آئینے توڑ کر اور صورتوں کے سہارے چھوڑ کر، بے پردہ ذات کے مشاہدے کو وحدت الشہود سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اس موقف کو باقاعدہ نظریہ کے طور پر منظر عام پر لانے والے حضرت امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہُ السبحانی ہیں۔ آپ کا یہ نظریہ کتاب وسنت کے عین مطابق ہے جو آیات محکمات سے ثابت ہے، علمائے متکلمین اہلسنت کا یہی موقف ہے اور یہی مسلک اسلم ہے (والحمدللّٰہ علی ذالك)

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ کائنات کی شکلوں اور صورتوں میں ذات کے نہیں بلکہ اسماء وصفات کے ظلال کے عکوس اور پرتو ہیں جنہیں دیکھ کر بعض صوفیاء کرام نے دیدودانش کا دعویٰ کر دیا اور اسی پر اکتفا کر بیٹھے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام شجر اور نار کی صورت میں تجلی دیکھ کر بے ہوش ہو گئے اور افاقہ ہونے پر توبہ کی ...... جبکہ شب معراج حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ممکنات ومخلوقات سے آگے ماورائے عرش ذات کا جلوہ دیکھا اور مازاغ البصرو ما طغٰی کے مرتبے پر فائز ہوئے اور ھل من مزید کا نعرہ لگاتے رہے۔ علامہ اقبال مرحوم نے اس مفہوم کو یوں بیان کیا ہے

marfat.com
Marfat.com

گرچہ عین ذات را بے پردہ دید
رب زدنی از زبان او چکید

بلکہ بعض عشاق تو یہاں تک کہہ گئے

بدیں جمال و خوبی سر طور گر خرامی
ارنی بگوید آں کس کہ بگفت لن ترانی

یعنی کوہ طور پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے رب ارنی کہا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا لن ترانی اگر کوہ طور پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بجائے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ افروز ہوتے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو لن ترانی کا جواب دینے والا اللہ تعالیٰ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتا: ارنی اے میرے محبوب میں تجھے دیکھنا چاہتا ہوں تو وہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کو دیکھتا ہی رہتا جیسا کہ آیت کریمہ فانک باعیننا سے عیاں ہے۔

## سالکین مجددیہ کیلئے چند فکر انگیز گذارشات

تعلیمات شرعیہ کے طالبین، طریقت نقشبندیہ کے سالکین اور فکر مجددیہ کے حاملین کیلئے یہاں چند اہم اور فکر انگیز گذارشات پیش خدمت ہیں جو حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے مکتوبات شریفہ اور رسائل مبارکہ کو سمجھنے میں معاون ثابت ہونگی۔

◉ ...... حضرت ابن العربی قدس سرہٗ العزیز کے متبعین وحدۃ الوجودی حضرات اس قدر غالی واقع ہوئے ہیں کہ حضرت ابن العربی قدس سرہٗ العزیز کے توحید وجودی پر مشتمل نظریات کو قطعی اور یقینی مانتے ہیں اور تصوف میں ان کی ہر بات کو حجت اور انکے ہر قول کو حرف آخر سمجھتے ہیں اس سلسلے میں وہ متکلمین اہلسنت کی بھی پرواہ نہیں کرتے حالانکہ حضرت ابن العربی کی کتابوں فتوحات مکیہ اور فصوص الحکم وغیرھا میں جمہور متکلمین

marfat.com
Marfat.com

اہلسنت کی سب سے زیادہ مخالفت موجود ہے اور ان کے توحید اور معرفت پر مبنی اکثر نظریات جمہور متکلمین اہلسنت کے خلاف ہیں اور ان کے نزدیک متکلمین، علمائے ظواہر میں سے ہیں اور معرفت سے خالی ہیں انہیں کیا خبر کہ توحید کیا ہے یہ توبس عارفوں کا حصہ ہے متکلمین کا اس میں کوئی حصہ نہیں۔

⊙ ...... ہمیں تو اس بات پر بہت سخت حیرت ہوتی ہے اور ابھی تک ہم اسکا جواب نہیں پا سکے کہ ہمارے اکابر علماء وفضلاء اور اساتذہ شرح عقائد، توضیح وتلویح اور مسلم الثبوت وغیرھا جیسی کتابیں اپنے مدارس میں طلباء کو پڑھاتے ہیں جو متکلمین کے عقائد پر مشتمل ہیں اور کتاب وسنت سے ماخوذ ہیں جن کی درس وتدریس سے یہ علماء اور اساتذہ بنے ہیں اور جن کے متعلق صراحت کر دی گئی ہے کہ جو مسلمان ان کے برعکس عقائد رکھے گا وہ گمراہ شمار ہوگا اور دائرہ اہلسنت سے خارج ہو جائے گا۔

لیکن جب حضرت ابن العربی کے نظریات کی باری آتی ہے تو یہ حضرات علمائے کرام بغیر کسی توقف کے متکلمین اہلسنت کو نظر انداز کرتے ہوئے حضرت ابن العربی کے ساتھ ہو جاتے ہیں فیاللعجب اور جب ان سے پوچھا جائے تو کہتے ہیں کہ ہم چشتی ہیں ہم قادری ہیں، حالانکہ حضرت ابن العربی چشتی نہیں، قادری تھے ۔ ہمارا کسی بزرگ پر اعتراض اور تنقید نہیں بلکہ ہم نے تو سوال کے طور پر کئی چشتی بزرگوں سے پوچھا کہ اگر حضرات چشتیہ وراثتاً توحید وجودی کے قائل ہیں تو ارشاد فرمائیں کہ یہ توحید وجودی کی وراثت حضرات چشتیہ میں کہاں سے ثابت ہے؟...... چشتیوں کو توحید وجودی کس چشتی بزرگ نے سکھلائی ہے؟...... جبکہ قادریوں میں توحید وجودی حضرت ابن العربی کے ذریعے آئی ہے۔ ہمیں اس سوال کا ابھی تک جواب نہیں ملا۔

⊙ ...... حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز متکلمین اہلسنت کی حمایت کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں کہ متکلمین علماء بھی ہیں اور صوفیاء بھی، عالم بھی ہیں اور عارف بھی،

marfat.com
Marfat.com

علوم ظاہریہ کے مالک بھی ہیں اور معارف باطنیہ کے حامل بھی، ارباب قیل وقال بھی ہیں اور اصحاب کشف وحال بھی۔

صوفیائے وجودیہ اپنے معارف کو کشف سے ثابت کرتے ہیں اور کشف ظنی ہوتا ہے جس میں شک وشبہ کا احتمال بھی ہے اور غلطی کا امکان بھی۔ یہ حضرات آیات کریمہ اور احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کو کھینچا تانی کر کے اپنے موقف کے مطابق ڈھالتے ہیں اور آیات متشابہات سے اپنا مسلک ثابت کرتے ہیں۔

جبکہ متکلمین اہلسنت اپنے عقائد کو علوم وحی سے ثابت کرتے ہیں جو قطعی اور یقینی ہیں اور قرآن وسنت سے ماخوذ ہیں جن میں غلطی اور خطا کا کوئی امکان نہیں۔

⊙ ......صوفیائے وجودیہ کا موقف یہ ہے کہ شریعت اور طریقت جدا جدا ہیں جبکہ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ طریقت اور حقیقت شریعت کی خادم ہیں۔ (دفتر اول مکتوب ۴۰)

⊙ ......طریقت، صوفیاء کا کشف ہے اور شریعت، انبیاء کا علم وحی ہے۔ صوفی خادم ہیں اور نبی علیہم الصلوات مخدوم ہیں اس لئے خادموں کا علم مخدوموں کے علم پر غالب نہیں کرنا چاہئے۔

## ہمیں فص نہیں نص چاہئے

جب حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز سے حضرت شیخ عبدالکبیر یمنی رحمۃ اللہ علیہ کے قول ''حق تعالیٰ سبحانہ عالم الغیب نہیں ہے'' اور اس کی تاویلات کے متعلق استفسار کیا گیا تو آپ جواباً ایک مکتوب میں رقمطراز ہیں:

میرے مخدوم! فقیر کو اس قسم کی باتیں سننے کی طاقت ہرگز نہیں ہے، میری رگ فاروقی ایسی باتوں سے بے اختیار جوش میں آ جاتی ہے اور ایسے کلام کی تاویل وتوجیہہ

marfat.com
Marfat.com

کی فرصت نہیں دیتی۔ ان باتوں کا قائل خواہ شیخ کبیر یمنی ہو یا شیخ اکبر شامی ہمیں تو حضرت محمد عربی علیہ وعلیٰ الہ الصلوۃ والسلام کا کلام (حدیث) درکار ہے نہ کہ محی الدین عربی، صدرالدین قونیوی اور عبدالرزاق کاشی کا کلام، مارابانص کا راست نہ بفص، فتوحات مدنیه از فتوحات مکیه مستغنی ساخته است ہم کونص (قرآن وسنت) سے کام ہے نہ کہ فص (فصوص الحکم) سے، فتوحات مدنیہ (احادیث مبارکہ) نے ہم کو فتوحات مکیہ سے بے نیاز کر دیا ہے جن میں حق تعالیٰ اپنے آپ کو عالم الغیب فرماتا ہے۔ (دفتر اول مکتوب ۱۰۰)

⊙ ...... حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ

صوفیہ کا عمل حل وحرمت میں سند نہیں ہے کیا ان کیلئے صرف یہی کافی نہیں ہے کہ ہم ان کو معذور سمجھیں اور ان کو ملامت نہ کریں اور ان کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کردیں۔ یہاں تو امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا قول معتبر ہے نہ کہ ابوبکر شبلی اور ابوالحسن نوری کا عمل (رحمۃ اللہ علیہم اجمعین) اس زمانے کے خام صوفیوں نے اپنے پیروں کے عمل کا بہانہ بنا کر سرود ورقص کو اپنا دین وملت بنالیا ہے اور اسی کو طاعت وعبادت سمجھ لیا ہے الذین ا تخذوا دینهم لهواً ولعباً یعنی ان لوگوں نے لہو ولعب کو اپنا دین بنالیا ہے۔ (الاعراف) (مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۲۶۶)

ایک اور مقام پر حضرت امام ربانی رقمطراز ہیں:

کل روز قیامت شریعت کی بابت پوچھیں گے تصوف کے متعلق نہیں پوچھیں گے۔ جنت میں داخل ہونا اور دوزخ سے بچنا شریعت کے احکام بجالانے پر منحصر ہے انبیائے کرام صلوات اللّٰه تعالیٰ و تسلیما ته علیهم نے جو کہ تمام کائنات میں سب سے بہتر ہیں اپنی شریعتوں کی طرف ہی دعوت دی ہے اور نجات کا انحصار اسی پر رہا ہے۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۴۸)

marfat.com
Marfat.com

غرضیکہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز صوفیائے کرام کی نسبت کشف وشہود پر زیادہ اعتماد نہیں کرتے اور نہ ہی انکو ولایت کی شرائط میں سے جانتے ہیں۔ علمائے اہلسنت کے کتاب وسنت کی روشنی میں بیان فرمودہ عقائد واعمال کے مطابق عقائد واعمال درست ہونے چاہئیں، ہمارے نزدیک یہی معیار اور کسوٹی ہے کشف وشہود کا ہونا کوئی ضروری نہیں۔

غرضیکہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز متکلمین اہلسنت کا دفاع وحمایت اس لئے فرماتے ہیں کہ ان کی تحقیقات واجتہادات کتاب وسنت کے عین مطابق ہیں۔

مذکورہ بالا چند توضیحات کا تذکرہ اس لئے کیا گیا ہے تاکہ سالکین کے دل ودماغ میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے متعلق کسی قسم کا کوئی شبہ وابہام جنم نہ لے جو حصول فیض میں رکاوٹ کا باعث ہو۔ والحمدللّٰہ علی ذالك

◉ ......دوں ہمت سالکین حق تعالیٰ سبحانہٗ کو شکلوں اور صورتوں کے قید خانوں اور شیشوں میں دیدودانش پر اکتفا کر بیٹھتے ہیں جبکہ بلند ہمت اور بلند حوصلہ عارفین اخروٹ ومنقی پر کفایت نہیں کرتے بلکہ وہ تو بے حجاب دید محبوب کی جستجو میں رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ حضرت سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل ہمیں عالی ہمت لوگوں میں سے بنائے جو حق تعالیٰ کی محبت کے حقدار ہوتے ہیں۔ اللھم آمین بجاہ النبی الکریم علیہ الصلوۃ والتسلیم خواجۂ بے رنگ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ العزیز نے کیا خوب فرمایا

ہنوز ایوانِ استغنا بلند است<br>
مرا فکرِ رسیدن ناپسند است

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۲۳

دراوائل حال می بینم که درمکانے طواف می کنم و

میں ابتدائے احوال میں دیکھتا ہوں کہ میں ایک مکان میں طواف کر رہا ہوں

جمعے دیگر نیز با من دراں طواف شریک اند اما بطوئے

اور ایک دوسری جماعت بھی میرے ساتھ اس میں شریک ہے لیکن

## محفوظ اولیاء ہی ملائکہ سے افضل ہیں

اس منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اپنی روحانی اور باطنی استعداد کا تذکرہ فرما رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ باطنی استعداد اور روحانی صلاحیت عطا فرمائی ہے کہ جس کے مقابلہ میں ملائکہ بھی ہیچ معلوم ہوتے ہیں۔ یہاں حضرت انسان اور ملائکہ کے درمیان باہمی فضیلت کے متعلق قدرے وضاحت ہدیہء قارئین ہے۔

قدوۃ الکاملین حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہٗ العزیز اس کے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

اتفاق اہل سنت وجماعت وجمہور مشائخ طریقت انبیاء وآناں کہ محفوظ اند از اولیاء فاضل تر اند از فرشتگان بخلاف، معتزلہ کہ ایشاں ملائکہ را فاضل تر ازانبیاء گویند

یعنی اہل سنت و جماعت اور جمہور مشائخ طریقت اس بات پر متفق ہیں کہ

marfat.com
Marfat.com

سیر آن جماعه بحدے ست کہ تا من یک دور طواف را

اس جماعت کی ست روی اس حد تک ہے کہ جب تک میں طواف

بانجام می رسانم آن جماعه دوسه قدم مسافت را قطع می

کا ایک دور پورا کر کے پہنچتا ہوں وہ جماعت دو تین قدم کی مسافت کو

نمایند درآں اثنا معلوم میگردد کہ این مکان فوق العرش

قطع کرتی ہے اسی اثناء میں معلوم ہوتا ہے کہ یہ مکان عرش سے فوق ہے

انبیائے عظام اور اولیائے کرام جو محفوظ ہیں وہ فرشتوں سے افضل ہیں جبکہ معتزلہ کے نزدیک ملائکہ نبیوں سے افضل ہیں۔ (کشف المحجوب فارسی ۲۶۰)

حضرت مولانا مولوی فیروز الدین مرحوم اس کے متعلق یوں رقمطراز ہیں:

حاصل کلام یہ ہے کہ تمام علماء و صوفیائے محققین کے اتفاق سے مومنوں میں سے خواص، خاص فرشتوں سے افضل ہیں اور عام مومن عام فرشتوں سے افضل ہیں۔ پس انسانوں میں سے جو لوگ گناہ سے محفوظ اور معصوم ہیں یعنی اولیاء و انبیاء وہ جبریل و میکائیل وغیرہم (علیہم السلام) خواص ملائکہ سے افضل ہیں اور جو محفوظ و معصوم نہیں یعنی عام مومن وہ محافظ اور کراماً کاتبین فرشتوں سے افضل ہیں و اللّٰہ اعلم

(بیان المطلوب ترجمہ کشف المحجوب)

فقہ حنفی کی معتبر کتاب درمختار میں ہے:

خواص البشر و اوساطه' افضل من خواص الملائکه و اوساطه عندا کثر المشائخ یعنی اکثر مشائخ کے نزدیک خواص اور درمیانہ درجہ کے انسان، خواص اور درمیانی درجہ کے فرشتوں سے افضل ہیں۔

حضرت علامہ مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ اس مسئلہ کی وضاحت کرتے

marfat.com
Marfat.com

است و جماعه طواف کنندگان ملائک کرام اند علی

اور طواف کرنے والوں کی جماعت ملائکہ کرام ہیں۔ ہمارے

نبینا وعلیهم الصلوات والتسلیمات واللّٰه یختص برحمته من

نبی اور ان پر صلوات وتسلیمات ہوں اور اللہ اپنی رحمت سے مختص فرما لیتا ہے

یشاء واللّٰه ذوالفضل العظیم

جسے چاہتا ہے اور اللہ صاحب فضل عظیم ہے۔

ہوئے ارقام فرماتے ہیں:

خاص انسان جیسے انبیاء واولیاء خاص وعام تمام فرشتوں سے افضل ہیں مگر عام انسانوں سے خاص فرشتے افضل ہیں۔ رہے کفار وہ تو گدھے کتے سے بھی بدتر ہیں کیونکہ رب تعالیٰ فرماتا ہے: اولئك هم شر البريه (مرآۃ ۳/۳۰۶)

یاد رہے کہ رسالہ مبداء ومعاد حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز کے مختلف اوقات میں پیش آنے والے واقعات واحوال کی تحریر فرمودہ روحانی یادداشتیں ہیں جن کو آپ کے خلیفہ حضرت خواجہ محمد صدیق رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کی ذاتی بیاض سے لے کر مرتب فرمایا تھا۔

## حضرت امام ربانی کا مشاہدہ

حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز تحدیث نعمت کے طور پر بیان فرمارہے ہیں کہ ابتدائے احوال میں جب ہم ولایات سہ گانہ (ولایت صغریٰ، ولایت کبریٰ اور ولایت علیا) میں سے آخری ولایت ملاء اعلیٰ میں روحانی سیر اور باطنی طیر فرمارہے تھے تو ایک روز ہم نے عرش سے بالا ایک مقام کا مشاہدہ کیا جس میں ہم اور ملائکہ کرام کی

marfat.com
Marfat.com

جماعت باہم اکٹھے طواف کررہے ہیں۔ دوران سفر ہماری سرعت رفتاری کا یہ عالم تھا کہ ہم طواف کا ایک دور مکمل کر لیتے ہیں اور فرشتے ابھی دو تین قدم ہی اٹھاتے ہیں یعنی اس سرعت سیر میں فرشتے بھی ہمارا ساتھ نہیں دے سکتے۔ واللہ یختص برحمتہ من یشاء ۔اسی لئے حضرت انسان کو فرشتوں پر فضیلت حاصل ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ روحانی سیر کے دوران عارف کامل کی پرواز جہاں تک ہوتی ہے فرشتے بھی وہاں تک نہیں پہنچ سکتے۔ دانائے شیراز حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے خوب کہا ہے

اگر از برج معنی پرد طیر او
فرشتہ فروماند از سیر او

دراصل روز اول سے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو جن جن امور کی انجام دہی پر مامور فرمایا ہے وہ انہی امور میں مشغول ہیں جیسا کہ آیت کریمہ ویفعلون مایؤمرون سے عیاں ہے وہ تذکیر و تانیث، خورد و نوش اور دیگر نفسانی خواہشات سے مبرا ہیں اس لئے کسی قسم کا کوئی گناہ کر ہی نہیں سکتے بنا بریں وہ گناہوں سے معصوم اور خطا و نسیان سے محفوظ ہیں جیسا کہ آیت کریمہ لا یعصون اللہ ماامرھم سے واضح ہے

لیکن بایں ہمہ فرشتے ایک مقام پر ٹھہرے ہوئے ہیں اور راہ ارتقاء ان پر مسدود ہے جیسا کہ آیت کریمہ وما منا الالہ مقام معلوم سے آشکارا ہے، جبکہ انسان نفسانی خواہشات و موانعات اور دیگر ضروریات زندگی کے باوجود جب اوامر کا اکتساب اور نواہی سے اجتناب کرتا ہے اور مجاہدات و ریاضات اور مصائب و آلام کو بھی مطلوب حقیقی کی طرف سے نعمت سمجھ کر برداشت کرتا ہے تو روحانی سیر کے دوران فرشتوں سے بھی آگے نکل جاتا ہے بقول جگر مرادآبادی

marfat.com
Marfat.com

بے فائدہ الم نہیں ، بے کار غم نہیں
توفیق دے خدا تو یہ نعمت بھی کم نہیں

نیز حضرت انسان ایسی نعمت عظمیٰ اور دولت قصویٰ سے سرفراز ہے جسے دردو آہ، جذب ومستی، سوز وگداز اور الحاح وفغاں کہتے ہیں جس سے ملائکہ بھی محروم ہیں۔

حضرت شیخ رومی رحمۃ اللہ علیہ نے خوب کہا

قدسیاں را عشق ہست و درد نیست
درد را جز آدمی در خورد نیست

علامہ اقبال مرحوم نے اس مفہوم کو یوں بیان کیا ہے

نداند جبرئیل ایں ہائے و ہو را
کہ نشناسد مقام جستجو را

❁

نہ کر تقلید اے جبریل میرے جذب ومستی کی
تن آساں عرشیوں کو ذکر وتسبیح و طواف اولیٰ

❁

متاع بے بہا ہے درد و سوز آرزو مندی
مقام بندگی دے کر نہ لوں شان خداوندی

## اطاعت رسول کے ثمرات

اللہ تعالیٰ نے انسان کو عالم ارواح سے عالم اجسام میں بھیج کر انسانی روح کا جسم کے ساتھ تعلق وتعشق پیدا کر دیا اور اسے طاعات وعبادات پر مامور فرما کر رجعت قہقری کا حکم دے دیا تا کہ یہ دوبارہ عالم قدس کی طرف پرواز کرے مزید برآں امت محمدیہ اور

marfat.com
Marfat.com

ملت مصطفویہ کو فاتبعونی فرما کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت و پیروی کا حکم دیا تاکہ انسان شریعت مطہرہ اور سنت نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات پر عمل پیرا ہو کر قرب خدا کی منازل و مدارج کو طے کرے چونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر لمحہ عروج و ارتقاء نصیب ہوتا رہتا ہے اس لئے آپ کے امتیوں کو بھی آپ کے طفیل وراثت و تبعیت کے طور پر ارتقاء میسر ہوتا رہتا ہے جیسا کہ آیت کریمہ وللاخرة خیر لك من الاولی سے واضح ہے۔ اقبال مرحوم نے اس مفہوم کو یوں بیان فرمایا ہے:

تیرا جوہر ہے نوری پاک ہے تو
فروغ دیدۂ افلاک ہے تو
تیرے صید زبوں افرشتہ و حور
کہ شاہینِ شہِ لولاک ہے تو

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۲۴

قباب اولیاء اللّٰہ صفات بشریت ایشان ست بہرچہ سائر

اولیاء اللہ کے حجاب ان کی بشری صفات ہیں [1] جن کے تمام

مردم محتاج اند این بزرگواران نیز محتاج اند ولایت

لوگ محتاج ہیں یہ بزرگ بھی محتاج ہیں ولایت

ایشان را از احتیاج نمی برآرد وغضب ایشان نیز دررنگ

ان کو احتیاج سے بری نہیں کرتی اور ان کا غضب

غضب سائر مردم ست ہرگاہ **سیدالانبیاء علیه وعلیهم**

بھی تمام لوگوں کے غضب کی مانند ہے جبکہ سید الانبیاء آپ پر اور ان پر

## صفات بشریہ سے مراد علل معنویہ ہیں

[1] اس منہا کے ابتداء میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے پردوں اور حجابات کو بشریت کی صفات قرار دیا ہے۔ صفات بشریہ سے مراد ناجائز شہوت، غضب، حسد، تکبر، طمع اور نفس وغیرھا ہیں جو قابل نفرت اور لائق مذمت ہیں۔ سالک اور صوفی احکام شرعیہ کو بجالانے اور شیخ کامل مکمل کی توجہات قدسیہ کی بدولت ان کدورات بشریہ (جن کا ازالہ تو ممکن نہیں البتہ امالہ ہوجاتا ہے) سے چھٹکارا حاصل کرلیتا ہے جیسا کہ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| الصلوات و التسلیمات فرماید اغضب کما یغضب البشر |
| صلوات و تسلیمات ہوں فرماتے ہیں مجھے غصہ آتا ہے جیسے ہر انسان کو غصہ |
| باولیا چہ رسد وہمچنین ایں بزرگواران در اکل وشرب |
| آتا ہے اسی طرح یہ بزرگوار کھانے پینے |

غضب وجلال پہلے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ہوتا تھا مگر دولت اسلام سے مشرف ہونے اور صحبت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کی بدولت امالہ ہو جانے کی وجہ سے یہی غضب وجلال کفار اور دشمنان اسلام کے خلاف ہو گیا تھا۔

عروۃ الوثقیٰ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہُ العزیز رقمطراز ہیں کہ ایک درویش نے حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس سرہُ العزیز سے پوچھا کیا شیطان کو اس راہ کے چلنے والوں پر کچھ قابو ہوگا؟ حضرت خواجہ قدس سرہ نے فرمایا کہ اس راہ کا چلنے والا جو شخص فنائے نفس کی سرحد تک نہیں پہنچا جب وہ غصہ میں ہوگا تو شیطان اس پر قابو پالے گا لیکن اس راہ کا چلنے والا جو شخص فنائے نفس حاصل کر چکا ہو اس کو غصہ نہیں آتا بلکہ غیرت ہوتی ہے اور جہاں کہیں غیرت ہوتی ہے شیطان وہاں سے بھاگ جاتا ہے اس قسم کی صفت اس شخص کیلئے مسلم ہوگی جو اپنا رخ راہ حق کی طرف رکھتا ہو۔

(مکتوبات معصومیہ دفتر اول مکتوب ۲۹)

قباب (بکسر قاف) قبہ کی جمع ہے جس کا معنی پردہ اور حجاب ہے۔

اولیاء اللہ کے بطون بشریت کے حجابات وصفات میں مستور ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ جس طرح عامۃ الناس ضروریات زندگی کے محتاج ہوتے ہیں اولیائے کرام کو بھی انہی اشیاء کی حاجت ہوتی ہے۔حق تعالیٰ کا قرب وولایت انہیں بشری ضرورتوں اور انسانی تقاضوں سے خارج نہیں کرتیں بلکہ انہیں جسمانی ضروریات اور دنیوی معاملات

marfat.com
Marfat.com

کی ضرورت وحاجت رہتی ہے جیسا کہ آیت کریمہ خلق لکم ما فی الارض جمیعا (البقرہ) سے عیاں ہے۔

جب جسمانی تقاضوں اور دنیوی معاملات کی انبیائے کرام علیہم السلام کو حاجت ہوتی ہے تو اولیائے کرام تو بدرجہ اتم ان کے ضرورت مند ہونگے جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں اغضب کما یغضب البشر یعنی جیسے دوسرے بشروں کو غصہ آتا ہے مجھے بھی غضب اور جلال آتا ہے۔حدیث پاک کے مکمل الفاظ مبارکہ یوں ہیں:

اللّٰھم انا بشر (وفی روایۃ انما محمد بشر ارضی کما یرضی البشر) اغضب کما یغضب البشر فایما مسلم سببتہ او لعنتہ او ضربتہ فاجعلھا منی صلاۃً علیہ و زکاۃ و قربۃ تقربہ بھا الیك یوم القیامہ (مسند احمد ۲/۴۹۳)

یعنی اے اللہ! میں بشر ہوں (ایک روایت میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) صرف بشر ہے میں راضی ہوتا ہوں جس طرح بشر راضی ہوتے ہیں) میں بھی غضب ناک ہوتا ہوں جس طرح دوسرے بشر غضبناک ہوتے ہیں۔جس شخص کو میں سب وشتم کروں یا اس پر لعنت بھیجوں یا اس کی پٹائی کروں تو اسے،اس شخص کیلئے میری طرف سے رحمت بنادے اور پاکیزگی اور قرب کا سامان بنادے اوران کے ذریعے تو اس شخص کو قیامت کے روز قرب کا ذریعہ بنادے۔

دوسری روایت میں یوں الفاظ ہیں: اللھم انی اتخذت عندك عھدا لن تخلفنیہ فانما انا بشر فای المومنین اذیتہ شتمتہ لعنتہ جلد تہ فاجعلھا لہ صلاۃً و زکاۃً و قربۃً تقربہ بھا الیك یوم القیامۃ (وفی روایۃ رحمۃ و اجراً و کفارۃ) (مسلم کتاب البر والصلہ)

marfat.com
Marfat.com

یعنی اے اللہ میرا تجھ سے ایک عہد ہو چکا ہے تو میرے اس عہد کو اپنے کرم سے ضرور پورا فرما، میں بشر ہوں اگر مومنوں میں سے کسی کو میں اذیت پہنچاؤں، اس کو گالی دوں، اس پر لعنت کروں، اس کو ماروں تو تو میرے اس رنج پہنچانے کو اس کے حق میں رحمت، پاکی اور اپنے قرب کا سبب بنا (اور دوسری روایت میں رحمت، اجر اور کفارہ کے الفاظ بھی ہیں) اور اس کی وجہ سے قیامت کے روز اس شخص کو اپنا قرب عطا فرما۔

یاد رہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ذات کیلئے کسی سے کوئی انتقام نہیں لیا البتہ اگر کبھی کسی کو سخت وسست کہا تو وہ محض تادیبی کاروائی کے طور پر نظم وضبط اور تربیت کی خاطر ایسا کیا ہے یا پھر حدود شرعیہ کے قیام کیلئے اور کفار کے خلاف جہاد وقتال میں ایسا فرمایا ہے۔ جیسا کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ارشاد گرامی ہے۔ ماضرب رسول اللّٰہ شیئاً قط بیدہ ولاامراۃ ولا خادماً الا ان یجاھد فی سبیل اللّٰہ وما نیل منہ شئی قط فینتقم من صاحبہ الا ان ینتھك شئی من محارم اللّٰہ فینتقم للّٰہ عزوجل (صحیح مسلم کتاب الفضائل)

یعنی حضرت عائشہ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی کو اپنے ہاتھ سے نہیں مارا، نہ کسی عورت کو نہ کسی خادم کو البتہ جہاد فی سبیل اللہ میں قتال فرمایا اور جب بھی آپ کو کچھ نقصان پہنچایا گیا آپ نے اس سے انتقام نہیں لیا الا یہ کہ اللہ تعالیٰ کے حدود کی خلاف ورزی کی جائے کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے ولا تأخذ کم بھما رأ فۃ فی دین اللہ یعنی تمہیں دین کے معاملے میں ان پر ترس نہ آئے (سورہ نور ۲) نظم وضبط کی خاطر غزوہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صف بندی کے دوران حضرت عکاشہ کو مسواک چبھو کر صف درست کرنے کا حکم فرمایا مگر تعلیم امت کی خاطر خود کو قصاص کیلئے پیش فرمادیا۔ غرضیکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غضب وجلال کی حقیقت کا کسی کو علم نہ ہوتا تھا یہاں تک کہ آپ کے چہرۂ انور سے اس کے آثار سرخی کی

marfat.com
Marfat.com

صورت میں نمودار ہوتے اور آپ اس پر انتقام لیتے مگر امیر المومنین حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دنیا کیلئے غضب نہیں فرماتے تھے۔ (جامع الترمذی ابواب الشمائل)

⊙ ...... یہ بھی یاد رہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار ومنافقین کے خلاف جو دعائے ضرر فرمائی وہ ان کے حق میں رحمت، اجر و کفارہ نہیں ہوئی بلکہ بغیر کسی تغیر و تبدل کے مستجاب ہوئی۔

⊙ ...... یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائے ضرر اس مسلمان کے حق میں رحمت، طہارت، اجر اور کفارہ کا باعث ہوگی جو دعائے ضرر کا مستحق نہ ہو جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات ہے فایما احد دعوت علیه من امتی بدعوة لیس لها باهل ان یجعلها له طهورا ......الخ (مسلم) یعنی اگر میں غیر مستحق کے خلاف دعائے ضرر کروں تو اے اللہ تو اِس کو اُس کیلئے رحمت بنا دے۔

یہاں تین امور کے متعلق قدرے تفصیلات ہدیہ قارئین ہیں

۱...... بشریت مطہرہ

۲...... غضب اور جلال کا اجمالی تذکرہ

۳......حالت غضب میں حواس کا توازن

## بشریت مطہرہ

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی رشد و ہدایت کے لئے تمام انبیائے کرام کو صورت بشریہ میں مبعوث فرمایا جیسا کہ آیات کریمہ وما ارسلنا من قبلك الا رجالا نوحی الیهم (النحل) اور قل انما انا بشر مثلکم (الکہف) سے عیاں ہے تاکہ فیوض و برکات اور خیرات وحسنات کے افاضہ اور استفاضہ میں سہولت رہے جبکہ ملائکہ

marfat.com
Marfat.com

کرام کی نورانیت ولطافت اور بندوں کی بشریت وکثافت اوران کی باہمی عدم مناسبت کی وجہ سے افادہ واستفادہ ممکن نہ تھا اسی لئے ، کسی بھی فرشتے کو منصب نبوت سے سرفراز نہیں فرمایا گیا۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال

علمائے عقائد نے رسول کی تعریف میں یوں تصریح فرمائی ہے

الرسول انسان بعثہ اللّٰہ تعالٰی الی الخلق لتبلیغ الاحکام (شرح عقائد) یعنی رسول وہ عظیم المرتبت انسان ہوتا ہے جسے اللہ تعالیٰ مخلوق کی طرف تبلیغ احکام کیلئے مبعوث فرماتا ہے۔

یادرہے کہ رسول ، صاحب کتاب وشریعت ہوتا ہے جبکہ نبی کیلئے ان کا ہونا ضروری نہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نورانیت (عالم امر) اور بشریت (عالم خلق) سے مرکب ہیں۔ نورانیت کے باعث آپ حق تعالیٰ سے فیض لیتے ہیں اور بشریت کی بدولت مخلوق کو فیض دیتے ہیں۔ اس مفہوم کو کسی شاعر نے کیا خوب بیان کیا ہے

اُدھر اللہ سے واصل اِدھر مخلوق میں شامل
خواص اس برزخ کبریٰ میں ہے حرف مشدد کا

واضح رہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی نورانیت مقدسہ بھی بے مثل ہے اور بشریت مطہرہ بھی بے مثل۔

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اس کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں جس کا اردو ترجمہ ملاحظہ ہو۔

اس عالم میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عنصری پیدائش نے آپ کی ملکی پیدائش پر غلبہ کیا ہوا تھا تاکہ مخلوقات کے ساتھ جن میں بشریت زیادہ غالب ہے وہ مناسبت جو افادہ واستفادہ کا سبب ہے زیادہ پیدا ہو جائے یہی وجہ ہے کہ حق تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی بشریت (مبارکہ) کے ظاہر کرنے کی تاکید فرمائی

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ قل انما انا بشر مثلکم یوحی الیّ یعنی اے پیکر رعنائی وزیبائی، آپ فرمایئے کہ میں بھی تمہاری طرح بشر ہوں میری طرف وحی کی جاتی ہے۔ لفظ مثلکم کا لانا تاکید بشریت کیلئے ہے مگر وجود عنصری سے رحلت فرمانے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت کی جہت غالب آ گئی اور آپ کی بشریت کی مناسبت کم ہو گئی۔

(دفتر اول مکتوب ۲۰۹)

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کی مزید توضیحات پیش خدمت ہیں:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش دوسرے افراد انسانی کی پیدائش کی مانند نہیں ہے بلکہ عالم کے تمام افراد میں سے کسی فرد کے ساتھ آپ کی پیدائش اور آپ کا وجود انور مناسبت ومشابہت نہیں رکھتا کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باوجود جسم عنصری رکھنے کے نور حق جل وعلا سے پیدا ہوئے ہیں جیسا کہ آپ نے خود ارشاد فرمایا خلقت من نور اللہ (میں اللہ کے نور سے پیدا ہوا ہوں)...... کشف صریح سے معلوم ہوا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس امکان سے پیدا ہوئے ہیں جو صفات اضافیہ سے تعلق رکھتا ہے، اس امکان سے پیدا نہیں ہوئے جو باقی کائنات عالم میں پایا جاتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایسا نور ہیں جو عالم اجسام میں پاک پشتوں سے پاک رحموں میں منتقل ہوتے رہے ہیں اور پھر آخر کار مختلف رحموں سے منتقل ہوتے ہوئے حکمتوں اور مصلحتوں کے پیش نظر انسانی صورت میں جو احسن تقویم ہے ظہور فرمایا اور محمد اور احمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نام سے موسوم ہوئے...... کتنی ہی دقت نظر سے صحیفہء ممکنات عالم کا مطالعہ کیا جائے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود انور مشہود نہیں ہوتا چونکہ آنسرور صلی اللہ علیہ وسلم اس ممکنات عالم میں سے نہیں ہیں بلکہ اس سے فوق ہیں اسی بنا پر آپ کے جسم اقدس کا سایہ نہیں تھا۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب ۱۰۰)

غالباً حضرت مرزا مظہر جان جاناں شہید دہلوی قدس سرہُ العزیز نے اسی مفہوم کو

marfat.com
Marfat.com

یوں بیان فرمایا ہے:

گویند کہ آں مظہر جاں سایہ نداست
ویں طرفہ کہ عالم ہمہ در سایہء اوست

## انا بشر مثلکم کی حکمت

مظہر کمالات خفی وجلی حضرت شاہ غلام علی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ایمان کی تین قسمیں ہیں۔

⊙ ......ایک عوام کا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ کو بغیر دیکھے دل وجان سے گرویدہ ہو کر ایمان لائے ہیں۔

⊙ ...... دوسرا ایمان اولیاء اللہ کا ہے کہ وہ صاحبان مشاہدہ ہیں ان کا ایمان شہودی ہوتا ہے کیونکہ ظلمانی حجاب کو یہ حضرات چاک کر چکے ہوتے ہیں جو بے صبری، بے قناعتی، بے توکلی اور خیال غیر سے عبارت ہے اور نورانی حجاب کو طے کر کے مرتبہء شہود تک پہنچے ہوتے ہیں جو صفات وشیونات اور اعتبارات ذاتیہ سے عبارت ہے۔

⊙ ...... تیسرا ایمان اکابر کا ہوتا ہے کہ یہ بزرگ شہود سے بھی آگے گزر گئے ہوتے ہیں اور کمال وصال سے پیوستہ ہوتے ہیں اور ان کا ایمان بھی ایمان غیبی کے رنگ میں ہوتا ہے کیونکہ مشاہدے کی، کمال اتصال کے مرتبے میں گنجائش نہیں۔

اس کی مثال یوں سمجھ لیجئے کہ ایک شخص اپنا ہاتھ پشت کے پیچھے لے جائے تو غیب ہے اور جب اپنے سامنے لے آئے تو مشاہدہ ہو جائے گا اور آنکھ کی پتلی پر رکھ لے تو پھر غیب ہو جائے گا پس وصل بے فصل کے مرتبہ میں بھی غیب متحقق ہے اسی لئے تو کہتے ہیں کہ جو خاص الخاص حضرات ہیں وہ عوام کی مانند ہوتے ہیں، انا بشر مثلکم میں یہی راز پوشیدہ ہے۔ (درالمعارف)

marfat.com
Marfat.com

اہل اللہ کے صفائے باطن کی بنا پر ہر وقت اللہ تعالیٰ کی جمالی اور جلالی تجلیات کا ورود ہوتا رہتا ہے۔ جس عارف پر تجلیات جمالیہ کا غلبہ ہو وہ اللہ تعالیٰ کے جمال کا مظہر ہوتا ہے اس لئے اُس سے زیادہ محبت و پیار کا ظہور ہوتا ہے اور جس سالک اور صوفی پر اللہ تعالیٰ کی تجلیات جلالیہ کا غلبہ ہو وہ اللہ تعالیٰ کے جلال کا مظہر ہوتا ہے اس لئے اس سے غضب اور جلال کا ظہور ہوتا ہے اور بعض عارف اللہ تعالیٰ کے جلال و جمال دونوں کے مظہر ہوتے ہیں جب کبھی تجلیات جلالیہ کا غلبہ ہو جائے تو ان سے جلال کا ظہور ہوتا ہے اور جب کبھی تجلیات جمالیہ کا غلبہ ہو جائے ان سے جمال و پیار کا ظہور ہوتا ہے۔

جب کوئی سالک خلوص نیت اور صدق قلب کے ساتھ کسی شیخ کامل مکمل کے دست حق پرست پر بیعت کا شرف حاصل کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کیلئے اپنے آپ کو شیخ کے حوالے کر دیتا ہے اور مردہ بدست غسال کے مصداق ہر قسم کی مشقت و ریاضت اور شیخ کی جلالی و جمالی تربیت کو بطیب خاطر برداشت کرتا ہے اور بادۂ وحدت کا متوالہ بن کر شاہراہ محبت پر گامزن جہاد اکبر میں مصروف ہو جاتا ہے تو کبھی زبان حال اور کبھی زبان قال سے نعرۂ مستانہ لگاتا ہے لوددت ان اقتل فی سبیل اللہ ثم احیی ثم اقتل ثم احیی......الخ بقول شاعر

کشتگان خنجر تسلیم را
ہر زمان از غیب جانِ دیگر است

چونکہ شیخ کامل کا ہر کام اللہ تعالیٰ کی رضامندی پر موقوف ہوتا ہے اس لئے اگر وہ کسی سالک کو سخت وست، زجر و توبیخ، ڈانٹ ڈپٹ اور لعن طعن کرتا ہے تو اس میں المرید لا یرید الا اللّٰہ کی اصلاح و تربیت مقصود ہوتی ہے، ذاتی اغراض اور نفسانی فساد و انتقام کا اس میں کوئی دخل نہیں ہوتا۔ اگر کوئی کم فہم، ظاہر بین اور نادان شخص شیخ کی ایسی حرکات و سکنات کو دیکھ یا سن کر چیں بجبیں ہو جائے اور جلال، جلال کی رٹ لگاتا

marfat.com
Marfat.com

رہے تو اس کا کیا علاج؟ (فافہم وتدبر)

مولانا روم مست بادۂ قیوم ایسے لوگوں کے متعلق یوں گویا ہیں

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر
زانکہ ماند در نوشتن شیر و شیر
قہر و عتاب میں بھی تو رحمت ہے مستتر
یہ نکتہ کب خیال میں ناقص کے آ سکے

درحقیقت جو سالک، صاحب جلال شیخ کامل کی جلالی تربیت کو بخوشی قبول کرلیتا ہے کندن بن جاتا ہے کیونکہ شیخ کی زجر وتوبیخ میں نہ جانے کتنے راز پوشیدہ ہوتے ہیں۔ گو جمالی تربیت کی بڑی برکات ہیں مگر جلالی تربیت کی تاثیرات دیرپا اور زیادہ مؤثر ہوتی ہیں۔

شیخ الاسلام حضرت زید ابوالحسن فاروقی مجددی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے والد گرامی جامع الشریعہ والطریقہ حضرت عبداللہ شاہ ابوالخیر فاروقی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک واقعہ نقل فرمایا ہے چنانچہ آپ رقمطراز ہیں:

ایک مرتبہ صاحب جذبہ ونسبت عبداللہ پٹھان کے واسطے چند ضرب چوب کی سزا آپ نے تجویز فرمائی تو دوسرے پٹھان نے تعمیل ارشاد کیا۔ جس وقت ان پر پہلی ضرب پڑی انہوں نے ضارب سے کہا زور سے مارو۔ ہر ضرب پر وہ الحمد للہ کہتے جاتے تھے۔ سزا پوری ہونے پر انہوں نے مسرت کا قہقہہ لگایا اور وجد کی حالت میں رقصاں اٹھے۔ تھوڑی دیر ان پر ایک خاص کیفیت طاری رہی۔ ایک ہندوستانی مخلص اس تمام کیفیت کو دیکھتے رہے آخر میں عبداللہ سے حقیقت دریافت کی۔ انہوں نے کہا اے عزیز! یہ سزا نہیں تھی یہ تو میرے لئے اکسیر حیات تھی۔ مجھ سے ایک لغزش ہوگئی تھی اور میں باطنی حلاوت کھو بیٹھا تھا اور دل پر غفلت کے پردے پڑ گئے تھے جس کی بناء پر

marfat.com
Marfat.com

میں از حد متالم تھا۔ ہر ضرب کے ساتھ ظلمت کے پردے چاک ہوتے گئے اور جب میں اٹھا تو وصل محبوب، نقد وقت تھا۔

بحمد للہ کہ چشم باز کردہ      مرا با جان جاں ہمراز کردہ

(بزم خیراز زید)

## حالت غضب میں حواس کا اعتدال

حجۃ الاسلام حضرت امام محمد غزالی نقشبندی قدس سرہُ العزیز تحریر فرماتے ہیں کہ قوت غصہ کا محل قلب ہے اور اس قوت کی غذا شہوت اور انتقام ہے۔اس قوت کے اعتبار سے انسان فطرتی طور پر تین درجات میں تقسیم ہو جاتا ہے۔

۱.....تفریط      ۲..... افراط      ۳.....اعتدال

## تفریط (کمی)

یہ اس وقت ہوتی ہے جب یہ قوت بالکل نہ پائی جائے یا اس میں کمزوری ہو اور یہ مذموم ہے، اس قسم کے لوگوں میں حمیت اور غیرت نہیں ہوتی۔ حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا جس کو غصہ دلایا جائے اور اسے غصہ نہ آئے وہ گدھا ہے اور جس میں غصے اور غیرت کی قوت مفقود ہو وہ بالکل ناقص ہے۔اس قسم کا انسان قابل نفرت اور لائق مذمت ہوتا ہے کہ اسے یہ بھی خبر نہیں ہوتی کہ میرے گھر میں کون آتا جاتا ہے ایسے شخص کو دیوث کہا گیا ہے جو مخنث اور ہیجڑے سے بھی بدتر ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ان سعداً لغیور وانا اغیر من سعد و ان اللّٰہ اغیر منی یعنی بے شک سعد رضی اللہ عنہ غیرت مند ہیں میں ان سے بھی زیادہ غیرت مند ہوں اور اللہ تعالیٰ مجھ سے بھی زیادہ غیرت فرماتا ہے۔ (صحیح مسلم کتاب اللعان)

غیرت اس لئے پیدا کی گئی ہے کہ نسبتیں محفوظ رہیں۔اگر اس میں چشم پوشی سے

marfat.com
Marfat.com

کام لیں گے تو نسبتیں خلط ملط ہو جائیں گی اسی لئے کہا گیا ہے کہ جس امت کے مردوں میں غیرت رکھی گئی ہے ان کی عورتیں محفوظ رہتی ہیں۔اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی شدت اور حمیت کو اشدآء علی الکفار اور واغلظ علیھم سے بیان فرمایا ہے۔

## افراط

جس شخص میں غصہ کی اس قدر زیادتی ہو کہ وہ شخص غصہ سے مغلوب ہو جائے اور اس کا اپنے آپ پر کنٹرول نہ رہے اور اس قدر مخبوط الحواس ہو جائے کہ عقل و دین کی سیاست و اطاعت اور نظر و فکر اور بصیرت نہ رہے۔دوران غصہ اس کی حرکات و سکنات اور شکل و صورت کی ہیئت کذائی تک مضطرب اور متغیر ہو جاتی ہے، آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں، نتھنے پھول جاتے ہیں، اعضاء پر کپکپی طاری ہو جاتی ہے، منہ سے نکلنے والے الفاظ کا نظم و ضبط ٹوٹ جاتا ہے حتیٰ کہ وہ فحش گوئی اور گالی گلوچ پر اتر آتا ہے۔وغیرھا

احادیث مبارکہ میں غصہ کا علاج بھی تجویز فرمایا گیا ہے کہ جب کسی کو غصہ آئے اگر وہ کھڑا ہو تو بیٹھ جائے ...... بیٹھا ہو تو تکیہ لگا لے...... تکیہ لگائے ہو تو لیٹ جائے ...... بلکہ فرمایا سو جائے ...... غصہ آئے تو خاموش ہو جائے ...... پانی کے ساتھ کلی کر لینی چاہئے یا وضوء کر لینا چاہئے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو حالت غصہ میں درج ذیل دعا پڑھنے کی تلقین فرمائی فلہٰذا یہ دعا پڑھنا علمائے کرام نے مستحب قرار دیا ہے دعا کے الفاظ یہ ہیں اللھم رب النبی محمد اغفرلی ذنبی واذھب غیظ قلبی واجرنی من مضلات الفتن (کنز العمال جلد ہفتم)

نیز حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے درج ذیل دعا نقل فرمائی ہے:

اللھم اغفرلی ذنبی واذھب غیظ قلبی واجرنی من الشیطان

marfat.com
Marfat.com

الرجیم (احیاء العلوم جلد اول)

حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے عرض کیا کہ مجھے ایک جملے میں اخلاق حسنہ کی تلقین فرمائیے...... آپ نے فرمایا ’’غصے کو چھوڑ دو‘‘

حضرت وہب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ نے غصہ کو کفر کے ارکان میں سے بتایا ہے۔

## اعتدال

حالت غضب میں انسان مغلوب الحواس اور مخبوط العقل نہ ہو، اس کے اعضاء و جوارح متوازن رہیں، بلکہ وہ بردباری اور تحمل مزاجی سے کام لے، اسے اعتدال کہتے ہیں اسی کو استقامت اور وسط سے تعبیر فرمایا گیا ہے اور اس کا ہی اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو مکلف فرمایا ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تعریف کرتے ہوئے ارشاد فرمایا خیر الامور اوساطھا یعنی بہترین امور وہ ہیں جن میں میانہ روی پائی جائے۔ (شعب الایمان ۵/۲۶۱) یہی صراط مستقیم ہے جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے۔

یاد رہے کہ بعض اوقات ضروری امور میں بھی غصہ بالکل مفقود ہوتا ہے جب اس کا قلب اس سے بھی اہم امر کی طرف مشغول ہو کیونکہ اس وقت قلب میں غصے کیلئے کوئی گنجائش نہیں ہوتی جیسا کہ حضرت سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو کسی شخص نے گالی دی تو آپ نے جواباً ارشاد فرمایا اگر میزان میں میرا نامۂ اعمال کم ہوا تو جو کچھ تو کہتا ہے میں اس سے بھی برا ہوں اور اگر میرے اعمال کا پلڑا بھاری رہا تو تیری گالی سے مجھے کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ (چونکہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی تمام تر توجہ آخرت کی طرف مبذول تھی اس لئے آپ کا قلب گالی سے متاثر نہیں ہوا)

⊙ ......ایک عورت نے حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ سے کہا اے ریاکار، آپ نے فرمایا تیرے سوا کسی نے مجھے نہیں پہچانا گویا اس وقت آپ خود سے ریاکاری کی

marfat.com
Marfat.com

آفت کو دور کرنے میں مشغول تھے اور جو کچھ شیطان کہتا تھا اس کا انکار فرماتے تھے فلہٰذا جب آپ کو ریاکار کہا گیا تو آپ کو غصہ نہیں آیا۔

⊙ ...... کسی شخص نے حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ کو گالی دی آپ نے فرمایا اگر تم اپنی بات میں سچے ہو تو اللہ تعالیٰ مجھے بخش دے اور اگر تم جھوٹ بولتے ہو تو اللہ تعالیٰ تمہیں معاف فرمائے۔

مذکورہ واقعات سے معلوم ہوا کہ آتش غصہ سے نجات حاصل کرنا محبت دنیا سے قلب کو پاک کرنا ہے اور یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ جب سالک کو دنیا کی آفات اور خرابیوں کا علم ہو جائے۔

جسمانی صحت اور معمولی رزق کو بھی دنیا فرمایا گیا ہے چنانچہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات ہے من اصبح امناً فی سربه معافی فی بدنه وله قوت یومه فكانما حیزت له الدنیا بحذا فیره یعنی جو شخص اپنے گھر میں امن کے ساتھ رہا اسے جسمانی صحت اور ایک روز کا رزق حاصل ہو گیا گویا دنیا اطراف سے اس کے پاس اکٹھی ہو گئی۔ (الترغیب والترہیب جلد اول کتاب الصدقات)

جبکہ قطب الابرار حضرت خواجہ عبیداللہ احرار قدس سرہٗ العزیز کے متعلق مشائخ نے اپنی کتابوں میں لکھا ہے کہ آپ اس قدر مالدار تھے کہ آپ کے مویشیوں کی میخیں (کلے) بھی سونے اور چاندی کی ہوا کرتی تھیں لیکن مال و دولت کی فراوانی کے باوجود '' اگر دارد برائے دوست دارد '' کے مصداق ہمہ وقت مخلوق خدا کی امداد واعانت، رشد و ہدایت اور دین اسلام کی ترویج و اشاعت میں ہمہ تن مشغول تھے کہ سلطان العشاق حضرت مولانا عبدالرحمان جامی، محدث یگانہ حضرت ملا علی قاری احراری اور خواجہء خواجگان حضرت خواجہ محمد زاہد رحمۃ اللہ علیہم جیسے ابنائے روزگار کے مقتدا و پیشوا تھے۔

marfat.com
Marfat.com

دراصل فقر کا ماحصل اور لب لباب یہ ہے کہ

''اگر مال دنیا ہاتھ سے چلا جائے تو بندہ غریب ہو جاتا ہے اور اگر مال دنیا دل سے چلا جائے تو بندہ فقیر ہو جاتا ہے'' (ماخوذ از احیاء العلوم وغیرھا)

یاد رہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حالت غضب وجلال میں بھی حواس مبارک معتدل اور متوازن رہتے تھے اور اس حالت میں بھی آپ کی زبان اقدس سے جو کچھ بھی نکلتا تھا حق ہی نکلتا تھا جیسا کہ روایت میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر بات کو تحریر کر لیا کرتے تھے۔ ایک دن مشرکین مکہ نے منع کرتے ہوئے کہا انہ بشر یتکلم فی الغضب والرضاء یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تو بشر ہیں وہ کبھی غضب میں کلام کرتے ہیں اور کبھی راضی ہوتے ہیں لہٰذا ان کی ہر حدیث نہ لکھا کرو۔ کچھ عرصہ بعد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے حاضر خدمت ہو کر سارا ماجرا عرض کر دیا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اکتب فوالذی بعثنی بالحق نبیامایخرج منہ الاالحق یعنی میری ہر بات لکھ لیا کرو اس ذات کی قسم جس نے مجھے سچا نبی بنا کر مبعوث فرمایا ہے اس (زبان مبارک کی طرف اشارہ فرمایا) سے حق کے سوا کچھ نہیں نکلتا۔ (ابوداؤد جلد ثانی کتاب العلم)

واضح رہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان اقدس سے نکلنے والا ہر قول حق ہے مگر وہ قول یا تو زبان نبوت سے من حیث الرسالت یا من حیث البشریت صادر ہوا۔ جو قول من حیث الرسالت صادر ہوا وہ وحی منزل من اللہ ہے اس کا انکار بندۂ مومن کو دائرہ اسلام سے خارج کر دیتا ہے اور جو قول من حیث البشریت صادر ہوا اسے تسلیم نہ کرنا ہرگز کفر نہیں۔ (از افادات امام اہلسنت حضرت علامہ احمد سعید کاظمی رحمۃ اللہ علیہ)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مرض موت میں کاغذ طلب کیا اور ارشاد فرمایا

marfat.com
Marfat.com

ایتونی بقرطاس اکتب لکم کتابا لن تضلوا بعدی میرے پاس کاغذ لاؤ تا کہ میں تمہارے لئے ایسی تحریر لکھوادوں کہ میرے بعد تم ہرگز گمراہ نہ ہو۔ (مشکوٰۃ)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت نے کہا کہ کاغذ لانا چاہئے اور دوسری جماعت نے کاغذ لانے سے منع کر دیا حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اسی جماعت میں سے تھے جو کاغذ کیلئے راضی نہ تھے اور فرمایا حسبنا کتاب اللّٰہ (ہمارے لئے کتاب اللہ کافی ہے)

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز تحریر فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دوبارہ قلم و کاغذ طلب نہ فرمانا بلکہ اس سے اعراض کر لینا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ امراز روئے وحی نہیں تھا بلکہ یہ کلام بتقاضائے بشریت، شدت درد و مرض کی وجہ سے بلا قصد آپ کی زبان مبارک پر جاری ہو گیا تھا۔ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا کاغذ لانے میں توقف، رد و انکار کی وجہ سے نہیں تھا عیاذا باللہ سبحانہ عن ذالک بلکہ یہ تامل و توقف استفسار کیلئے تھا جو ہرگز مذموم نہیں جیسا کہ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے ارشاد ''استفھموا'' سے واضح ہے۔

ملائکہ کرام نے حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کی خلافت کی وجہ دریافت کرنے کیلئے حق تعالیٰ سے عرض کیا تھا اتجعل فیھا من یفسد فیھاویسفك الدماء و نحن نسبح بحمدك و نقدس لك (البقرہ) اسی طرح حضرت زکریا علیہ السلام نے بھی حضرت یحییٰ علیہ السلام کی ولادت کی بشارت کے وقت عرض کیا تھا انی یکون لی غلام و کانت امراتی عاقرا و قد بلغت من الکبر عتیا (مریم) اگر حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے بھی استفہام و استفسار کے طور پر کاغذ لانے میں توقف کیا تو کیا مضائقہ ہے اور یہ شور و شر کیوں ہے؟۔ (ماخوذ از مکتوبات امام ربانی مکتوب ۳۶،۹۶ دفتر دوم)

marfat.com
Marfat.com

ایسے ہی صلح حدیبیہ کے موقعہ پر شرائط معاہدہ طے ہو جانے کے بعد جب حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے هذاما اصطلع علیه محمد رسول اللّٰه لکھا تو کفار کے احتجاج پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو ارشاد فرمایا اکتب محمد ابن عبداللّٰہ یعنی محمد رسول الله کی بجائے محمد بن عبداللّٰه لکھ دو۔ امام بیہقی نے دلائل النبوۃ جلد چہارم میں جو روایت کے الفاظ نقل فرمائے ہیں وہ یہ ہیں قال لعلی امحه فابی فمحاه رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم بیده یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کو ارشاد فرمایا اسے مٹا دو، ان کے انکار کرنے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے اسے محو کر دیا بلکہ ایک روایت میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے الفاظ یوں بھی ہیں لا امحوک ابداً قا مجھ سے یہ نہ ہو سکے گا۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا رسول اللہ کے الفاظ محو کرنے سے انکار، حضرت اسید بن حضیر اور حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہم کا مٹانے سے انکار پر اصرار معاذ اللہ کسی نافرمانی یا گستاخی کے باعث نہ تھا بلکہ یہ سب کچھ بر بنائے محبت تھا یہی وجہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر کسی قسم کی ناراضگی کا اظہار نہیں فرمایا بلکہ ان کی قلبی طمانیت کا اہتمام فرماتے رہے۔ ایسے ہی حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا کاغذ پیش کرنے میں توقف وتامل، انکار کے باعث نہ تھا بلکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شدت مرض کے پیش نظر تھا۔

یاد رہے کہ قرن اول کے اصحاب کرام رضی اللہ عنہم اجمعین تکلفات سے بری اور عبارتوں کی آلائش سے مستغنی تھے...... ان کی ہمہ تن کوشش اصلاح باطن میں ہوتی تھی اور انکا ظاہر انکی نظر میں بے وقعت اور غیر ملحوظ تھا...... اس زمانے میں آداب کی رعایت حقیقت ومعنی کے اعتبار سے ہوتی تھی صورت ولفظ کے اعتبار سے نہیں...... اس لئے اگر

marfat.com
Marfat.com

اس قسم کی کوئی عبارت جو سوءادب کا وہم پیدا کرتی ہو تو اس زمانے والوں کے نزدیک وہ جھوٹ اور فریب سے پرے ہے۔آنسرور علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کی نسبت ان بزرگوں سے صادر ہونے والی ایسی باتوں کو نیک نیتی پر محمول کرنا چاہئے اور عبارت کے اصل مطلب کو دیکھنا چاہئے الفاظ خواہ کسی قسم کے ہوں انکو ملحوظ نہ رکھنا چاہئے ،سلامتی کا طریقہ یہی ہے۔واللہ سبحانہ الموفق (مکتوبات امام ربانی دفتر دوم مکتوب ۳۶)

واضح رہے کہ احکام اجتہادیہ میں غیر پیغمبر (امتی) کو پیغمبر علیہ وعلیٰ الہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ اختلاف کی گنجائش ہے بشرطیکہ وہ غیر پیغمبر اجتہاد کے مرتبے تک پہنچ چکا ہو۔ (مکتوبات امام ربانی مکتوب ۵۵)

یاد رہے کہ امور اجتہادیہ میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور آنسرور صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان جو اختلاف ہوا اگر اس میں عیاذا باللّٰہ سبحانہ ہوا وتعصب کا شائبہ بھی ہوتا تو وہ انکو اہل ارتداد کے زمرہ میں کھینچ لے جاتا اور اہل اسلام کے حلقہ سے خارج کر دیتا کیونکہ آنسرور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سوء ادب اور سوء معاشرت کفر ہے اعاذنااللّٰہ سبحانہ بلکہ یہ اختلاف امر فاعتبروا کی بجا آوری کی بنا پر ہے کیونکہ ہر وہ شخص جو اجتہاد کا درجہ رکھتا ہو تو احکام اجتہادیہ میں اس کو دوسروں کے اجتہاد اور رائے کی تقلید کرنا خطا اور منھی عنه ہے۔ہاں نازل شدہ احکامات میں رائے اور اجتہاد کو دخل نہیں اور ان میں تقلید کے سوا کسی چیز کی گنجائش نہیں ہے اور ان پر ایمان لانا اور ان کے تابع ہونا واجب ہے۔یہ بھی یاد رہے کہ زمانۂ نبوت کے گذر جانے کے بعد احکام اجتہادیہ ظنی ہیں جو عمل کرنے میں تو مفید ہیں لیکن اعتقاد کیلئے مثبت نہیں کہ ان کا انکار کرنے والا کافر ہو جائے لیکن اگر مجتہدین کا اجماع ان احکام پر منعقد ہو جائے تو اس صورت میں وہ احکام اعتقاد کیلئے بھی مثبت ہونگے۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر دوم مکتوب ۳۶)

marfat.com
Marfat.com

و معاشرت با اہل و عیال و موانست با ایشاں باسائر ناس

اہل و عیال کے ساتھ معاشرت اور ان کے ساتھ موانست میں تمام

شریك اند تعلقات شتّٰی که از لوازم بشریت است از

لوگوں کے ساتھ شریک ہیں۔ [2] مختلف تعلقات جو بشریت کے لوازم ہیں

[2] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ جس طرح عامۃ الناس ضروریات زندگی، معاشرتی تقاضوں اور باہمی محبت و پیار کے محتاج ہوتے ہیں اہل اللہ کو بھی ان چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے یہاں درج ذیل تین اشیاء کا اجمالی تذکرہ ہدیۂ قارئین ہے۔

- ...... کھانے کے آداب مسنونہ
- ...... اہل وعیال کے ساتھ حسن معاشرت
- ...... اہل وعیال کے ساتھ موانست

## کھانے کے آداب مسنونہ

چونکہ عامۃ الناس کے مانند اہل اللہ بھی خورد و نوش کے محتاج ہوتے ہیں کہ یہ اعمال صالحہ کا ذریعہ ہیں کیونکہ علم وعمل پر مداومت جسم کی سلامتی کے بغیر ممکن نہیں اور بدن کی سلامتی رزق کے بغیر نہیں ہوتی اسی بنا پر اعمال صالحہ سے پہلے رزق حلال کا ذکر فرمایا گیا ہے جیسا کہ ارشاد ربانی جل سلطانہٗ کلوا من الطیبات و اعملو صالحاً سے عیاں ہے۔ سالک کیلئے رزق حلال کا اہتمام کرنا، مشتبہ اور حرام لقمے سے بچنا از بس لازم ہے کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کل لحم بنت من حرام النار اولیٰ به یعنی جو گوشت حرام سے پروان چڑھا آگ اس کی زیادہ حقدار

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ (شعب الایمان ۵/۵۷)

جوشخص روزانہ متواتر حلال روزی جسمیں حرام کی آمیزش نہ ہو کھاتا ہے تو حق تعالیٰ اس کے قلب کو پرنور کردیتا ہے اور حکمت کے چشمے اس کے دل میں جاری کردیتا ہے۔

علم وحکمت اور عشق ورقت، رزق حلال کا ہی ثمرہ اور نتیجہ ہوتے ہیں جس کے بغیر ان کا تصور بھی ممکن نہیں۔ مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے خوب کہا

علم و حکمت زاید از نان حلال
عشق و رقت آید از نان حلال

یہاں کھانے کے مسنون آداب کا مختصر تذکرہ کیا جاتا ہے تا کہ سالکین ان آداب کو ملحوظ خاطر رکھیں و باللہ التوفیق

⊙ ...... طعام سے قبل ہاتھ دھونا فقر کو دور کرتا ہے۔

⊙ ...... جوتے اتار دینا کہ اس میں پاؤں کیلئے راحت ہے۔

⊙ ...... دستر خوان کو زمین پر بچھانا سنت کے زیادہ قریب ہے کہ اس میں تواضع پائی جاتی ہے۔

⊙ ...... دوزانوں ہو کر پاؤں کی پشت پر بیٹھنا یا دایاں گھٹنا کھڑا کر کے بائیں پاؤں پر بیٹھنا، یا سرین پر بیٹھنا اور دونوں گھٹنے کھڑے رکھنا۔

⊙ ...... اکٹھے ہو کر کھانا کہ اس میں برکت ہے۔

⊙ ...... آہستہ آواز سے بسم اللہ پڑھنا۔

⊙ ...... دائیں ہاتھ سے کھانا پینا کیونکہ بائیں ہاتھ سے شیطان کھاتا پیتا ہے۔

⊙ ...... اپنے آگے سے کھانا البتہ جب طباق میں مختلف اشیاء پڑی ہوں تو دوسروں کے آگے سے اٹھا کر کھا سکتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

⊙ ...... اگر کوئی شخص کھانے سے پہلے بسم اللہ بھول جائے تو جب اسے یاد آ جائے اسی وقت یہ دعا پڑھ لے بسم اللہ اولہ' واخرہ

⊙ ...... کھانے میں عیب نہ نکالے اگر پسند ہو تو کھالے ورنہ چھوڑ دے۔

⊙ ...... جو شخص صحیح طریقے سے نہ کھائے اسے تنبیہ و تلقین کرے۔

⊙ ...... برتن کے درمیان سے نہ کھائے کیونکہ وہاں برکت نازل ہوتی ہے۔

⊙ ...... جب پانی وغیرہا پیئے تو دو، دو، تین، تین بار سانس لے کیونکہ اس میں زیادہ سیرابی ہوتی ہے اور یہ صحت کیلئے مفید و خوشگوار ہے۔

⊙ ...... برتن میں سانس لینے اور پھونک مارنے سے پرہیز کرے۔

⊙ ...... جب پانی پیئے تو بسم اللہ کہے اور جب منہ سے برتن ہٹائے تو الحمد للہ کہے۔

⊙ ...... پانی کھڑے ہو کر پینے کی بجائے بیٹھ کر پینا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ البتہ آب زمزم، وضوء اور مشائخ کا بقیہ پانی بطور تبرک کھڑے ہو کر پینا مستحب ہے۔

⊙ ...... حدیث شریف میں کھانے پینے کے وقت یہ دعا بھی پڑھنے کی تلقین فرمائی گئی ہے بسم اللّٰہ و باللّٰہ الذی لایضرمع اسمہ شئی فی الارض ولا فی السماء یاحیی یاقیوم پڑھنے والا ہر قسم کی بیماری و ضرر سے محفوظ رہے گا۔

⊙ ...... گرم کھانا کھانے سے اجتناب کرے کہ اس میں برکت نہیں ہوتی۔

⊙ ...... کھانا کھانے کے بعد برتن اور انگلیوں کو چاٹ لے کہ یہ باعث برکت ہے اور برتن اس کیلئے دعا و استغفار کرتا ہے پھر کسی رومال وغیرہا سے ہاتھوں کو صاف کرلے۔

⊙ ...... کھانے کی ابتداء اور اختتام نمک سے کرنا چاہئے کہ اس سے ستر بیماریاں دور ہوتی ہیں۔ (شامی)

⊙ ...... حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کھانے سے فارغ ہوتے تو یہ دعا پڑھتے الحمدللّٰہ الذی اطعمنا وسقانا وجعلنا من المسلمین۔

marfat.com
Marfat.com

یاد رہے کہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک روز ہم اپنے مرشد گرامی شیخ المشائخ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ العزیز کی مجلس طعام میں حاضر تھے شیخ کمال جو ہمارے حضرت خواجہ کے مخلصوں میں سے تھے۔ انہوں نے کھانا شروع کرتے وقت ان کے حضور میں باسم اللہ بلند آواز سے کہا تو آپ کو ناگوار ہوا حتی کہ آپ نے کافی سرزنش فرمائی اور فرمایا کہ انکو منع کریں کہ ہمارے کھانے کی مجلس میں حاضر نہ ہوا کریں۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۲۶۶)

## اہل وعیال کے ساتھ حسن معاشرت

مشیت ایزدی نے تقاضائے ازلی کے تحت عورت کے ساتھ محبت اور رغبت انسان کی فطرت میں رکھ دی ہے اس لئے انسان عورت کے ساتھ محبت ومودت پر مجبور اور مامور ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے ومن ایاتہ ان خلق لکم من انفسکم ازواجاً لتسکنوا الیھا وجعل بینکم مودۃ ورحمۃ یعنی اللہ تعالیٰ نے تمہارے نفسوں سے عورتیں پیدا کیں تاکہ تمہیں ان سے سکون ملے اور تمہارے درمیان محبت اور مودت کا رشتہ قائم فرمایا۔ (الروم ۲۱)

ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات ہے:

حبب الیّ من دنیاکم ثلاث الطیب والنساء وجعل قرۃ عینی فی الصلوۃ یعنی مجھے تمہاری دنیا سے تین اشیاء کی محبت دی گئی ہے وہ خوشبو ہے، عورتیں ہیں اور نماز میں میری آنکھوں کی ٹھنڈک رکھ دی گئی ہے۔ (احیاء العلوم ۴/۳۱۴)

ایک روایت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں ارشاد فرمایا ہے:

النکاح سنتی فمن احب فطرتی فلیستنّ بسنتی یعنی نکاح میری سنت ہے پس جو شخص فطرت سے محبت کرتا ہے وہ میری سنت کو اپنائے۔

(مسند ابویعلیٰ ۴/۱۷۳)

marfat.com
Marfat.com

نیز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

الشیطان مع الواحد یعنی شیطان تنہا آدمی کے ساتھ ہوتا ہے۔

چونکہ تنہائی میں شیطان انسان کا ہم نشین ہوتا ہے اس لئے وہ اس کی نفسانی شہوات کو برانگیختہ کرتا ہے اس لئے ارتکاب معصیت سے محفوظ رہنے کے لئے میاں بیوی کی مجالست سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں بشرطیکہ دونوں میں باہمی موانست اور ذہنی موافقت ہو، بصورت دیگر زندگی عذاب بن کر رہ جاتی ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ جل سلطانہ ھن لباس لکم وانتم لباس لھن (عورتیں تمہارا لباس ہیں اورتم ان کا لباس ہو) اسی مفہوم کا غماز ہے۔ مرد وعورت کو ایک دوسرے کا لباس قرار دے کر اس امر کو واضح کر دیا کہ لباس پردہ ہوتا ہے جو ستر پوشی اور زینت کا باعث ہوتا ہے، نیز انسان کے حسن و جمال کو نکھارتا، سنوارتا اور راحت کا موجب ہوتا ہے، علاوہ ازیں انسان کو سردی وگرمی سے بچاتا ہے۔

لیکن انسان کو یہ بات بھی ذہن نشین رکھنی چاہئے کہ نکاح کے ذریعے محض قضائے شہوت اور نفسانی خواہشات کی تکمیل ہی نہیں بلکہ پاکیزہ اور عفت مآب زندگی گزارنے کے ساتھ ساتھ نسل انسانی کی بقاء اور توالد وتناسل مقصود ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات ہے تناکحوا تکثروا فانی اباھی بکم الامم یوم القیامۃ حتی بالسقط یعنی نکاح کرو اور زیادہ ہو جاؤ بے شک میں روز قیامت تمہارے سبب دوسری امتوں پر فخر کروں گا حتی کہ اس بچے پر بھی جو نا تمام پیدا ہوا۔ (مصنف عبدالرزاق ۱۷۳/۶)

ایک روایت میں یوں ہے:

تناکحوا تنا سلوا یعنی نکاح کرو اور نسل کو بڑھاؤ (احکام القرآن للقرطبی ۳۹۱/۵)

ایک روایت یوں ہے:

marfat.com
Marfat.com

سوداء ولود خیر من حسناء لا تلد یعنی بچے جننے والی سیاہ رنگ عورت نہ جننے والی خوبصورت عورت سے بہتر ہے۔ (مجمع الزوائد جلد چہارم، کتاب النکاح)

نیز ایک روایت میں یوں ہے:

خیر نساء کم الولود الودود یعنی تمہاری عورتوں میں سے بہترین عورت وہ ہے جو زیادہ بچے جنتی اور زیادہ محبت کرتی ہے۔ (کنز العمال ۱۶/ ۲۹۷)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقاصد نکاح کو بیان کرتے ہوئے دیندار عورت کو ترجیح دینے کی تلقین فرمائی ہے چنانچہ ارشاد نبوی ہے: تنكح النساء على اربعة على المال والحسب والحسن والدين فعليكم بذات الدين فانه مااستفاد امرء بعدالاسلام خيراً من زوجة مومنة موافقة ليسر بهااذا نظر اليها یعنی عورتوں سے چار اغراض کے پیش نظر نکاح کیا جاتا ہے مال، حسب، خوبصورتی اور دین کے لئے پس تم پر دیندار عورت سے نکاح کرنا لازم ہے کیونکہ اسلام کے بعد انسان مومنہ فرمانبردار بیوی سے بہتر کسی اور چیز سے مستفید نہیں ہوسکتا کہ وہ جب اسے دیکھے تو اسے مسرت ہو۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیوی کے ساتھ حسن سلوک کی تلقین کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: خيار كم خيار كم لنسائهم یعنی تم میں سب سے زیادہ بہتر وہ لوگ ہیں جو اپنی بیویوں کے لئے سب سے بہتر ہوں۔ (جامع الترمذی)

شریعت مطہرہ میں جہاں اولاد کی تعلیم و تربیت کا خصوصی اہتمام کرنے کا حکم فرمایا گیا ہے وہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے درج ذیل امور کی بھی تلقین فرمائی ہے چنانچہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات ہے:

ادبوا اولاد كم على ثلاث خصال حب نبيكم وحب اهل بيته وقرأة القرآن یعنی اپنی اولاد کو تین چیزیں سکھاؤ اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے

marfat.com
Marfat.com

محبت، آپ کی اہلبیت سے محبت اور قرآن کا پڑھنا۔ (کنز العمال)

حقیقت یہ ہے کہ جب تک مسلمانان عالم اپنی اولاد کی تربیت اس نہج پر کرتے رہے تو کامیابی وکامرانی ہر قدم پر انکا استقبال کرتی رہی اور جب سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت وسنت سے ہم محروم ہو گئے ہیں ذلت ورسوائی اور ہر میدان میں پسپائی ہمارا مقدر بن گئی ہے۔ بقول اقبال مرحوم

شبے پیش خدا بگریستم زار　　　مسلماناں چرا خوارند و زارند
ندا آمد نمی دانی کہ ایں قوم　　　دلے دارند محبوبے ندارند

اردو زبان میں کسی نے اس مفہوم کو یوں بیان کیا ہے

ان کے جو غلام تھے خلق کے پیشواء رہے
ان سے پھرے، جہاں پھرا، آئی کمی وقار میں

یاد رہے کہ جہاں اہل وعیال کی کثرت کی فضیلت بیان فرمائی گئی ہے وہاں ازواج واولاد کے فتنوں کا بھی ذکر فرمایا گیا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

ان من ازواجکم واولادکم فتنة یعنی تمہاری بیویاں اور تمہاری اولاد فتنہ ہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ماترکت بعدی فتنة اضر علی الرجال من النساء یعنی میں نے اپنے بعد مردوں کے حق میں عورتوں کے فتنہ سے بڑھ کر ضرر رساں اور کوئی فتنہ نہیں چھوڑا۔ (کشف المحجوب ۴۱۲)

اور ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات بھی ملاحظہ ہو۔

خیر الناس فی آخر الزمان خفیف الحاذ قیل یارسول اللہ وما خفیف الحاذ قال الذی لااهل له ولا ولد له یعنی اخیر زمانہ میں لوگوں میں وہ شخص فائدے میں رہے گا جو خفیف الحاذ ہوگا۔ پوچھا گیا یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم خفیف الحاذ کون ہوتا ہے؟۔ ارشاد فرمایا کہ جس کے اہل وعیال نہ ہوں۔ (کشف المحجوب ۴۱۱)

marfat.com
Marfat.com

انہی مخالف المفہوم آیات مبارکہ اور احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کے پیش نظر مشائخ طریقت کے دو گروہ ہیں ایک گروہ تجرید کو تزویج پر فوقیت دیتا ہے جبکہ دوسرا گروہ تزویج کو تجرید سے افضل گردانتا ہے۔

قدوۃ الکاملین حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ ہمارے زمانے میں یہ ممکن نہیں کہ کسی شخص کو ایسی موافق الحال رفیقہء حیات میسر ہو جائے جو ضرورت سے زیادہ فضول خرچ اور محال چیزوں کی طالب نہ ہو نیز صوفی اور سالک کا قلب ماسوی اللہ میں مشغول اور لذت نفسانی میں منہمک بھی ہو جاتا ہے۔ اسی بناء پر گوشہ نشین اور عزلت گزیں بعض اہل اللہ حالت تجرید کو افضل قرار دیتے ہیں بشرطیکہ ان کا قلب فتور سے خالی ہو اور ان کی طبیعت ارتکاب معاصی اور نفسانی خواہشات کے ارادوں سے روگرداں ہو۔

جبکہ صوفیاء کرام کا دوسرا گروہ تزویج کو تجرید پر ترجیح دیتا ہے کیونکہ اس سے نفسانی خواہشات کے طغیان کی بناء پر حرام کاری میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ اس سے ترک سنت لازم آتا ہے کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کی فضیلت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

النکاح سنتی فمن رغب عن سنتی فقد رغب عنی یعنی نکاح میری سنت ہے جس نے میری سنت سے اعراض کیا اس نے مجھ سے منہ پھیرا۔

(سنن ابن ماجہ ابواب النکاح)

ایک دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

من نکح فقد حصن نصف دینہ فلیتق اللّٰہ فی الشطر الاٰخر یعنی جس نے نکاح کیا اس نے اپنے نصف دین کو محفوظ کر لیا تو اب اسے دوسرے حصے کے متعلق اللہ تعالیٰ سے ڈرنا چاہئے۔ (احیاء العلوم جلد دوم)

marfat.com
Marfat.com

غرضیکہ احکام شرعیہ اور سنن نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات کے بجالانے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور التجا و دعا بھی کرتے رہنا چاہئے کہ سالک کہیں ہیجانی جذبات اور نفسانی شہوات میں ہی مبتلا ہو کر نہ رہ جائے اسی لئے حدیث میں یوں دعا سکھائی گئی ہے: اللھم انی اعوذبك من شر سمعی و بصری و قلبی و شر منیی (مسند احمد ۳/۴۲۹)

حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہُ العزیز رقمطراز ہیں کہ

جب کوئی درویش کسی عورت سے نکاح کر کے اس کی ہم نشینی اختیار کرے تو اسے چاہئے کہ جب تک اس پردہ نشین عورت کے نان ونفقہ کا اہتمام کسب حلال سے نہ کر لے اور اس کا حق مہر رزق حلال سے ادا نہ کر دے، دیگر حقوق الٰہیہ کو پورے نہ کر لے، اپنے اوراد و وظائف کو نہ پڑھ لے لذات نفسانی میں مستغرق نہ ہو، ہم فراش ہونے سے قبل ہوا و حرص کو اندر سے ختم کر دے اور از راہ مناجات خدا تعالیٰ کے حضور یوں عرض کرے بار خدایا! تو نے بقائے نسل کیلئے آدمی کی سرشت میں جذبہء موانست پیدا فرمایا ہے۔ تیری رضا ہے کہ مجھے یہ صحبت حاصل ہو۔اے پروردگار! یہ صحبت میرے لئے دو چیزوں کا باعث ہو......ایک یہ کہ میں اس فعل حلال کے ذریعے حرامکاری سے محفوظ رہوں اور دوسرے یہ کہ تو مجھے ایسا فرزند ارزانی فرما کہ جو تیرا ولی اور پسندیدہ ہو نہ کہ ایسا فرزند جو میرے دل کو تیری طرف سے ہٹا کر کسی اور جانب مشغول کر دے۔ (کشف المحجوب ۴۱۰)

## اہل وعیال کے ساتھ موانست

چونکہ اہل وعیال کے ساتھ مودت اور رحمت کا جذبہ اللہ تعالیٰ نے فطرتی طور پر انسان کے اندر ودیعت فرمایا ہے اس لئے یہ باہمی محبت و یگانگت اور قلبی پیار و موانست

marfat.com
Marfat.com

کیلئے معذور اور مجبور ہے اس سلسلے میں انبیائے کرام اور اولیائے کرام کے متعدد واقعات کتاب وسنت میں موجود ہیں چونکہ یہ رسالہ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کا ہی تحریر فرمودہ ہے اس لئے اسے تعلیمات مجددیہ کی روشنی میں ہی حل کرنا زیادہ تر پیش نظر ہے اس لئے مکتوبات امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ سے ہی اقتباس ہدیہ ءقارئین ہے چنانچہ آپ رقمطراز ہیں اردو ترجمہ ملاحظہ ہو۔

منقول ہے کہ ایک روز حضرت سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم امامین کریمین (حسنین) رضی اللہ عنہما کی پیشانی کا بوسہ لے رہے تھے اور بہت خوشی وانبساط کے ساتھ ان سے گھل مل رہے تھے کہ حاضرین میں سے ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! میرے گیارہ لڑکے ہیں اور میں نے ان میں سے کسی کا بوسہ نہیں لیا حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے جو وہ اپنے رحیم بندوں کو عطا فرماتا ہے۔

یاد رہے کہ چونکہ اخص خواص بھی بعض اوصاف میں عوام کے ساتھ شریک ہیں اگر چہ وہ شرکت ظاہری صورت کے اعتبار سے ہو اس لئے عوام اپنی نارسائی اور قصور فہم کی وجہ سے ان اخص خواص کے کمالات سے بہت کم حصہ رکھتے ہیں اور ان کو اپنی مثل خیال کرتے ہیں اور جو شخص ان کے اوصاف وشمائل میں ان سے مختلف ہو، اس کے گرد ہی گھومتے رہتے ہیں اور اس کو بزرگ خیال کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ اولیاء کے ان اوصاف واخلاق کو جو عوام کے اوصاف سے مختلف ہیں ان کو بہتر سمجھتے ہیں جو ان کے اخلاق واوصاف کے مشابہ ہیں اگر چہ وہ اخلاق انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات میں موجود ہوں۔

(اے عزیز) سنو! مخدوم شیخ فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا گیا ہے کہ جب ان کے لڑکوں میں سے ایک لڑکے کا انتقال ہو گیا اور اس کی موت کی خبر آپ کو پہنچی تو

marfat.com
Marfat.com

آپ پر (رنج وغم سے متعلق) کچھ تغیر نہ ہوا اور فرمایا کہ "سگ بچہ مردہ است بیرون برتابید" "سگ بچہ مر گیا ہے اسے باہر پھینک دو اور جب حضرت سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اس قدر غمگین ہوئے کہ ان کے آنسو نکل آئے اور فرمایا انا بفراقك یا ابراهیم لمحزونون اے ابراہیم! ہم تیری جدائی کی وجہ سے غمگین ہیں اور بڑے مبالغہ اور تاکید کے ساتھ غم واندوہ کا اظہار فرمایا:

فرمائیں کہ حضرت شکر گنج بہتر ہیں یا حضرت سید البشر (صلوات اللہ علیہ)

عوام کالانعام کے نزدیک پہلا معاملہ بہتر ہے اور اس کو بے تعلق جانتے ہیں اور دوسرے کو عین تعلق اور (اولاد سے) لگاؤ، خیال کرتے ہیں اعاذنا اللّٰه سبحانه عن معتقداتهم السوء (مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۲۷۲)

marfat.com
Marfat.com

خواص و عوام زائل نمیگردد حق سبحانه و تعالیٰ در
خواص اور عوام سے زائل نہیں ہوتے ۳ حق سبحانہ و تعالیٰ
شان انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات می فرماید "وما
انبیاء ان پر صلوات و تسلیمات ہوں کی شان میں فرماتا ہے اور ہم
**جعلناهم جسدا لا یاکلون الطعام** " و کفار ظاہر بین می
نے ان کے جسم ایسے نہیں بنائے جو طعام نہ کھائیں اور ظاہر بین کفار
گفتند "**ما لهذا الرسول یاکل الطعام ویمشی فی الاسواق**"
کہتے ہیں یہ کیسا رسول ہے کہ کھانا بھی کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے

۳ بشریت کے لوازمات اور مختلف دنیوی تعلقات جس طرح عوام کالانعام میں ہوتے ہیں ایسے ہی اولیائے عظام اور انبیائے کرام میں بھی پائے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ان کے اجسام مقدسہ کے متعلق ارشاد فرمایا ہے کہ ہم نے انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات کے اجساد مطہرہ اور خورد ونوش کا ذکر فرمایا ہے اور کفار اپنی ظاہر بینی اور کورچشمی کے باعث حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بابت کہا کرتے تھے جیسا کہ آیت کریمہ مالھذا الرسول یاکل الطعام ویمشی فی الاسواق سے عیاں ہے کفار گوانکار وبغض کی بنا پر کہا کرتے تھے لیکن یہ حقیقت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھانا بھی کھاتے تھے اور بازاروں میں بھی چلتے پھرتے تھے۔

marfat.com
Marfat.com

پس ہر کہ نظر او بر ظاہر اہل اللہ افتاد محروم گشت و

پس جس شخص کی نظر اہل اللہ کے ظاہر پر پڑی محروم ہو گیا ¹ اور

خسران دنیا و آخرت نقد وقت او آمد ہمین ظاہر بینی

دنیا اور آخرت کا نقصان اس کا نقد وقت ہوا۔ اسی ظاہر بینی

¹ اللہ تعالیٰ نے انسان کو عالم امر اور عالم خلق کے لطائف کا مجموعہ بنایا ہے۔ لطائف عالم امر میں نورانیت ولطافت ہے جبکہ لطائف عالم خلق میں کثافت وبشریت ہے۔ فرق یہ ہے کہ اہل اللہ میں نورانیت ولطافت کا غلبہ ہوتا ہے اور کثافت وبشریت مغلوب ہوتی ہے جبکہ عوام کالانعام میں ثقالت وبشریت کے غلبے کے باعث نورانیت و لطافت مغلوب ہوتی ہے۔ حضرت امام ربانی فرماتے ہیں کہ چونکہ عالم دنیا آزمائش و امتحان کا محل ہے عوام کو شبہ میں ڈالنا اور مشتبہ کرنا عین حکمت و مصلحت ہے۔ عامۃ الناس کو عقل عطا فرمادی اور اہل اللہ کو ظاہری و باطنی استعدادات اور روحانی کمالات عطا فرمادیئے تاکہ اہل اللہ ان کے ذریعے لوگوں کو رشد و ہدایت اور خوارق عادات واقعات کے ذریعے مسحور کرسکیں اور لوگ انہیں ملاحظہ کرکے اور عقل سلیم کے معیار پر پرکھ کر ماننے پر مجبور ہو جائیں مگر بعض لوگ اپنی کور مذاقی اور قساوت قلبی کی وجہ سے اہل اللہ کے ظاہر تک ہی محدود رہتے ہیں جبکہ کچھ سلیم الفطرت اور باذوق احباب اہل اللہ کے باطنی کمالات کو مشاہدہ کرکے ان کے کمالات کو تسلیم کر لیتے ہیں، جسے ایک مثال کے ذریعے بآسانی سمجھا جاسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو مٹی سے تخلیق فرما کر ان کے جسم اطہر میں روح پھونک دی جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ و نفخت فیہ من روحی سے عیاں ہے، فرشتوں کو فاسجدوا لآدم کا حکم سنا کر سجدہ کرنے کا حکم صادر فرمادیا مگر بربنائے تکبر شیطان نے سجدہ کرنے سے انکار کردیا جبکہ سیدنا

marfat.com
Marfat.com

جبریل امین علیہ السلام اور دیگر ملائکہ فوراً سجدے میں گر گئے۔ اس واقعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ شیطان لعین نے ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کو اوپر اوپر سے دیکھا تھا کہ یہ مٹی ہے اور انکار کی وجہ بیان کی خلقتنی من نار و خلقته من طین یعنی اے خدایا! تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا ہے اور انہیں مٹی سے تخلیق فرمایا ہے بس شیطان کی نظر سیدنا آدم علیہ السلام کے ظاہر پر ہی رہی کہ یہ خاکی ہیں جبکہ سیدنا جبریل علیہ السلام کی نظر سیدنا آدم علیہ السلام کے باطن تک پہنچ گئی کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے اندر روح پھونکی ہے اس لئے یہ روحی اور نوری ہیں اور یہی اصل کمال ہے۔

گفتگو کا ماحصل یہ ہے کہ

''نبی (علیہ السلام) کو محض اوپر سے دیکھنا ابلیس لعین کا کام ہے اور نبی (علیہ السلام) کو اندر سے دیکھنا جبریل امین (علیہ السلام) کا کام ہے۔

ایسے بعض بدمذاق لوگ انبیائے عظام اور اولیائے کرام (علیہم الصلوات والتسلیمات) کے ظاہر کو دیکھ کر انہیں اپنے اوپر قیاس کرتے ہیں اور ان پر طعن و تشنیع کے تیر برساتے اور ان پر نہایت سوقیانہ انداز و الفاظ سے تنقید کرتے ہیں اور خود بظاہر بڑے عابد اور ساجد نظر آتے ہیں۔ ان کے اہل اللہ پر اعتراض و انکار کی وجہ یہی ہے کہ ان کی نظر اوپر اوپر سے ہی دیکھتی ہے۔ بقول شاعر

وائے ناکامیٔ زاہد کہ جبیں پر اس کی
داغ سجدہ تو بنا داغ محبت نہ بنا

ایسے ہی مشائخ عظام کے بعض مرید اور اساتذہ کرام کے نااہل شاگرد اپنی کور بینی کی وجہ سے مرتد طریقت، گمراہ، گستاخ اور بے باک ہو جاتے ہیں جو اپنے اساتذہ و مشائخ کے باطنی کمالات سے بے خبر ہوتے ہیں۔

اور جس مرید، شاگرد و طالبعلم کو اپنے شیخ اور استاد کی حقیقت باطنی کا علم

marfat.com
Marfat.com

ہو جاتا ہے وہ اس پر سو جان سے قربان ہوتا ہے۔اسے اگر اپنے شیخ و استاد میں خدا نخواستہ ہزار عیب بھی نظر آئیں وہ معتقد اور نیاز مند ہی رہتا ہے،اسے اس بات کی خبر ہے کہ انکا ظاہر تو بشریت کے تقاضوں سے متاثر ہوسکتا ہے مگر ان کا بطون ہر وقت لذت وصل سے شاد کام رہتا ہے۔یہ حقیقت ہے کہ یہ چیز ہر نظر نہیں دیکھتی مگر اس پائے کے اساتذہ و مشائخ بھی عنقا ہیں۔

نہ دیکھ ان خرقہ پوشوں کی ارادت ہو تو دیکھ ان کو
ید بیضا لئے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں

جن لوگوں کی نظر اہل اللہ کے صرف ظاہر کو ہی دیکھتی ہے وہ لوگ ازلی محروم اور حرماں نصیب ہوتے ہیں اور اہل اللہ کو اپنے جیسا تصور کرتے ہیں۔حضرت مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ تمثیلی انداز میں اس کی وجوہات بیان کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔

اشقیاء را دیدۂ بینا نبود — نیک و بد در دیدۂ شاں یکساں نبود
ہمسری با انبیاء برداشتند — اولیاء را ہم چو خود پنداشتند
گفت اینک ما بشر ایشاں بشر — ما و ایشاں بستۂ خوابیم و خور
ایں نداستند ایشاں از عما — ہست فرقے درمیان بے انتہا
ہر دو یک گل خوردہ زنبور و نحل — لیک زیں شد نیش و زاں دیگر عسل
ہر دو گون آہو گیا خوردند و آب — زین یکے سرگین شد و زان مشک ناب
ہر دو نے خوردند از یک آبخور — آن یکے خالی و آن پر از شکر
صد ہزاراں ایں چنیں اشباہ بیں — فرق دان ہفتاد سالہ راہ بین

معلوم ہوا کہ انبیائے کرام علیہم السلام اور اولیائے عظام رحمہم اللہ کو اپنی طرح جاننا شقاوت و بدبختی ہے اور ان کے کمالات کا انکار گمراہی و بے دینی کا پیش خیمہ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

دراصل لوگوں کی دو قسمیں ہیں

ظاہر بین اور باطن بین

ظاہر بین لوگوں کی باطنی آنکھ اندھی ہوتی ہے اس لئے ان میں باطنی کمالات تک رسائی کی استعداد ہی نہیں ہوتی، یہی وجہ ہے کہ اہل اللہ کے کمالات انہیں نظر ہی نہیں آتے۔

چام چڑی دے بخرے یارو سورج بہت کلونا
بے قدراں نوں یوسف مصری کیونکر لگدا سوہنا
جہاں نیں سٹ کھوہ وگایا کیہہ اونہاں دے بھانے
کھوٹے درہمیں ویچ دتو نیں اوہ وی زور تگانے

بنابریں وہ انہیں اپنے جیسا خیال کر لیتے ہیں اور ازلی بدبختوں کے زمرہ میں شامل ہو جاتے ہیں۔ ابوجہل اور ابولہب اسی قماش کے لوگ تھے کہ جو سید المرسلین علیہ التحیۃ والتسلیم کے معجزات و کمالات کو دیکھ کر بھی مشرف باسلام نہ ہوئے۔

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

جبکہ باطن بین وہ ازلی خوش بخت لوگ ہوتے ہیں کہ جن کی چشم بصیرت وا ہوتی ہے اور انہیں باطن تک رسائی نصیب ہوتی ہے۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق اور دیگر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالات کو مشاہدہ کر کے سر تسلیم خم کر دیا تھا اور دائرہ اسلام میں داخل ہو گئے۔ (وللہ الحمد)

marfat.com
Marfat.com

ابوجہل و ابولہب را از دولت اسلام محروم ساخت

نے ابوجہل اور ابولہب کو دولت اسلام سے محروم بنا دیا ؎

و درخسران ابدی انداخت سعادتمند آنست کہ نظراو

اور ابدی نقصان میں ڈال دیا سعادت مند وہی ہے کہ جس کی

؎ یہاں اس امر کی وضاحت فرمائی جارہی ہے کہ ظاہر بین، اہل اللہ کو محض اوپر اوپر سے دیکھ کر ازلی خسارے میں پڑ گئے ہیں جیسا کہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز رقمطراز ہیں کہ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جاہل لوگ اپنے کمال جہل کے باعث نفس مطمئنہ کو نفس امارہ تصور کر لیتے ہیں اور امارگی کے احکام مطمئنہ پر لاگو کر دیتے ہیں جس طرح کفار نے انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات کو دوسرے لوگوں کی طرح سمجھتے ہوئے ان کی نبوت و رسالت کا انکار کر دیا۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۱۰۱) جبکہ سعادت منداحباب کی نظر اہل اللہ کے بشری تقاضوں کو دیکھنے سے قاصر و کوتاہ ہوتی ہے بلکہ ان کی حدت بصر اور تیزئ نظر اہل اللہ کی باطنی صفات اور روحانی کمالات تک نفوذ و سرایت کر جاتی ہے اور ان کے باطنی جلووں میں گم ہو جاتی ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ان دونوں کے درمیان امتیاز کرتے ہوئے یوں رقمطراز ہیں:

جن محروموں نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بشر کہا اور دوسرے انسانوں کی طرح انکو تصور کیا تو لازمی طور پر وہ انکے منکر ہو گئے اور جن سعادتمندوں نے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو رسالت اور رحمت عالمیاں کے عنوان سے جانا اور باقی تمام لوگوں سے ممتاز گردانا وہ ایمان کی دولت سے مشرف ہو گئے اور نجات پا گئے۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب ۶۴)

marfat.com
Marfat.com

از ظاہر بینی اہل اللہ کوتاہ گشت وحدت نظر او

نظر اہل اللہ کی ظاہر بینی سے کوتاہ ہو گئی اور اس کی تیزی نظر

بصفات باطنہ این بزرگواراں نفوذ کرد و بر باطن مقصور

ان بزرگواروں کی باطنی صفات تک نفوذ کر گئی اور باطن تک محدود

گشت **فهم كنيل مصر بلاء للمحجوبين وماء للمحبوبين**

ہوگئی پس وہ مصر کے نیل کی مانند محجوبوں کے لئے بلا اور محبوبوں کیلئے آب حیات

عجب کاریست صفات بشریۃ آنقدر کہ در اہل اللہ

ہے [1] عجب کام ہے بشری صفات جس قدر اہل اللہ میں

[1] حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ظاہر بین محروموں اور باطن بین خوش نصیبوں کو ایک مثال کے ذریعے سمجھا رہے ہیں کہ جس طرح دریائے نیل کا پانی فرعون اور اس کے فوجیوں کے لئے خون بن گیا تھا جبکہ اسی دریائے نیل کا پانی حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کے لئے شراب طہور بن گیا تھا۔ فرعون لعین اور اسکے فوجی محجوبین ہیں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی محبوبین ہیں فلہٰذا آب نیل محجوبین کیلئے مصیبت (بلاء) بن گیا اور محبوبین کیلئے نعمت (ماء) بن گیا تھا ... یونہی حرماں نصیب اہل اللہ کے متعلق غلط قیاس آرائیاں کر کے محجوب ہو جاتے ہیں اور اپنی عاقبت تباہ کر لیتے ہیں جبکہ سعادت مند اہل اللہ کی باطنی صفات سے آگاہ ہو جاتے ہیں اہل اللہ کا وجود مسعود ان کیلئے نعمت غیر مترقبہ ثابت ہوتا ہے اسلئے وہ اہل اللہ کے نیاز مند اور ارادت کیش ہو جاتے ہیں یوں وہ اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں کے حقدار ٹھہرتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

ظاہر می گردد درسائر مردم ظاہر نیست وجہش آنست

ظاہر ہوتی ہیں دوسرے لوگوں میں ظاہر نہیں ہوتیں ؎ اس کی وجہ یہ ہے

کہ ظلمت و کدورت درمحل ہموار ومصفا اگرچہ اندک

کہ ظلمت و کدورت ہموار اور صاف جگہ میں اگرچہ تھوڑی

باشد بیشتر ہویدا میگردد ازانچہ درمحل ناہموار و

ہو زیادہ نمایاں ہوتی ہے اس لئے کہ نا ہموار اور

غیرمصفا اگرچہ بیشتر باشد لیکن ظلمت صفات بشریت

غیر مصفا محل میں اگرچہ زیادہ ہو لیکن بشری صفات کی تاریکی

درعوام درکلّیت سرایت می کند ودرقالب وقلب

عوام کی کلیت میں سرایت کر جاتی ہے اور قالب و قلب اور روح میں

؎ یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اظہار تعجب کرتے ہوئے ایک بڑی خاص بات بیان فرمارہے ہیں جو سالکین کے پیش نظر رہنی چاہئے کہ اہل اللہ میں جس قدر بشری عیوب ونقائص وصفات اور نفسانی کدورات وحجابات کا ظہور ہوتا ہے، اس قدر عوام کالانعام میں یہ کوتاہیاں، کمزوریاں اور نقائص وعیوب نمایاں نہیں ہوتے حالانکہ وہ پرلے درجے کے عیاش، بدقماش، قاتل، شرابی، زانی، راشی، مرتشی، ظالم، چور اور ڈاکو وغیرھم ہوتے ہیں۔ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں کہ جس طرح ناہموار، غیر شفاف اور نشیب وفراز جگہ پر کدورتیں اور ظلمتیں کم نظر آتی ہیں جبکہ ہموار اور صاف شفاف جگہ پر ظلمتوں اور کدورتوں کا ظہور زیادہ ہوتا ہے ایسے ہی عامۃ الناس میں بشری کدورتوں، ظلمتوں اور

marfat.com
Marfat.com

وروح مـی دود ودرخـواص این ظلمت مقصور برقالب و

دوڑ جاتی ہے اور خواص میں یہ ظلمت قالب اور

نـفـس ســت ودراخـص خـواص نفس نیز ازین ظلمت

نفس تک مقصور ہے اور اخص خواص بھی اس ظلمت سے

صفتوں کا ظہور زیادہ ہوتا ہے کیونکہ تاریکیاں اور ظلمتیں ان کی گھٹی میں اس قدر رچ بس جاتی ہیں کہ ان کی عادث ثانیہ بن جاتی ہیں یعنی انکے قلوب واذہان بھی تاریک ہوجاتے ہیں، ان کے ظاہر وباطن بھی مکمل طور پر ظلمات سے معمور ہوجاتے ہیں غرضیکہ وہ ظلمات درظلمات، کدورات درکدورات سے لبریز اور لتھڑے ہوئے ہوتے ہیں جبکہ اہل اللہ کے لطائف کے تصفیہ اور نفس کے تزکیہ کی بدولت ان کے جسم لطیف اور نوری ہوجاتے ہیں اس لئے اگر ان سے کوئی معمولی سی لغزش سرزد ہوجائے بلکہ اگر خطاء ولغزش نہ بھی ہو مگر عوام کالانعام اسے بزعم خویش گناہ تصور کر لیتے ہیں اور اہل اللہ پر خواہ مخواہ انگشت نمائی اور تنقید کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ (الامان والحفیظ)

marfat.com
Marfat.com

سبراست مقصور برقالب ست وبس وایضاً این ظلمت

مبرا ہیں بس قالب تک محدود رہتی ہے ۵ نیز یہ ظلمت

درعوام موجب نقصان وخسارت ست ودرخواص

عوام میں نقصان اور خسارہ کا موجب ہے اور خواص میں

۵ یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اس امر کی وضاحت فرمارہے ہیں کہ لوگوں کی عام طور پر تین قسمیں ہوتی ہیں۔

۱......عامۃ الناس ۲......خواص ۳......اخص خواص

۱...... عامۃ الناس کے قالب (بدن) دل اور روح بھی گناہوں کی نجاستوں اور بشری صفتوں سے ملوث ہوتے ہیں۔

۲...... خواص کے عالم امر کے لطائف کا تصفیہ ہوجاتا ہے اس لئے بشری ظلمات ان کے بدن اور نفس تک محدود رہتی ہیں۔

۳......اخص خواص وہ اولیائے کاملین ہوتے ہیں کہ جنکے عالم امر کے لطائف (لطیفہ قلب، لطیفہ روح، لطیفہ سر، لطیفہ خفی اور لطیفہ اخفیٰ) کا ذکر وفکر اور شیخ کامل کی توجہات کی بدولت تصفیہ بھی ہوجاتا ہے اور انکے نفس کا بھی تدریجاً تزکیہ ہوجاتا ہے یعنی نفس امارہ سے لوامہ، لوامہ سے ملہمہ، ملہمہ سے مطمئنہ ہوجاتا ہے بالآخر وہ بھی نور ہوجاتا ہے۔ اس (نفس) میں بھی بشری کدورتیں نہیں رہتیں۔

marfat.com
Marfat.com

موجب کمال و نضارت ہمین ظلمت خواص ست که

کمال اور تروتازگی کا موجب ۹ یہی خواص کی ظلمت ہے جو

ظلمتہائے عوام را زائل میگرداند قلب ہائے ایشان را

عوام کی ظلمتوں کو زائل کرتی ہے ان کے دلوں کو

۹ اولیائے کاملین گناہوں کی نجاستوں و کثافتوں اور نفسانی خباثتوں وشرارتوں سے پاک ومنزہ ہوجاتے ہیں۔جسمانی ثقالتیں وکثافتیں بتدریج ختم ہوتی رہتی ہیں ان کی جگہ لطافت لے لیتی ہے البتہ بشری صفتیں ان میں موجود رہتی ہیں جوان کیلئے باعث زوال نہیں ہوتیں بلکہ موجب کمال اور باعث جمال ہوتی ہیں۔ان اولیائے کاملین کی بشری صفات وظلمات جب عامۃ الناس کی طرف متوجہ ہوتی ہیں تو ان کے قلوب کا تصفیہ اورانکے نفوس کا تزکیہ کردیتی ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

تصفیہ می بخشد ونفسہا را تزکیہ می دہد اگراین

تصفیہ بخشتی ہے اور ان کے نفسوں کا تزکیہ کرتی ہے [1] اگر یہ

ظلمت نمی بود خواص را بعوام ہیچ مناسبت نمی

ظلمت نہ ہوتی خواص کو عوام سے کوئی مناسبت نہ ہوتی اور

کشود و راہ افادہ واستفادہ مسدود می نمود واین ظلمت

رستہ افادہ اور استفادہ کا مسدود ہو جاتا اور یہ ظلمت

[1] ان اولیائے کاملین میں اگر یہ ظلمات بشریہ نہ ہوتیں تو انہیں عوام الناس کے ساتھ کوئی مناسبت نہ ہوتی۔ درحقیقت یہی ظلمات بشریہ عامۃ الناس کیلئے نعمت غیر مترقبہ ہیں کہ جن کی بدولت اولیائے کاملین عالم وجوب سے فیض لیتے ہیں اور ان بشری تقاضوں کی وجہ سے عوام کو فیض دیتے ہیں۔ اگر ان بشری صفات کی وجہ سے مناسبت نہ ہوتی تو اہل اللہ حق تعالیٰ سے فیض لے کر مخلوق کو نہ دے سکتے یوں فیض لینے اور فیض دینے کی راہ مسدود ہو جاتی۔

marfat.com
Marfat.com

درخواص آن قدرنمی ایستد که مکدر سازد بلکه ندامت

خواص میں اس قدر نہیں رہتی کہ مکدر کر دے [1] بلکہ ندامت اور

واستغفار که در قفائے او دست می دہد چندین ظلمت

استغفار جو اس کے بعد ہاتھ آتی ہے اتنی ظلمت و

و کدورت دیگر را ہم زداید وترقیات می فرماید ہمین

کدورت اور کو بھی دور کر دیتی اور ترقیاں عطا فرماتی ہے یہی

[1] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرمارہے ہیں کہ اولیائے کاملین میں بشری ظلمات اتنی زیادہ نہیں ہوتیں کہ ان کے بطون عالیہ اور روحانیت مقدسہ کو مکدر کردیں اور ان پر بشریت کا غلبہ ہوجائے بلکہ ان کی بشریت لطیف اور نوری ہوتی ہے البتہ اگر بتقاضائے بشریت ان اولیائے کاملین سے کوئی لغزش یا خطا سرزد ہوجائے تو یہ فوراً اللہ تعالیٰ کے حضور اس پر نادم ہوتے اور معافی مانگتے ہیں۔ بس اسی ندامت واستغفار کی بناپران سے اتنی ظلمت اور کدورت بھی دور ہوجاتی ہے اور مزید ترقیاں عطا ہوتی ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

ظلمت ست کہ در ملائك مفقود ست و بسبب آن

ظلمت ہے جو فرشتوں میں مفقود ہے [۱۲] اور اسی سبب سے

راہ ترقی مسدود و اسم ظلمت بروے از قبیل مدح

ترقی کی راہ مسدود ہے اور اس پر ظلمت کا نام مدح

[۱۲] یہی بشری ظلمت جو مزید ترقیوں کا باعث ہوتی ہے فرشتوں میں مفقود ہے کیونکہ وہ محض نور ہیں بنابریں ان پر ترقی کی راہیں مسدود ہیں جیسا کہ آیت کریمہ وما منا الا له مقام معلوم سے عیاں ہے۔

marfat.com
Marfat.com

بمایشبہ الذم ست عوام کا لانعام صفات بشریت

بما یشبہ الذم کے قبیل سے ہے [۱۳] عوام کالانعام اہل اللہ

[۱۳] اولیائے کاملین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین پر بشریت کی ظلمت کا اطلاق اس قدر نامعلوم اور برائے نام ہوتا ہے کہ جس سے ان کی بشروں کیساتھ مناسبت رہ جائے باقی رہی یہ بات کہ ان پر جو لفظ ظلمت کا اطلاق ہوتا ہے وہ ان کیلئے باعث مدح اور موجب کمال ہے البتہ بظاہر ذم معلوم ہوتا ہے۔

مدح بمایشبہ الذم کا مفہوم یہ ہے کہ اولیائے کاملین پر بظاہر بشریت کے ساتھ مناسبت کی وجہ سے جو ظلمت کا لفظ استعمال ہوتا ہے وہ عین ذم نہیں بلکہ مشابہ ذم ہے اسلئے وہ مذموم نہیں بلکہ قابل مدحت اور لائق تعریف ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اہل اللہ را دررنگ صفات بشریت خود می دانند و

کی بشری صفات کو اپنی بشری صفات کی مانند سمجھتے ہیں [1] اور

محروم ومخذول می مانند قیاس غائب برشاہد فاسد

محروم و خوار ہوتے ہیں غائب کا قیاس حاضر پر فاسد ہے

ست ہرمقام راخصوصیات علیحدہ است وہرمحل را

ہر مقام کی خصوصیات الگ ہیں اور ہر محل کے لوازمات

لوازم جدا والسلام علٰی من اتبع الھدی والتزم متابعة

جدا اور سلام ہو اس پر جو ہدایت کی اتباع کرے اور متابعت مصطفٰے

المصطفٰے علیه وعلی اله الصلوات والتسلیمات

کاالتزام کرے آپ پراورآپ کی آل پرصلوات وتسلیمات ہوں۔

[1] حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ایک غلط فہمی کا ازالہ فرماتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ عامۃ الناس جو چوپائیوں سے بھی بدتر ہوتے ہیں وہ اولیائے کاملین کی صفات بشریت کو اپنی صفات بشریت کی مانند سمجھتے ہیں حالانکہ اہل اللہ کی بشریت نہایت نورانی اورلطیف ہوتی ہے جبکہ عوام کالانعام کی بشریت غایت درجہ ثقیل اورکثیف ہوتی ہے۔

ع چہ نسبت خاک را با عالم پاک

اس جہالت وحماقت کی وجہ سے عوام الناس ذلیل ومحروم ہوجاتے ہیں حالانکہ غائب کا حاضر پرقیاس کرلینا باطل اور فاسد ہے کیونکہ ہر مقام کی خصوصیات علیحدہ اور ہرمحل کےلوازمات جدا ہوتے ہیں۔

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر

marfat.com
Marfat.com

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اولیائے کاملین اور اخص خواص میں صفات بشریہ کے باقی رکھنے کی وجوہات بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ

جب ''انسان کامل'' کو فنا و بقا کے بعد حق سبحانہٗ کی طرف سے مخلوق کو دین اسلام کی دعوت دینے کیلئے دنیا میں بھیجا جاتا ہے تو اس میں بشری صفات اور انسانی خصائص زائلہ جو مغلوب اور کمزور ہو گئی تھیں پھر اس کی طرف عود کر آتی ہیں تاکہ اس کے اور عالم کے درمیان وہ مناسبت جو پہلے زائل ہو گئی تھی، از سر نو پیدا ہو جائے اور اللہ تعالیٰ اس مناسبت کے ذریعے انسان کے اور عالم کے درمیان فائدہ پہنچانے اور فائدہ حاصل کرنے کا دروازہ کھول دے۔

ان بشری صفات کو زوال کے بعد واپس کرنے اور اس انسان کامل کے ساتھ ملحق کرنے میں دوسری حکمت یہ بھی ہے کہ مکلفین کا امتحان اور مدعوین کی آزمائش ہو جائے تاکہ پاک لوگوں کو ناپاک لوگوں سے جدا کر دے اور جھٹلانے والے تصدیق کرنے والوں سے الگ ہو جائیں۔

نیز ان صفات کے رجوع کرنے سے ایمان بالغیب جو پہلے مشتبہ اور پوشیدہ تھا حاصل ہو جائے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ولو جعلناہ ملکا لجعلناہ رجلاً وللبسنا علیهم ما یلبسون یعنی اگر ہم اسے فرشتہ بناتے تو اس کو بھی انسان ہی کی صورت میں بناتے پھر بھی یہ لوگ اسی (شبہ) میں رہتے جس میں اب ہیں۔ (الانعام ۹)

(مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب ۵۳)

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۲۵

آدمی تا زمانے کہ گرفتار علم و دانش ست و بنقوش

آدمی جس وقت تک علم و دانش کا گرفتار ہے اور ماسوا کے

ماسوائے منقش خوار و بے اعتبار ست نسیان ماسوائے

نقوش سے منقش ذلیل و بے اعتبار ہے[1] ماسوا کا نسیان

شرط راہ است و فنائے ماعدا قدم پیشگاہ تاآئینہ باطنی

اس راہ کی شرط ہے اور ماسوا کی فنا اگلی منزل کا قدم جب تک

از زنگار امکان زدودہ نگردد ظہور حضرت وجوب محال

باطنی آئینہ، امکان کے زنگار سے صاف نہ ہو جائے حضرت وجوب کا ظہور

ست چہ جمع علوم امکانی با معارف وجوبی از قبیل

محال ہے کیونکہ علوم امکانی کا معارف وجوبی کے ساتھ جمع ہونا

[1] حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ جب تک آدمی اشیائے کائنات کے علم و دانش اور دنیوی تعلقات کی طرف راغب ہے۔دنیا کی محبت میں گرفتار ہے اور ماسوی اللہ کے نقوش اس کے قلب و نظر میں پیوست ہیں، وہ نا قابل اعتبار، بے لحاظ اور ذلیل ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز یہاں ارشاد فرماتے ہیں کہ نسیان ماسوا راہ

marfat.com
Marfat.com

طریقت کی شرط ہے۔نسیان ماسوا کا مطلب ہے حق سبحانہ کے ماسوا کو بھول جانا،اسی کو فنا سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ماسویٰ کی دو قسمیں ہیں

ا......آفاق ۲......انفس

آفاق کے نسیان سے مراد آفاق کی نسبت علم حصولی کا زوال ہے اور انفس کے نسیان سے مراد انفس کی نسبت علم حضوری کا زوال ہے کیونکہ علم حصولی کا تعلق آفاق سے ہے اور علم حضوری کا تعلق انفس سے ہے۔اگرچہ اشیاء کے علم حصولی کا مطلقاً زوال دشوار ہے کیونکہ وہ اولیاء کا حصہ ہے اور علم حضوری کا مطلقاً زوال تو بہت ہی زیادہ دشوار ہے کیونکہ یہ کاملین اولیاء میں سے اکمل اولیاء کو حاصل ہے۔بہت ممکن ہے کہ اس کا جائز ہونا بلکہ تصور بھی اکثر عقلاء کے نزدیک محال ہو اور ''معلوم'' کا جاننے والے کیلئے عدم حضور، باطل سمجھیں کیونکہ ان کے نزدیک حضور شئ،نفس شئ کے لئے ضروری ہے لہٰذا علم حضوری کا زوال ان کے نزدیک اگرچہ ایک لمحہ کیلئے ہی ہو، جائز نہیں ہے چہ جائیکہ اس علم کا مطلقاً اس طرح زوال ہو جائے کہ پھر کبھی عود نہ کر سکے، یہ کس طرح جائز ہو سکتا ہے؟۔

علم حصولی کا نسیان فنائے قلب پر موقوف ہے اور علم حضوری کا نسیان فنائے نفس کو مستلزم ہے جو اتم و اکمل ہے اور حقیقت فنا اسی مقام میں ہے خصوصاً فنائے قلب اس فنا کیلئے ظاہری صورت کی مانند ہے جو اس کا ظل ہے کیونکہ علم حصولی درحقیت علم حضوری کا ظل ہے لہٰذا لازماً اس ظل کی فنا، اس کی فنا ہوگی اور اس فنا کے حصول کے ساتھ نفس، مقام اطمینان میں آجاتا ہے اور حق تعالیٰ سبحانہ سے راضی و مرضی ہو جاتا ہے اور بقا و رجوع کے بعد تکمیل وارشاد کا معاملہ اس سے متعلق ہوتا ہے اور اسے عناصر اربعہ (خاک،باد،نار،آب) کی مختلف طبیعتوں کے ساتھ جہاد و غزا میسر ہو جاتا ہے۔

قلب سے ماسوا کے نسیان کی علامت قلب میں ماسوا کے خطرات کا نہ آنا ہے

marfat.com
Marfat.com

اس طرح کہ اگر بہ تکلف ان خطرات ماسوا کو یاد دلایا جائے تو بھی یاد نہ آئیں بلکہ قلب ان کو قبول نہ کرے اور نفس عالم کے متعلق علم حضوری کے زوال کی علامت یہ ہے کہ عالم اپنی ذات وصفات کے اعتبار سے بالکل منتفی ہو جائے تا کہ علم اور معلوم کا زوال اس سے متصور ہو کیونکہ اس مقام میں علم اور معلوم، نفس عالم ہے اور جب تک نفسِ عالم زوال پذیر نہ ہو جائے علم ومعلوم کی نفی نہیں ہوتی اور فنائے اول فنائے آفاق ہے اور فنائے ثانی فنائے انفس ہے جو فنا کی حقیقت ہے۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب ۵۲)

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ چونکہ حق تعالیٰ کے ماسوا کا نسیان قرب الی اللہ کی طرف پیش قدمی ہے لہٰذا جب تک سالک کا آئینۂ باطن ماسوا کی تلوینات سے بالکل صاف نہیں ہو جاتا حق تعالیٰ کا جلوہ ناممکن ہے کیونکہ علوم امکانیہ اور معارف وجوبیہ ایک دوسرے کی ضد ہیں اور اجتماع اضداد محال ہے۔

marfat.com
Marfat.com

جمع اضداد ست ایں جا سوالے ست قوی و آں آنست

جمع اضداد کے قبیل سے ہے۔ یہاں ایک قوی سوال ہے [2] اور وہ یہ ہے کہ

کہ چوں عارف را بہ بقا مشرف می سازند و برائے تکمیل

جب عارف کو بقا سے مشرف کر دیتے ہیں اور ناقصین کی

ناقصاں بازش می گردانند علومے کہ زائل شدہ بود عود

تکمیل کے لئے واپس لوٹا دیتے ہیں وہ علوم جو زائل ہو گئے تھے عود کر آتے ہیں۔

می نماید بریں تقدیر علوم امکانی بامعارف وجوبی جمع

اس صورت میں علوم امکانی معارف وجوبی کے ساتھ جمع ہو

میگردند و تو آں را جمع ضدین گفتہ جوابش آن ست

جاتے ہیں اور آپ نے ان کو جمع ضدین کہا ہے جواب اس کا یہ ہے کہ

کہ عارف باقی باللہ دریں وقت حکم برزخیت پیدا کردہ

عارف باقی باللہ اس وقت برزخیت کا حکم پیدا کئے ہوئے ہے

است گویا برزخ ست **بین الوجوب والامکان** ومنصبغ

گویا وہ وجوب اور امکان کے درمیان برزخ ہے اور دونوں مقامات

[2] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ایک سوال اور اشکال کا جواب بیان فرمارہے ہیں:

سوال یہ ہے کہ جب عارف فنا کے بعد مقام بقا سے مشرف ہوتا ہے اور اسے مسند دعوت وارشاد پر متمکن کردیا جاتا ہے تو زائل شدہ علوم امکانیہ پھر عود کر آتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

برنگ ہردو مقام دریں صورت اگرعلوم ومعارف ہردو

کے رنگ سے رنگین ہے اس صورت میں اگر دونوں مقامات کے

مقام جمع شوند چه اشکال زیرا که محل اجتماع ضدین

علوم و معارف جمع ہو جائیں کیا اشکال ہے کیونکہ ضدین کے اجتماع کا

واحد نماند بلکه گویا متعدد گشته است **فلا جمع**

محل واحد نہیں رہا بلکہ گویا متعدد ہو گئے ہیں لہٰذا اجتماع نہ ہوا

دریں صورت علوم امکانیہ اور معارف وجوبیہ پھر ایک مقام پر جمع ہو جاتے ہیں حالانکہ ان علوم و معارف کا جمع ہونا اجتماع ضدین کے قبیل سے ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ جب عارف بقاباللہ کے مرتبے پر فائز ہو جاتا ہے تو وہ علوم امکانی اور معارف وجوبی کے درمیان برزخیت کا حکم پیدا کر لیتا ہے فلہٰذا ان علوم و معارف کا صورۃً اجتماع ہوتا ہے حقیقۃً اجتماع نہیں ہوتا، لہٰذا اجتماع ضدین نہ رہا۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۲۶

علوم اشیاء کہ درمرتبۂ فنا زائل شدہ بودند بعداز بقااگر
چیزوں کے علوم جو مرتبہ فنا میں زائل ہو گئے تھے[1] بقا کے بعد اگر
رجوع نمایند نقصے درکمال عارف لازم نیاید بلکہ کمال
لوٹ آئیں تو عارف کے کمال میں کوئی نقص لازم نہیں آتا بلکہ اس کا کمال
اوست دریں رجوع بلکہ تکمیل اومربوط بہمیں رجوع
اس رجوع میں ہے بلکہ اس کی تکمیل اسی رجوع کے ساتھ مربوط ہے کیونکہ

## سالک کے عروجی مراتب اورنزولی مدارج

[1] حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشادفرماتے ہیں کہ سالک جب عروجی مرتبوں میں ہوتا ہےتواس کے تعلقات دنیا اور محبت دنیا کے جذبات ماند پڑنا شروع ہوجاتے ہیں لامحالہ ماسوی اللہ کی معلومات کم ہونا شروع ہوجاتی ہیں یہ فقر کی علامت اورولایت کا درجہ ہےجس میں ہر سالک کے لئے ایک خاص مقام ہوتا ہےکسی کوفنا کم ہوتی ہےکسی کوزیادہ ہوتی ہےاورکسی کو بہت زیادہ فنا سے حصہ نصیب ہوتا ہےمگر جب سالک عروج کے بعدنزول کرتا ہےتودنیوی تعلقات پھر بحال ہونا شروع ہوجاتے ہیں،نتیجتاً اشیائے کائنات کے زائل شدہ علوم دوبارہ عود کرآتے ہیں۔
یادرہے کہ عروجی مراتب، ولایت کے درجات میں سے ہیں جسے فنا سے تعبیر

marfat.com
Marfat.com

کیا جاتا ہے اور نزولی مدارج کمالات نبوت میں سے ہیں جسے بقا کہتے ہیں جو بہت بڑا کمال ہے۔

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ عروجی مدارج میں بعض اہل اللہ فاقہ کشی کرتے اور مخلوق خدا سے دور جنگلوں میں رہتے ہیں اور مرتبہء تکمیل کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں، عامۃ الناس اسے کمال سمجھتے ہیں حالانکہ یہ مقام ادھورا ہے۔ مگر جب سالک عروج کے بعد نزول اور فنا کے بعد بقاء کے مرتبے پر فائز المرام ہوتا ہے تو عام لوگ اسے دنیا دار سمجھتے ہیں جبکہ بقا کا مرتبہ، مرتبہء کمال ہے جو مسند مشیخیت سے وابستہ ہے اور لوگوں کی رشد و ہدایت سے متعلق ہے اور کمالات نبوت سے مربوط ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ســت چه عارف بعداز بقا متخلق باخلاق الله است علم
عارف بقا کے بعد اخلاق اللہ کے ساتھ متخلق ہو گیا ہے[۲] اشیاء کا علم
اشیـاء در واجب تعالٰی عین کمال است وضدآں موجب
واجب تعالٰی میں عین کمال ہے اور اس کی ضد نقصان کا موجب ہے
نقصان **فـکـذا حـال العارف المتخلق والسِرُّ فيه ان العلم فی**
پس یہی حال عارف متخلق کا ہے اور اس میں راز یہ ہے کہ ممکن میں علم حاصل
**الـمـمـكـن يحصل بحصول صورة المعلوم فيه فلا جرم يتاثر**
ہوتا ہے معلوم فیہ کی صورت کے حصول سے پس لامحالہ عالم متاثر ہوتا ہے

[۲] جب عارف کو فنا، وصل کے بعد بقا، رجوع اور نزول کا مقام نصیب ہوتا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اسے تکمیلی مرتبہ ومقام میسر ہو رہا ہے کیونکہ اسے بقا کے بعد تخلق باخلاق اللہ کا مرتبہ نصیب ہوتا ہے۔ اقبال مرحوم نے خوب کہا

مسلماں بندۂ مولا صفات است
دل او سرے از اسرار ذات است

اہل طریقت نے اس کی تین قسمیں بیان فرمائی ہیں

۱..... متخلق باخلاق اللہ

۲..... متصف بصفات اللہ

۳..... متحقق بحقائق اللہ

**متخلق باخلاق الله** : کا مطلب یہ ہے کہ عارف، اللہ تعالٰی کے اخلاق سے متخلق ہو جائے جیسا کہ ارشاد نبوی علٰی صاحبہا الصلوات تخلقوا باخلاق الله سے

marfat.com
Marfat.com

**العالم بحصول صورة المعلوم فيه و كلما كان العلم ازيد كان**

معلوم فیہ کی صورت کے حصول سے اور جب علم زیادہ ہو عالم میں

**التأ ثر في العالم اكثر فيكون التغير و التلوّن فيه اوسع وابسط**

تاثر بھی زیادہ ہوتا ہے پس اس میں تغیر وتلون زیادہ وسیع و بسیط ہوتا ہے

**فيكون نقصا فلا بد للطالب من نفي هذه العلوم كلها ونسيان**

لہٰذا یہ نقص ہو جاتا ہے پس طالب کیلئے ضروری ہے ان تمام علوم کی نفی کرنا اور

عیاں ہے۔قطب ربانی حضرت امام عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ اس کے متعلق رقمطراز ہیں:

اذا مرّعلی حضرات الاسماء الالٰهية صار متخلّقا بصفاتها فاذا مرعلی الرحيم کا ن رحیما او علی الغفور کا ن غفوراً او علی الکریم کا ن کریما اوعلی الحلیم کان حلیماً او علی الشکور کان شکوراً اوعلی الجواد کان جواداً ولهکذا فمایرجع من ذالك المعراج الا وهو فی غاية الکمال (الیواقیت والجواہر جلد دوم) یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج اسماء الٰہیہ کی بارگاہوں سے گذرے تو ان اسماء کی صفات کے ساتھ متصف ہوتے گئے جب صفت الرحیم پر گذرے تو رحیم بن گئے اور صفت الغفور پر گذرے تو غفور بن گئے صفت الکریم پر گزرے تو کریم بن گئے صفت الحلیم پر گذرے تو حلیم بن گئے صفت الشکور پر گذرے تو شکور بن گئے، صفت الجواد پر گذرے تو جواد بن گئے۔اسی طرح جن جن اسماء سے گذرتے گئے ان ان صفات سے متصف ہوتے گئے یہاں تک کہ جب معراج سے واپس تشریف لائے تو انتہائے کمال کی حالت پر تھے۔

marfat.com
Marfat.com

الاشیاء جُلّھا والعلم فی الواجب تعالٰی لیس کذالک اذ ھو
سب اشیاء کا بھول جانا اور واجب تعالٰی کا علم ایسا نہیں ہے کیونکہ وہ
سبحانہ منزہ من ان یحل فیہ صور الاشیاء المعلومۃ بل ینکشف
سبحانہ منزہ ہے اس بات سے کہ اس میں اشیائے معلومہ کی صورتیں حلول کریں بلکہ
الاشیاء علیہ تعالٰی بمجرد تعلق العلم بھا فسبحان من لا یتغیر
اس تعالٰی پر اشیاء منکشف ہو جاتی ہیں صرف ان کے ساتھ علم کا تعلق قائم ہوتے ہی

ایسے ہی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تبعیت و وراثت میں حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ بھی اخلاق الٰہیہ سے متصف ہوئے چنانچہ ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالٰی کے ہاں خلق کی تین سو ساٹھ صورتیں ہیں جس خوش نصیب میں توحید باری تعالٰی کے ساتھ ان میں سے ایک صورت بھی پائی گئی وہ جنت میں داخل ہوگا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی ھل فی منھا یارسول اللہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا ان میں سے کوئی صورت مجھ میں بھی پائی جاتی ہے تو ارشاد فرمایا کلھا فیک یاابوبکر واحبھا الی اللہ السخاء اے ابوبکر تم میں سب کی سب صورتیں پائی جاتی ہیں اور ان میں سے اللہ تعالٰی کے نزدیک سخاوت سب سے زیادہ محبوب ہے۔ (روح البیان)

## تخلق باخلاق کے مختلف معانی

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس کی مزید وضاحت کرتے ہوئے ارقام پذیر ہیں ملاحظہ ہو!

عمدۃ الابدال حضرت خواجہ محمد پارسا قدس سرہٗ تخلقوا باخلاق اللہ کے مقام

marfat.com
Marfat.com

بـذا تـه ولا بـصفاته ولا فی افعاله بحدوث الاکوان و العارف

پس وہ پاک ہے کہ تغیر نہیں کرتا اس کی ذات میں نہ صفات میں نہ افعال میں حدوث

المتخلق یصیر علمه بهذه الصفة فلا یحل فیه صور معلومات

اکوان سے اور عارف متخلق کا علم اسی طرح کا ہوتا ہے۔ لہٰذا اس میں بھی

الاشیاء فلا تأ ثر فی حقه فلا تغیر و لا تلون فلا یکوّن نقصا بل

اشیاء کی معلومات کی صورتیں حلول نہیں کرسکتیں پس اس کے حق میں نہ تاثر ہوتا ہے

کی تحقیقات کے بیان میں فرماتے ہیں کہ (حق سبحانہ) کی ایک صفت ملک ہے اور ملک کے معنی سب پر تصرف کرنے والے کے ہیں۔ جب راہ حق کا سالک اپنے نفس پر قابو پالیتا ہے اور اس نفس کو مغلوب کر کے رکھتا ہے تو اس کا تصرف لوگوں کے دلوں پر بھی جاری ہو جاتا ہے اس وقت وہ اس صفت ملک سے منسوب (مناسبت رکھنے والا) کہلاتا ہے...... اور ایک صفت سمیع ہے اور سمیع کے معنی سننے والے کے ہیں، جب راہ حق کا سالک ہر شخص کی حق باتیں طبیعت کی گرانی کے بغیر سن کر قبول کر لیتا ہے اور غیبی اسرار وحقائق کو روح کے کانوں سے سنتا ہے تو وہ اس صفت سمیع سے مناسبت رکھنے والا کہلاتا ہے...... اور ایک صفت بصیر ہے اور بصیر کے معنی دیکھنے والے کے ہیں۔ جب راہ حق کے سالک کی بصیرت (دل کی آنکھ) روشن ہو جاتی ہے تو وہ اپنے تمام عیبوں کو نور فراست سے دیکھتا ہے اور دوسرے لوگوں کے حال کو کمال درجہ کا معلوم کر کے سب کو اپنے سے بہتر دیکھتا ہے اور یہ حق کا دیکھنا اس کو (حق تعالیٰ کا) منظور نظر بنا دیتا ہے یہاں تک کہ وہ جو کچھ کرتا ہے حق تعالیٰ کا پسندیدہ کام ہوتا ہے تو اس وقت وہ اس صفت بصیر سے مناسبت رکھنے والا کہلاتا ہے...... اور حق تعالیٰ کی ایک صفت محی ہے،

marfat.com
Marfat.com

کمالا هذا السر من غوامض الاسرار الالٰهية خص الله سبحانه

اور نہ ہی تغیر وتلون لٰہذا یہ نقص نہیں ہوتا بلکہ کمال ہے یہ راز دقیق اسرار الٰہیہ میں سے

وتعالٰی به من يشاء من عباده ببركة حبيبه عليه وعلى آله

ہے اللہ سبحانہ وتعالٰی نے اس کے لئے مخصوص فرمالیا جسے چاہا اپنے بندوں میں سے

الصلوات والتسليمات اتمها واكملها

اپنے حبیب کی برکت سے آپ پر اور آپ کی آل پر اتم واکمل صلوات وتسلیمات ہوں

محی کے معنی زندہ کرنے والے کے ہیں جب سالک ترک شدہ سنت کو زندہ اور قائم کرتا ہے تو وہ اس صفت محی سے مناسبت رکھنے والا کہا جائے گا ...... اور حق تعالٰی کی ایک صفت ممیت ہے یعنی مارنے والا، جب سالک ایسی بدعات جو لوگوں نے سنت کو ترک کر کے اختیار کر لی ہوں، کے خلاف آواز بلند کرتا اور منع کرتا ہے تو وہ اس صفت ممیت سے مناسبت رکھنے والا ہو جاتا ہے۔ علیٰ هذاالقياس

عوام نے تخلق کے معنی غلط سمجھے ہیں اور خواہ مخواہ گمراہی کے جنگل میں جا پڑے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ ولی کیلئے احیائے جسمی (مردے کا زندہ کرنا) ضروری ہے اور اس پر اشیائے غیبی کا انکشاف ہونا چاہیے وغیرہ ذالك حالانکہ یہ باتیں فاسد گمانوں کی مانند ہیں اور بعض گمان گناہ ہوتے ہیں۔ جیسا کہ حق تعالٰی کا ارشاد ہے ان بعض الظن اثم (الحجرات ۱۲) بیشک بعض گمان گناہ ہیں۔ نیز خوارق صرف کسی کو مارنے اور زندہ کرنے میں ہی منحصر نہیں ہیں، علوم شرعیہ اور معارف الہامیہ سب سے بڑی نشانی اور اعلیٰ درجہ کے خوارق ہیں۔ اسی لئے معجزہ قرآنی کو باقی تمام معجزات پر اقوی اور باقی رہنے والا تسلیم کیا گیا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

واضح ہو کہ تخلق باخلاق اللہ کے معنی جو ولایت میں ماخوذ و معتبر ہیں وہ یہ ہیں کہ اولیاء کو ایسی صفات حاصل ہو جائیں جو واجب تعالیٰ کی صفات سے مناسبت رکھتی ہوں، لیکن وہ مناسبت صرف اسم میں ہوگی اور عموم صفات میں مشارکت ہو سکتی ہے خواص معانی میں مناسبت نہیں ہو سکتی کیونکہ وہ اس میں محال ہے اور اس میں حقائق کا تغیر و تبدل لازم آتا ہے۔ (مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب ۱۰۷)

## متصف بصفات اللہ

اس کا مطلب یہ ہے کہ عارف، اللہ تعالیٰ کی صفات سے متصف ہو جائے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات و اتصفوا بصفات اللّٰہ سے عیاں ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز رقمطراز ہیں کہ صفات ثمانیہ کی تین اقسام ہیں:

ا...... **صفات اضافیہ**: ان صفات کا تعلق عالم کے ساتھ غالب ہے اور اس کی اضافت و نسبت مخلوق کے ساتھ زیادہ تر ہے۔ چونکہ ہر صفت متعدد تعلقات کے اعتبار سے بہت سی جزئیات رکھتی ہے جیسے (تکوین) کہ اس سے متعدد تعلقات کے اعتبار سے تخلیق (پیدا کرنا) ترزیق (رزق دینا) احیاء (زندہ کرنا) اماتت (مارنا) کی جزئیات پیدا ہوئی ہیں یہی وجہ ہے کہ اہل سنت و جماعت کے ایک گروہ (اشاعرہ) نے اس کے وجود کا انکار کر دیا ہے اور کہا ہے کہ تکوین صفات اضافیہ میں سے ہے اور حق یہی ہے کہ وہ حقیقی صفات میں سے ہے جس میں اضافت غالب ہے۔

۲...... **صفات حقیقیہ**: یہ صفات عالم کے ساتھ بھی اضافت رکھتی ہیں لیکن پہلی قسم سے کم تر درجہ جیسے کہ علم، قدرت، ارادہ، سمع، بصر اور کلام۔

۳...... **حقیقت محض**: یہ اضافت کی کوئی بو اور امتزاج نہیں رکھتی۔ اضافت سے ہماری مراد عالم (دنیا) کے ساتھ تعلق ہوتا ہے جیسے حیات۔ یہ صفت تینوں قسموں میں

marfat.com
Marfat.com

سب سے اعلیٰ اور جملہ اقسام کی جامع ترین ہے اور امہات صفات میں سے اور سب کی اصل اور سب سے اسبق ہے۔ (صفت علم اپنی جامعیت کے باوجود صفت حیات کے تابع اور اس کے قریب ترین ہے جو سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا مبداء تعین ہے)۔

(مبداء و معاد منہا ۵۹ ...... مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۲۹۴)

## متحقق بحقائق اللہ

اس کا مطلب یہ ہے کہ عارف حقائق سبعہ سے متحقق ہو جاتا ہے۔

حقائق سبعہ سے مراد سات حقائق ہیں اور وہ یہ ہیں حقیقت محمدی، حقیقت احمدی، حقیقت ابراہیمی، حقیقت موسوی، حقیقت کعبہ، حقیقت قرآن، حقیقت صلوٰۃ۔ پہلے چار حقائق کو حقائق کونیہ کہا جاتا ہے اور آخری تینوں حقائق کو حقائق الٰہیہ کہا جاتا ہے

حقیقت کعبہ، حقائق کونیہ سے افضل ہے کیونکہ حقیقت کعبہ ''ظہور تنزیہہ صرف ذات حق تعالیٰ'' ہے اور یہ مرتبہء وجوب ہے اور حقائق کونیہ ظہورات مراتب وجوب ہیں نہ کہ خود مراتب وجوب۔ اسی طرح حقیقت قرآن باعتبار مبداء وسعت اور حقیقت صلوٰۃ باعتبار وسعت ذات ہونے کے حقیقت کعبہ سے بھی افضل ہیں۔

(البینات شرح مکتوبات مکتوب ۴)

۳ ...... حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز یہاں اس بات کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ کو اشیائے کائنات کا علم ہونا نقص نہیں بلکہ باعث کمال ہے تو جو عارف متخلق باخلاق اللہ ہو جاتا ہے اس میں زائل شدہ علوم کا واپس لوٹ آنا بھی نقص نہیں بلکہ موجب کمال ہے۔ اس کا راز یہ ہے کہ ممکن کا علم صورت معلومہ کے حصول سے حاصل ہوتا ہے مثلاً عینک کے علم کے حصول کا طریقہ یہ ہے کہ جب عینک کی ایک معلوم صورت کسی شخص کے ذہن میں نقش ہو جائے اور یہ حصول ہے باہر سے عینک کی صورت

marfat.com
Marfat.com

معلومہ کے ذہن میں آنے کا۔ اب اگر کوئی دوسرا شخص عینک کا لفظ بولے گا تو پہلا شخص خواہ آنکھیں بند ہی رکھے فوراً اسے عینک کا علم ہو جائے گا۔ ماحصل یہ ہے کہ ممکن کو جب علم آتا ہے تو معلوم کی صورت حاصل ہوتی ہے تو لامحالہ صورت معلومہ کے حصول سے عالم کا علم متاثر ہوتا ہے یعنی وہ صورت معلومہ اس کے اندر اپنا تاثر پیدا کر دیتی ہے جیسے (کوئی خوشی، غمی یا خوف کی خبر سن کر) کسی شخص کے چہرے وغیرھا کی رنگت متغیر ہو جاتی ہے۔ مثال کے طور پر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے متعلق حادثہ پیش آنے کی اطلاع دیتا ہے تو سننے والے شخص کے ذہن میں گاڑی، زخم اور تصادم اور تکلیف وغیرھا کے تصورات سے علوم مرتب ہوتے ہیں اور وہ اپنا تاثر پیدا کرتے ہیں جوں جوں علم بڑھتا جائے گا عالم کے تاثرات میں اضافہ ہوتا جائے گا۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۲۷

ایں درویش را دوازدہم سال ازابتدائے زمان انابت بمقام

اس درویش کو انابت کے ابتدائی زمانہ سے بارہویں سال میں مقام

رضا مشرف ساختند اول نفس را باطمینان رسانید ند

رضا سے مشرف فرمایا گیا [1] پہلے نفس کو اطمینان تک پہنچایا

بعدازاں بتدریج بمحض فضل ایزدی بایں سعادت مستسعد

اس کے بعد بتدریج محض فضل ایزدی سے اس سعادت سے سعادت مند

ساختند و بایں دولت مشرف نشد تا زمانے کہ پرتوے از

ہوا اور اس دولت سے مشرف نہیں ہوا جب تک آنحضرت

رضائے آں حضرت جل سلطانہ برنتافت **فرضیت النفس**

جل سلطانہ کی رضا کا پرتو نہیں ڈالا گیا پس نفس مطمئنہ

## حضرت امام ربانی کا مقام رضا سے بہرہ اندوز ہونا

[1] زیرنظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز تحدیث نعمت کے طور پر اس امر کی وضاحت فرمار ہے ہیں کہ خواجہ بیرنگ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ العزیز کے حلقہء ارادت میں شمولیت اور ان سے نسبت نقشبندیہ کے حصول کے بعد مجھے

marfat.com
Marfat.com

المطمئنة عن مولاها ورضی مولاها عنها الحمد للّٰه سبحانه

اپنے مولا سے راضی ہو گیا اور اس کا مولا اس سے راضی ہو گیا اللہ سبحانہ

علٰی ذالک حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیه مبارکاً علیه و کما

کی اس پر حمد و ثنا ہے جو بے پایاں پاکیزہ جس میں برکت جس پر برکت جیسی

یحب ربنا ویرضٰی والصلوة والسلام علٰی رسوله محمد واله

ہمارا رب پسند فرماتا اور چاہتا ہے درود و سلام ہو اس کے رسول حضرت محمد

کما یحری . اگر گویند کہ چوں نفس راضی شداز

اور آپ کی آل پر جیسا کہ ان کے لائق ہے۔ اگر کہیں کہ جب نفس اپنے

مقامات عشرہ کی تکمیل میں بارہ سال کا طویل عرصہ لگ گیا۔ سب سے پہلے نفس مطمئنہ کی دولت قصوئی سے مالا مال ہوا بعد ازیں تدریجاً مقام رضا عطا فرمایا گیا۔ طیِّ سلوک کی یہ ترتیب قرآن کریم کے عین مطابق ہے جیسا کہ آیہ کریمہ یایتها النفس المطمئنة O ارجعی الی ربك راضية مرضيه سے عیاں ہے۔ والحمدللّٰه علٰی ذالك

marfat.com
Marfat.com

مولائے خود پس معنی دعا وطلب دفع بلاچہ باشد؟

مولیٰ سے راضی ہو گیا پھر دعا اور دفع بلا کی طلب کا کیا معنی ہوا [۲]

گوئیم کہ رضا ازفعل مولائے تعالیٰ مستلزم رضا از

ہم کہتے ہیں کہ مولیٰ تعالیٰ کے فعل سے رضا اس کی مخلوق کی رضا کو مستلزم نہیں

مخلوق اونیست بلکہ بسا ست کہ رضا از مخلوق

ہے بلکہ اکثر ہوتا ہے کہ مخلوق سے رضا کفر و معاصی کی

مستقبح باشد دررنگ کفر و معاصی پس رضا از خلق

صورت میں قبیح ہوتی ہے خالق قبیح سے رضا لازم ہوئی حالانکہ

قبیح لازم باشد و کراہت از نفس قبیح واجب ہر گاہ

نفس قبیح سے کراہت واجب ہے جب مولیٰ نفس قبیح

سولا تعالیٰ از نفس قبیح راضی نباشد بندہ چگونہ راضی

سے راضی نہ ہوا تو بندہ کیسے راضی ہوا بلکہ بندہ

[۲] یہاں ایک سوال کا جواب دیا جارہا ہے کہ جب کسی عارف کو راضیۃ مرضیہ کا منصب عظیم عنایت ہوجاتا ہے تو مزید اس کا تحصیل خواہشات اور دفع بلیات کیلئے دعائیں کرنا کیا معنی رکھتا ہے؟ اس سوال کا جواب یہ ہے کہ صاحب راضیہ مرضیہ کے، فعل حق تعالیٰ سے راضی ہونے کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اس کی مخلوق (خیر وشر) سے بھی راضی ہوجائے۔ تفصیل اس اجمال کی کچھ یوں ہے کہ خیر وشر کا خالق حق تعالیٰ ہے وہ تعالیٰ خیر سے راضی ہوتا ہے اور شر سے خوش نہیں ہوتا ہے جیسا کہ کفر ومعاصی

marfat.com
Marfat.com

شود بلکہ بندہ دریں صورت مامور بشدت وغلظت

اس صورت میں شدت اور سختی پر مامور ہے پس مخلوق

ست پس کراہت از مخلوق منافی رضا از خلق آں

سے کراہت کرنا اس کی خلق سے رضا کے منافی نہ ہوا لہذا

نباشد پس طلب دفع بلارا معنی مستحسن باشد و

دفع مصیبت کی طلب کے مستحسن معنی ہو گئے اور وہ

جمعے کہ فرق نہ کردہ اند درمیان رضا از فعل و کراہت

جماعت جنہوں نے فعل سے رضا اور مفعول سے کراہت کے درمیان فرق نہیں کیا

اور طغیان وعصیان کا خالق تو اللہ تعالیٰ ہے مگر وہ اس سے خوش نہیں ہوتا اور نہ ہی ان افعال ناپسندیدہ کا حکم دیتا ہے جیسا کہ آیات کریمہ لا یرضٰی لعبادہ الکفر اور قل ان اللّٰہ لا یامر بالفحشاء سے عیاں ہے بلکہ ان امور قبیحہ اور افعال ردّیہ کے مرتکبین کیلئے حدود وتعزیرات کے قوانین مقرر فرمائے گئے ہیں اور قوت نافذہ کو ان احکام شرعیہ کے نفاذ کی تاکید فرمائی گئی ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ جب افعال قبیحہ سے خود حق تعالیٰ راضی نہیں تو راضیہ مرضیہ کے مرتبہ پر فائز المرام بندۂ مؤمن کیونکر خوش ہوگا۔

یہاں دعا اور رضا کے متعلق قدرے معلومات ہدیۂ قارئین ہیں۔ و باللّٰہ التوفیق

حضرت امام ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ رسالہ قشیریہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ آیا دعا افضل ہے یا سکوت ورضا؟ بعض اہل اللہ فرماتے ہیں کہ دعا چونکہ بذات خود عبادت ہے جیسا کہ ارشادات نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات الدعاء مُخ العبادۃ اور الدعاء ھو العبادۃ سے واضح ہے چونکہ دعا عبادت کا خلاصہ اور مغز ہے اور عبادت کا خلاصہ و

marfat.com
Marfat.com

از مفعول درو جود کراہت بعد از حصول رضا دراشکال

حصول رضا کے بعد کراہت کے پائے جانے میں اشکال میں پڑ گئے

ماندہ اند ودردفع آں تکلفات نمودہ اند و گفتہ اند کہ

اور اس (اشکال) کے دفع کرنے میں تکلفات میں پڑگئے ہیں اور کہتے ہیں

وجود کراہت منافی حال رضاست نہ مقام رضا والحق

کہ کراہت کا وجود حال رضا کے منافی ہے نہ کہ مقام رضا کے۔ حق وہی ہے جو میں نے

ماحققتہ بالھام اللّٰہ سبحانہ والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ

اللہ سبحانہ کے الہام سے تحقیق کردی ہے اور سلامتی ہو اس شخص پر جو ہدایت کی اتباع کرے

حقیقت خضوع وتذلل اور خواری ہے جو دعا میں باکمل الوجوہ حاصل ہوتی ہے۔ اس لئے ادائے عبادت، ترک عبادت سے اولیٰ ہے۔ دوسرے گروہ کا موقف یہ ہے کہ دعا سے سکوت افضل واولیٰ ہے تاکہ تقدیر الٰہی کے مطابق جریان حکم ہوجائے اور بندۂ مؤمن رضا بالقضاء پر عمل پیرار ہے۔ (میدان کربلا میں سید الشہداء حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے رضا بالقضاء کی لازوال مثال قائم فرمادی جیسا کہ آپ کے الفاظ مبارکہ رضاً بقضاء ك سے واضح ہے۔ بقول شاعر

طاقت ہندیاں زور نئیں لایا بیٹھے مل رضائیں

دنیا اتوں پیاسے ٹر گئے دین دنی دے سائیں )

جبکہ تیسرے گروہ کا یہ موقف ہے کہ بندۂ مؤمن کو زبان سے صاحب دعا اور قلب سے صاحب رضا ہونا چاہئے تاکہ وہ دعا اور رضا دونوں احوال کا جامع ہوجائے۔ (الاملاء فی تحقیق الدعاء)

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۲۸

مدتے آرزوئے آن داشت کہ وجہے پیدا شود وجیہ در

مدت سے یہ آرزو رہی کہ معقول وجہ پیدا ہو جائے

مذہب حنفی تا درخلف امام قرأت فاتحہ نمودہ آید ہر گاہ

مذہب حنفی میں تاکہ امام کے پیچھے فاتحہ کی قرأت کی جا سکے[1] جبکہ

قرأت درنماز فرض باشد از قرأت حقیقی عدول نمودہ

نماز میں قرأت فرض ہے قرأت حقیقی سے عدول کر کے

بقرأت حکمی قرار دادن معقول نمی شد با آنکہ درحدیث

حکمی قرأت قرار دینا معقول نہیں تھا ساتھ ہی حدیث نبوی

نبوی آمدہ **علیہ الصلوٰۃ والسلام لا صلوٰۃ الا بفاتحۃ الکتاب**

علیہ الصلوٰۃ و السلام میں آیا ہے کہ فاتحہ الکتاب کے بغیر نماز نہیں ہوتی

[1] زیرِ نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ کے فضائل اور فقہ حنفی کی فضیلت وفوقیت بیان فرما رہے ہیں۔

اس منہا کی ابتداء میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے قرأت خلف الامام کے مسئلہ کو تمثیلاً نہایت احسن پیرائے میں بیان فرمایا ہے جسے باشعور شخص مطالعہ کر کے فقہ حنفی کی عظمت واہمیت کو ماننے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| اسا بواسطه رعایت مذہب بے اختیار ترک قرأت می کرد |
| لیکن رعایت مذہب کے واسطہ سے بے اختیار قرأت ترک کرتا تھا |
| وایں ترک را از قبیل ریاضت ومجاہدہ می شمرد آخر |
| اور اس ترک کو ریاضت و مجاہدہ کے قبیل سے شمار کرتا تھا آخر کار |
| الامر حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ ببرکت رعایت مذہب |
| حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ نے رعایت مذہب کی برکت |
| کہ نقل از مذہب الحاد ست حقیقت مذہب حنفی در |
| سے کہ مذہب سے خروج الحاد ہے[1] مذہب حنفی کی حقیقت، مقتدی کے |

## تقلید کا بیان

[1] حق تعالیٰ اور اس کے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی توحید ورسالت کا اقرار کرنے والے مسلمانوں کی دو قسمیں ہیں۔ ایک تو وہ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اس قدر وسعت علم عطا فرمائی ہے کہ زندگی میں پیش آنے والے جملہ مسائل کا حل کتاب وسنت سے براہ راست استخراج کر سکتے ہیں، اہل علم کے نزدیک ایسی متبرک شخصیات کو مجتہد کہا جاتا ہے جبکہ دوسری قسم کے وہ مسلمان ہیں جو اپنی کم علمی کے باعث استخراج مسائل پر قدرت نہیں رکھتے بلکہ پیش آمدہ مسائل کا حل، اہل علم کے اقوال سے حاصل کرتے ہیں جنہیں مقلد کہا جاتا ہے۔

## تقلید کا معنی ومفہوم

تقلید کے لغوی معنی ''قلادہ در گردن بستن ''یعنی گلے میں ہار یا پٹہ ڈالنا

marfat.com
Marfat.com

ترک قرأت ماموم ظاهر ساخت وقرأت حکمی از قرأت

ترک قرأت میں ظاہر فرما دی اور حکمی قرأت،

حقیقی در نظر بصیرت زیبا تر نمود که امام و ماموم ہمه

حقیقی قرأت سے بصیرت کی نظر میں زیبا تر دکھائی دی کہ امام اور مقتدی تمام

باتفاق درمقام مناجات می ایستند **لان المصلی یناجی ربه**

مل کر اتفاق سے مقام مناجات میں کھڑے ہوتے ہیں کیونکہ نمازی اپنے رب سے

کے آتے ہیں۔

فقہائے کرام نے تقلید کی شرعی تعریف کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے:

التقلید اتباع الرجل غیره فیما سمعه یقول اوفی فعله علی زعم انه محق بلا نظر فی الدلیل یعنی کسی شخص کا اپنے علاوہ کسی اور کو اہل تحقیق میں سے جانتے ہوئے بغیر کسی دلیل میں غور وفکر کیے اس کے قول وفعل کی اتباع کرنے کو تقلید کہتے ہیں۔ (نور الانوار)

اس تعریف سے یہ حقیقت واضح ہوگئی کہ صحابہ کرام اور ائمہ دین وغیرہم سب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی ہیں مقلد نہیں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر قول وفعل دلیل شرعی ہے جبکہ تقلید میں دلیل شرعی کا لحاظ نہیں ہوتا۔

## تقلید کی اقسام

امور شرعیہ اور امور غیر شرعیہ کے اعتبار سے تقلید دو طرح کی ہے

تقلید غیر شرعی اور تقلید شرعی

marfat.com
Marfat.com

وامام را دریں امر پیشوا می سازند پس امام ہرچہ می
مناجات کرتا ہے اور امام کو اس امر میں پیشوا بناتے ہیں پس امام جو کچھ پڑھتا
خواند گویا در زبان قوم می خواند دررنگ آنکہ جماعہ
ہے گویا قوم کی زبان میں پڑھتا ہے اس جماعت کی طرح
پیش پادشاہ عظیم الشان بحاجتے بروند ویکے را پیشوا
جو عظیم الشان بادشاہ کے حضور کسی ضرورت کیلئے پیش ہوتے ہیں اور کسی
سازند تا از زبان ہمہ اینہا عرض حاجت نماید ، برین
ایک کو پیشوا بنا لیں تا کہ ان تمام کی زبان سے عرض حاجت کرے

## تقلید غیر شرعی

یہ ہے کہ کسی شخص کا دنیوی امور میں کسی اہل فن کی پیروی کرنا بشرطیکہ وہ عندالشرع ممنوع اور حرام نہ ہوں۔ ممنوع اور حرام امور میں تقلید کرنے کی مذمت بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

واذاقیل لھم تعالوا الی ماانزل اللہ والی الرسول قالوا حسبنا ما وجدنا علیہ آباء نا اولو کان آباء ھم لا یعلمون شیئاً ولا یھتدون

یعنی جب ان سے کہا جائے کہ آؤ اس طرف جو اللہ نے نازل فرمایا ہے اور رسول اللہ کی طرف، کہتے ہیں ہم کو وہ کافی ہے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا اگر چہ ان کے باپ دادا کچھ نہ جانیں اور نہ ہدایت پر ہوں۔

مولانا روم مست بادۂ قیوم نے اس قسم کی تقلید کی یوں مذمت فرمائی ہے

marfat.com
Marfat.com

تقدیر اگر دیگران نیز با وجود تکلم پیشوا در تکلم آیند

اس صورت میں اگر دوسرے بھی پیشوا کی گفتگو کے باوجود گفتگو کرنے

داخل سوء ادب است وموجب عدم رضائے پادشاہ پس

لگیں تو بے ادبی میں داخل ہے اور بادشاہ کی ناراضگی کا موجب ہے پس

مر مرا تقلید شاں برباد داد
در صد لعنت بر اں تقلید باد

دانائے شیراز حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

عبادت بتقلید گمراہی است
خنک رہروے را کہ آگاہی است

ایسے ہی یادِ حق سے غافل اور راہ راست سے بھٹکے ہوئے اہل ہوا کی تقلید کرنے سے سختی سے منع فرمایا گیا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے ولا تطع من اغفلنا قلبه عن ذكرنا واتبع هواه یعنی اس کی اطاعت نہ کرو جس کا قلب ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا اور وہ اپنی خواہش کے پیچھے چلا۔

مولانا روم فرماتے ہیں:

خاصہء تقلید چنیں بے حاصلاں
کابرو را ریختند از بہر ناں

## تقلید شرعی کی اقسام ثلاثہ

مسائل شرعیہ تین طرح کے ہیں

ا......عقائد

marfat.com
Marfat.com

تکلم حکمی این جماعه که بزبان پیشوا ادا می یابد بہتر

اس جماعت کا حکمی تکلم جو پیشوا کی زبان سے ادا ہوتا ہے بہتر ہے

ست از تکلم حقیقی این ہا ہمچنین است حال قرأت

اس حقیقی تکلم سے یہی حال ہے قوم کی قرأت کا

قوم با وجود قرأت امام که داخل شغب است وازادب

باوجود امام کی قرأت کے جو شور و فساد میں داخل ہے ادب سے

مستبعد و موجب تفرق که منافی اجتماع ست واکثر

دور اور موجب انتشار جو اجتماع کے منافی ہے اکثر

۲......وہ احکام جو کتاب وسنت سے صراحتہً ثابت ہیں اوران میں بظاہر کوئی تعارض نہیں انہیں مسائل منصوصہ غیر متعارضہ بھی کہا جاتا ہے۔اجتہاد کا ان میں کوئی عمل دخل نہیں۔

۳......وہ مسائل جو صراحتہً کسی آیت یا حدیث صحیح سے ثابت نہیں یا ثابت تو ہیں مگر اس آیت یا حدیث میں متعدد معانی کا احتمال ہونے کی بناپر قطعی طور پر کسی ایک معنی پر محمول نہیں کیا جاسکتا یا وہ کسی دوسری آیت یا حدیث سے بظاہر متعارض ہے اس قسم کے مسائل کو مسائل غیر منصوصہ کہا جاتا ہے جنہیں مجتہد بذریعہ اجتہاد مستنبط کرتا ہے۔انہیں مسائل مستنبط میں غیر مجتہد کو کسی مجتہد کی تقلید کرنا پڑتی ہے۔

عقائد اسلامیہ اور اصول دینیہ میں کسی مجتہد کی تقلید نہیں ہوتی البتہ مسائل فرعیہ میں ائمہ مجتہدین کی تقلید کی جاتی ہے۔

## مجتہدین کی اقسام

حضرت علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے مقدمہ شامی میں طبقات فقہاء کی بحث

marfat.com
Marfat.com

مسائل خلافی میان حنفی و شافعی ازیں قبیل ست کہ
حنفی اور شافعی (فقہ) کے درمیان اختلافی مسائل اسی قبیل سے ہیں جو
ظاہر وصورت مرجح بجانب شافعی است وباطن و
ظاہر اور صورت میں شافعی کی جانب ترجیح دینے والے ہیں اور باطن اور
حقیقت مؤید مذہب حنفی و برین فقیر ظاہر ساختہ
حقیقت میں حنفی مذہب کے مؤید اس فقیر پر ظاہر کیا گیا

کرتے ہوئے مجتہدین کے چھ طبقے بیان فرمائے ہیں۔

۱......مجتہد فی الشرع: وہ ائمہ عظام ہیں کہ جنہوں نے اجتہاد کے قواعد کو وضع کیا ہے جیسے ائمہ اربعہ (رحمۃ اللہ علیہم اجمعین)

۲......مجتہد فی المذہب: وہ ائمہ کرام ہیں کہ جو ائمہ اربعہ کے وضع کردہ قواعد اجتہادیہ کی روشنی میں مسائل شرعیہ فرعیہ خود استنباط کر سکتے ہیں جیسے امام ابو یوسف، امام محمد اور عبداللہ بن مبارک رحمہم اللہ یہ ائمہ قواعد میں حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مقلد ہیں مگر مسائل میں خود مجتہد ہیں۔

۳......مجتہد فی المسائل: وہ شیوخ کرام ہیں جو قواعد اجتہادیہ اور مسائل فرعیہ دونوں میں مقلد ہیں مگر جن مسائل کی بابت ائمہ کرام کی تصریحات نہیں ملتیں ان کو قرآن وحدیث وغیرھا دلائل سے اخذ کر سکتے ہیں جیسے امام طحاوی، شمس الائمہ امام سرخسی اور قاضی خان وغیرہم

۴......اصحاب تخریج: وہ حضرات ہیں کہ جن میں اجتہاد کی صلاحیت وقابلیت تو نہیں ہوتی البتہ ائمہ کرام میں سے کسی کے مجمل قول کی تفصیل بیان فرما سکتے ہیں جیسے امام کرخی وغیرہ۔

marfat.com
Marfat.com

اند که درخلافیات کلام حق بجانب حنفی ست تکوین

کہ علم کلام کے اختلافات میں حق حنفی کی جانب ہے تکوین

را از صفات حقیقیه می داند ہرچند بظاہر رجوع بقدرت

کو صفات حقیقیہ سے جانتے ہیں اگرچہ بظاہر قدرت اور ارادہ

وارادت می نماید لیکن بدقت نظر و نور فراست معلوم

کی طرف رجوع دکھائی دیتا ہے لیکن دقت نظر اور نور فراست سے معلوم

۵......**اصحاب ترجیح**: وہ حضرات ہیں جو حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے چند اقوال میں سے بعض کو ترجیح دے سکتے ہیں ایسے ہی جہاں امام اعظم اور صاحبین کا کسی مسئلہ میں اختلاف ہو تو یہ حضرات ھذا اصح یا ھذا اولیٰ وغیرھا کے الفاظ سے کسی ایک کے قول کو ترجیح دے سکتے ہیں جیسے صاحب قدوری اور صاحب ہدایہ۔

۶......**اصحاب تمیز**: وہ علمائے اعلام ہیں جو ظاہر مذہب، نادر روایات، ضعیف، قوی اور اقویٰ اقوال میں تمیز وتفریق کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں تاکہ اقوال مردودہ اور روایات ضعیفہ کو ترک کر دیا جائے اور معتبر اقوال اور صحیح روایات کو لے لیا جائے جیسے صاحب کنز اور صاحب درمختار وغیرہ۔

جس شخص میں ان چھ اوصاف میں سے کوئی وصف نہ پایا جائے وہ مقلد محض ہے ایسے ہی اگر کوئی محقق فی المذاہب کسی صحیح حدیث سے آگاہ ہو کر اس پر عمل پیرا ہو تو وہ اس سے غیر مقلد نہیں بن جائے گا بلکہ وہ حنفی ہی رہے گا کیونکہ اس نے اس حدیث صحیح پر عمل حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے قول اذا صح الحدیث فھو مذھبی کے مطابق کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا: یاایھاالذین امنوا اطیعوا اللّٰہ

marfat.com
Marfat.com

می گردد که تکوین صفت علیحدہ است علیٰ هذا القیاس
ہوتا ہے کہ تکوین علیحدہ صفت ہے علیٰ ھذا القیاس اور

ودرخلافت فقہی در اکثر مسائل حق بجانب حنفی
اور فقہی اختلافات میں اکثر مسائل کے اندر حق حنفی کی

متیقن است ودراقل متردد واین فقیر را در توسط احوال
جانب متیقن ہے اور بہت کم میں تردد ہے اس فقیر کو درمیانی احوال میں

واطیعوا الرسول واولی الامر منکم یعنی اے ایمان والواطاعت کرواللہ کی اوراطاعت کرورسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اوراولی الامر کی جوتم میں سے ہیں۔

اس آیت کریمہ میں اولی الامر سے علمائے مجتہدین مراد ہیں جو صاحبان علم و استنباط ہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ولو ردوہ الی اللّٰہ والی الرسول والی اولی الامر منھم لعلمہ الذین یستنبطونہ منھم سے عیاں ہے اس لئے اولی الامر کی اطاعت من حیث الاستنباط ہے نہ کہ من حیث الحکومت۔ اس لئے یہ اطاعت، شرعی اطاعت ہوگی اور اگر کوئی امر الٰہی کے خلاف حکم دے تو ہرگز اس کی اطاعت واجب نہیں جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات لاطاعۃ لمخلوق فی معصیۃ الخالق سے واضح ہے مزید برآں اولی الامر کو بلا اعادہ فعل اطیعوا "اطیعوا الرسول" پر اطاعت کر کے اس امر کی طرف اشارہ کر دیا گیا کہ جس طرح حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت احکام شرعیہ میں بغیر مطالبہء دلیل واجب ہے ایسے ہی علمائے مجتہدین کی اطاعت مسائل اجتہادیہ میں بلا طلب دلیل محض حسن ظن کی بناء پر غیر مجتہدین پر واجب ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت بحیثیت رسول واجب قطعی ہے جبکہ ائمہ مجتہدین کی اطاعت تقویٰ واجتہاد اور ان کے ساتھ حسن ظن کی

marfat.com
Marfat.com

وجہ سے واجب ظنی ہے اسی اطاعت کو تقلید کہا جاتا ہے۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے اجتہاد کی تحسین وتصویب فرمائی ہے چنانچہ روایت میں ہے:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن کا قاضی بنا کر بھیجا تو یہ پوچھا کیف تقضی اذا اعرض لك قضاء کہ اگر کوئی قضیہ پیش آ جائے تو کس طرح فیصلہ کرو گے؟...... انہوں نے عرض کیا کتاب اللہ کے موافق فیصلہ کروں گا۔

ارشاد فرمایا کہ اگر وہ مسئلہ کتاب اللہ میں نہ ہو تو؟ عرض کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے مطابق فیصلہ کروں گا۔

آپ نے فرمایا کہ اگر اس میں بھی نہ ملے تو...... عرض کیا: اجتهد برائی و لا الو میں اجتہاد کر کے اپنی رائے سے فیصلہ کروں گا اور تلاش میں کوئی کسر نہ چھوڑوں گا۔ حضرت معاذ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (فرط مسرت سے) اپنا دست مبارک میرے سینہ پر مارا کہ اللہ کا شکر ہے اس نے اپنے رسول کے قاصد کو اس بات کی توفیق دی جس پر اللہ کا رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) راضی ہے۔ (مشکوٰۃ)

اس حدیث مبارکہ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضی ومنشاء کے مطابق حضرت معاذ بن جبل کا مسائل غیر منصوصہ میں بذریعہ اجتہاد احکام شرعیہ ظاہر کرنا ثابت ہوتا ہے نیز اہل یمن کا ان کی اتباع وتقلید کرنا معلوم ہوتا ہے۔

حدیث مبارک میں ہے کہ جب حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کوئی مسئلہ پوچھا جاتا تو وہ اسے قرآن سے نکالتے اگر قرآن میں نہ ملتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے نکالتے اگر سنت رسول سے نہ ملتا تو حضرات ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے ارشادات سے اخذ کرتے۔ ایک روایت میں ہے کہ جس بات پر صحابہ کرام رضی اللہ

marfat.com
Marfat.com

عنہم متفق ہوتے اسے اخذ کرتے فـان لـم یکن فیه امر برایه اگر وہاں بھی نہ ملتا تو اس معاملے میں اپنی رائے سے کام لیتے۔ (الداری ۳۳)

استخراج مسائل کے سلسلے میں خود امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

انی اقدم العمل بالکتاب ثم بالسنة ثم باقضیة الصحابه مقدما ما اتفقوا علی مااختلفوا و حینئذٍ اقیس یعنی میں کتاب اللہ پر عمل سب سے مقدم رکھتا ہوں ...... پھر اس کے بعد احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات پر...... اس کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے متفقہ فیصلہ پر...... اس کے بعد ان کے ان اقوال پر جو مختلف فیہ ہیں پھر قیاس کرتا ہوں۔ (الخیرات الحسان)

قدوۃ الکاملین حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ میں مؤذن رسول حضرت سیدنا بلال رضی اللہ عنہ کے مزار پر خواب میں زیارت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوا اور دیکھا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیرانہ سال شخص کو گود میں لئے ہوئے ہیں۔ میرے قلبی اندیشہ پر مطلع ہو کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ارشاد فرمایا'' ایں امام تست واہل دیار تو یعنی ابوحنیفه '' یہ تیرا امام ہے اور تیرے اہل وطن کا امام ابوحنیفہ (رضی اللہ عنہ) ہے۔ اس خواب سے ظاہر ہوا کہ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ان لوگوں میں سے تھے جو اوصاف طبع میں فانی اور احکام شرع میں باقی گذرے ہیں۔ یہ حقیقت اس امر سے عیاں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کو اٹھائے ہوئے ہیں اگر وہ خود چل کر آتے تو باقی الصفت ہوتے۔ باقی الصفت مخطی بھی ہوسکتا ہے اور مصیب بھی چونکہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم انہیں اٹھائے ہوئے تھے اس لئے وہ ذاتی صفات کے اعتبار سے فانی الصفت تھے اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صاحب بقا تھے۔ جب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے خطا نہیں ہوسکتی تو جو شخص آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قائم ہو وہ بھی خطا

marfat.com
Marfat.com

کے ارتکاب سے محفوظ ہوتا ہے این رمزے لطیف است ۔ (کشف المحجوب ۱۰۱)

شیخ الاتقیاء حضرت یحییٰ بن معاذ قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ مجھے خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار ہوا میں نے عرض کیا این اطلبك قال عند علم ابی حنیفه میں آپ کو کہاں طلب کروں فرمایا ابوحنیفہ کے علم میں (رحمۃ اللہ علیہ)۔ (کشف المحجوب)

یوں تو ائمہ اربعہ کے چاروں مسالک حق و درست ہیں لیکن فقہ حنفی کو ان میں سب پر فوقیت حاصل ہے جیسا کہ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز زیر نظر منہا میں رقمطراز ہیں:

اکثر مسائل خلافی میان حنفی وشافعی ازیں قبیل ست کہ ظاہر وصورت مرجح بجانب شافعی است وباطن وحقیقت مؤید مذہب حنفی یعنی حنفی اور شافعی فقہ کے اکثر اختلافی مسائل اسی قبیل سے ہیں کہ ان کا ظاہر اور صورت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی جانب کو ترجیح دینے والی ہے لیکن ان کا باطن وحقیقت مذہب حنفی کی ہی مؤید ہے۔

## ائمہ مجتہدین کا اپنے مقلدین کی اعانت کرنا

عالم ربانی حضرت امام عبدالوہاب شعرانی قدس سرہُ العزیز میزان میں ائمہ مجتہدین اور صوفیائے کاملین کے مقلدین ومعتقدین کو شفاعت واعانت کا مژدہ سناتے ہوئے رقمطراز ہیں:

ان الصوفية والفقهاء كلهم يشفعون في مقلديهم ويلاحظون احدهم عند طلوع روحه وعند سوال منكر ونكير له وعند الحشر والنشر والحساب والصراط ولا يغفلون عنهم في موقف من المواقف

marfat.com
Marfat.com

الی آخرہ واذا کان مشائخ الصوفیہ یلاحظون اتباعھم ومریدیھم فی جمیع الاھوال والشدائد فی الدنیا والآخرۃ فکیف بائمۃ المجتھدین وھم ائمۃ المذاھب الذین ھم اوتاد الارض واوتاد الدین وامناء الشارع علی امت فطب نفسایا اخی وقرعینا بتقلید کل امام ماشئت منھم یعنی صوفیائے کرام اور فقہائے عظام اپنے مریدین ومقلدین کی شفاعت کریں گے اور وہ ان میں سے ہر کسی کی جاں کنی کے وقت، منکر نکیر کے سوالات وجوابات کے وقت، حشر ونشر، حساب اور پل صراط سے گذرتے وقت ملاحظہ کریں گے اور کسی مقام پر بھی ان سے غافل نہیں ہونگے۔ جب مشائخ صوفیہ دنیا وآخرت میں تمام مصائب وشدائد میں اپنے متبعین ومریدین کو ملاحظہ کرتے ہیں تو ائمہ مجتہدین اپنے مقلدین ومتبعین کو کیوں ملاحظہ نہیں کریں گے حالانکہ ائمہ مذاہب وہ پاکباز حضرات ہیں جو زمین ودین کے اوتاد ہیں اور امت مصطفویہ علی صاحبہا الصلوات والتسلیمات پر حضرت شارع کے امین ہیں فلہذا اے بھائی! خوش ہوجا اور ائمہ کرام میں سے کسی امام کی تقلید سے اپنی آنکھوں کو ٹھنڈا کر۔ (الاصول الاربعہ فی تردید الوہابیہ ۸۰)

دوسری صدی کے آخر سے تیسری صدی کے آخر تک ائمہ اربعہ کی فقہ کی تدوین وشیوع ہو چکا تھا اور چوتھی صدی میں ان چاروں اماموں کی فقہوں پر ملت اسلامیہ کا اتفاق ہو گیا تھا فلہذا اب جو چیز ائمہ اربعہ کے مخالف ہو گی وہ اجماع امت کا خلاف ہوگا جیسا کہ امام ابن نجیم مصری رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں:

ان الاجماع انعقد علی عدم العمل بمذھب مخالف الاربعۃ لانضباط مذاھبھم وانتشارھا وکثرۃ اتباعھم یعنی ائمہ اربعہ کے خلاف رائے اپنانے کے ممنوع ہونے پر اجماع ہو چکا ہے اس لئے کہ ان چاروں کے مذاہب ہی منضبط ومدون ہیں اور عام وخاص میں مشہور ہیں اور انکے متبعین کی ہی کثرت ہے۔

(الاشباہ والنظائر ۱۴۳)

marfat.com
Marfat.com

## مذاہب اربعہ سے خروج گمراہی ہے

حضرت علامہ صاوی رحمۃ اللہ علیہ سورہ کہف واذکر ربك اذانسیت کی تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں: ولا یجوز تقلید ماعدا المذاهب الاربعة ولو وافق قول الصحابة والحديث الصحيح والاية فالخارج عن المذاهب الاربعة ضال مضل وربما اداه ذالك لكفر لان الاخذ بظواهر الكتاب والسنة من اصول الكفر یعنی مذاہب اربعہ کے علاوہ کسی کی تقلید جائز نہیں اگرچہ وہ قول صحابہ، حدیث صحیح اور آیت کریمہ کے موافق ہی ہو جوان مذاہب اربعہ سے خارج ہے وہ گمراہ اور گمراہ کن ہے کیونکہ کتاب وسنت کے فقط ظاہری معنی لینا کفر کی جڑ ہے۔ (تفسیر صاوی)

ادیان عالم میں دین اسلام جس طرح ایک معتدل اور متوسط دین ہے ایسے ہی فرق اسلامیہ میں اہل سنت وجماعت وہ معتدل گروہ ہے جو ہر قسم کی افراط وتفریط سے پاک ہے۔اہل سنت وجماعت کے مذاہب اربعہ میں مجتہدین کی تقلید وہ نقطہ اعتدال ہے جولوگوں کوخواہشات نفسانی،سہولت پسندی، بے احتیاطی، دینی آوارگی اور فکری افتراق وانتشار سے محفوظ رکھتا ہے اور غیر مجتہدین علماء اعلام اور عامۃ المسلمین کوائمہ مجتہدین کا ممنون احسان اور نیاز مندرکھتا ہے اور غیر مقلدیت اور تلفیق کے فتنہ سے مسلمانوں کومحفوظ رکھتا ہے اور اسی میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رضاوخوشنودی ہے۔اس کی مثال امیر المومنین حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دورخلافت میں لغات سبعہ پر جب باہمی اختلاف ونزاع پیدا ہوا تو حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے اتفاق واجماع سے قرآن کریم کی سات لغتوں میں سے صرف لغت قریش اختیار کرنے اور بقیہ سب لغات والے مصاحف کے تلف کرنے کا واقعہ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں تلفیق کی قدرے وضاحت کردی جائے تاکہ فہم مسئلہ میں سہولت رہے۔ و باللّٰہ التوفیق

## تلفیق

تلفیق کا لفظ لفق سے ماخوذ ہے جس کا لغوی معنی شکرے کا شکار پر چھوڑا جانا مگر شکار نہ کرنا، مقصد میں ناکام اور ایک کنارے سے دوسرے کنارے کا ملانا وغیرھا کے آتے ہیں۔

اصطلاحاً ایک امام کی اتباع کو دوسرے امام کی اتباع سے جوڑنا ہے ایسے کہ کوئی مقلد شخص محض نفسانی خواہشات اور سہولت کی خاطر کچھ مسائل میں ایک امام کی تقلید کرے، کچھ مسائل میں دوسرے امام کی تقلید کرے اور کچھ مسائل میں تیسرے امام کو پیرو کار جانے اور کچھ مسائل میں چوتھے امام کی تحقیقات کو مانے۔ یوں مسائل ملا کر ایک نئے مذہب کا معجون مرکب بنا دے اور وہ کسی بھی امام کے نزدیک پسندیدہ نہ رہے یا ایک عمل میں مختلف مذاہب کو جمع کر دیا جائے اور وہ مجموعی عمل کسی امام کے ہاں بھی درست نہ رہے اسے تلفیق کہا جاتا ہے۔

اس کے متعلق علمائے کرام ارشاد فرماتے ہیں ھو تتبع الرخص عن ھوی یعنی تلفیق نفسانی تقاضوں سے شریعت کی رخصتوں کو تلاش کرنا ہے۔ (قواعد الفقہ ۲۳۴)

جبکہ علامہ عبدالبر مالکی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے ان تتبع رخص المذاھب غیر جائز بالاجماع یعنی مذاہب میں رخصتیں تلاش کرنے کے ناجائز ہونے پر اجماع ہو چکا ہے۔ (مسلم الثبوت)

دراصل تلفیق مذاہب تلاعب فی الدین ہے جو ممنوع اور حرام ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات میں ہے مثل المنافق کمثل الشاۃ العائرۃ بین

marfat.com
Marfat.com

الغنمین تعیر الی هذه مرة والی هذه مرة یعنی منافق کی مثال اس بکری کی سی ہے جو دو ریوڑوں کے درمیان پھرتی ہے کبھی ایک ریوڑ میں جاتی ہے کبھی دوسرے ریوڑ میں۔ (مشکوٰۃ)

دوسری روایت میں ہے:

ان شر الناس ذوالوجهین الذی یأتی هولاء بوجه وهولاء بوجه

یہ امر ذہن نشین رہے کہ مسائل کی دو قسمیں ہیں۔

**مسائل متفقه اور مسائل مختلفه**

متفق علیہا مسائل میں تو سب ائمہ کا اتباع ہوگا اور مختلف فیہا مسائل میں سب کا اتباع ممکن نہیں لہٰذا کسی ایک امام کی اتباع ہی ہوگی۔

اسی بنا پر فتاویٰ عالمگیری میں ہے حنفی ارتحل الی مذهب الشافعی یعزر یعنی جو حنفی، مذہب شافعی کی طرف منتقل ہوگا اسے تعزیراً سزا دی جائے گی۔

حضرت علامہ احمد حموی حنفی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

ان المنتقل من مذهب الی مذهب بالاجتهاد والبرهان اثم فیستوجب التعزیر فبلا اجتهاد و برهان اولیٰ یعنی ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں اجتہاد و برہان کے ذریعے منتقل ہونے والا گناہ گار ہے اور تعزیر کا مستوجب ہے اجتہاد و برہان کے بغیر کسی دوسرے مذہب کی طرف منتقل ہونے والا زیادہ گناہ گار اور تعزیر کا حقدار کیوں نہ ہوگا۔ (شرح اشباہ)

شرح مسلم الثبوت میں ہے:

غیر المجتهد المطلق ولو کان عالماً یلزمه التقلید لمجتهد یعنی غیر مجتہد مطلق اگرچہ عالم ہی ہو اس پر مجتہد کی تقلید کرنا لازم ہے۔

حضرت علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ تلفیق کے متعلق رقمطراز ہیں:

marfat.com
Marfat.com

ان الحکم الملفق باطل بالاجماع وان الرجوع عن التقلید بعد العمل باطل اتفاقاً یعنی بلاشبہ تلفیق بالاجماع باطل ہے اور ایک مذہب کے مطابق عمل کرنے کے بعد (محض اپنی سہولت کیلئے) اس سے نکلنا بالاتفاق باطل و ناجائز ہے۔ (ردالمحتار ۱/۷۵)

## تلفیق کی مثال

کسی حنفی شخص کے وضوء کے بعد چوٹ لگنے سے خون بہہ نکلا اس نے نئے سرے سے وضوء نہیں کیا پھر کسی عورت سے اس کا ہاتھ مس ہوگیا اب اگر اس نے اسی وضوء سے نماز پڑھ لی تو یہ نماز کسی امام کے نزدیک بھی درست نہیں ہوگی۔ عندالاحناف اس لئے نہیں کہ خون بہنے سے اس کا وضوء ٹوٹ گیا اور شوافع کے ہاں اس لئے نہیں کہ عورت کو مس کرنے سے اسکا وضوء جاتا رہا فلہٰذا دونوں مذاہب (حنفیہ وشافعیہ) کے نزدیک اس کیلئے اس وضوء سے نماز پڑھنا درست نہیں یہاں مسئلہ کا حکم تو ایک ہے مگر دونوں مذاہب کے اعتبار سے اس کی جہات مختلف ہیں۔

جب اسکا خون بہا اور اس کا وضوء ٹوٹ گیا، اس لئے اسے ایسی حالت میں نماز نہیں پڑھنا چاہیے تھی بلکہ از سر نو وضوء کرنا چاہیے تھا لیکن وہ حنفی اندر ہی اندر شافعی المسلک ہوگیا تاکہ پہلے وضوء کے ساتھ ہی نماز پڑھ لے کیونکہ وضوء کے بعد خون بہنے سے عندالشوافع وضوء نہیں ٹوٹتا مگر جب اسکا ہاتھ کسی عورت سے چھوگیا تو عندالشوافع اسکا وضوء جاتا رہا کیونکہ شوافع کے ہاں عورت کو چھو لینے سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے جبکہ احناف کے ہاں ہاتھ کے مس کرنے سے وضوء نہیں ٹوٹتا اس لئے اس نے پھر حنفی مسلک اختیار کرلیا یوں اس کا ایک ہی عمل میں مختلف ائمہ کے مذاہب پر آنا جانا تلفیق ہے جو ایک نازیبا حرکت ہے جو محض سہولت پسندی اور نفسانی خواہش ہے جس کی مذمت ارشاد باری تعالیٰ افرأیت من اتخذ الھہ ھواہ سے عیاں ہے۔

marfat.com
Marfat.com

یاد رہے کہ کسی مذہب سے اگر کوئی شخص بر بنائے تحقیق نکلتا ہے تو یہ امر ممنوع نہیں ہے جیسا کہ حضرت امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ امام ہمام حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے مقلد تھے لیکن جب کتب حنفیہ کا بنظر عمیق مطالعہ کیا اور فقہ حنفی کی حقیقت عیاں ہوئی تو شافعی مذہب کو ترک کر کے حنفی مذہب کو اختیار کر لیا فقہائے کرام کے نزدیک یہ تلفیق نہیں تحقیق ہے جو جائز ہے۔

## مقلد محقق کا تفرد

اگر کسی محقق کو کسی مسئلہ میں اپنے امام کے قول صریح کے برعکس کوئی حدیث شریف مل جائے یا اپنے امام کے اقوال مختلفہ میں سے کسی مرجوح قول کی مضبوط دلیل نظر آئے یا دوسرے امام کے قول کی دلیل زیادہ قوی معلوم ہو اور وہ محقق عالم اپنے امام کے قول کو چھوڑ کر اس حدیث مبارک پر عمل کرے یا قول مرجوح پر عمل کرے یا اپنے امام کے قول کو ترک کر کے جانب مخالف کو اختیار کرے تو اسے اصطلاح میں مقلد محقق کا تفرد کہا جاتا ہے اور اس محقق کو اس طرح تفرد اختیار کرنے اور اس کے مطابق عمل کرنے کی گنجائش ہے۔ مگر یہ بات مستحضر رہے کہ یہ حق صرف محقق کے علاوہ کسی اور کو ہرگز حاصل نہیں ہے اور اسے اس قسم کے تفرد اختیار کر لینے سے اپنے امام کے مذہب سے خارج بھی نہیں سمجھا جائے گا جیسا کہ حضرت علامہ ابن عابدین شامی مجددی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں:

ولا یخفی ان ذالک لمن کان اھلاً للنظر فی النصوص و معرفة محکمھا من منسوخھا یعنی یہ امر پوشیدہ نہیں کہ یہ اجازت صرف اسی محقق کو حاصل ہے جو اس پائے کا عالم ہو کہ نصوص میں غور و فکر کرنے کی صلاحیت و اہلیت رکھتا ہو اور ان کے محکم اور منسوخ کو پہچانتا ہو۔ (ردالمحتار للشامی ۱/ ۶۷)

marfat.com
Marfat.com

حضرت پیغمبر علیہ وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات در
حضرت پیغمبر آپ پر اور آپ کی آل پر صلوات و تسلیمات ہوں نے
واقعہ فرمودہ بودند کہ "تو از مجتہدان علم کلامی"
واقعہ میں فرمایا تھا کہ تم علم کلام کے مجتہدین سے ہو[3]
ازان وقت درہر مسئلہ از مسائل کلامیہ این فقیر را
اسی وقت سے مسائل کلامیہ کے ہر مسئلہ میں اس فقیر کی
رائے خاص ست و علم مخصوص در اکثر مسائل خلافیہ
خاص رائے ہے اور مخصوص علم۔ اکثر اختلافی مسائل میں
کہ ماتریدیہ واشاعرہ در آنجا متنازع اند درابتدائے ظہور
جو ماتریدیہ اور اشاعرہ کے درمیان متنازع ہیں اس مسئلہ کے ابتدائے ظہور

## 3 علم کلام کا مختصر تعارف

وہ علم ہے کہ جس میں ذات وصفات باری تعالیٰ اور اعتقادات اسلامیہ کے متعلق بحث ہوتی ہے اسے علم عقائد اور فقہ اکبر بھی کہا جاتا ہے۔ سراج الامہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ امت محمدیہ اور ملت مصطفویہ کے وہ پہلے بزرگ ہیں جنہوں نے اس فن کی تدوین وترتیب کی طرف توجہ مبذول فرمائی اور اس صنف خاص میں تمام معاصرین سے گوئے سبقت لے گئے بعد ازیں علمائے اعلام نے اس میں مزید تحقیقات اور ادیان ضالہ کے شکوک وشبہات کو رفع کر کے اس کی ترویج واشاعت میں بھرپور کردار ادا کیا اور فرقہائے باطلہ اور ملل ضالہ کی دسیسہ کاریوں اور دھوکہ دہیوں سے

marfat.com
Marfat.com

آن مسئلہ حقیقت بجانب اشاعرہ مفہوم میگردد و
میں حقیقت اشاعرہ کی جانب مفہوم ہوتی ہے اور جب
چوں بنور فراست حدت نظر نمودہ می آید واضح می
نور فراست کے ساتھ باریک بینی سے غور کیا جاتا ہے تو
گردد کہ حق بجانب ماتریدیہ است درجمیع مسائل
واضح ہوتا ہے کہ حق ماتریدیہ کی جانب ہے تمام اختلافی

قصر اہل سنت کو متزلزل ہونے سے مصئون و مامون کردیا اور دین اسلام کے عالیشان محل کو منہدم ہونے سے بچالیا۔ یوں ارشاد باری تعالیٰ یریدون لیطفؤا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون کے مصداق ملت اسلامیہ کے شیرازہ کو بکھرنے سے محفوظ کردیا۔ بقول شاعر

نور خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن
پھونکوں سے یہ نور بجھایا نہ جائے گا

جس طرح مسائل عملیہ فرعیہ میں اہل سنت و جماعت کے چار امام ہیں ایسے ہی علم کلام میں فتوح العقائد کے مطابق مسائل اعتقادیہ میں اہل سنت کے دو گروہ ہیں اشاعرہ اور ماتریدیہ۔ متکلمین اشعریہ (اشاعرہ) کے رئیس امام اہل سنت حضرت امام ابوالحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ ہیں جبکہ متکلمین ماتریدیہ کے امام شیخ الاسلام حضرت امام ابومنصور ماتریدی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔

گو حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز علم کلام میں امام المتکلمین حضرت امام ابومنصور ماتریدی رحمۃ اللہ علیہ کے پیروکار ہیں یہی وجہ ہے کہ اکثر اختلافی مسائل میں علمائے اشاعرہ کی بجائے مشائخ ماتریدیہ کے ساتھ موافقت رکھتے ہیں لیکن بارگاہ

marfat.com
Marfat.com

خلافیه کلامیه رائے این فقیر موافق آرائے علمائے

مسائل کلامیہ میں اس فقیر کی رائے علمائے

ماتریدیه است والحق که این بزرگواران را بواسطه

ماتریدیہ کی آراء کے موافق ہے اور حق یہ ہے کہ ان بزرگواروں کو

متابعت سنت سنیه علی صاحبها الصلوٰة والسلام والتحیة

روشن سنت علی صاحبہا الصلوٰۃ و السلام و التحیہ کی پیروی کے واسطہ سے

رسالت مآب علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات سے آپ علم کلام کی مسند اجتہاد پر فائز المرام ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ آپ مسائل کلامیہ کے ہر مسئلہ میں بر بنائے الہام وفراست نہ کہ تقلید وتخمین کے لحاظ سے خاص رائے اور مخصوص علم رکھتے ہیں۔ چنانچہ مشتے نمونہ از خروارے ایک مثال پیش خدمت ہے۔

پہاڑ کی چوٹی پر رہنے والا بت پرست باشندہ جسے دعوت حق نہیں دی گئی اس کے جنتی اور جہنمی ہونے کے متعلق علمائے متکلمین اہل سنت کا اختلاف ہے۔

## علمائے اشاعرہ کا مؤقف

ان کے نزدیک شاهق الجبل صنم پرست دائمی جنتی ہے اگرچہ بت پرست ہے کیونکہ اس تک کوئی دعوت حق نہیں پہنچی جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا سے واضح ہے۔

## متکلمین ماتریدیہ کا مؤقف

ان کے نزدیک شاهق الجبل بت پرست دائمی جہنمی ہے کیونکہ اس نے شرک

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| شان عظیم است که مخالفان ایشان رابواسطه خلط |
| شان عظیم حاصل ہے جو ان کے مخالفین کو فلسفیات میں |
| فلسفیات آن شان میسر نیست اگرچه ہردو فریق ازاہل |
| مشغولیت کی وجہ سے وہ شان میسر نہیں ہے اگرچہ دونوں فرین اہل حق |
| حق اند از علو شان امام بزرگترین ایں بزرگواران امام |
| سے ہیں بلندی شان ان بزرگوں کے بزرگ ترین امام |

کا ارتکاب کیا ہے بنابریں اس پر جنت حرام ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ انــــه مــن یشرك باللّٰه فقدحرم اللّٰه علیه الجنة ومأواه النار سے عیاں ہے۔

## حضرت شیخ ابن العربی کا موقف

ان کے نزدیک روز قیامت کسی پیغمبر کو اس قسم کے لوگوں کی طرف مبعوث فرمایا جائے گا جس نے دعوت حق کو قبول کرلیا اسے جنت میں بھیج دیا جائے گا اور جس نے قبول حق سے انکار کیا اسے جہنم میں جھونک دیا جائے گا۔

## حضرت امام ربانی کا امتیازی موقف

آپ ارشاد فرماتے ہیں: نزدایں فقیر مستحسن نیست، چه آخرت دار جزاست نه دار تکلیف تابعثت پیغمبرے نموده آید یعنی اس فقیر کے نزدیک یہ مطابقت مستحسن نہیں کیونکہ آخرت دار جزا ہے نہ کہ دار تکلیف کہ کسی پیغمبر علیہ السلام کو ان کی طرف مبعوث فرمایا جائے۔ مزید رقمطراز ہیں:

مدت مدید کے بعد عنایت خداوندی جل سلطانہ نے راہنمائی فرمائی اور اس معما

marfat.com
Marfat.com

کا حل منکشف فرمایا کہ یہ جماعت (پہاڑوں کے مشرک باشندے) نہ بہشت میں رہے گی نہ دوزخ میں بلکہ دوبارہ زندہ کرنے کے بعد ان کا حساب و کتاب ہوگا اور ان کے گناہوں کے اندازے کے مطابق انہیں عتاب وعذاب ہوگا اور ادائیگی حقوق کے بعد غیر مکلف حیوانات کی مانند انہیں معدوم مطلق اور لاشئی کر دیا جائے گا فلہذا بہشت میں دائمی ٹھکانہ کس کا ہوگا اور کون دوزخ میں جلے گا۔

آخر میں رقمطراز ہیں کہ

این معرفت غریبه را چون در محضر انبیائے کرام علیهم الصلوات والتسلیمات عرضه نموده شد همه تصدیق آن فرمودند ومقبول داشتند والعلم عندالله سبحانه یعنی اس نادر معرفت کو جب واقعہ یا خواب میں انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات کے حضور پیش کیا گیا تو تمام انبیائے کرام علیہم السلام نے اس کی تصدیق بھی فرمائی اور شرف قبولیت سے بھی نوازا۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۲۵۹)۔

marfat.com
Marfat.com

اجل پیشوائے اکمل ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ چہ

امام اجل ، پیشوائے اکمل ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کیا لکھے ؟

نویسد کہ اعلم و اورع واتقائے مجتہدین است چہ

جو مجتہدین کے سب سے زیادہ عالم، صاحب ورع اور صاحب تقویٰ ہیں

## سراج الامہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا مختصر تعارف

آپ کا اسم گرامی نعمان بن ثابت (رحمۃ اللہ علیہ) کنیت ابوحنیفہ (باعتبار وصفی معنی) اور لقب امام اعظم ہے۔ آپ ۸۰ھ میں کوفہ میں بزمانہ خلافت عبدالملک بن مروان متولد ہوئے۔ آپ طویل القامت، گندمی رنگ، خوبرو، باہیبت، خوش لباس، شیریں آواز مگر کم گو شخصیت کے مالک تھے۔ آپ فصاحت و بلاغت، دانشمندی، دقیقہ سنجی اور نکتہ شناسی میں اپنی مثال آپ تھے۔ آپ دعائے مرتضیٰ (رضی اللہ عنہ) اور تمنائے مصطفیٰ (علیہ التحیۃ والثناء) تھے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا لو کان العلم بالثریا لتناولہ رجال من ابناء فارس یعنی اگر علم ثریا کے پاس بھی ہوا تو ابنائے فارس میں سے ایک جواں مرد اس کو پالے گا۔ بقول شاعر

صاحبان جرأت و اقبال کی پیشانیاں
کھینچ لیتی ہیں فلک سے عشق کی تابانیاں

آپ کے متعلق منقول ہے لو وزن عقل ابی حنیفۃ بعقل نصف اھل الارض لرجح بھم یعنی اگر آدھی دنیا کی عقل کو حضرت امام ابوحنیفہ کی عقل سے وزن کیا جائے تو ان کی عقل کا پلڑا بھاری رہے گا۔

آپ متعدد صحابہء کرام رضی اللہ عنہم کی زیارت سے مشرف ہوئے آپ نے

marfat.com
Marfat.com

چار ہزار اساتذہ تابعین وغیرہم سے علم حاصل کیا جن میں سب سے زیادہ معروف حضرت امام حماد رضی اللہ عنہ ہیں۔ آپ کو امام الاولیاء حضرت سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے بھی شرف تلمذ وارادت حاصل ہوئی جیسا کہ آپ کے ارشاد گرامی لولا السنتان لهلك النعمان سے واضح ہے۔ آپ چار ہزار احادیث مبارکہ کے راوی ہیں جن میں ۲۱۵ احادیث میں آپ منفرد ہیں۔ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں عجباً للناس يقولون انی افتی بالرأی مافتی الا بالاثر یعنی ہمیں لوگوں پر تعجب ہے جو کہتے ہیں کہ میں اپنی رائے سے فتوی دیتا ہوں حالانکہ میں تو آثار صحابہ (رضی اللہ عنہم) کے مطابق فتویٰ دیتا ہوں۔ (مکتوبات سعیدیہ مکتوب ۹۷)

قال ابو حنيفه اذاجاء الحديث عن النبی صلی الله عليه وسلم فعلى الرأس والعين وان كان من اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم لم نخرج من قولهم وان كان من التابعين زاحمنا هم یعنی حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے سر آنکھوں پر اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال سے ہم باہر نہیں نکلتے اور اگر تابعین (رضی اللہ عنہم) کا قول سامنے آجائے تو ہم ان میں غور وفکر کرتے ہیں۔ (مکتوبات سعیدیہ)

حضرت ابوعبداللہ مروزی حضرت امام کے متعلق فرماتے ہیں هو فی الفقهاء كقطب الرحى عليه يد ور امر الفقه وهو فيه بارع الى يوم الدين یعنی امام اعظم رضی اللہ عنہ فقہاء کرام میں ایسے ہیں جیسے چکی کی میخ، جن پر فقہ کا دارومدار ہے اور آپ روز قیامت تک اس میں یکتا ہیں۔ (مکتوبات سعیدیہ)

جب حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے آخری حج ادا کیا تو خدام کعبہ نے آپ کیلئے خانہ کعبہ کا دروازہ کھول دیا جہاں آپ تلاوت وعبادت میں مشغول رہے اچانک بحالت نوم ہاتف غیب سے آواز سنائی دی" يا ابا حنيفة اخلصت خدمتی

marfat.com
Marfat.com

واحسنت معرفتی فقد غفرت لك ولمن اتبعك ببركة اخلاصك واحسانك الی قیام الساعة یعنی اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اے ابوحنیفہ! تو نے میری (دین اسلام) خدمت اخلاص کے ساتھ کی ہے اور میری معرفت خوب حاصل کی ہے، میں نے تجھے بخشا اور تیرے اخلاص واحسان کی برکت سے ہر اس شخص کو بخشا جو تیری اتباع (تقلید) کرے گا۔ (مکتوبات سعیدیہ)

آپ کو عہدۂ قضاۃ قبول نہ کرنے کی پاداش میں کھانے میں زہر دیا گیا اور سو کوڑے مارے گئے جس کی آپ تاب نہ لا سکے اور ۱۵۰ھ بحالت سجدہ خالق حقیقی سے جا ملے انا للّٰہ وانا الیه راجعون ۔ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات ترفع زینة الدنیا سنة خمسین ومأة میں آپ کے وصال باکمال کی طرف ہی اشارہ ہے۔ (مکتوبات سعدیہ) آپ کی نماز جنازہ میں ۵۰ ہزار سے زائد افراد نے شرکت کی۔ چھ مرتبہ آپ کی نماز جنازہ پڑھی گئی تقریباً بیس دن تک لوگ آپ کی قبر پر نماز پڑھتے رہے۔

آپ کی تدفین کے بعد تین رات تک ندائے غیبی سنی گئی کہ کوئی شخص کہتا ہے

ذهب الفقه فلا فقه لكم فاتقوا اللّٰه وكونوا خلفاً
مات نعمان فمن هذا الذی یحیی اللیل اذا ما سجفاً

یعنی فقہ جاتا رہا اب تمہارے لئے فقہ نہیں تو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور ان کے خلف بنو حضرت امام نعمان انتقال کر گئے تو اب کون ایسا شخص ہے جو شب کو عبادت کرتا ہو جب وہ تاریک ہو جائے۔

منقول ہے کہ خلیفہ منصور حضرت امام پاک کی قبر انور پر گیا اور وہاں نماز پڑھی اور کچھ معذرت خواہ الفاظ بھی کہے بقول شاعر

وہ آئے ہیں پشیماں لاش پر اب
تجھے اے زندگی لاؤں کہاں سے

marfat.com
Marfat.com

ایک زمانہ کے بعد سلطان ابوسعد خوارزمی نے آپ کی قبر مبارک پر ایک بڑا شاندار قبہ بنوایا اور اس کے متصل ایک جانب مدرسہ جاری کیا۔ سلطنت عثمانیہ کے علم دوست اور عادل بادشاہ سلطان الپ ارسلان سلجوقی نے ۴۵۹ھ میں آپ کے روضہ اقدس کی تعمیر کروائی۔ چنانچہ آپ کا مزار پر انوار آدمیہ بغداد میں مرجع خلائق ہے۔

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی مثال حضرت عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام کی مانند ہے جنہوں نے ورع وتقویٰ کی برکت اور سنت کی متابعت کی بدولت اجتہاد واستنباط میں وہ بلند درجہ حاصل کیا ہے کہ دوسرے حضرات کی فہم اس کے سمجھنے سے عاجز وقاصر ہے اور وہ ان کے اجتہادات کو دقت معانی کے باعث کتاب وسنت کے مخالف جانتے ہیں ان کو اور انکے اصحاب کو ''اصحاب رائے'' خیال کرتے ہیں۔ یہ سب کچھ ان کے علم کی حقیقت ودرایت تک نہ پہنچنے اور ان کے فہم وفراست پر مطلع نہ ہونے کی وجہ سے ہے۔ حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ جنہوں نے ان (امام ابوحنیفہ) کی فقاہت کی باریکی سے تھوڑا سا حصہ حاصل کیا ہے فرماتے ہیں الفقھاء کلھم عیال ابی حنیفہ (یعنی تمام فقہاء حضرت ابوحنیفہ کی عیال ہیں) ان کم نظر معترضین کی جرأت پر افسوس ہے جو اپنے قصور کو دوسروں کی طرف منسوب کرتے ہیں۔

قاصرے گر کند ایں قافلہ را طعن قصور
حاشا للہ کہ بر آرم بزباں ایں گلہ را
ہمہ شیران جہاں بستہء ایں سلسلہ اند
روبہ از حیلہ چساں بگسلد ایں سلسلہ را

عجیب معاملہ ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سنت کی پیروی میں سب سے پیش پیش ہیں حتی کہ احادیث مرسل کو احادیث مسند کی طرح متابعت کے لائق جانتے ہیں اور ان کو اپنی رائے پر مقدم کرتے ہیں اور اسی طرح صحابہ کرام کے قول کو حضرت

marfat.com
Marfat.com

خیرالبشر علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کی شرف صحبت کے باعث اپنی رائے پر مقدم رکھتے ہیں جبکہ دوسروں کا حال ایسا نہیں ہے (امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کسی صحابی کے قول کو خواہ وہ حضرت صدیق ہوں یا حضرت امیر (رضی اللہ عنہما) اپنی رائے پر مقدم نہیں کرتے اور اپنی رائے کے موافق عمل کرنا صواب و بہتر جانتے ہیں خواہ وہ صحابی کے قول کے مخالف ہی ہو)۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر دوم مکتوب ۳۶) اس کے باوجود مخالفین ان کو "صاحب رائے" کہتے ہیں اور ایسے ایسے الفاظ ان کی طرف منسوب کرتے ہیں جن سے بے ادبی ظاہر ہوتی ہے حالانکہ وہ سب ان کے کمال علم اور ورع وتقویٰ کی کثرت کا اقرار کرتے ہیں۔ حق سبحانہ وتعالیٰ ان حضرات کو توفیق عطا کرے کہ وہ پیشوائے دین اور اہل اسلام کے سردار کی دل آزاری نہ کریں اور اسلام کے "سواد اعظم" کو ایذا نہ دیں۔ یریدون ان یطفؤا نور اللّٰہ بافواھھم (التوبہ ۳۲) وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنی پھونکوں سے بجھا دیں۔ بلا تکلف وتعصب کہا جا سکتا ہے کہ اس مذہب حنفی کی نورانیت کشفی نظر میں دریائے عظیم کی مانند دکھائی دیتی ہے اور دوسرے تمام مذاہب حوضوں اور نہروں کی طرح نظر آتے ہیں۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر دوم مکتوب ۵۵)

مملکت عراق کا مشہور شہر کوفہ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی خاص نگرانی میں تعمیر و آباد ہوا تھا جہاں جلیل القدر صحابہ کرام اور علمائے اعلام نے اس کی عظمت کو چار چاند لگا دیئے مگر سید الشہداء حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے جانثار رفقاء و اہل بیت کو کربلا (کوفہ) کے جھلستے ہوئے ریگزاروں میں جس سنگدلی اور بے دردی کے ساتھ خاک وخون میں تڑپایا اور رہی سہی کسر حجاج بن یوسف کے ظلم واستبداد نے نکال دی۔ ان گھناؤنے افعال کے ارتکاب کی وجہ سے کوفہ کی روشن جبیں پر کلنک کا ٹیکہ لگ گیا اور

marfat.com
Marfat.com

لوگ کوفہ کو شہر بے وفا کے نام سے پکارنے لگے جو بعد میں ایک نامور بزرگ شخصیت حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی وجہ سے ایک بار پھر شریعت محمدیہ اور سنن نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات کا مینارۂ نور بن کر ابھرا اور کوفہ پھر علم وعرفان کا فانوس ثابت ہوا یوں خلافت راشدہ کے بعد پیدا ہونے والا خلا پُر ہو گیا۔

آنے والی ہر بڑی حکومت خواہ وہ سلطنت عباسیہ ہو یا سلطنت عثمانیہ یا ہندوستان میں مغل حکومت سب نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مدونہ قوانین کو اپنی سلطنت میں رائج کیا۔ ( والحمدللّٰہ علیٰ ذالك )

marfat.com
Marfat.com

شافعی ومالك وچه احمد حنبل امام شافعی می فرماید

کیا شافعی و مالک ؒ اور کیا احمد حنبلؒ امام شافعی فرماتے ہیں

## امام دارالہجرتین امام مالک رضی اللہ عنہ کا مختصر تعارف

حضرت امام مالک ؒ وہ سب سے پہلے شخص ہیں جو دنیائے علم میں بیک وقت حدیث اور فقہ کے امام کہلائے۔ آپ کی ولادت ۹۳ھ میں ہوئی ہے۔ امام مالک شکم مادر میں عام معمول کے خلاف تین سال تک رہے ہیں۔

حضرت امام مالک کے اساتذہ اور مشائخ میں زیادہ تر مدینہ طیبہ کے بزرگانِ دین شامل تھے، آپ نے نوسو سے زیادہ مشائخ اور بزرگانِ دین سے علم دین حاصل کیا۔

حضرت امام مالک کا قد مبارک دراز، بدن فربہ اور رنگ سفید مائل بہ زردی تھا۔ آنکھیں بڑی اور خوبصورت تھیں ناک بلند اور سر پر برائے نام بال تھے۔ حضرت امام مالک نے ستاسی سال کی عمر گزاری لیکن داڑھی میں خضاب کی ضرورت محسوس نہیں کی۔ یمن، مصر اور خراسان کے بنے ہوئے بیش قیمت لباس زیب تن فرمایا کرتے تھے۔ عام طور پر سفید رنگ کا لباس پہنتے تھے اور خوشبو کا خاص اہتمام فرماتے تھے سر پر عمامہ باندھتے تھے اور دونوں شانوں کے درمیان شملہ لٹکایا کرتے تھے۔

حضرت امام مالک کو تحصیل علم کی بے حد لگن تھی زمانہ طالب علمی میں آپ کے پاس کچھ زیادہ مال نہ تھا لیکن کتابوں کا اشتیاق اس قدر تھا کہ مکان کی چھت توڑ کر اس کی کڑیاں فروخت کیں اور کتابیں خرید لیں اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان پر دولت کا دروازہ کھول دیا۔

آپ مدینہ منورہ کے جس مکان میں رہتے تھے وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی رہائش گاہ تھی۔ مسجد نبوی میں اس جگہ بیٹھا کرتے جہاں حضرت عمر رضی اللہ عنہ

marfat.com
Marfat.com

تشریف فرماہوا کرتے تھے ۔آپ نے حرم مدینہ میں کبھی قضائے حاجت نہیں کی۔قضائے حاجت کے لیے تمام عمر حرم مدینہ سے باہر تشریف لے جاتے رہے۔ آپ مدینہ منورہ میں کبھی بھی سوار ہوکر نہیں نکلتے تھے اوراس کا سبب بیان کرتے ہوئے فرماتے تھے کہ جس شہر میں رسول اللہ صلی علیہ وسلم کا روضہ ہواس شہر کی سرزمین کو سواری کے سموں سے روندتے ہوئے مجھے حیا آتی ہے۔

امام العشاق حضرت امام مالک انتہائی سادہ اور بے نفس تھے۔ابن مھد بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک شخص نے امام مالک سے مسئلہ پوچھاتو آپ نے فرمایا میں اس کو اچھی طرح بیان نہیں کرسکتا۔وہ شخص کہنے لگا میں بڑی دور سے آپ کا نام سن کر مسئلہ معلوم کرنے آیا تھا آپ نے فرمایا جب واپس تم اپنے گھر پہنچو تو بتا دینا کہ مالک نے کہا تھا کہ میں یہ مسئلہ اچھی طرح بیان نہیں کرسکتا۔

درس حدیث میں آداب کا اس قدر اہتمام فرماتے کہ ایک دفعہ دوران درس ایک بچھو کی نیش زنی کے باوجود آپ نے نہ پہلو بدلا نہ سلسلہ روایت ترک کیا اور نہ ہی آپ کے تسلسل کلام میں کچھ فرق واقع ہوا۔بعد میں آپ نے فرمایا میرا اس تکلیف پر اس قدر صبر کرنا کچھ اپنی طاقت کی بناء پر نہ تھا بلکہ محض رسول اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کی وجہ سے تھا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث ہے: یوشك ان یضرب الناس اکبادالابل فلا یجدون احدا اعلم من عالم المدینة (جامع ترمذی) یعنی عنقریب لوگ علم کی طلب میں سفر کرکے اونٹوں کے جگر پگھلا دیں گے پھر بھی انہیں عالم مدینہ سے بہتر کوئی عالم نہ مل سکے گا۔آپ کی حضوری کا یہ عالم تھا فرماتے تھے کہ میری کوئی رات ایسی نہیں گزری جس میں میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نہ کی ہو۔

marfat.com
Marfat.com

آپ نے فرمایا:

کسی شخص کو نماز کے مسائل بتلانا روئے زمین کی تمام دولت کو صدقہ کرنے سے بہتر ہے اور کسی شخص کی دینی الجھن دور کر دینا سو حج کرنے سے افضل ہے، کسی شخص کو دینی مشورہ دینا سو غزوات میں جہاد کرنے سے بہتر ہے۔

حضرت امام مالک کا سن وصال مورخین کے اتفاق سے ۱۷۹ھ ہے۔

اس وقت امت کے ہاتھوں میں موطاء کے دو نسخے موجود ہیں ایک یحییٰ بن یحییٰ مصمودی کا اور دوسرا امام محمد بن حسن شیبانی کا۔ یحییٰ بن یحییٰ کا نسخہ موطاء امام مالک اور امام محمد کا نسخہ امام محمد کی روایت کے سبب موطاء امام محمد کے نام سے مشہور ہے۔

## امام اہلسنت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا مختصر تعارف

آپ کا نام نامی احمد بن حنبل، کنیت ابو محمد اور ابو عبداللہ ہے آپ ماہ ربیع الاول میں ۱۶۴ھ بغداد میں پیدا ہوئے۔ بچپن سے ہی آپ پر نجابت وصلاحیت کے آثار اور تقویٰ وطہارت کے انوار نمایاں تھے جنہیں دیکھ کر آپ کے زمانے کے ایک صاحب نظر نے کہا تھا اگر یہ نوجوان زندہ رہا تو اہل زمانہ پر حجت ہوگا۔

آپ کی مجلس درس میں سامعین وطالبین کی پانچ پانچ ہزار تعداد ہوا کرتی تھی۔ آپ نے حرمت قرآن کے سلسلہ میں جو تکالیف ومصائب برداشت کئے وہ صاحبان عزیمت کیلئے ابتلاء وامتحان کا ایک بے مثال نمونہ ہے۔ آپ کا جسم مبارک بڑھاپے کی طرف مائل اور نحیف ونزار تھا مگر اعصاب فولاد کی مانند مضبوط اور قوت ارادی چٹان سے زیادہ مستحکم تھی۔ خلق قرآن کے انکار واصرار پر آپ کے دونوں ہاتھ پیچھے باندھ دیئے گئے...... ۲۸ ہفتے آپ کو قید کیا گیا...... اور ہزار کوڑے مارے گئے مگر آپ نے قرآن کو مخلوق نہ کہا...... بلکہ ہر کوڑے پر آپ فرماتے اعطونی شیئا من

marfat.com
Marfat.com

کتاب اللہ و سنة رسولہ حتی اقول بہ یعنی میرے سامنے قرآن وسنت سے دلیل پیش کر دو تا کہ میں اسے مان لوں۔ اسی اثناء میں آپ کا ازار بند کھل گیا اتنے میں ایک غیبی ہاتھ نمودار ہوا اور اس نے آپ کا ازار بند باندھ دیا۔ جب لوگوں نے آپ کی یہ کرامت دیکھی تو آپ کو رہا کر دیا۔

اگر کوئی شخص معاملات کی بابت سوال کرتا تو آپ جواب ارشاد فرما دیتے اور اگر حقائق کے متعلق استفسار کیا جاتا تو حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف رجوع کا حکم فرما دیتے چنانچہ کسی نے آپ سے پوچھا ماالاخلاص قال الاخلاص ھو الخلاص من افات الاعمال یعنی اخلاص کیا ہے تو آپ نے ارشاد فرمایا اخلاص اعمال کاریا کاری، شہرت، فریب اور غرض پرستی سے پاک ہونا ہے۔ جب محبت کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا یہ بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھو جب تک وہ بقید حیات ہیں میں جواب نہیں دونگا۔

آپ نے ۷۷ سال کی عمر میں ۱۲ ربیع الاول ۲۴۱ھ کو جان، جان آفریں کے سپرد کر دی آپ کی نماز جنازہ میں آٹھ لاکھ مرد اور ساٹھ ہزار عورتوں نے شرکت کی۔

marfat.com
Marfat.com

الفقهاء کلهم عیال ابی حنیفة منقول ست کہ امام شافعی

تمام فقہاء ابوحنیفہ کے عیال ہیں منقول ہے کہ امام شافعی کے جب

چون بزیارت قبر امام اعظم می رفت ترك اجتہاد خود

امام اعظم کی قبر کی زیارت کو جاتے اپنے اجتہاد کو ترک

میکرد و برائے خود عمل نمی نمود و می گفت کہ شرم

کر دیتے اور اپنی رائے پر عمل نہیں کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ شرم آتی ہے

## امام ہمام امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مختصر تعارف

آپ کا اسم گرامی محمد بن ادریس ہے آپ رجب میں غزہ یا عسقلان کے مقام پر ۱۵۰ھ میں متولد ہوئے اسی روز سراج الامہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا۔ ساتویں پشت پر آپ کا سلسلہ نسب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جاملتا ہے۔ آپ تبع تابعین میں سے ہیں اس لئے آپ کا زمانہ علم وعرفان کے عروج کا دور ہے۔ جب آپ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں شرف تلمذ کیلئے حاضر ہوئے تو انہوں نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے قلب میں ایک نور ہے معاصی سے اسے ضائع نہ کرنا تم تقویٰ کو اپنا شعار بنانا ایک دن آئے گا کہ تم بڑے شخص ہوگے آپ حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت اقدس میں تین سال سے زائد عرصہ رہے۔ حضرت امام محمد نے اپنا سارا مال اور کتابیں امام شافعی کے حوالے کر دیں جن کے مطالعہ سے متاثر ہو کر آپ نے کہا کہ جو شخص فقہ میں نام کمانا چاہتا ہے وہ امام اعظم ابوحنیفہ کے اصحاب سے استفادہ کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے استنباط مسائل اور استخراج احکام کی راہیں ان پر کشادہ کر دی ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| سی آید که درحضور ایشان عمل برائے خود بکنم که |
| کہ میں ان کی بارگاہ میں اپنی رائے پر عمل کروں جو |
| مخالف رائے ایشان باشد ترک قرأت فاتحه خلف الامام |
| ان کی رائے کے مخالف ہو فاتحہ خلف الامام کی قرأت |
| سی نمود وقنوت درفجر نمی خواند آرے بزرگی شان ابی |
| ترک کر دیتے اور فجر میں قنوت نہیں پڑھتے تھے ہاں ابوحنیفہ |

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے متعلق پیش گوئی کرتے ہوئے ارشاد فرمایا اللهم اهد قريشا فان عالمها يملا طبق الارض یعنی اے اللہ! قریش کو ہدایت دے بلاشبہ قریش کا ایک عالم روئے زمین کو علم سے بھر دے گا۔

قدوۃ الکاملین حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہُ العزیز رقمطراز ہیں کہ کسی شیخ طریقت نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی اور پوچھا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کی حدیث ہے کہ روئے زمین پر مختلف درجات کے نیک لوگ ہیں اوتاد، اولیاء، ابرار۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا راوی نے تجھے صحیح خبر دی ہے۔ شیخ نے عرض کی یارسول اللہ (صلی اللہ علیک وسلم) میں ان میں سے کسی ایک کو دیکھنا چاہتا ہوں تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا محمد بن ادریس یکے ازیشان ست یعنی محمد بن ادریس شافعی ان میں سے ایک ہیں۔

آپ اپنے اصحاب وتلامذہ کی ایک جماعت چھوڑ کر ماہ رجب کے اواخر میں جمعہ کی شب بعمر ۵۴ سال ۲۰۴ھ میں خالق حقیقی سے جاملے۔ اناللّٰہ و انا الیه راجعون

آپ کا مزار مبارک مصر کے شہر قرافتہ میں ہے۔

marfat.com
Marfat.com

حنیفه را شافعی داند فردا که حضرت عیسٰی علی نبینا و
کی شان کی بزرگی کو شافعی جانے کل جب حضرت عیسٰی ؑ ہمارے نبی اور
علیه الصلوٰة والسلام نزول فرماید بمذهب ابی حنیفه
ان پر درود و سلام ہو نزول فرمائیں گے ابوحنیفه کے مذہب پر

## حضرت عیسٰی علیہ السلام کا مختصر تعارف

حضرت عیسٰی بن مریم علیہ السلام خدا کے برگزیدہ بندے اور اولوالعزم رسول ہیں ان کی پیدائش ایک معجزہ اور خدا کی قدرت کا عظیم اظہار ہے۔ عالم شیرخوارگی میں ہی اپنی عبدیت اور نبوت کا اعلان فرمایا۔ بنی اسرائیل کی طرف مبعوث ہوئے مردوں کو باذن اللہ زندہ کرتے اور مادرزاد اندھوں کو بینا کر دیتے تھے۔ حضرت محمد مصطفٰے احمد مجتبٰی علیہ التحیۃ والثناء کی آمد کی نوید جانفزا سنائی۔ بنی اسرائیل نے جب انہیں قتل کرنے کا منصوبہ بنایا تو حق تعالٰی نے ان سے بشری علائق کو سلب فرما کر زندہ آسمان پر اٹھالیا۔ اب قرب قیامت دمشق کی جامع مسجد میں صبح کے وقت نزول فرمائیں گے اور حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ کی امامت میں نماز فجر ادا فرمائیں گے...... دجال کی پیٹھ میں نیزہ مار کر اسے واصل جہنم کریں گے...... صلیب توڑیں گے...... خنزیر کو قتل کریں گے...... جتنے غیر مسلم ہوں گے وہ سب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کلمہ پڑھ لیں گے...... روئے زمین پر صرف دین اسلام ہی ہوگا جیسا کہ نزول عیسٰی (علیہ السلام) کے متعلق ارشاد نبوی علٰی صاحبہا الصلوات و یهلك الله تعالٰی فی زمانه الملل کلها الا الاسلام (ابوداؤد ۲/ ۲۳۸) سے واضح ہے۔ امن و آشتی کا ایسا دور دورہ ہوگا کہ بچے

marfat.com
Marfat.com

سانپ سے کھیلیں گے، شیر اور بکری ایک ساتھ چریں گے اور کوئی کسی کو ضرر نہیں پہنچا سکے گا۔ آپ نکاح بھی فرمائیں گے، اولاد امجاد بھی ہوگی، چالیس برس دنیا میں جلوہ افروز رہنے کے بعد آپ کا وصال ہوگا۔ تجہیز و تکفین کے بعد مسلمان نماز جنازہ پڑھنے کی سعادت حاصل کریں گے اور گنبد خضریٰ کے نیچے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں دفن کئے جائیں گے۔

marfat.com
Marfat.com

عمل خواہد کرد چنانکه خواجه محمد پارسا قدس سره‘

عمل کریں گے چنانچہ خواجہ محمد پارسا قدس سرہُ [9]

در فصول سته می فرماید و ہمیں بزرگی ایشان را کافی

فصول ستہ میں فرماتے ہیں یہی بزرگی ان کی کافی ہے کہ

ست که پیغمبر اولوالعزم بمذہب او عمل نماید صد

اولوالعزم پیغمبر ان کے مذہب پر عمل کرے دوسری سو

## [9] فردالافراد خواجہ محمد پارسا رحمۃ اللہ علیہ کا مختصر تعارف

آپ کا نام محمد بن محمد بن محمود حافظ بخاری ہے۔ امام الطریقہ حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند بخاری قدس سرہ کے اکابر خلفاء میں سے تھے۔ پہلی مرتبہ جب آپ حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور در دولت پر دستک دی، اتفاقاً اسی وقت ایک خادمہ باہر سے اندر آئی تو حضرت خواجہ نے اس سے دریافت کیا کہ باہر کون ہے؟ خادمہ نے عرض کیا ایک شخص متقی و پارسا صورت کھڑا ہے، آپ نے فرمایا وہ حقیقت میں ''پارسا'' ہے اس کے بعد آپ کا نام ہی ''پارسا'' مشہور ہو گیا۔ حضرت خواجہ رحمۃ اللہ علیہ نے آپ سے فرمایا کہ وہ حق اور امانت جو خواجگان سے اس فقیر کو پہنچی ہے اور جو کچھ میں نے اس راہ میں کسب سے حاصل کیا ہے وہ تمہارے سپرد کرتا ہوں اس کو قبول کر کے مخلوق خدا تک پہنچائیں۔ آپ نے تواضع وانکساری کے ساتھ قبول کر لیا۔ خواجہء بلاگردان حضرت شاہ نقشبند قدس سرہُ العزیز نے ایک موقعہ پر آپ کو صفت برخ عطا فرمائی۔ حضرت برخ رحمۃ اللہ علیہ حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کے زمانہ مبارک کے ایک ولی تھے جیسے خیر التابعین حضرت خواجہ اویس قرنی

marfat.com
Marfat.com

بزرگی دیگر را باین بزرگی عدیل نمی توان یافت

بزرگی کو اس بزرگی کے ساتھ برابری نہیں ہو سکتی ہمارے

حضرت خواجه ما می فرمودند قدس سره' که چند گاه

حضرت خواجہ قدس سرہ فرمایا کرتے تھے کہ میں بھی کچھ

من ہم خلف امام قرأت فاتحه می نمودم آخر الامر شبے

عرصہ امام کے پیچھے فاتحہ کی قرأت کرتا رہا ہوں بالاخر میں نے

امام اعظم را در خواب دیدم که قصیده غرا در مدح خود

امام اعظم کو ایک شب خواب میں دیکھا کہ اپنی مدح میں شاندار قصیدہ

رضی اللہ عنہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی امت مرحومہ میں سے ہیں سابقہ امتوں میں برخ اس جماعت کیلئے مستقل تھا جو بلا زبانی تعلیم کے محض صحبت سے یا کبھی بغیر صحبت کے معارف حقیقی کو باہمی ہم نشینی سے حاصل کرتے تھے انہیں برخیاں کہا جاتا تھا جبکہ شریعت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات میں اس قسم کے لوگوں کو اویسی کہا جاتا ہے۔

آپ کے صاحبزادے حضرت خواجہ ابونصر پارسا رحمۃ اللہ علیہ بیان فرماتے ہیں کہ آپ کے وصال باکمال کے وقت میں موجود نہ تھا جب میں حاضر ہوا اور دیدار کیلئے آپ کے چہرۂ انور کو کھولا آپ نے آنکھ کھولی اور مسکرائے جس سے میرا قلق واضطراب اور بڑھ گیا اور جب میں نے اپنے منہ کو آپ کے مبارک قدموں سے ملا تو آپ نے پاؤں مبارک اوپر کو کھینچ لئے۔

آپ نے علوم ومعارف پر مشتمل اکیس کتابیں تصنیف فرمائیں فصل الخطاب لوصل الاحباب ،فصول سته اور رسالہ قدسیہ آپ کی مشہور زمانہ تصانیف ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| می خواند و این مضمون مستفاد می گردد که چندین |
| پڑھ رہے ہیں اس مضمون سے مستفاد ہو رہا تھا کہ بہت سے |
| اولیا در مذہب من بوده اند ازان وقت ترك قرأت فاتحه |
| اولیاء میرے مذہب میں ہوئے ہیں اس وقت سے میں نے فاتحہ |
| خلف امام نمودم |
| خلف امام کی قرأت کوترک کردیا۔ |

حضرت شاہ نقشبند قدس سرہُ العزیز آپ کے متعلق ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ اگر محمد پارسا پیری شروع کردے تو سارا عالم ان سے روشن ہوجائے، مگر آپ نسبت فردیت کے غلبہ کے باعث اس کی طرف مشغول نہ ہوسکے۔

آخرکار بروز بدھ ۲۳ ذی الحجہ ۸۲۲ھ مدینہ منورہ میں وفات پائی اور جنت البقیع میں مدفون ہوئے۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۲۹

گاہ باشد کہ کاملے ناقصے را اجازت تعلیم طریقت می

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ کوئی کامل کسی ناقص کو تعلیم طریقت کی

کند ودر ضمن اجتماع مریدان آں ناقص کار آن ناقص

اجازت عطا فرما دیتا ہے[1] اور اس ناقص کے مریدوں کے اجتماع

با تمام می رسد حضرت خواجہ نقشبند مولانا یعقوب

کے ضمن میں اس ناقص کا کام تکمیل تک پہنچ جاتا ہے حضرت خواجہ نقشبند

چرخی علیہ الرحمہ را پیش از وصول بدرجۂ کمال

نے مولانا یعقوب چرخی علیہ الرحمہ کو درجہ کمال تک

اجازت تعلیم طریقت فرمودہ بودند و گفتہ بودند کہ اے

رسائی سے قبل ہی تعلیم طریقت کی اجازت فرما دی تھی اور

[1] زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرۂ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ بعض اوقات شیخ کامل مکمل اپنے کسی صاحب استعداد، ذکر وفکر میں مصروف ومشغول مرید کو لوگوں سے بیعت لینے کی اجازت مرحمت فرما دیتے ہیں تاکہ دوسروں کی تعلیم وتربیت کے دوران اس ناقص کی بھی تکمیل ہو جائے۔ اس قسم کے من وجہ ناقص اور من وجہ کامل مرید کو خلیفہ مقید کہا جاتا ہے جبکہ تکمیل سلوک کے بعد صوفیائے کاملین

marfat.com
Marfat.com

یعقوب آنچه ازمن بتورسیده است بمردم برسان و کار

کہا تھا کہ اے یعقوب جو کچھ مجھ سے تجھے پہنچا ہے لوگوں تک پہنچا دو اور

مولانا بعدازان درخدمت خواجه علاؤ الدین عطار قدس

مولانا کا کام اس کے بعد خواجہ علاؤ الدین عطار قدس سرہ

سره' سرانجام یافت لہذا خدمت مولانا عبدالرحمن

کی خدمت میں سر انجام پایا اس لئے حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی

جامی در نفحات مولانا را اول از مریدان خواجه علاء الدین

نفحات میں مولانا کو پہلے خواجہ علاؤ الدین عطار کے

اسے خلافت مطلقہ عطا فرما دیتے ہیں۔ یہاں خلیفہ مقید کیلئے حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کی تحریر فرمودہ شرائط وقیود کا اجمالی تذکرہ کیا جاتا ہے تاکہ طالبان طریقت کو تنبیہ وآگاہی حاصل ہو جائے، چنانچہ بہ قدرے تغیر یسیر ہدیہ قارئین ہے ملاحظہ ہو:

اگر کوئی طالب و مرید آپ کے پاس ارادت کے ساتھ آئے اور مشغول رہنے کا ارادہ ظاہر کرے تو اسے شیر ببر کی مانند سمجھنا چاہئے اور اسے طریقہ سکھانے میں بہت تامل کرنا چاہئے اور ڈرتے رہنا چاہئے مبادا اس امر میں پیر کیلئے استدراج مطلوب اور خرابی منظور ہو۔ اگر بالفرض کسی مرید کا آنا خوشی و سرور کا باعث ہو تو اس کو کفر وشرک کی مانند برا سمجھنا چاہئے اور اس کا تدارک استغفار وندامت کے ذریعے اس حد تک کرنا چاہئے کہ فرحت وسرور کا اثر بالکل زائل ہو جائے بلکہ خوشی کی بجائے غم وخوف قلب پر مستولی ہو جائے اور اس بارے میں التجاء و تضرع کا طریق اختیار کر کے چند مرتبہ استخارہ کرنا چاہئے تاکہ یقینی طور پر معلوم ہو جائے کہ اس کو طریقہ سکھانا چاہئے یا نہیں

marfat.com
Marfat.com

عطار می شمرد ثانیاً بخواجه نقشبند نسبت می کند۔
مریدوں میں شمار کرتے ہیں ثانیاً خواجہ نقشبند کے ساتھ نسبت کرتے ہیں
وازیں قبیل است کاملے مرید را کہ استعداد یك درجہ
اور یہ اسی قبیل سے ہے کہ کوئی کامل ایسے مرید کو جو درجات
از درجات ولایت دارد بعد از حصول آں درجہ آں مرید را
ولایت میں سے ایک درجہ کی استعداد رکھتا ہے اس درجہ کے حصول کے
اجازت تعلیم طریقت می کند وآں مرید من وجہ کامل
بعد مرید کو تعلیم طریقت کی اجازت دے دیتا ہے اور وہ مرید من وجہ
ست ومن وجہ ناقص و ہمچنیں ست حال مریدیکہ
کامل ہے اور من وجہ ناقص اور یہی حال ہے اس مرید کا

اور اس میں کسی قسم کی کوئی خرابی واستدراج مراد نہیں ہے کیونکہ حق تعالیٰ کے بندوں میں تصرف کرنا اور اپنے وقت کو ان کے پیچھے ضائع کرنا حق تعالیٰ کے اذن واجازت کے بغیر جائز نہیں۔ آیہ کریمہ لتخرج الناس من الظلمات الی النور باذن ربھم اسی معنی پر دال ہے تاکہ کل روز قیامت ہر قسم کی جوابدہی اور باز پرس سے محفوظ رہ سکیں۔ مرید کے مال میں طمع اور دنیوی منافع کی توقع ہرگز نہیں رکھنا چاہئے کیونکہ ایسا کام مرید کی ہدایت میں رکاوٹ اور پیر کی خرابی کا باعث ہے کیونکہ حق تعالیٰ کے ہاں خالص دین کا مطالبہ ہے الا للہ الدین الخالص اس کی بارگاہ قدس جل سلطانہ میں شرک کی طرح بھی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ (مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب ۱۷۱، ۱۲۲ وغیرہا)

marfat.com
Marfat.com

استعداد دو درجه یا سه درجه از درجات ولایت دارد من

جو درجات ولایت میں سے دو درجے یا تین درجے استعداد رکھتا ہے

وجه کامل ست ومن وجه ناقص چه پیش از رسیدن

وہ من وجہ کامل ہے اور من وجہ ناقص کیونکہ

بنهایت النهایت ہمه درجات ازیک وجه کمال دارد و

نہایت النہایت تک رسائی سے پہلے تمام درجات ایک قسم کا کمال رکھتے ہیں

صوفیائے طریقت تلقین وارشاد کی مسند کیلئے صاحب تزکیہ ہونا ضروری قرار دیتے ہیں۔ان کے نزدیک خلیفہ کی دو قسمیں ہیں

خلیفہ مقید اور خلیفہ مطلق

## خلیفہ مقید

وہ خلیفہ ہوتا ہے جس کے بعض لطائف فنا پذیر ہوں لیکن ابھی کامل طور پر تزکیہ نفس نہ ہوا ہو۔ایسے سالک کیلئے ضروری ہے کہ عمل ارشاد جاری رکھے لیکن وساوس کے پیش نظر کثرت استغفار سے کام لیتا رہے اور استخارہ کے ذریعے بھی رہنمائی حاصل کرتا رہے تا آنکہ معاملہ مقام رضا تک پہنچ جائے۔ (البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب ۱۱)

## خلیفہ مطلق

وہ خلیفہ ہوتا ہے جو تزکیہ نفس اور لطائف کی فنا کے بعد نفسانی اور شیطانی تسلط سے محفوظ ہو جائے لازماً اس کے اعمال مرضی حق تعالیٰ میں گم ہو جاتے ہیں اور اس کا عمل وعظ وارشاد بھی رضا میں داخل ہوتا ہے۔ (البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب ۱۱)

واضح رہے کہ خلیفہ مطلق ہی اپنے شیخ مکرم کے سجادہ کا وارث،اس کے جملہ

marfat.com
Marfat.com

ازیك وجه دیگر نقص مع ذالک شیخ کامل او را بعد از

اور دوسری وجہ سے ناقص اس کے ساتھ ساتھ شیخ کامل ( اسے) اس کی

حصول مرتبۂ استعدادی او اجازت تعلیم طریقت می

استعداد کے مرتبہ کے حصول کے بعد تعلیم طریقت کی

کند پس اجازت موقوف بر کمال مطلق نشد باید

اجازت دے دیتا ہے پس اجازت کمال مطلق پر موقوف نہیں ہے۔

تبرکات کا مستحق، اس کا قائم مقام اور جانشین ہوتا ہے اور مرید کو اپنے نام کا شجرہ دے سکتا ہے جبکہ خلیفہ مقید بطریق سفارت اور بر سبیل نیابت لوگوں سے اپنے ہاتھ پر بیعت لیتا ہے اور انہیں اپنے شیخ کا مرید بناتا ہے اور اپنے شیخ کے نام کا ہی شجرہ دیتا ہے، اسے اپنے نام کا شجرہ دینے کی اجازت نہیں ہوتی۔ (ماخوذ سر دلبراں ۱۵۹)

## حضرت مولانا عبدالرحمان جامی قدس سرہٗ العزیز کا مختصر تعارف

آپ کا اسم گرامی نورالدین عبدالرحمان بن احمد جامی رحمۃ اللہ علیہ ہے۔ آپ کے والد کا اسم گرامی نظام الدین احمد تھا۔ آپ ایران میں علاقہ خراسان کے قصبۂ جام محلہ خرجرد میں ۲۳ شعبان المعظم ۸۱۷ھ کو پیدا ہوئے۔ طریقت میں آپ کے پہلے شیخ سعدالدین کاشغری رحمۃ اللہ علیہ تھے (جو حضرت مولانا نظام الدین خموش رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ تھے اور وہ حضرت شیخ علاؤالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ تھے اور وہ حضرت شاہ نقشبند بہاؤالدین اویسی بخاری قدس سرہٗ کے جانشین وخلیفہ تھے) حضرت شیخ سعدالدین کاشغری کے وصال کے بعد آپ سلسلہ ءنقشبندیہ کے غوث الاعظم

marfat.com
Marfat.com

دانست کہ نقص ہر چند منافی اجازت ست اماچوں

جاننا چاہئے کہ نقص اگرچہ اجازت کے منافی ہے لیکن جب

کامل مکمل ناقص را نائب خود می سازد و دست او

کامل مکمل ناقص کو اپنا نائب بنا لیتا ہے اس کے ہاتھ کو

حضرت خواجہ ناصرالدین عبیداللہ احرار قدس سرہٗ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے۔ آپ نے متعدد مشائخ سے فیض حاصل کیا لیکن تکمیل حضرت خواجہ عبیداللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ سے ہوئی۔ آپ نے مسند مشیخیت پر رونق افروز ہو کر مدرسوں اور خانقاہوں کا وسیع نظام قائم کیا تھا۔ آپ کے خلفاء میں آپ کے فرزند ارجمند حضرت خواجہ ضیاء الدین یوسف رحمۃ اللہ علیہ، حضرت شیخ مودود لاری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت حسین واعظ کاشفی وغیرہم کے اسماء نقل کیے گئے ہیں مگر افسوس کہ صفوی سلطنت کے پہلے متعصب شیعہ حکمران اسماعیل صفوی نے (آپ کے وصال سے سات سال بعد) علماء و مشائخ اہلسنت کا قتل عام شروع کر دیا۔ اس کے ہاتھوں ہزاروں علماء و صوفیاء نے جام شہادت نوش کیا۔ آپ کے اکثر خلفاء اور شاگرد علماء اس کے ظلم و ستم کا نشانہ بنے اور کچھ ترک وطن کر کے روم، مصر، شام اور سمرقند وغیرھا کی طرف چلے گئے، جن کے حالات معلوم نہ ہو سکے۔ آپ کی قائم کردہ مسجدیں، دینی مدرسے اور خانقاہیں بھی منہدم کر دی گئیں یہاں تک کہ آپ کے مزار کو بھی منہدم کر دیا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کے بعد آپ کے کسی خلیفہ سے سلسلہ نقشبندیہ کی نشر و اشاعت کیلئے کام نہ ہو سکا۔ حضرت جامی رحمۃ اللہ علیہ نے اکیاسی سال عمر پائی اور اٹھارہ محرم بروز جمعۃ المبارک ۸۹۸ھ میں علم و فضل کا یہ آفتاب غروب ہو گیا انا للّٰہ وانا الیہ رجعون۔ آپ کی مرقد انور ہرات میں ہے۔ (شرح مکتوبات مکتوب ۱۱ جلد اول)

marfat.com
Marfat.com

را دست خود می داند ضرر نقص تعدی نمی نماید۔

اپنا ہاتھ جانتا ہے تو نقص کا ضرر متعدی نہیں ہوتا۔ [۲]

**واللہ سبحانہ اعلم بحقائق الامور کلہا**

اور اللہ سبحانہ تمام امور کے حقائق کو سب سے زیادہ جانتا ہے۔

[۲] یہاں ایک شبہ کا ازالہ فرمایا گیا ہے وہ یہ کہ جب کوئی شیخ کامل مکمل کسی ناقص مرید کو خلافت مقیدہ عطا فرما کر اسے لوگوں سے بیعت لینے کی اجازت واذن مرحمت فرما دیتا ہے تو مریدین کے ناقص شیخ کے ہاتھوں بیعت ہونے کی وجہ سے ان کی استعدادوں میں نقص سرایت کر جائے گا بنا بریں ان کے ذوق میں کمی اور طلب میں فتور آئے گا جس سے ان مریدین کی منزل کھوٹی ہو جائے گی۔

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز جواباً ارشاد فرماتے ہیں کہ جب شیخ کامل مکمل کسی ناقص کو اپنا نائب بنا کر اس کے ہاتھ کو اپنا ہاتھ کہہ دیتا ہے تو اس نقص کا ضرر متعدی نہیں ہوتا جیسا کہ امام الطریقہ غوث الخلیقہ حضرت شاہ نقشبند بخاری قدس سرہُ العزیز نے خواجۂ خواجگان حضرت مولانا خواجہ یعقوب چرخی قدس سرہُ العزیز کو خلافت مقیدہ سے نوازتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا کہ

"تمہارا ہاتھ میرا ہاتھ ہے جس نے تمہارا ہاتھ پکڑا اس نے میرا ہاتھ پکڑا"

واضح رہے کہ حضرت خواجہ یعقوب چرخی قدس سرہُ العزیز نے حضور شاہ نقشبند بخاری قدس سرہُ العزیز کے وصال باکمال کے بعد ان کے جانشین مکرم قدوۃ الاخیار حضرت خواجہ علاؤ الدین عطار قدس سرہُ العزیز کی خدمت اقدس میں رہ کر سلوک کی تکمیل فرمائی تھی۔

marfat.com
Marfat.com

# خواجہ خواجگان خواجہ یعقوب چرخی قدس سرہ العزیز کا مختصر تعارف

آپ کا اسم گرامی محمد یعقوب اور والد ماجد کا نام نامی عثمان تھا۔ آپ ۷۶۲ھ موضع چرخ غزنی (افغانستان) کے مضافات میں متولد ہوئے، آپ کے والد بزرگوار ایک پاکباز، صوفی منش عالم دین تھے۔ ان کے تقویٰ وعزیمت کا یہ عالم تھا کہ ایک روز پڑوسی کے گھر سے پانی لائے چونکہ پانی یتیم کے پیالہ میں تھا اس لئے نہ پیا۔ جب آپ خواجہ جہاں بلاگرداں حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ العزیز کی خدمت بابرکت میں درخواست گزار ہوئے کہ آپ ازراہ کرم مجھے اپنے حلقہء ارادت میں شامل فرما کر اپنی غلامی میں قبول فرمائیں تو حضور شاہ نقشبند قدس سرہ العزیز نے ارشاد فرمایا:

''ہم مامور ہیں ہم خود کسی کو قبول نہیں کرتے آج رات دیکھیں گے کہ کیا اشارہ ہوتا ہے اسی پر ہی عمل کیا جائے گا اور اگر انہوں نے تجھے قبول کیا تو ہم بھی قبول کرلیں گے''

یہ رات آپ پر بڑی بھاری تھی آپ کو یہ غم کھائے جارہا تھا کہ شاید حضرت خواجہ مجھے قبول نہ فرمائیں۔ اگلے روز آپ نے نماز فجر حضرت خواجہ کے ساتھ ادا کی، بعد نماز حضرت خواجہ نے آپ کو مخاطب ہوکر فرمایا'' مبارک ہو کہ اشارہ قبول کرنے کا آیا ہے۔ ہم کسی کو قبول نہیں کرتے اور اگر قبول کریں تو دیر سے کرتے ہیں تاکہ دیکھیں کہ کوئی کس نیت سے آتا ہے اور کس وقت آتا ہے''۔

جب حضور شاہ نقشبند قدس سرہ العزیز کا وصال ہوگیا تو آپ کو خیال آیا کہ درویشوں کے کسی دوسرے گروہ سے جاملیں اور ان کے طریقہ میں مشغول ہوجائیں پھر آپ نے روحانی عالم میں حضرت خواجہ کو دیکھا کہ فرمارہے ہیں

marfat.com
Marfat.com

قال زید بن الحارثہ "الدین واحد" یعنی فرمایا زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے کہ دین ایک ہی ہے اس سے آپ سمجھ گئے کہ اجازت نہیں ہے۔

قطب الابرار حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ العزیز جب آپ کی خدمت اقدس میں حلقہء ارادت میں شامل ہونے کیلئے حاضر ہوئے تو آپ نے اپنا ہاتھ مبارک ان کی طرف بڑھاتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ بیعت کرو۔ چونکہ آپ کی پیشانی مبارک پر کچھ سفیدی مشابہ برص (داغ ودھبے) تھے جو طبیعت کی نفرت کا موجب ہوا کرتی ہے اس لئے ان کی طبیعت آپ کے ہاتھ مبارک پکڑنے کی طرف مائل نہ ہوئی۔ آپ بفراست ایمانی ان کی کراہت کو جان گئے اور جلد ہی اپنا ہاتھ پیچھے کرلیا اور بطریق خلع ولبس اپنی صورت تبدیل کر کے ایسی صورت میں ظاہر ہوئے جسے دیکھ کر وہ بے خود ہوگئے آپ نے دوسری مرتبہ اپنا ہاتھ مبارک آگے بڑھایا اور فرمایا کہ خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا تھا کہ تیرا ہاتھ...... میرا ہاتھ ہے، جس نے تمہارا ہاتھ پکڑا اس نے ہمارا ہاتھ پکڑا فلہٰذا خواجہ نقشبند کا ہاتھ پکڑلو...... انہوں نے بلاتوقف آپ کا ہاتھ مبارک پکڑلیا اور شرف بیعت سے مشرف ہوئے۔

حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کو رخصت کرتے ہوئے تین بار ارشاد فرمایا **ترا بخدا سپردیم** ہم نے تجھے خدا کے سپرد کیا کیونکہ حدیث میں ہے:

ان اللّٰہ تعالٰی اذا استودع شئی حفظہ یعنی جب کوئی چیز اللہ تعالیٰ کے حوالے کردی جائے تو اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کرتا ہے۔

ایک مرتبہ آپ نے خواب میں حضور شاہ نقشبند قدس سرہٗ الصمد سے عرض کیا کہ روز قیامت کس عمل کی برکت سے آپ کا قرب حاصل کروں؟...... تو ارشاد فرمایا "تشرع سے" یعنی شریعت پر عمل کرنے سے۔

marfat.com
Marfat.com

گو آپ حضور شاہ نقشبند رحمۃ اللہ سے صاحب مجاز تھے مگر آپ کی تکمیل سلوک جانشین شاہ نقشبند حضرت خواجہ علاؤ الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ سے ہوئی۔ آپ نے ۵ صفر المظفر ۸۵۱ھ بمقام مضاف حصار علاقہ ماوراء النہر (تاجکستان) میں جان جان آفرین کے سپرد کی۔ انا للہ و انا الیہ راجعون

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۳۰

یادداشت عبارت ازدوام حضور حضرت ذات ست تعالیٰ

یادداشت حضرت ذات تعالیٰ و تقدس کے دوام حضور سے عبارت ہے[1]

و تقدس و این معنی گاہ است کہ مرارباب قلوب را نیز

اور یہ معنی کبھی ارباب قلوب کو بھی متخیل ہو جاتا ہے

متخیل شود بواسطہ جامعیت قلب زیرا کہ ہرچہ در

جامعیت قلب کی وساطت سے کیونکہ جو کچھ انسان کی

کلیت انسان ست درقلب تنہا نیز ثابت ست ہر چند

کلیت میں ہے تنہا اکیلے قلب میں بھی ثابت ہے اگرچہ

[1] زیرنظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اصطلاحات نقشبندیہ میں سے ایک معروف اصطلاح طریقت ''یادداشت'' کے مدارج ثلاثہ کا تذکرہ فرمارہے ہیں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں یادداشت کے متعلق قدرے تفصیلات بیان کردی جائیں تاکہ فہم منہا میں سہولت رہے و باللہ التوفیق

## یادداشت

اس سے مراد سالک کا ذات بے چون و بے چگون حق تعالیٰ سبحانہ کی طرف بغیر ملاحظہ الفاظ وخیال کے متوجہ رہنا ہے بقول شاعر

marfat.com
Marfat.com

دارم ہمہ جا با ہمہ کس در ہمہ حال
در دل ز تو آرزو و در دیدہ خیال

بعض مشائخ کے نزدیک یادداشت حفظ القلب علی شہود تجلّی الذات سے عبارت ہے اور بعض نے فرمایا: حضور القلب مع اللہ تعالیٰ علی الدوام فی کل حال سے کنایہ ہے۔ امام الطریقہ حضرت شاہ نقشبند اویسی بخاری قدس سرہٗ العزیز کے نزدیک یادداشت سے مراد ذکر نہیں بلکہ دوامِ حضور وآ گاہی علیٰ سبیل الذوق ہے۔ غرضیکہ یادداشت عارف کے قلب پر استیلائے شہودِ حق بتوسطِ حب ذاتی ہو جائے اور وہ ہر حال میں بہ سبیل ذوق ذات کے ساتھ محو اور متوجہ رہے یہ مقام، مرتبہ حقیقت کے ساتھ تعلق رکھتا ہے جس میں حجابات شیونیہ اور حجابات اعتباریہ مرتفع ہو جاتے ہیں۔ یہ وہ انتہائی مرتبہ ہے جہاں پہنچ کر عارفین نقشبندیہ تجلی ذاتی دائمی سے شادکام ہوتے ہیں جبکہ دیگر مشائخ نے تجلی ذاتی برقی کو نہایت النہایت قرار دیا ہے اسی بنا پر حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے نسبت نقشبندیہ کو تمام نسبتوں سے بالاتر قرار دیا ہے ان نسبتنا فوق جمیع النسب یہ وہ دولت قصویٰ ہے جو فنائے اتم اور بقائے اکمل کے بعد حاصل ہوتی ہے۔ اللھم ارزقنا ایاھا بقول شاعر

یاد داشت حاصل شود بعد از فنا
بلکہ حاصل می شود بعد از بقا

حضرات خواجگان نقشبندیہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے ہاں یادداشت کو نسبت حضور وآگاہی، حضور ذاتی دائمی اور دوام حضور مع اللہ بلا غیبوبۃ بھی کہا جاتا ہے اور یہ مقام عارفین کو ولایت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کے مرتبے میں حاصل ہوتا ہے فلہٰذا اگر کوئی صوفی وسالک اس مرتبہ کا خواہشمند ہے تو اس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل محبت ومتابعت اختیار کرنا لازم ہے نیز وہ سنت وشریعت کی پابندی کا خوب اہتمام کرے

marfat.com
Marfat.com

کیونکہ یہ مقام عزیز الوجود اور کمیاب ونادر ہے۔

واضح رہے کہ یادداشت اور عالم خواب (نیند جو سراسر غفلت ہے) کے درمیان اہل طریقت نے یوں تطبیق بیان فرمائی ہے کہ

عامۃ الناس سراپا غفلت ہوتے ہیں کیونکہ ان کا باطن، ان کے ظاہر سے تفریق یافتہ اور الگ نہیں ہوتا اس لئے ان کی غفلت ظاہری، غفلت باطنی کا موجب ہوتی ہے جبکہ عرفائے کاملین کا باطن ان کے ظاہر سے تفریق یافتہ اور گسستہ (جدا) ہوتا ہے بنابریں ان کی غفلت ظاہری ان کے باطن میں سرایت نہیں کرتی۔ عروۃ الوثقیٰ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ بعض اوقات حضور خواب، حضور بیداری سے زیادہ ہوتا ہے کیونکہ محبوبوں ومعشوقوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ جب محب وعاشق کو اپنی طرف ملتفت ومتوجہ دیکھتے ہیں تو کنارہ کشی کرتے ہیں اور جب عاشق کو اپنی طرف سے غافل پاتے ہیں تو خود کو آشکارا اور نمایاں کرتے ہیں۔ بقول شاعر

پری رو تاب مہجوری ندارد
چو در بندے ز کلکین سر بر آرد

کسی شاعر نے بزبان اردو اس مفہوم کو اپنے انداز میں یوں بیان کیا ہے

عشق کا ذوقِ تماشا مفت میں بدنام ہے
حسن خود بے تاب ہے جلوہ دکھانے کیلئے

## یادداشت اور یادکرد میں فرق

یادکرد اور یادداشت میں فرق یہ ہے کہ یادکرد میں کبھی غیبت اور کبھی حضور ہوتا ہے بلکہ غیبت زیادہ اور حضور کم ہوتا ہے اور یادداشت میں حضور ذات، دائمی ہوتا

marfat.com
Marfat.com

ہے اور اسی کو تجلی ذاتی دائمی کہتے ہیں جبکہ یاد کرد تجلی ذاتی برقی سے عبارت ہے۔ در حقیقت تجلی برقی، تجلی ذاتی نہیں کیونکہ تجلی ذاتی جب ظہور کرتی ہے پھر کبھی غائب نہیں ہوتی اور تجلی برقی کبھی ظاہر ہوتی ہے کبھی غائب ہو جاتی ہے۔ اکابر مشائخ نقشبندیہ علیہم الرحمۃ کی خاص نسبت تجلی ذاتی دائمی ہے لیکن دوسرے مشائخ نے تجلی ذاتی برقی کو نہایت النہایت قرار دیا ہے اسی بناء پر حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے نسبت نقشبندیہ کو تمام نسبتوں سے بالاتر قرار دیا ہے۔ (البینات شرح مکتوبات مکتوب ۲۷ جلد اول)

marfat.com
Marfat.com

فرق اجمال وتفصیل ست پس درمرتبہ قلب نیز حضور

اجمال اور تفصیل کا فرق ہے پس مرتبۂ قلب میں بھی

ذات تعالٰی و تقدس برسبیل دوام میسر شود اما این معنی

ذات تعالٰی و تقدس کا حضور بر سبیل دوام میسر ہوتا ہے[2] لیکن یہ معنی

صورت یادداشت است نہ حقیقت یاد داشت واندراج

یادداشت کی صورت ہے نہ کہ یادداشت کی حقیقت اندراج

نہایت دربدایت تواند بود کہ بایں صورت یادداشت ست

نہایت در بدایت سے ہو سکتا ہے کہ یہی صورت یادداشت ہو

اشارت فرمودہ باشند و حصول حقیقت یادداشت بعداز

مشائخ نے جس کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ حقیقت یادداشت کا حصول

تزکیہ نفس و تصفیہ قلب ست لیکن اگر مراد از حضرت

تزکیہ نفس اور تصفیہ قلب کے بعد ہے لیکن اگر حضرت

ذات مرتبہ وجوب داشتہ شود کہ ذات دراں مرتبہ جامع

ذات سے مراد مرتبہ وجوب لیا جائے کہ اس مرتبہ میں ذات،

## یادداشت کے تین معانی

[2] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز یادداشت کے معنی اول کا تذکرہ فرما رہے ہیں کہ بعض اوقات اہل قلوب کو بھی قلبی جمعیت کی وجہ سے دوام حضور محسوس ومیسر ہوتا ہے جو یادداشت کی صورت واجمال ہے یادداشت کی حقیقت نہیں کیونکہ

marfat.com
Marfat.com

صفات وجوبیہ است پس حصول یادداشت بمجرد رسیدن
صفات وجوبیہ کی جامع ہے پس یادداشت کا حصول اس مرتبہ کے

بشہود این مرتبہ بعد از طےّ جمیع مراتب امکانی صورت
شہود تک محض رسائی سے تمام امکانی مراتب کے طے کر لینے کے بعد

می بندد و در تجلیات صفاتی نیز این معنی متحقق می
صورت باندھتا ہے اور صفاتی تجلیات میں بھی یہ معنی متحقق ہو جاتا ہے

شود کہ ملاحظہ صفات درین تقدیر منافی حضور حضرت
کیونکہ صفات کا ملاحظہ اس صورت میں حضرت

ذات تعالیٰ نیست و اگر مراد از حضرت ذات تعالیٰ
ذات تعالیٰ کے حضور کے منافی نہیں ہے اور اگر حضرت ذات تعالیٰ سے مراد

مرتبۂ احدیت مجردہ داشتہ شود کہ معرّا است از اسماء
احدیت مجردہ کا مرتبہ لیا جائے جو معرا ہے اسماء و

حقیقت یادداشت تو تصفیہ باطن اور تزکیہء نفس کے بعد حاصل ہوتی ہے۔ ممکن ہے حضرت خواجہء بزرگ شاہ نقشبند اویسی بخاری قدس سرہُ العزیز نے اسی صورتِ یادداشت کو اندراج النہایہ فی البدایہ فرمایا ہو۔

marfat.com
Marfat.com

وصفات ونسب و اعتبارات پس حصول یادداشت بعد

صفات اور نسبتوں اور اعتبارات سے پس یادداشت کا

ازطیّ جمیع مراتب اسمائی وصفاتی ونسبی واعتباری

حصول بعد طے کرنے تمام اسمائی ، صفاتی، نسبی اور اعتباری

متصور شود واین فقیر ہرجاکہ بیان کردہ است یادداشت

مراتب کے متصور ہوتا ہے [3] اور اس فقیر نے جہاں کہیں بیان فرمایا ہے

را بمعنی آخر فرود آوردہ ہر چند اطلاق حضوردراں

یادداشت کا آخری معنی لیے ہیں اگرچہ حضور کا اطلاق

مرتبہ ملایم نیست **کمالا یخفٰی علٰی اربابہ** چه او از حضور

اس مرتبہ میں مناسب نہیں ہے جیساکہ ارباب یادداشت سے مخفی نہیں

وغیبت بلنداست اطلاق حضور را ملاحظہ صفتے از

کیونکہ وہ حضور اور غیبت سے بلند ہے حضور کے اطلاق کو صفات میں سے

[3] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز یادداشت کے معنی دوم کا ذکر فرمارہے ہیں جس میں ذاتِ حق سبحانہ اپنے اسماء وصفات اور شیونات واعتبارات سمیت مراد ہے جس کا حصول سالکین طریقت کو مراتب امکانیہ طے کرنے کے بعد نصیب ہوتا ہے اوراس مرتبہ میں سالکین کو ذات کے علاوہ صفات واعتبارات وغیرہا کا بھی شہود وحضور ہوتا ہے فلہٰذا اس مرتبہ میں توحید عیانی میسر نہیں ہوتی۔

marfat.com
Marfat.com

صفات در کارست آنچه مناسب لفظ حضور ست تفسیر
کسی صفت کا ملاحظہ درکار ہے وہ جو لفظ حضور کے مناسب ہے۔ یادداشت
یادداشت بمعنی ثانی است وبرین تقدیر یادداشت را
کی تفسیر معنی ثانی میں ہے اس لحاظ سے یادداشت کو
نہایت گفتن باعتبار شہود وحضور ست کہ فوق این
نہایت کہنا شہود اور حضور کے اعتبار سے ہے[1] کیونکہ

[1] یہاں یادداشت کا معنی سوم بیان فرمایا گیا ہے......جس میں عرفائے کاملین کو حجب شیونی اور حجب اعتباراتی پھاڑ کر احدیت مجردہ کے ساتھ وصل عریانی نصیب ہو جاتا ہے اور یہی حقیقت یادداشت ہے جس سے حضرات نقشبندیہ شادم کام و بامراد و ممتاز ہوتے ہیں۔ والحمدللہ علی ذالك

marfat.com
Marfat.com

مرتبہ شہود وحضور را گنجایش نیست یا حیرت ست

اس مرتبہ سے فوق شہود و حضور کی گنجائش نہیں ہے یا حیرت ہے

یاجہل یامعرفت نہ آں معرفت کہ توآں رامعرفت

یا جہل یا معرفت ۵ وہ معرفت نہیں جسے تم معرفت

دانی کہ آں معرفت تومعرفت افعالی ست وصفاتی و

جانتے ہو کیونکہ تیری وہ معرفت افعالی اور صفاتی معرفت ہے اور

ایں مقام فوق معرفت اسماء و صفات ست بچندیں مراحل

یہ مقام اسماء و صفات کی معرفت سے فوق ہے کتنے ہی مرحلے

**والصلٰوۃ والسلام علٰی سید البشر وعلٰی آله الاطهر**

اور درود و سلام ہو سید البشر پر اور آپ کی آل اطہر پر۔

۵ یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز ارشاد فرمارہے ہیں کہ حقیقت یادداشت کے حصول کے بعد عارف پر حیرت وجہل کی کیفیت طاری ہوجاتی ہے ۔حیرت وجہل سے مراد اشیائے کائنات سے لاتعلقی اور بے خبری ہے۔جب کثرتِ ذکر اور فرطِ محبت کے غلبے سے عارف اپنے محبوب حقیقی کے مشاہدے میں ڈوب جاتا ہے اور محبوب کے سواسب کچھ اس کی نظر سے پوشیدہ ہوجاتا ہے اور مرتبہ احدیت میں محو ہوکر تجلی اسم ھو کا مشاہدہ کرتے ہوئے انکشاف حقیقت پر ہکابکا رہ جاتا ہے تو اسی حالت کو حیرت وجہل کہا جاتا ہے لیکن یہ حیرت وجہل محمود ہے نہ کہ مذموم ۔اسی کو صوفیائے کرام فنائے مطلق ،مرتبہ جمع اور ادراکِ بسیط بھی کہتے ہیں۔

(البینات شرح مکتوبات مکتوب ۶ جلد اول)

marfat.com
Marfat.com

اسی کو حقیقی معرفت کہا جاتا ہے جیسا کہ حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا ارشادگرامی ہے العجز عن درك الادراك ادراك فسبحان من لم يجعل للخلق اليه سبيلاً الا بالعجزعن معرفته (مکتوب ۱۲۲ دفتر سوم) یعنی ادراک معرفت سے عاجز ہونا ہی اس کی معرفت کا ادراک ہے۔ پاک ہے وہ ذات جس نے اپنی معرفت سے عجز کے سوا اپنی مخلوق کیلئے کوئی رستہ نہیں بنایا۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۳۱

تمامیٔ ایں طریق و وصول بنہایت النہایت مربوط

اس راہ کی تتمیم اور نہایت النہایت تک وصول، مشہور

بطیّ مقامات عشرہ مشہورہ است کہ اولش توبہ است

مقامات عشرہ طے کرنے کے ساتھ مربوط ہے[1] کہ ان میں پہلا مقام توبہ ہے

وآخرش رضا ہیچ مقامے درمراتب کمال فوق مقام

اور ان کا آخری مقام رضا ہے۔ کوئی مقام مراتب کمال میں مقام

رضا متصور نیست حتی کہ رویت اخروی نیز و

رضا سے بالا متصور نہیں ہے حتی کہ رؤیت اخروی بھی

حقیقت مقام رضا کما ینبغی درآخرت ظہور خواہد

مقام رضا کی حقیقت جیسا کہ چاہئے آخرت میں ظاہر ہو گی

## تکمیل سلوک کا انحصار مقامات عشرہ پر ہے

[1] زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ راہ سلوک کی تکمیل کا انحصار مقامات عشرہ پر ہے۔ ان مقامات میں سے پہلا مقام توبہ ہے اور سب سے آخری اور افضل مقام رضا ہے یہاں تک کہ جنت میں دیدار خدا سے بھی بڑھ کر ہے۔ دیگر مقامات کا حصول آخرت میں نہیں ہوگا کیونکہ ان کا

marfat.com
Marfat.com

یافت و حصول مقامات دیگر در آخرت متصور نیست
دیگر مقامات کا حصول آخرت میں متصور نہیں ہے

توبہ آنجا معنی ندارد و زہد گنجایش ندارد و توکل
توبہ وہاں کوئی معنی نہیں رکھتی اور زہد کی گنجائش نہیں، توکل

صورت نہ بندد و صبر احتمال ندارد آرے شکر ہرچند
کی کوئی صورت نہیں بنتی ، صبر کا احتمال نہیں ہاں شکر اگرچہ

در آنجا متحقق ست اما آں شکر از شعب رضاست نہ
وہاں متحقق ہے لیکن وہ شکر رضا کی شاخوں میں سے ہے

امر سباین از رضا اگر پرسند کہ در کامل مکمل گاہ
نہ کہ رضا سے جدا کوئی امر اگر دریافت کریں کہ کامل مکمل میں

ہست کہ رغبتے در دنیا مفہوم میگردد و منافی توکل
کبھی ہوتا ہے کہ اس سے دنیا کی طرف کوئی رغبت مفہوم ہوتی ہے اور توکل

چیز ہا دیدہ می شود و بے طاقتی کہ منافی صبر ست
کے منافی کئی چیزیں دیکھی جاتی ہیں اور بے طاقتی جو صبر کے منافی ہے

تعلق عالم شہادت کے ساتھ ہے عالم آخرت کے ساتھ نہیں البتہ مقام شکر جو کہ مقام رضا کا ایک شعبہ ہے وہ اہل جنت کو ضرور حاصل ہوگا تا کہ مزید انعامات واکرامات وعنایات سے مالا مال ہوسکیں جیسا کہ آیہ کریمہ لئن شکرتم لازیدنکم سے عیاں ہے۔ (مقامات عشرہ کی تفصیلات سعادت العباد جلد اول منہا ۱۰ میں ملاحظہ فرمائیں)

marfat.com
Marfat.com

مشہود می گردد و کراہت کہ ضد رضاست یافتہ می

مشہود ہوتی ہے اور کراہت جو رضا کی ضد ہے پائی جاتی ہے

شود وجہِ آں چہ باشد؟ درجواب گویم کہ حصول ایں

اس کی وجہ کیا ہے ؟ جواب میں ہم کہتے ہیں کہ ان

مقامات مخصوص بقلب وروح ست ونسبت باخص

مقامات کا حصول، قلب اور روح کے ساتھ مخصوص ہے اخص خواص

خواص ایں مقامات درنفس مطمئنہ نیز حصولے می

کی نسبت یہ مقامات نفس مطمئنہ میں بھی حاصل ہو جاتے ہیں

؎ یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ایک سوال کا جواب مرحمت فرمار ہے ہیں کہ بعض اوقات شیخ کامل مکمل (جس نے مقامات عشرہ کی تحصیل اور راہ سلوک کی تکمیل کرلی ہوتی ہے) سے بھی ان مقامات کے بر خلاف عادات قبیحہ اور افعال ناپسندیدہ کا اظہار ہو جاتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ان مقامات کا تعلق قالب اور جسم انسانی کے ساتھ نہیں ہے بلکہ قلب وروح کے ساتھ ہے البتہ ان مقامات کے حصول سے جسم انسانی میں پائی جانے والی ردی عادات وافعال کی شدت وصولت ٹوٹ جاتی ہے۔

## حضرت شیخ ابوبکر شبلی قدس سرہُ العزیز کا مختصر تعارف

آپ کا اسم گرامی جعفر بن یونس اور کنیت ابو بکر ہے آپ کا وطن مصر تھا مگر آپ بغداد میں آکر مقیم ہو گئے تھے۔ آپ حضرت خیر نساج رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس میں پہنچ کر تائب ہوئے اور سید الطائفہ حضرت شیخ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے دست حق پرست

marfat.com
Marfat.com

یابد اما قالب ازین معنی خالی و بے نصیب است ہر
لیکن قالب اس معنی سے خالی اور بے نصیب ہے
چند از صولت و شدت می ماند شخصے از شبلی
اگرچہ تیزی اور شدت ماند پڑ جاتی ہے کسی شخص نے شیخ شبلی
پرسید کہ تودعوائے محبت می کنی وایں فربہئ
سے پوچھا کہ آپ محبت کا دعویٰ کرتے ہیں اور یہ فربہی تو
تومنافی محبت است شبلی درجواب اوایں شعر خواند
محبت کے منافی ہے شیخ شبلی نے اس کے جواب میں یہ شعر پڑھا

پر بیعت ہوئے، آپ زبردست عالم دین اور فقیہ تھے۔ آپ امام دار الھجرہ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے مقلد تھے اور مؤطا امام مالک آپ کو حفظ تھی۔ معاملات طریقت میں آپ کے اشارات نہایت لطیف وعمدہ ہیں۔ آپ آیۂ کریمہ قل للمومنین یغضوا من ابصارھم (اے محبوب صلی اللہ علیک وسلم) اہل ایمان کو فرما دیجئے! کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں کی تفسیر میں فرماتے ہیں ابصار الرؤس عن المحارم وابصار القلوب عن ماسوی اللّٰہ یعنی سر کی آنکھوں کو حرام چیزوں سے محفوظ رکھو اور دل کی آنکھوں کو ماسوی اللہ کے خیال سے بچاؤ۔

ایک مرتبہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ جب تک اللہ تعالیٰ جل سلطانہ کسی شخص کے قلب سے شہوت کا ارادہ نہ نکال دے سر کی آنکھ اس کی تباہ کاریوں سے محفوظ نہیں رہ سکتی

آپ نے ایک دفعہ عہد کر لیا کہ سوائے حلال کے کچھ نہیں کھاؤں گا چنانچہ آپ جنگل میں انجیر کے درخت کے پاس سے گذرے اور انجیر توڑ کر کھانا چاہا تو ندا آئی کہ

marfat.com
Marfat.com

احب قلبی وما دریٰ بدنی

میرے قلب نے محبت کی لیکن میرا بدن بے خبر رہا

ولو دریٰ ما اقام فی السمن

اگر اسے خبر ہوتی تو فربہ نہ ہوتا

پس منافئ آں مقامات اگر در قالب کاملے ظہور کند

پس ان مقامات کے منافی اگر کسی کامل کے قلب میں کچھ ظہور کرے

ضرر ندارد حصول آں مقامات نسبت بباطن آں بزرگ

تو ضرر نہیں دیتا ان مقامات کا حصول اس بزرگ کے باطن کی نسبت

شبلی مجھے مت کھاؤ اپنے عہد کا پاس کرو، میں ایک یہودی کی ملکیت ہوں۔ جان لیوا مرض کے دوران اپنے خادم حضرت بکیر رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا کہ مجھے وضو کراؤ۔ خادم دوران وضوء داڑھی مبارک کا خلال کرانا بھول گئے اس وقت آپ کی زبان بند ہو چکی تھی تو آپ نے خادم کا ہاتھ پکڑ کر اس کی انگلیوں سے اپنی داڑھی کا خلال فرمایا۔ کسی شیخ طریقت کا یہ قول ہے کہ اس شخص کے مراتب کے بارے میں کیا کہا جا سکتا ہے جس سے آخر وقت بھی شریعت کا کوئی ادب فوت نہیں ہوا۔

غالبًا اسی بنا پر آپ کے مرشد و مربی مقنن قوانین طریقت حضرت سیدنا جنید بغدادی قدس سرہٗ العزیز آپ کو قوم صوفیہ کا تاج کہتے تھے۔

آپ ہر نماز کے بعد لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیہ ماعنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم کے بعد صلی اللّٰہ علیک یا محمد تین بار پڑھا کرتے تھے اسی وجہ سے خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ

marfat.com
Marfat.com

ودرغیر کامل نقائص آں مقامات در کلیت ظہور می
اور غیر کامل میں ان مقامات کے نقائص کلیت میں ظہور کرتے ہیں

کند بباطن وظاہر راغب دنیا میگردد و منافیٔ توکل
باطن اور ظاہر دنیا کی طرف راغب ہو جاتا ہے اور توکل کے منافی

صورت وحقیقت او را شامل می شود وبقلب وقالب بے
اس کی صورت اور حقیقت کو شامل ہو جاتی ہے اور قلب اور قالب میں

طاقتی واضطرار ظہورمی نماید، وبروح وبدن کراہت
بے طاقتی اور اضطرار ظاہر ہونے لگتا ہے اور روح اور بدن میں کراہت

ظاہر میگردد ہمیں چیز ہاست کہ حضرت حق
ظاہر ہونے لگتی ہے یہی چیزیں ہیں کہ حضرت حق

کے ماتھے پر بوسہ دیا تھا۔

آپ پر اکثر سکر کا غلبہ رہتا تھا آخر عمر میں اس خیال سے کہ نہ معلوم کب پیغام اجل آ جائے لاالہ الااللہ کی بجائے صرف اللہ کہنے لگے تھے۔

آپ نے ۲۷ ذی الحج ۳۳۴ھ کو ۸۸ سال کی عمر میں وصال فرمایا۔ مزار مبارک بغداد میں ہے۔

marfat.com
Marfat.com

سبحانہ وتعالیٰ قباب اولیائے خودساختہ است واکثر

سبحانہ و تعالیٰ نے اپنے اولیاء کے حجاب بنایا ہے [۳] اور اکثر

مردم را از کمالات این بزرگواراں محروم داشتہ ودر

لوگوں کو ان بزرگواروں کے کمالات سے محروم رکھا ان

ابقائے آں چیز ہا در اولیاء حکمتے است غامض وآن

چیزوں کے اولیاء میں باقی رکھنے میں کوئی دقیق حکمت ہے اور وہ حق

عدم امتیاز حقست از باطل کہ ازلوازم ایں دارست

کا باطل سے عدم امتیاز ہے جو اس دار دنیا کے لوازم سے ہے

## صوفیائے کاملین میں نقائص باقی رکھنے کی حکمتیں

[۳] یہاں اس امر کی وضاحت فرمائی گئی ہے کہ عامۃ الناس اور ناقصین میں ان مقامات عشرہ کے برعکس نقائص وعیوب ان کی کلیت ومجموعی حیثیت اور ظاہر وباطن میں سرایت کئے ہوتے ہیں جبکہ صوفیائے کاملین کے بطون مقدسہ ان نقائص سے پاک ہو جاتے ہیں تاہم ان کے اجسام مبارکہ میں ان عیوب ونقائص کے باقی رکھنے میں دو حکمتیں کارفرما ہوتی ہے۔

## حکمت اولیٰ

یہ ہے کہ عامۃ الناس کو ان اولیائے کاملین کے کمالات سے محروم رکھنا ہوتا ہے جیسا کہ حدیث قدسی اولیائی تحت قبائی لایعرفھم سوائی سے عیاں ہے تاکہ حق وباطل میں التباس رہے یوں لوگوں کیلئے ابتلاء وآزمائش کا سلسلہ جاری رہے

marfat.com
Marfat.com

که محل ابتلا است وحکمت دیگر درابقائے ایں اشیاء

جو آزمائش کا محل ہے اور دوسری حکمت اولیاء میں ان چیزوں

دراولیاء اگرچه بحسب صورت باشد ترقی ایشان

کے ابقاء کی اگرچہ صورت کے لحاظ سے ہو ان کی ترقی

ست اگرایں اشیا ازاولیاء بالکل مرفوع شود راہ ترقی

ہے۔ اگر یہ چیزیں اولیاء سے بالکل مرفوع ہو جائیں تو ترقی کا

مسدود میگردد ودر رنگ ملك محبوس می مانند۔

راستہ مسدود ہو جائے اور فرشتوں کی مانند محبوس ہو جائیں

والسلام علٰی من اتبع الھدیٰ والتزم متابعة المصطفٰی علیه

اور سلامتی ہو اس پر جو ہدایت کی اتباع کرے اور التزام کرے متابعت مصطفٰے کا

تاہم اہل بصیرت جواسیس القلوب ہونے اورولی راولی می شناسد کے مصداق ان صوفیائے کاملین کے بطون میں بھی جھانک کر دیکھ لیتے ہیں جیسا کہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کا ارشاد گرامی ہے کہ ''جب ہمیں خاندان قادریہ کا کشف ہوتا ہے تو حضرت غوث الثقلین قدس سرہٗ العزیز کے بعد حضرت شاہ کمال کیتھلی قادری قدس سرہٗ العزیز جیسا بزرگ نظر نہیں آتا''۔

## حکمت ثانیہ

ان عادات ردیہ کے باقی رکھنے کی یہ ہے کہ جب کبھی ان صوفیائے کاملین سے کسی فعل شنیع کا صدور اور خلق قبیح کا ظہور ہو جاتا ہے تو یہ حضرات اس پر سخت نادم و

marfat.com
Marfat.com

## وعلٰی الہٖ الصلوات والتسلیمات اتمھا واکملھا

آپ پراور آپ کی آل پراتم اوراکمل صلوات وتسلیمات ہوں

پشیمان ہوتے ہیں، حق تعالیٰ کے حضور توبہ وانابت کرتے ہیں، آہ وگریہ اورالحاح و زاری کرتے ہیں تو بارگاہ قدس جل سلطانہ سے پردہ پوشی وعفو کا مژدہ پاتے ہیں، یوں ان اہل اللہ کے لئے نوید مغفرت اور بلندی درجات کا سامان ہوتا رہتا ہے۔ اگر عادت قبیحہ کا ان سے بالکل ہی ارتفاع ہوجائے تو ملائکہ کرام کی مانند ان کی راہ ارتقاء مسدود ہوکررہ جائے جیسا کہ آیہ کریمہ وما منا الا له مقام معلوم سے عیاں ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۳۲

الٰہی چیست اینکه اولیائے خود را کردی که باطن ایشاں

الٰہی یہ کیا ہے جو تو نے اپنے اولیاء کی بابت کر دیا ہے کہ ان کا باطن خضر کا

زلال خضر ست ہر که قطره ازاں چشید حیات ابدی

آب حیات ہے[1] جس نے اس سے قطرہ چکھ لیا اس نے ابدی حیات

یافت و ظاہر ایشاں سم قاتل ہر که بآن نگریست بموت

پا لی اور ان کا ظاہر زہر قاتل ہے جس نے اسے دیکھا موت ابدی

## حصول فیض کیلئے اہل اللہ کی نیازمندی لازم ہے

[1] زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اہل اللہ کے ظاہر و باطن کے درمیان امتیاز کا تذکرہ فرما رہے ہیں کیونکہ اہل اللہ محجوبین کے لئے دریائے نیل کی مانند باعث بلیات ہیں اور محبوبین کے لئے آب حیات کہ ان اہل اللہ کا ظاہر سم قاتل اور باعث زحمت ہے جبکہ ان کا باطن حیات بخش اور موجب رحمت ہے۔ ظاہر بین شخص کیلئے اہل اللہ کی دید باعث ہلاکت ہے اور دیدۂ بینا کے لئے ان کی زیارت باعث نجات ہے۔ اسی لئے عامۃ المسلمین کیلئے بالعموم اور سالکین طریقت کیلئے بالخصوص یہ تلقین وتاکید فرمائی گئی کہ اہل اللہ کا ہمیشہ نیازمند ہی رہنا چاہئے اور خستہ دلی کے ساتھ ان کے حضور حاضر ہونا چاہئے کیونکہ شکستہ دلی ہی قابل توجہ اور لائق التفات ہوتی ہے

marfat.com
Marfat.com

جیسا کہ آیہ کریمہ امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السوء سے عیاں ہے۔ حضرت مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا

دست اشکستہ بر آور در دعا
سوئے اشکستہ پرد فضل خدا
شکر کن مر شاکراں را بندہ باش
پیش ایشاں مردہ شو پایندہ باش
خاک شو مردان حق را زیر پا
خاک بر سر کن حسد را ہم چو ما

marfat.com
Marfat.com

ابدی گرفتار آمد ایشانند که باطن ایشاں رحمت ست

میں گرفتار ہو گیا۔ یہ وہ حضرات ہیں کہ ان کا باطن رحمت ہے [۲]

وظاہر شاں زحمت باطن بین ایشاں از ایشاں ست و

اور ان کا ظاہر زحمت۔ ان کا باطن دیکھنے والا انہیں سے ہے اور

ظاہربین ایشاں از بد کیشاں بصورت جو نما اند و

ان کا ظاہر دیکھنے والا بدکیشوں سے ہے بصورت جوَ دکھانے

بحقیقت گندم بخش بظاہراز عوام بشراند وبباطن از

والے ہیں بحقیقت گندم عطا فرمانے والے۔ بظاہر عوام بشر ہیں اور باطن میں

خواص ملك بصورت بر زمین اند و بمعنی برفلك جلیس

خاص فرشتوں سے، بظاہر زمین پر ہیں اور حقیقت میں آسمان پر۔

ایشاں از شقاوت رسته است وانیس ایشاں بسعادت

ان کا ہم مجلس شقاوت سے بچا ہوا اور ان کا مونس سعادت سے ہمکنار

پیوسته اولئک حزب اللہ الا ان حزب اللہ هم المفلحون

ہے یہی لوگ حزب اللہ ہیں خبردار یقیناً حزب اللہ ہی فلاح پانے والا ہے

[۲] ان سطور میں اہل اللہ کی عظمت اور ان کی صحبت کے برکات وفوائد کا تذکرہ ہو رہا ہے۔ دراصل علمائے راسخین اور عرفائے کاملین بظاہر باہمہ اور بباطن بے ہمہ ہوتے ہیں۔ ان کی بے داغ سیرت اور دل آویز شخصیت کی وجہ سے لوگ جوق در جوق ان کی طرف دور و نزدیک سے کھچے چلے آتے ہیں۔ ان کے فرمودات عالیہ اور انفاس قدسیہ

marfat.com
Marfat.com

**و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد و الہ وسلم**

اور اللہ تعالیٰ ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر درود و سلام نازل فرمائے۔

کی بدولت لوگوں کا تصفیہ باطن اور تزکیہ نفس ہوتا ہے یوں ان کے صحبت یافتہ، سعادت کونین اور فلاح دارین سے مالا مال ہوتے ہیں اسی گروہ کو حزب اللہ کہا جاتا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ اولئك حزب اللّٰه الاان حزب اللّٰه هم المفلحون سے عیاں ہے۔

marfat.com
Marfat.com

## منہا-۳۳

حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ اولیاء اللہ را بر نہجے مستور

حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ نے اولیاء اللہ کو اس انداز سے مستور

ساختہ است کہ ظاہر ایشاں از کمالات باطن ایشاں

کر رکھا ہے[1] کہ ان کا ظاہر ان کے باطنی کمالات کی خبر

خبر ندارد فکیف ما عدائے ایشاں باطن ایشاں را نسبتے

نہیں رکھتا تو کیسے خبر ہو گی ان کے سوا کو ان کے باطن کو

[1] اس منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اولیاء اللہ کی پوشیدگی کا سبب بیان فرمارہے ہیں۔ دراصل حق تعالیٰ نے اہل اللہ کے صفائے باطن کی وجہ سے ان کے بطون کو ان کے لطائف عالم امر کی طہارت ولطافت اور بے چون و بے چگون کے ساتھ رنگین ہونے کی بنا پر صورت بشریت اور اپنی قبائے قدرت میں پوشیدہ رکھا ہے جیسا کہ اولیائی تحت قبائی لایعرفهم سوائی سے عیاں ہے تاکہ ان کی صورت بشریت ان کے باطنی وحقیقی کمالات کی پردہ پوش ہو جائے اور یہ پردہ پوشی لباس کے جسم انسانی کو چھپانے کی مانند ہے نیز ہر کس و ناکس ان کے باطنی کمالات سے آگاہ نہ ہو اور یہ پردہ پوشی اس قدر زائد ہوتی ہے کہ ان اہل اللہ کے ظاہر کو بھی ان کے باطن کی اطلاع نہیں ہوتی۔ جب اولیائے کاملین کے باطن پر ان کے ظاہر کو بھی آگاہی نصیب نہیں ہوتی تو عامۃ الناس کیسے مطلع ہو سکتے ہیں؟۔

marfat.com
Marfat.com

کہ بمرتبۂ بیچونی وبیچگونی حاصل گشتہ است نیز

بیچونی اور بے چگونی کے مرتبہ سے ایسی نسبت حاصل ہو گئی ہے [1]

بے چون ست و باطن ایشاں چوں از عالم امرست نیز

کہ وہ بھی بے چون ہے اور ان کا باطن جو عالم امر سے ہے

نصیبے از بیچونی دارد و ظاہر کہ سراسر چون ست حقیقت

وہ بھی بے چونی سے حصہ رکھتا ہے اور ظاہر جو سراسر چون ہے اس کی حقیقت

آں را چہ در یابد بلکہ نزدیک ست کہ از نفس حصول آں

کو کیا دریافت کر سکتا ہے بلکہ نزدیک ہے کہ اس نسبت کے نفس حصول کا

نسبت انکار نماید **بغایة الجهل وعدم المناسبة** وتواند

انکار کر دے بوجہ غایت جہالت اور عدم مناسبت کے اور

بود کہ نفس حصول نسبت را داند اما نداند کہ متعلق

ہو سکتا ہے کہ نفس حصول نسبت کو جانے لیکن یہ نہ جانے کہ اس کا متعلق

[1] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ صوفیائے کاملین کے بطون کو بے چونی اور بے چگونی کی جو کیفیت حاصل ہوتی ہے تو ظاہر اس کیساتھ عدم مناسبت کی بنا پر اس کا انکار بھی کر سکتا ہے کیونکہ یہ نسبت جملہ نسبتوں سے بالاتر ہے جیسا کہ ان نسبتنا فوق جميع النسب سے واضح ہے بلکہ ظاہر تو رہا درکنار باطن بھی اس نسبت کے آگے مغلوب ہونے کی وجہ سے عجز و جہل و حیرت میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ مزید براں جب صاحب نسبت ہی مغلوب ہے تو دوسرے اس نسبت سے کیونکر آگاہ ہوں؟۔ واللہ ورسولہ اعلم بالصواب

marfat.com
Marfat.com

آں کیست بلکہ بسا است کہ نفی متعلق حقیقی او

کیا ہے بلکہ اکثر ایسا ہے کہ اس متعلق حقیقی کی نفی کر دے

نماید و **کل ذالک لعلوّ تلک النسبۃ و دنو الظاھر** وباطن خود

یہ سب کچھ اس نسبت کی بلندی اور ظاہر کی پستی کی وجہ سے ہے اور باطن

مغلوب آں نسبت ست و از دید و دانش رفتہ است

اس نسبت سے خود مغلوب ہے اور دید و دانش سے گذرا ہوا ہے

چہ داند کہ چہ دارد و بکہ دارد پس ناچار غیر از عجز از

وہ کیا جانے کہ وہ کیا رکھتا ہے اور کس کے ساتھ رکھتا ہے پس لامحالہ

معرفت بمعرفت راہ نباشد لہٰذا صدیق اکبر رضی

معرفت سے عجز کے سوا معرفت کی طرف رستہ نہیں اسی لئے صدیق اکبر

اللہ تعالیٰ عنہ فرمود " **العجز عن درک الادراک ادراک**

رضی اللہ عنہ نے فرمایا ادراک کے درک سے عجز ہی ادراک ہے۔

نفس ادراک عبارت از نسبت خاصہ است کہ عجز از

نفس ادراک نسبت خاصہ سے عبارت ہے کہ جس کے ادراک

ادراک آں لازم ست **لان صاحب الادراک مغلوب لایعلم**

سے عجز لازم ہے کیونکہ صاحب ادراک مغلوب ہے جو اپنے ادراک کو نہیں جانتا

**ادراکہ وغیرہ لایعلم حالہ کما مرّ**

تو دوسرے لوگ اس کے حال سے کیسے واقف ہو سکتے ہیں جیسا کہ بیان ہو چکا۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۳۴

شخصے بود درلباس صوفیان کہ ببدعت اعتقادی مبتلا

ایک شخص صوفیہ کے لباس میں بدعت اعتقادی میں مبتلا

بود این فقیر درحق او تردد داشت اتفاقاً می بینم کہ انبیاء

تھا یہ فقیر اس کے متعلق تردد رکھتا تھا اتفاقا دیکھتا ہوں کہ انبیاء

اس منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز بدعت اعتقادی کے مضرات و نقصانات کا تذکرہ فرمارہے ہیں۔مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں بدعت کے متعلق قدرے تفصیلات بیان کردی جائیں تاکہ فہم منہا میں سہولت رہے اور بدعت کے متعلق حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کا موقف بھی واضح ہوجائے۔و باللّٰہ التوفیق

## بدعت

لغت میں بدعت اس چیز کو کہا جاتا ہے جو بغیر کسی سابق مثال کے بنائی جائے مذہب میں نئی رسم کو بھی بدعت کہتے ہیں (المنجد) فاضل اجل حضرت شیخ شریف جرجانی نقشبندی علائی رحمۃ اللہ علیہ بدعت کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

ھی الامر المحدث الذی لم یکن علیه الصحابة والتابعون ولم یکن مما اقتضاه الدلیل الشرعی یعنی بدعت اس نئی چیز کو کہا جاتا ہے جس پر نہ صحابہ کرام و تابعین عظام (رضی اللہ عنہم) کا تعامل ہو اور نہ ہی اس پر دلیل شرعی قائم

marfat.com
Marfat.com

صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہ علیہم باجمعہم جمع اند

ان سب پر اللہ تعالیٰ کے صلوات و تسلیمات ہوں جمع ہیں

وہمہ بزبان واحد می فرمایند درحق آن شخص کہ "لیس

اور تمام بیک زبان ہو کر اس شخص کے حق میں فرما رہے ہیں کہ وہ

ہو۔(کتاب التعریفات)

حضرت حافظ ابن رجب حنبلی رحمۃ اللہ علیہ بدعت کی تعریف کرتے ہوئے ارقام پذیر ہیں:

والمراد بالبدعة ما احدث مما لا اصل له فی الشریعة یدل علیه یعنی بدعت سے مراد وہ نئی اشیاء ہیں جن کی شریعت مطہرہ میں کوئی اصل نہ ہو جو ان پر دلالت کرے۔ (جامع العلوم والحکم ۲/۱۲۷)

مذکورہ مفہوم درج ذیل ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات سے ثابت ہے من احدث فی امرنا هذا مالیس منه فهورد یعنی جس شخص نے ہمارے دین میں کوئی نئی بات ایجاد کی جو دین سے نہیں تو وہ مردود ہے۔ (مشکوٰۃ ۲۷)

اس حدیث پاک میں ہر نئی چیز سے منع نہیں فرمایا بلکہ "مالیس منه" کی قید لگا کر واضح کر دیا کہ جو چیز دین سے نہ ہو بلکہ خلاف دین ہو وہ مردود ہے۔

اسی ارشاد گرامی کے پیش نظر امام ہمام حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک قول منقول ہے المحدثات ضربان مااحدث مخالفاً کتابا او سنة او اثرا او اجماعا فهذه بدعة ضلالة وما احدث من الخير لايخالف شيئاً من ذالك فهذه محدثة غير مذمومة یعنی وہ نئے امور (نئی باتیں) جو قرآن یا سنت یا اثر یا اجماع کے مخالف ہوں، بدعت ضلالت ہیں اور جو امور خیر کتاب وسنت کے مخالف نہ ہوں بدعت ضلالت نہیں بلکہ محدثات محمودہ (اچھے امور) ہیں۔ (فتح الباری ۱/۳۰۲)

marfat.com
Marfat.com

منا" درین اثنا بخاطر رسید کہ از شخص دیگر کہ فقیر در

ہم میں سے نہیں ہے اسی اثناء میں دل میں ایک دوسرے شخص کا خیال آیا کہ فقیر اس

حق او متردد بود استفسار نماید درمادہ او فرمودند " کان

کے متعلق بھی متردد تھا دریافت کرلوں اس کے بارے میں فرماتے ہیں وہ ہم میں سے

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے محدثات مذمومہ اور بدعات ضلالہ سے اجتناب کرنے اور سنت پر کاربند رہنے کی تلقین فرمائی ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات ہے

فانہ من یعیش منکم بعدی فسیری اختلافاً کثیراً فعلیکم بسنتی و سنة الخلفاء الراشدین المھدیین تمسکوا بھا و عضوا علیھا بالنواجذ وایاکم ومحدثات الامور فان کل محدثة بدعة و کل بدعة ضلالة یعنی تم میں سے جو میرے بعد زندہ رہا وہ امت میں بہت اختلاف دیکھے گا لہٰذا تم پر میری سنت اور میرے خلفائے راشدین کی سنت کو پکڑنا لازم ہے، اسی کو تھامے رہو اور دانتوں میں سختی سے دبائے رکھو اور اپنے آپ کو بدعتوں (نو پیدا امور) سے بچائے رکھو کیونکہ دین میں نئی پیدا شدہ باتیں بدعت ہیں اور ہر بدعت گمراہی ہے۔
(ابوداؤد ۲/۲۷۹)

## حضرت امام ربانی اور امور بدعت

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ بدعت کی تقسیم کو پسند نہیں فرماتے اور کسی بدعت کے حسنہ ہونے کے قائل نہیں ہیں۔

آپ "کل بدعة ضلالة" (ابوداؤد) کی تخصیص مناسب نہیں جانتے۔ آپ

marfat.com
Marfat.com

**منا" نعوذ بالله سبحانه من سوء الاعتقاد ومن طعن انبیائه الامجاد**

ہے ہم اللہ سبحانہ کی پناہ مانگتے ہیں برے اعتقاد اور اس کے بزرگ انبیاء پر طعن سے۔

کے نزدیک "کل محدثة بدعة "(ابوداؤد) عام مخصوص البعض قرار پاتا ہے اسی لیے آپ احداث فی الدین (خلاف کتاب وسنت) کو بدعت فرماتے ہیں اور ہر بدعت کو گمراہی کا سر چشمہ خیال کرتے ہیں۔

۞......حضرت خواجہ مفتی عبدالرحمٰن کابلی رحمۃ اللہ علیہ کو ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں

"گفته اند که بدعت بردونوع است حسنه وسیئه ......"

"این فقیر درہیچ بدعت ازین بدعتہاحسن ونورا نیت مشاہدہ نمی کند وجز ظلمت وکدورت احساس نمی نماید...... سیدالبشرمی فرماید علیه وعلٰی اٰله الصلوٰت والتسلیمات **من احدث فی امرنا هٰذا مالیس منه فهورد** "چیز یکه مردود باشد حسن از کجا پیدا کند" (دفتر اول مکتوب ۱۸۶)

ترجمہ: کہتے ہیں کہ بدعت کی دو قسمیں ہیں حسنہ اور سیئہ یہ فقیر ان بدعات میں سے کسی بدعت میں بھی حسن ونورانیت نہیں دیکھتا اور بجز ظلمت وکدورت کے ان میں کچھ محسوس نہیں کرتا۔ سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ہمارے دین میں ایسی نئی بات نکالے جو دین میں سے نہیں ہے تو وہ مردود ہے پس جو چیز مردود ہوگئی اس میں حسن کیسا؟۔

آپ علیہ الرحمہ ایک اور مکتوب میں ارقام فرماتے ہیں:

نورسنت سنیّه راعلٰی صاحبها الصلوٰة والسلام والتحیة ظلماتِ بدعتہاستور ساخته اند و رونقِ ملت مصطفویه را علٰی مصدرها الصلوٰة والسلام والتحیة کدورات امور محدثه ضائع

marfat.com
Marfat.com

گردانیده عجب تر آنکه جمعے آن محدثات را امورِ مستحسنہ میدانند وآن بدعتہا راحسنات می انگارند وتکمیل دین وتتمیم ملت ازان حسنات می جویند ودراتیان آن امور ترغیبات می نمایند ھداھم اللہ سبحانہ سواء الصراط مگر نمی دانند کہ دین پیش ازین محدثات کامل شده بود ونعمت تمام گشتہ ورضاء حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ بحصول پیوستہ کماقال اللہ تعالیٰ الیوم اکملت لکم دینکم ......(الخ) پس کمال دین ازین محدثات جستن فی الحقیقت انکار نمودن است بمقتضائے این کریمہ۔ (دفتر اول مکتوب ۲۶۰)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں کے نور کو بدعات کی تاریکیوں نے چھپا دیا ہے اور ملت مصطفویہ علیٰ مصدرھا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کی رونق کو ان نو ایجاد باتوں کی کدورتوں نے برباد کر دیا ہے۔ کتنے تعجب کی بات ہے کہ ایک جماعت ان بدعات کو مستحسن جانتی ہے اوران کو نیکیاں سمجھتی ہے اوران کے ذریعے سے دین وملت کی تکمیل کرنا چاہتی ہے اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو سیدھے راستے کی ہدایت دے۔ یہ لوگ نہیں جانتے کہ دین ان بدعات سے پہلے کامل ومکمل ہو چکا ہے اور اللہ کی نعمتیں پوری ہو چکی ہیں اور اسکی رضا ان کے حصول کیساتھ ملی ہوئی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "آج میں نے تمہارے دین کو مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لیے دین اسلام کو پسند کر لیا"۔ پس دین کا کمال ان بدعات میں سمجھنا درحقیقت اس آیہ کریمہ کے مضمون سے انکار کرنا ہے۔

اسی طرح ایک جگہ یوں فرماتے ہیں کہ

گذشتگان دربدعت حسنے دیده باشند کہ بعض افراد

marfat.com
Marfat.com

آنرا مستحسن داشتہ اند امّا این فقیر درین مسئلہ بایشاں موافقت ندارد وہیچ فرد بدعت راحسنہ نمیداند و جز ظلمت وکدورت دراں احساس نمی نماید **قال علیہ وعلٰی الہ الصلوٰۃ والسلام" کل بدعۃ ضلالۃ"** وسی یابد کہ درین غربت وضعف اسلام سلامتی منوط باتیان سنت ست وخرابی مربوط بتحصیل بدعت ہربدعت کہ باشد بدعت را در رنگ کلند میداند کہ ہدم بنیاد اسلام می نماید وسنت را در رنگ کوکب درخشان می یابد کہ درشب دیجور ضلالت ہدایت می فرماید علمائے وقت راحق سبحانہ وتعالٰی توفیق دہاد کہ بحسن ہیچ بدعت لب نکشایند وباتیان ہیچ بدعت فتوٰی ندہند اگرچہ آن بدعت درنظر شان در رنگ فلق صبح روشن درآید چہ تسویلات شیطان رادرماورائے سنت سلطان عظیم ست۔ (دفتر دوم مکتوب ۲۴)

ترجمہ: بعض اگلے لوگوں نے بدعات میں کوئی حسن دیکھا ہوگا کہ اس کے بعض افراد کوانہوں نے مستحسن قراردیا۔ یہ فقیران سے اس مسئلہ میں اتفاق نہیں رکھتا اور کسی فرد بدعت کو"حسنہ"نہیں سمجھتا اور سوائے ظلمت وکدورت کے ان میں کچھ محسوس نہیں ہوتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ہر بدعت گمراہی ہے۔ فقیر کے نزدیک اسلام کی اس غربت کے زمانے میں سلامتی، سنت سے اورخرابی، بدعت سے وابستہ ہے۔ خواہ کوئی بدعت ہو، وہ بدعت اس فقیر کو کدال کی صورت میں نظر آتی ہے جو اسلام کی بنیاد کوڈھارہی ہے اورسنت ایک درخشاں ستارے کے رنگ میں دکھائی دیتی ہے جوگمراہی کی شب تاریک میں رہنمائی کرتی ہے۔ اللہ تعالٰی علماء وقت کوتوفیق دے

marfat.com
Marfat.com

کہ کسی بدعت کے حسنہ ہونے کے متعلق زبان نہ کھولیں اور کسی بدعت کے کرنے کا فتویٰ نہ دیں اگر چہ وہ بدعت ان کی نظر میں ''فلق صبح '' کی طرح روشن ہو کیونکہ شیطانی مکر کو ماورائے سنت (بدعت) میں بڑا تسلط ہے۔

سطور بالا سے یہ امر بخوبی واضح ہو چکا ہے کہ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز بدعت کی تقسیم کو قبول نہیں کرتے اور فرماتے ہیں کہ جو ہے ہی بدعت، اس میں حسن کیسا......؟، لہٰذا آپ بدعت کی قسم اول (بدعت حسنہ) پر بدعت کا اطلاق نہیں کرتے بلکہ اسے سنت ہی قرار دیتے ہیں اور بدعت کا اطلاق صرف دوسری قسم (بدعت سیئہ) پر ہی کرتے ہیں اور ہر بدعت کو ''کل بدعة ضلا لة '' کے تحت رکھتے ہیں۔

## تقسیم بدعت سے انکار کی توجیہات

آپ کے اس موعقف پر جن لوگوں نے اعتراض وانکار کیا ہے وہ لوگ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کے مرتبہ وعلوشان سے بے خبر ہیں۔اگر دیانت داری سے اس مسئلے پر غور کیا جائے تو مندرجہ ذیل نتائج سامنے آتے ہیں

ا...... حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز سنت کی ترویج اور بدعت کے خاتمے پر مامور تھے۔ یہ دور بدعات کے سیلاب کا دور تھا۔آپ بدعت سے سخت متنفر تھے۔فقہاء نے بدعات کی تقسیم کر کے بعض بدعتوں کو جائز' مستحب' واجب وغیرھا قرار دیا اور علمی موشگافیوں کی طرف مائل ہو گئے جبکہ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز فکری اور علمی انقلاب لانے اور دین اسلام کی تجدید وتعمیر میں مصروف تھے۔آپ کی نظر آئندہ ہزار سال کی طرف لگی ہوئی تھی اور ملت اسلامیہ کی ڈوبتی کشتی کو بچانے کی فکر میں تھے۔

۲...... آپ مشاہدہ ویقین کی آخری منزل پر فائز تھے۔آپ کا علم، لدنی اور حضوری تھا۔آپ مقام فقاہت سے نہیں بلکہ مقام امامت وولایت سے اس تقسیم کی نفی فرمار ہے

marfat.com
Marfat.com

تھے۔آپ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں اس قدر فنا ہو چکے تھے کہ جس قول وفعل کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی نسبت نہ ہوتی اس میں آپ کو کوئی حسن و جمال نظر نہ آتا۔عشق ومحبت کی دنیا میں نسبت اور رابطے کو جو اہمیت حاصل ہے وہ اہل دل سے پوشیدہ نہیں۔

۳......جن علمائے امت نے بدعت کی تقسیم فرمائی ہے وہ ''کل بدعة ضلالة ''میں لفظ **بدعة** کو عام مخصوص البعض قرار دیتے ہیں اور حضرت امام ربانی ''کل محدثة بدعة ''میں لفظ ''**محدثة**'' کو عام مخصوص البعض قرار دیتے ہیں اور حقیقت بھی یہی ہے کہ اگر '' محدثة '' کی تخصیص کر دی جائے تو بدعت کی تقسیم کی ضرورت ہی باقی نہیں رہ جاتی۔

۴...... حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ اس امت کے مجدد اعظم ہیں۔آپ کا بدعت حسنہ کی مطلق نفی فرمانا سد الباب کے قبیل سے ہے تا کہ عوام بدعت حسنہ کا سہارا لے کر **بدعت ضلالہ** میں نہ پھنس جائیں لہٰذا آپ نے تجدیدی حکمتوں کے پیش نظر یہی مناسب جانا کہ سرے سے بدعت کا دروازہ ہی بند کر دیا جائے۔

۵...... **بدعت حسنہ** اور **بدعت ضلالہ** میں فرق کرنا علمائے محققین کی ذمہ داری ہے۔آپ نے احتیاطی تدبیر کے طور پر بدعت کی تقسیم' تفریق اور تعیین کا حق عوام کے سپرد نہیں فرمایا تا کہ اس کی آڑ میں اہل ہوس' دین میں فتنہ وفساد کا دروازہ نہ کھول دیں جیسا کہ علماء سوء نے اس تقسیم سے ناجائز فائدہ اٹھایا' جن کے بارے میں آپ نے یوں نشاندہی فرمائی۔

''اکثر علماء این وقت رواج دہند ہائے بدعت اندومحو کنندہائے سنت ...........مردم رابدعت دلالت می نمایند ''

(دفتر دوم مکتوب ۵۴)

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ: یعنی اس زمانہ کے اکثر علماء خود ہی بدعت کے رواج دینے والے اور سنت کے مٹانے والے ہیں ...... یہ علمائے دین، آدمیوں کو بدعت کی طرف راہنمائی کرتے ہیں اور بدعت کو شرعاً جائز بلکہ مستحسن قرار دے کر فتویٰ دیتے ہیں۔

۶...... آپ مجتہد ہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو مسند اجتہاد کی بشارت دیتے ہوئے ارشاد فرمایا "تو از مجتہدان علم کلامی" (دفتر اول مکتوب ۲۶۶) اور آپ کا یہ قول اجتہاد کے قبیل سے ہے جیسا کہ آپ نے تشہد میں رفع سبابہ کا انکار فرمایا ہے۔ جس کی توجیہہ کرتے ہوئے حضرت مرزا مظہر جان جاناں شہید دہلوی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا:

"حضور مجدد رضی اللہ عنہ کا ترک رفع سبابہ بناء براجتہاد ہے" (کلمات طیبات فارسی ۲۹)

۷...... آپ کے نزدیک سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے اس قول "نعمت البدعة هذه" (مشکوۃ ۱۱۵) میں بدعت کا لغوی حقیقی معنی مراد ہے کیونکہ دور فاروقی میں بدعت کی تقسیم اور اس جیسی دیگر مصطلحات کا نام ونشان تک نہ تھا۔ نیز خلیفہ دوم کا عمل از روئے حدیث سنت ہے نہ کہ بدعت حسنہ، لہٰذا حدیث کے ان الفاظ کو بدعت کی تقسیم پر محمول کرنا تکلف سے خالی نہیں۔ **(فافهم)**

۸...... حضرت امام ربانی نے میر محب اللہ کی طرف ایک مکتوب میں لکھا کہ

بدعت دو حال سے خالی نہیں ہے یا وہ سنت کی رافع ہوگی یا رفع سنت سے ساکت ہوگی۔ ساکت ہونے کی صورت میں وہ بالضرور سنت پر زائد ہوگی جو درحقیقت اس کو منسوخ کرنے والی ہے کیونکہ نص پر زیادتی نص کی ناسخ ہے۔ پس معلوم ہوا کہ بدعت خواہ کسی قسم کی ہو سنت کی رافع اور اس کی نقیض ہوتی ہے۔ نہ اسمیں خیر ہے نہ حسن۔ ہائے افسوس انہوں نے بدعت کے حسنہ ہونے کا کس طرح حکم دے دیا؟۔

(مکتوبات شریفہ ومبداء ومعاد)

marfat.com
Marfat.com

## بدعت حسنہ......رافع سنت ہے

۹...... قیوم زمانی حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ نے خواجہ عبدالرحمٰن کابلی کی طرف ایک مکتوب تحریر فرمایا جس کا اردو ترجمہ پیش خدمت ہے:

''جاننا چاہیے کہ بعض بدعتیں جن کو علماء ومشائخ نے حسن سمجھا ہے جب ان کو اچھی طرح ملاحظہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ سنت کو رفع کرنے والی ہیں مثلاً میت کے کفن دینے میں عمامہ کو بدعت حسنہ کہتے ہیں حالانکہ یہی بدعت' رافع سنت ہے کیونکہ عدد مسنون (تین کپڑوں) پر زیادتی نسخ ہے اور نسخ عین رفع ہے اور ایسے ہی مشائخ نے شملہء دستار کو بائیں طرف چھوڑنا پسند کیا ہے' حالانکہ شملہ کا دونوں کندھوں کے درمیان چھوڑنا سنت ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ بدعت' رافع سنت ہے اور ایسے ہی وہ امر جو علماء نے نماز کی نیت میں مستحسن جانا ہے کہ باوجود دل کے ارادہ کے زبان سے بھی نیت کرنی چاہیے حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی صحیح یا ضعیف روایت سے یہ امر ثابت نہیں ہوتا اور نہ ہی صحابہ کرام وتابعین عظام سے کہ انہوں نے زبان سے نیت کی ہو بلکہ جب اقامت کہتے تھے تو فقط تکبیر تحریمہ ہی فرماتے تھے۔ پس زبان سے نیت کرنا بدعت ہے اور علماء نے اس بدعت کو حسنہ کہا ہے اور یہ فقیر جانتا ہے کہ رفع سنت تو اپنی جگہ رہا یہ بدعت فرض کو بھی رفع کرتی ہے کیونکہ اس تجویز میں اکثر لوگ زبانی نیت پر ہی کفایت کرتے ہیں اور دل کی غفلت کا کچھ خوف نہیں کرتے۔ پس اس ضمن میں نماز کے فرضوں میں سے ایک فرض جو کہ نیت قلبی ہے متروک ہو جاتا ہے اور نماز کے فاسد ہونے تک پہنچا دیتا ہے۔ (دفتر اول مکتوب ۱۸۶)

۱۰...... آپ کے نزدیک جو کام' مقصود شرع کے مطابق ہو اور صدر اول میں اس کی کوئی مثال یا اصل ثابت ہو تو اس کو بدعت حسنہ کی بجائے سنت کہا جائے گا جیسا کہ حدیث میں ہے:

marfat.com
Marfat.com

''من سنّ فی الاسلام سنةً حسنةً فله اجر ها''......(الخ)(مشکوٰۃ ۳۳)

لہٰذا حدیث سے ثابت شدہ تقسیم سنت میں لفظ سنت حسنہ کا اطلاق بدعت حسنہ کے اطلاق سے بدرجہا اولیٰ معلوم ہوتا ہے۔ (فتدبر)

❁......جیسا کہ قطب شام امام عبدالغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

''ان البدعة الحسنة الموافقة لمقصود الشرع تسمّٰی سنة''

ترجمہ: جو بدعت حسنہ مقصود شرع کے مطابق ہو اس کو بھی سنت ہی کہا جائے گا۔

اس مفہوم کے پیش نظر حضرت امام ربانی اور بعض علماء کے درمیان لفظ بدعت کے بارے میں اختلاف محض لفظی ہے کہ قسم اول پر بدعت کا اطلاق کرنا چاہیے یا نہیں؟

❁......اس لفظی نزاع کی وضاحت کے لیے حضرت شاہ محمد مظہر رحمۃ اللہ علیہ بن حضرت شاہ احمد سعید دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مقامات سعیدیہ ۱۲۵ پر تحریر فرماتے ہیں:

''می فرمودند کہ بدعت حسنہ نزد امام ربانی قدس سرہ داخل سنت است اطلاق بدعت برآں نمی فرمایند بموجب کل بدعة ضلالة ونزاع درمیان ایشان وعلماء کہ بوجود حسن دربدعت قائل اند لفظی است''

ترجمہ: حضرت شاہ احمد سعید دہلوی فرمایا کرتے تھے کہ بدعت حسنہ حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک داخل سنت ہے۔ حضرت مجدد علیہ الرحمہ کل بدعة ضلالة کے مطابق اس پر بدعت کا لفظ نہیں بولتے اور آپ کے اور ان علماء کے درمیان جو بدعت حسنہ کے قائل ہیں صرف لفظی نزاع ہے۔

❁......اسی طرح معرّب مکتوبات حضرت علامہ محمد مراد مکی رحمۃ اللہ علیہ کے ایک مفصل مضمون کا باحوالہ اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے جو قارئین کے لیے بے حد مفید ثابت ہوگا۔

معرّب مکتوبات امام ربانی (محمد مراد مکی عفی عنہ) کہتا ہے کہ حضرت امام ربانی

marfat.com
Marfat.com

قدس سرہُ العزیز نے اپنے مکتوبات میں بہت سے مقامات پر بدعت کے متعلق بہت سخت رویہ اختیار فرمایا ہے اور آپ اسکے حقدار بھی تھے۔ کیونکہ اگر آپ بدعت کے معاملہ میں شدت نہ فرماتے تو سارا ہندوستان اور ماوراء النہر کا علاقہ بدعت کے اندھیروں میں ڈوب جاتا۔ بدعت کے بارے میں آپ کا یہ رویہ دوسرے علماء اسلاف کے اس قول کے خلاف نہیں کہ بدعت دو قسم پر ہے ''حسنہ اور سیئہ'' کیونکہ حسنہ سے ان کی مراد ہر ایسی چیز ہے جس کے لیے صدر اول میں اصل موجود ہو اگر چہ اشارۃً ہی ہو جیسے مساجد کے منارے بنانا' مدارس اسلامیہ قائم کرنا' مسافر خانے تعمیر کرنا' کتابوں کی تدوین اور دلائل کی ترتیب اور اسی طرح اور بھی کئی مثالیں ہیں اور بدعت سیئہ وہ ہے کہ صدر اول میں اسکی کوئی اصل اور بنیاد نہ ہو۔ حضرت امام ربانی علیہ الرحمہ بدعت کی قسم اول پر بدعت کا اطلاق نہیں کرتے کیونکہ اس کی اصل صدر اول میں موجود ہوتی ہے لہٰذا ایسا شخص مُبتدِع اور مُحدث بھی نہیں کہلائے گا بلکہ آپ بدعت کا اطلاق صرف دوسری قسم پر ہی کرتے ہیں اسی کا مرتکب ہی مبتدع اور محدث کہلانے کا سزاوار ہے اور اس بناء پر بھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مطلقاً فرمایا'' كل بدعة ضلالة'' (ابوداؤد)

خلاصہ کلام یہ ہے کہ بدعت حسنہ اور سیئہ کے مسئلہ میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ اور دوسرے علماء کرام کے درمیان محض نزاع لفظی ہے کہ قسم اول پر بدعت کا اطلاق کرنا چاہیے یا نہیں۔ الغرض علماء جسے بدعت حسنہ کہتے ہیں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کے نزدیک وہ سنت میں داخل ہے۔

(حاشیہ مکتوبات شریف' دفتر اول مکتوب ۱۸۶ از مولانا نور احمد مرحوم امرتسری مطبوعہ رؤف اکیڈمی لاہور)

❁ ..... حضرت شاہ عبدالغنی محدث دہلوی علیہ الرحمہ سنن ابن ماجہ کے حاشیہ انجاح الحاجہ میں حدیث ''من احدث فی امرنا هذا'' (الخ) کے تحت یوں فرماتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

ولهذا قال الشيخ المجدد (رضی اللّٰہ عنه) ان العلوم التی وسائل لامرالدین کالصرف والنحو داخلة فی السنة ولا یطلق علیهم اسم البدعة فان البدعة عنده (رضی اللّٰہ عنه) لیس فیها حسن۔

ترجمہ: اسی بناء پر حضرت شیخ مجدد رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ ایسے علوم جو حصول دین کے ذرائع اور وسائل ہیں جیسے علم صرف ونحو، وہ سنت میں داخل ہیں اور حضرت شیخ مجدد ان پر بدعت کا اطلاق نہیں کرتے کیونکہ آپ کے نزدیک بدعت میں بالکل کوئی حسن نہیں ہے۔

مذکورہ بالا بحث وتحقیق سے یہ امر روز روشن کی طرح ظاہر ہوگیا ہے کہ مسئلہ بدعت میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اور دوسرے علماء اہلسنت کے درمیان ہرگز کوئی بنیادی وحقیقی اختلاف نہیں بلکہ صرف لفظی نزاع ہے۔ مفہوم ومراد سب کے نزدیک ایک ہی ہے صرف انداز بیان اور اطلاق الفاظ میں فرق ہے۔

(مزید معلومات کیلئے ملاحظہ ہو البینات شرح مکتوبات مکتوب ۱۳۱ جلد ثالث)

## عقیدہ اور عمل کے اعتبار سے بدعت کی اقسام

دراصل عقیدہ وعمل کے اعتبار سے بدعت کی دو قسمیں ہیں

بدعت اعتقادی اور بدعت عملی

### بدعت اعتقادی

عقائد اسلامیہ میں کسی برے اور کفریہ وشرکیہ عقیدے کا اضافہ کردینا بدعت اعتقادی کہلاتا ہے، اسے نفاق اعتقادی بھی کہتے ہیں۔

### بدعت عملی

دین اسلام میں کسی نئے عمل کا اضافہ کردینا جو دین اسلام میں سے نہ ہو اور اس سے

marfat.com
Marfat.com

سنت وشریعت کی مخالفت لازم آتی ہو، بدعت عملی کہلاتا ہے، اسے نفاق عملی بھی کہتے ہیں۔

جیسے کوئی شخص مسلمان تو ہو مگر اس کے اعمال یہود وہنود، نصاریٰ وکفار جیسے ہوں۔ حدیث مبارک من تشبہ بقوم فھو منھم میں اس قسم کی بدعت کے عاملین کو وعید سنائی گئی ہے۔ یاد رہے کہ بدعت عملی کا مرتکب دائرہ اسلام سے خارج تو نہیں ہوتا البتہ گناہ گار ضرور ہوتا ہے۔

⊙ ...... یاد رہے کہ اہلسنت وجماعت (جو مسلمانوں کی سب سے بڑی وحدت اور واضح اکثریت ہے اور یہی ناجی گروہ وجماعت ہے) ہر قسم کی بدعت اعتقادی وبدعت عملی سے محفوظ ومامون ہے البتہ ان میں سے اگر کوئی شخص بدعت عملی کا مرتکب ہو تو یہ اس کی اپنی غلطی اور غیر ذمہ داری ہے جس کا عقائد واعمال اہلسنت سے کوئی تعلق نہیں۔ اسے چاہئے کہ اس قسم کی بدعت کے ارتکاب سے اجتناب کرے اور مغفرت کا طلب گار رہے، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا باغی اور غدار نہ بنے بلکہ وفادار بن کے رہے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے کہ اس کی بخشش ہو جائے گی جیسا کہ انا عندظن عبدی بی سے عیاں ہے۔

⊙ ...... یہ امر بھی متحضر رہے کہ اہلسنت وجماعت کے علاوہ جتنے بھی فرقے ہیں (دیابنہ وغیر مقلدین وغیرہا) وہ سب بدعت اعتقادی میں مبتلا ہیں اور سب سے بڑا بدعتی فرقہ رافضیہ ہے جسے حدیث میں اضل اور اخبث فرمایا گیا جیسا کہ روایت میں ہے:

عن علی قال تفرقت الیھود علی احدی و سبعین فرقۃ والنصاریٰ علی ثنتین و سبعین فرقۃ وانتم علی ثلاث و سبعین فرقۃ و ان من اضلھا و اخبثھا من یتشیع او الشیعۃ (کنزالعمال ۱/۳۷۷)

واضح رہے کہ جو شخص (کسے باشد) اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام اور اہلبیت عظام (رضی اللہ عنہم اجمعین) کی شان میں گستاخی و بے ادبی کا

marfat.com
Marfat.com

ارتکاب کرتا ہے اور واضح وصریح توہین کا مرتکب ہوتا ہے خواہ ارادی طور پر یا غیر ارادی طور پر خواہ وہ اس کی تاویل کرے یا نہ کرے وہ دائرہ اسلام سے خارج اور کافر ہے۔

علمائے کرام نے فرقہ رافضیہ کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں

۱...... تبرائی شیعہ ۲...... تفضیلی شیعہ

## تفضیلی شیعہ

وہ لوگ ہیں جو مولائے کائنات حضرت سیدنا علی المرتضٰی (رضی اللہ عنہ) کو خلفائے ثلاثہ رضی اللہ عنہم پر فضیلت دیتے ہیں اس قسم کے لوگ دائرہ اسلام سے خارج تو نہیں البتہ گمراہ ضرور ہیں۔

## تبرائی شیعہ

وہ لوگ ہیں جو ماسوائے چند صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) کے دیگر صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم اجمعین) کو مسلمان نہیں سمجھتے بالخصوص خلفائے ثلاثہ (حضرات ابوبکر، عمر وعثمان رضی اللہ عنہم) کی بارگاہ میں توہین کرتے ہیں اور امہات المومنین میں سے خصوصاً حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی شان میں گستاخی کرتے ہیں۔ ان کے متعلق علماء کا فتویٰ یہ ہے کہ وہ دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔

جیسا کہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز رقمطراز ہیں:

یقین جانیے کہ بدعتی کی صحبت کا فساد، کافر کی صحبت کے فساد سے بھی زیادہ ہے اور تمام بدعتی فرقوں میں سب سے برا وہ فرقہ ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ بغض رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ خود قرآن مجید میں ان کو کفار کے نام سے موسوم فرماتا ہے لیغیظ بھم الکفار تا کہ کفار کو ان (اصحاب رسول رضی اللہ عنہم) کے سبب سے غصہ میں ڈالے۔ (مکتوبات امام ربانی مکتوب ۵۴ دفتر اول)

marfat.com
Marfat.com

بدعتی کی صحبت کا فساد کافر کی صحبت کے فساد سے بھی زیادہ ہے اسی لئے سرورکائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے بدعتی کے ادب واحترام کو اتنا بڑا گناہ قرار دیا ہے کہ بدعتی کا احترام کرنے والا گویا دین اسلام کو برباد اور ویران کرنے کی کوشش کرنے والا ہے۔ (مشکوٰۃ ۳۱)

نیز ارشاد فرمایا:

ایاکم وایاھم لا یضلونکم ولا یفتنونکم (صحیح مسلم ۱/۱۰) یعنی ان (بدعتی فرقوں) سے دور رہو اور انہیں اپنے سے دور رکھو کہیں وہ تمہیں گمراہ نہ کردیں اور تمہیں فتنہ میں نہ ڈال دیں۔

نیز قرآن حکیم میں اس کی واضح ممانعت موجود ہے:

فلا تقعد بعدالذکریٰ مع القوم الظالمین (الانعام ۶۸) یعنی نہ بیٹھو یاد آنے پر ظالموں کے پاس۔

مفسرین فرماتے ہیں کہ اس آیت کے حکم میں ظالموں سے مراد کفار، بدعتی اور فاسق وغیرھم ہیں۔ ان میں سے کسی کے پاس بیٹھنے، صحبت اختیار کرنے اور میل جول رکھنے کی اجازت نہیں بلکہ حدیث میں یہاں تک تصریح موجود ہے کہ

ولا تؤاکلوھم ولا تشاربوھم ولا تجالسوھم ولا تناکحوھم و اذا مرضوا فلا تعودوھم واذا ماتوا فلا تشھدوھم ولا تصلّوا علیھم ولا تصلّوا معھم یعنی ان کے ساتھ کھانا نہ کھاؤ اور ان کے ساتھ پانی نہ پیو اور ان کے پاس نہ بیٹھو، ان سے نکاح ورشتہ نہ کرو، وہ بیمار ہو جائیں تو عیادت نہ کرو اور جب وہ مر جائیں تو ان کے جنازے پر نہ جاؤ اور نہ ان پر نماز جنازہ پڑھو اور نہ ان کے ساتھ نماز پڑھو۔

ایک روایت میں یوں ہے:

marfat.com
Marfat.com

لا تسبوا اصحابی فانہ یجیی فی آخرالزمانِ قوم یسبّون اصحابی فان مرضوا فلا تعودوھم وان ماتوا فلا تشھدوھم ولا تناکحوھم ولا توارثوھم ولاتسلموا علیھم ولا تصلوا علیھم

( کنزالعمال ۱۱/۵۴۲)

دوسری روایت میں ہے:

فلاِ تؤاکلوھم ولاتشاربوھم ولا تجالسوھم ولاتصلواعلیھم ولاتصلوامعھم ( کنزالعمال ۱۱/۵۴۰)

## صحابہ کرام اور فرقہ رافضیہ

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز فرماتے ہیں کہ تمام بدعتی فرقوں میں سے سب سے برا فرقہ وہ ہے جو سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ بغض رکھتا ہے اور وہ فرقہ رافضیہ ہے۔

اہل سنت اور شیعہ کے اختلاف کا آغاز عہد صحابہ کرام سے ہو گیا تھا۔ اس فرقہ نے اہل سنت سے علیحدہ تشخص قائم کرلیا اور رفتہ رفتہ اپنے اعمال وعقائد خود وضع کر لیے جس کے نتیجے میں جمہور اہل اسلام سے الگ ہو گئے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ کے دورِ تجدید میں یہ فرقہ ہندوستان میں کافی پھیل چکا تھا آپ نے اس کے خلاف بھرپور جہاد فرمایا اور ہندوستان میں اس فرقہ کا زور توڑ کے رکھ دیا۔ بقول شاعر

شب الحاد و بدعت چھٹ گئی یکسر زمانے سے
نکل کر مہر جب چمکا مجدد الف ثانی کا

یہ آپ کی تجدیدی کرامات کا فیض ہے کہ ہندو پاک میں آج تک اہل سنت کو بالادستی حاصل ہے۔ والحمد للّٰہ علی ذالک (البینات شرح مکتوبات ۲/۲۹۹ تا ۳۰۱)

marfat.com
Marfat.com

⊙ ...... جو بزرگان دین بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضری وحضوری کے شرف سے ممتاز ومشرف ہیں اگر وہ کسی مسئلہ یا کسی فرد کے متعلق متردد ہوں تو وہ براہ راست بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا حل پوچھ لیتے ہیں۔ جیسا کہ حضرت شیخ مجد الدین بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ابن سینا کے متعلق پوچھ لیا تھا۔ (ملاحظہ ہو سعادت العباد منہا ۱۳)

یونہی حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے زیر نظر منہا میں دو اشخاص کے بارے جن کے متعلق آپ متردد تھے انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات سے پوچھ لیا تھا ایسے ہی شاھق الجبل کے بت پرست باسی کے متعلق تحقیق کر کے آپ نے حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات سے پوچھ لیا تھا (تفصیلات سعادت العباد منہا ۲۸ میں ملاحظہ ہوں)۔

⊙ ...... یاد رہے کہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ان خال خال اولیائے امت میں سے ہیں جن کے فیضان ولایت پر کمالات نبوت کا غلبہ ہے یہی وجہ ہے کہ آپ فیضان وکمالات نبوت کے کامل وارث ہیں، بنابریں آپ نے حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات سے ان بدعتی افراد کے متعلق پوچھا تھا، اولیائے کرام سے نہیں پوچھا۔ نیز اعتقادات واعمال حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات سے ہی ماخوذ ہیں اس لئے انہی نفوس قدسیہ سے استفسار کیا گیا۔ انہی وجوہات کی بناء پر حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اولیائے کاملین اور علمائے راسخین میں ایک ممتاز مقام رکھتے ہیں اور الف ثانی (ہزارۂ دوم) کی مسند تجدید پر فائز المرام ہیں، شاید اسی وجہ سے لوگ آپ کے مرتبہ ومقام سے واقف نہیں۔ بقول شاعر

کمالات نبوت کا مزہ جس نے نہیں چکھا
وہ کیا جانے بھلا رتبہ مجدد الف ثانی کا

marfat.com
Marfat.com

# منھا-۳۵

بریں فقیر ظاہر ساختند کہ لفظ قرب ومعیت و احاطۂ

اس فقیر پر ظاہر کیا گیا کہ قرب ، معیت اور احاطہ حق

حق سبحانہ کہ در قرآن مجید واقع شدہ است ازجملہ

سبحانہ کے لفظ جو قرآن مجید میں واقع ہوئے ہیں [1] سب

متشابہات قرآنی ست دررنگ ید و وجہ وہمچنین

متشابہات قرآنی سے ہیں ید اور وجہ کی مانند اسی طرح حال ہے

[1] زیرنظر منھا میں حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز آیات قرآنیہ اور احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات میں مذکور متشابہات کی تاویلات کا تذکرہ فرمارہے ہیں متشابہات کی تاویل کے متعلق علمائے متکلمین اہلسنت کے دوگروہ ہیں۔

۱......مؤوّلین ۲...... مفوّضین

## مؤوّلین

ان کے نزدیک چونکہ متشابہات کوظاہری معنی پر محمول کرنے سے تشبیہ وتمثیل کا اثبات ہوتا ہے جو الحاد وزندقہ ہے فلہٰذا ان کی تاویل کرنا لازم ہے مگر بعض متشابہات کی تاویل نہایت دشوار ہے اس لئے ان کی تاویل کی بابت ساکت وصامت رہنا بہتر ہے فقط ان پر ایمان واعتقاد رکھنا چاہئے کیونکہ ایسے موقعہ پر تاویل کرنا ممنوع ہے جیسا کہ آیت کریمہ لا تقف مالیس لك به علم سے عیاں ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ست لفظ اول و آخر وظاہر و باطن وامثال آنہا پس حق

لفظ اول ، آخر ، ظاہر ، باطن اور ان کے مثل الفاظ کا۔ پس ہم

سبحانہ وتعالیٰ را قریب گوئیم اما معنی قرب ندانیم که

حق سبحانہ و تعالیٰ کو قریب کہتے ہیں لیکن ہم قرب کا معنی نہیں

چیست وہمچنین اول گوئیم اما ندانیم که مراد ازاول

جانتے کہ کیا ہے اسی طرح ہم اول کہتے ہیں لیکن نہیں جانتے کہ اول سے مراد

## مفوّضین

ان کے نزدیک متشابہات اصابع اور ید وغیرھا کا معنی انگلیاں اور ہاتھ ہی کرنا چاہئے اور انکی تاویل سے اجتناب کرنا چاہئے لیکن ان انگلیوں وغیرھا کو مخلوق کی انگلیوں کی مانند نہیں سمجھنا چاہئے بلکہ یوں کہنا اور سمجھنا چاہئے کہ انگلیاں تو ہیں ہم ان پر ایمان رکھتے ہیں مگر ہم ان کی حقیقت وکیفیت سے واقف نہیں ان کی مراد اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے جیسا کہ آیت کریمہ وما یعلم تاویلہ الا اللّٰہ سے واضح ہے۔ اسلاف کے ہاں یہی مؤقف اسلم ہے۔

⊙ ...... یادرہے کہ مسلمان کیلئے متشابہات پر ایمان لانا واجب ہے اور ذاتی رائے و قیاس سے ان کے متعلق کلام کرنا حرام اور ان کو آسان کرنے کی کوشش کرنا ممنوع ہے۔ بس ان کے بارے میں یہی اعتقاد رکھنا چاہئے کہ یہ حق تعالیٰ کی بلا کیف صفات میں سے ہیں۔ چونکہ یہ مجہول الکیفیت ہیں فلہذا ان کی بابت سوال کرنا بدعت ہے۔

(البینات شرح مکتوبات جلد دوم مکتوب ۶۷)

marfat.com
Marfat.com

چہ باشد ومعنی قرب و اولیت کہ درحیطۂ علم وفہم

کیا ہے اور قرب و اولیت کا معنی جو ہمارے علم و فہم کے

ما درآید حق سبحانہ وتعالیٰ ازاں منزہ وبرترست وآنچہ

احاطہ میں آتا ہے حق سبحانہ و تعالیٰ اس سے منزہ اور برتر ہے اور جو کچھ

درکشف وشہود ما گنجد اوتعالیٰ ازان متعالی وپاک

ہمارے کشف و شہود میں سماتا ہے وہ تعالیٰ اس سے بلند اور پاک ہے

ست وقرب ومعیت اوتعالیٰ کہ بعضے ازمتصوفہ بطریق

اور اس تعالیٰ کا قرب اور معیت جو بعض متصوفین نے بطریق

## حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کا موقف

آپ کے نزدیک متشابہات، تاویل پر محمول اور ظاہر سے مصروف ہیں جیسا کہ آیت کریمہ وما یعلم تاویلہ الا اللّٰہ (یعنی متشابہات کی تاویل واصل مراد اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا) سے عیاں ہے اور اللہ تعالیٰ نے علمائے راسخین کو بھی اس تاویل کے علم سے حصہ عطا فرمایا ہے چنانچہ علم غیب جو اللہ تعالیٰ کیلئے ہی مخصوص ہے اپنے خاص رسولوں کو اس میں سے اطلاع بخشتا ہے۔ اس تاویل کے متعلق یہ خیال نہ کریں کہ جس طرح ''ید'' کی تاویل قدرت اور ''وجہ'' کی تاویل ذات سے کرتے ہیں ہرگز ایسا نہیں ہے بلکہ وہ تاویل ان اسرار میں سے ہے جس کا علم اخص خواص کو عطا فرمایا ہے۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۳۱۰)

سراج الاولیاء حضرت شاہ احمد سعید فاروقی مجددی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنے مکتوبات شریفہ میں ۱۱۲ کے متعلق رقمطراز ہیں:

marfat.com
Marfat.com

کشف دریافته اند وآن معنی کشفی حق را سبحانه

کشف دریافت کیا ہے اور اس کشفی معنی کے اعتبار سے حق سبحانہ

قریب و مَع می دانند مستحسن نیست قدمے درمذہب

کو قریب اور مع جانتے ہیں مستحسن نہیں ہے انہوں نے مذہب مجسمہ میں

مجسمه دار وآنچه بعضے ازعلماء درتاویل آن گفته اند

قدم رکھ دیا اور جو کچھ بعض علماء اس کی تاویل میں کہتے ہیں

آنکه علماء معیت واقربیت علمی می گویند وصوفیه صافیه ذاتی می دانند وحضرات (مجددیه) می فرمایند که معیت واقربیت بیچون وبے چگون لحاظ باید ساخت مانند ذات اوسبحانه یعنی متشابہات کے متعلق ارباب علم وحال کی تین آراء ہیں۔

- ......علمائے کرام معیت واقربیت کو علمی کہتے ہیں۔
- ......صوفیائے کرام معیت واقربیت کو ذاتی جانتے ہیں۔
- ......جبکہ حضرات مجددیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سبحانہ کی ذات کی مانند اس کی (صفات) معیت واقربیت بیچون اور بے چگون ہیں۔ (تحفہ زواریہ در انفاس سعیدیہ مکتوب ۲۶)

یاد رہے کہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے متشابہات کی تاویلات کے جواز اور عدم جواز کے متضاد اقوال کو اوقات واحوال کے مختلف ہونے پر محمول کرنا چاہئے اور دوسرے قول پر ہی اعتماد کرنا چاہئے کیونکہ ہر مقام کے علوم ومعارف جدا جدا ہیں اور ہر حال کا قال علیحدہ ہے جیسا کہ ارباب کیف وحال سے پوشیدہ نہیں۔ (فافهم)

marfat.com
Marfat.com

واز قرب قرب علمی مراد داشته اند در رنگ تاویل ید

اور قرب سے قرب علمی مراد لیتے ہیں کہ تاویل کے انداز

است بقدرت و وجه است بذات ومجوزست نزدیک

میں ید سے قدرت اور وجہ سے ذات (مراد) ہے اور یہ جائز ہے

## کارکنانِ قضاوقدر کون ہیں

بندوں کی موت وحیات، کفر واسلام، ولایت وعدم ولایت، عطائے مقامات اور سلب مقامات وغیرھا کے متعلق احکامات وفیصلوں کے نفاذ واظہار واخفاء پر مامور ملائکہ وحضرات کو مدبرات امر یا کارکنان قضاوقدر کہا جاتا ہے۔ یہ تدبیری امور کبھی کبھار رجال غیب سے بھی انجام پذیر ہوتے ہیں۔ رجال غیب اپنی لطافت ونورانیت کے باعث فرشتوں کے حکم میں ہوتے ہیں اس لئے دن رات انہی کے ساتھ رہتے ہیں۔

بعض اہل اللہ پر واقعے یا مراقبے یا خواب یا بیداری کے عالم میں ویسے ہی بیٹھے بیٹھے بعض اسرار ورموز القاء والہام کیے جاتے ہیں کبھی تو وہ آواز ان کے قلب (باطن) سے آتی ہے اور کبھی باہر سے آواز آتی ہے کبھی آگے سے آواز آتی ہے اور کبھی اوپر سے آتی ہے اور وہ آواز ایک جیسی بھی ہوسکتی ہے اور مختلف آوازیں بھی ہوسکتی ہیں۔

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ آیات قرآنیہ کی دو قسمیں ہیں: جیسا کہ آیت کریمہ ھو الذی انزل علیك الكتاب منه آیات محكمات ھن ام الكتاب واُخر متشابهات (آل عمران ۷) سے عیاں ہے۔

marfat.com
Marfat.com

مجوزان تاویل، وما تجویز تاویل نمی کنیم و تاویل آنرا

مجوزان تاویل کے نزدیک اور ہم تاویل کی تجویز نہیں کرتے اور اس کی تاویل

بعلم حق سبحانہ حوالہ می نمائیم ۔**العلم عنداللّٰہ سبحانہ**

حق سبحانہ کے علم کے حوالے کرتے ہیں علم اللہ سبحانہ کے پاس ہی ہے ۔

**والسلام علٰی من اتبع الھدیٰ**

اور سلامتی ہو اس شخص پر جو ہدایت کی اتباع کرے۔

## محکمات اور متشابہات کے متعلق امام ربانی کا مؤقف

محکمات، علم شرائع واحکام کا منشاء ومبدأ ہے اور متشابہات، حقائق واسرار کے علم کا خزانہ ہے۔قرآن مجید اوراحادیث شریفہ میں حق تعالیٰ کیلئے جو الفاظ یــــد (ہاتھ) وجہ، قدم، ساق (پنڈلی) اصابع (انگلیاں) اورانامل (پورے) آئے ہیں سب متشابہات میں سے ہیں۔اسی طرح حروف مقطعات جو قرآنی سورتوں کے اوائل میں آئے ہیں وہ بھی متشابہات میں سے ہیں کہ جن کی تاویل پر علمائے راسخین کے علاوہ کسی کو اطلاع نہیں دی گئی ......حروف مقطعات میں سے ہر حرف عاشق و معشوق کے پوشیدہ رازوں کا بحر مواج ہے اور محب ومحبوب کے دقیق اور مخفی رموز میں سے ایک رمز ہے اور محکمات اگرچہ کتاب کی امہات (اصل اصول) ہیں، لیکن ان کے نتائج و ثمرات جو متشابہات ہیں اور کتاب کے اصل مقاصد میں سے ہیں، امہات کی حیثیت نتائج حاصل کرنے کے لئے وسائل وذرائع سے زیادہ نہیں ہے لہٰذا کتاب کا لب یعنی مغز متشابہات ہیں اور محکمات اس کا قشر یعنی پوست ہیں۔ یہ متشابہات ہی ہیں جو رمز واشارہ کے ساتھ اصل بیان کو ظاہر کرتے ہیں اور بخلاف محکمات کے جو مرتبہ کی حقیقت

marfat.com
Marfat.com

اور معاملہ کی نشاندہی کرتے ہیں۔ متشابہات گویا حقائق ہیں اور محکمات متشابہات کی نسبت ان حقائق کی صورتیں ہیں۔ عالم راسخ وہ شخص ہے جو لب یعنی مغز کو قشر کے ساتھ جمع کر سکے اور حقیقت کو ظاہری شکل وصورت میں لا سکے۔ علمائے قشریہ قشر کے ساتھ خوش ہیں اور صرف محکمات پر ہی اکتفا کر لیتے ہیں اور علمائے راسخین محکمات کے علم کو حاصل کر کے متشابہات کی تاویل سے بھی حظ وافر حاصل کر لیتے ہیں اور صورت وحقیقت کو بھی جو محکم ومتشابہ ہیں جمع کر لیتے ہیں، لیکن وہ شخص جو محکمات کے علم کے بغیر اور ان کے موافق عمل کے بغیر متشابہات کی تاویل تلاش کرے اور صورت کو چھوڑ کر حقیقت کی طرف دوڑے وہ ایسا نادان ہے کہ جس کو اپنی نادانی کی بھی خبر نہیں ہے اور ایسا گمراہ ہے جو اپنی گمراہی کا بھی شعور نہیں رکھتا۔ وہ یہ نہیں سمجھتا کہ یہ دنیا صورت اور حقیقت سے مرکب ہے جب تک یہ دنیا فانی ہے کوئی حقیقت اپنی صورت سے جدا نہیں ہو سکتی۔ (مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب ۲۷۶)

marfat.com
Marfat.com

## منہا-۳۶

این فقیر نماز وتر را گاہے دراول شب ادا می کرد و گاہے

یہ فقیر نماز وتر کو کبھی اول شب میں ادا کرتا تھا اور کبھی

بآخر شب می گذاشت درشبے از شبہا نمودند که در

آخر شب میں ادا کرتا۔ راتوں میں سے ایک رات دکھایا گیا کہ نماز وتر

صورت تاخیر ادائے نماز وتر چون مصلی بخواب رود

کی ادائیگی کی تاخیر کی صورت میں جب نمازی سو جائے

### اتباع سنت، حصول محبوبیت کا ذریعہ ہے

کتاب وسنت کی رو سے اتباع سنت وشریعت ایک بنیادی امر ہے۔ آیت قرآنی فاتبعونی یحببکم اللہ اس کی اصل ہے اور اتباع رسالت کا صلہ، مقام محبوبیت ومرادیت کا حصول ہے۔ کسی عارف نے خوب کہا

عجب این نیست کہ محبوب جہانی ز ہمہ

عجب آنست کہ محبان تو محبوباں اند

شریعت وطریقت کے تمام مراتب میں تزکیہء نفوس کو بنیادی حیثیت حاصل ہے اور تزکیہء نفوس براہِ راست تعلیمات سنن نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات سے مربوط ہے۔ جو انسان سرچشمہ سنن نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات سے جتنا سیراب ہوگا اتنا ہی تصفیہء قلب

marfat.com
Marfat.com

ونیت دارد که درآخر شب وتر را ادا خواہد نمود کتبہ

اور نیت کرے کہ آخر شب میں وتر ادا کرے گا اس کے

اعمال حسنات اوتمام شب حسنات را بنام او می نویسند

اعمال حسنہ لکھنے والے تمام رات اس کے نام نیکیاں لکھتے رہتے ہیں

تا زمانے کہ وتر را ادا نماید پس ہر چند وتر را بتا خیر تر

یہاں تک کہ وہ وتر ادا کرلے پس جتنا وتر کو زیادہ تاخیر کے ساتھ

اور تزکیہ نفس سے بہرہ اندوز ہوگا۔(البینات شرح مکتوبات مکتوب ۴۲ جلد دوم)

## اتباع کی اقسام

اہل طریقت نے اتباع کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں۔

۱......متابعت ظاہری ۲......متابعت باطنی

متابعت ظاہری مرتبہ نبوت سے متعلق ہے اور متابعت باطنی مرتبہ ولایت سے، مرتبہ نبوت سے ان احکام شرعیہ کی طرف اشارہ ہے جو عالم وجوب سے بواسطہ جبریل علیہ السلام سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئے اور آپ نے خلق خدا تک پہنچادیے ۔مرتبہ ولایت سے وہ اسرار توحید ومعرفت مراد ہیں جو سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام لی مع اللہ سے بلاواسطہ جبریل علیہ السلام (براہ راست) حق سبحانہ وتعالیٰ سے حاصل کرکے خاصان امت کو سکھادیے۔(البینات شرح مکتوب ۲۱ جلد اول)

یادرہے کہ تمام اکابرین طریقت اس امر پر متفق ہیں کہ تصوف وطریقت قولاً وفعلاً وحالاً ہر حیثیت سے اتباع سنت نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کا نام ہے وبدونہ خرط القتاد۔ اتباع سنت پر مداومت سے جب اہل تصوف کے قلوب صافی اور

marfat.com
Marfat.com

ادا نماید بہتر باشد **مع ذالک** این فقیررا در تعجیل وتاخیر

ادا کرے بہتر ہے۔ بایں ہمہ اس فقیر کو وتر کی تعجیل اور تاخیر

وتــرغیر از متابعت **سیــد البشــر علیه وعلی آله الصلوات**

میں سوائے سید البشر (آپ پر اور آپ کی آل پر صلوات و

**والتسلیمات** ہیــچ چیز منظور نیست وہیچ فضیلت را

تسلیمات ہوں) کی متابعت کے کوئی چیز منظور نہیں ہے اور کسی فضیلت

نفوس مزکی ہوجاتے ہیں، حجابات اٹھ جاتے ہیں، عالم غیب کے اسرار کھل جاتے ہیں اور ہر عمل میں اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا بے تکلف مظاہرہ ہونے لگتا ہے تو وہ بارگاہ خداوندی سے انعامات ونوازشات سے مشرف ہوکر درجہ محبوبیت پر فائز المرام ہوجاتے ہیں۔ احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات میں اتباع سنت کی تاکید وترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے اور تعمیل کرنے والوں کو بلند مرتبوں کی بشارتیں سنائی گئی ہیں جیسا کہ فرمایا:

علیکم بسنتی ...... میری سنت کو لازم پکڑو۔ (ابن ماجہ ۵)

من احیا سنتی فقد احیانی ومن احیانی کان معی فی الجنة

یعنی جس نے میری سنت کو زندہ کیا اس نے مجھے زندہ کردیا اور جس نے مجھے زندہ کردیا وہ میرے ہمراہ جنت میں ہوگا۔ (جامع ترمذی ۹۲/۲)

**نیز فرمایا:** من تمسك بسنتی عند فساد امتی فله اجر مائة شهید (مشکوٰۃ ۳۰)

یعنی جس نے میری سنت کو زندہ کیا فساد امت کے زمانے میں، اس کے لئے سو شہیدوں کا ثواب ہوگا۔

دراصل ان بشارتوں کے اہل، حضرات صوفیائے صافیہ ہی ہیں اور یہی وہ لوگ

marfat.com
Marfat.com

بمتابعت عدیل نمی اندازد وحضرت رسالت وتر را

کو متابعت کے برابر نہیں سمجھتا۔ حضرت رسالت مآب وتر کو

گاہے اول شب ادا فرمودہ اند و گاہے آخرشب سعادت

کبھی اول شب میں ادا فرماتے تھے اور کبھی آخر شب میں

خود را دراں می داند کہ در امرے ازامورتشبہ بآں سرور

اپنی سعادت کو اسی میں جانتا ہوں کہ امور میں سے کسی امر میں آنسرور کے

ہیں جنہوں نے اتباع شریعت اوراحیائے سنت کا حق ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔

ع خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز بھی انہی پاک طینت، پاک سیرت نفوس قدسیہ میں سے ہیں۔ آپ نے تعمیل شریعت وتکمیل سنت کوانتہائی درجے تک پہنچایا اور طریقت نقشبندیہ کی مانند سلوک مجددیہ کو بھی اتباع سنت پر ہی استوار فرمایا جس کی تفصیلات آپ کی سوانح حیات وتعلیمات سے عیاں ہیں، وعیاں راچہ بیاں

واضح رہے کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم تمام کمالات حقیہ وخلقیہ کے مظہر ہیں اور بمطابق حکم فاتبعونی یحببکم اللہ کمالات انسانی کا انحصار بھی آپ کی اتباع پر موقوف ہے جیسا کہ صحابہ کرام، اہل بیت عظام واولیائے فخام کو تمام کمالات ظاہری وباطنی آپ کی اتباع ہی کے ذریعے میسر آئے اور آپ ہی کے مشکوٰۃ نبوت سے فیض یاب ہوئے۔

## ریاضت وسنت کا فرق

عیسائی پادریوں، ہندو برہمنوں، جوگیوں اور حکمائے یونان نے جو چلے، دہے

marfat.com
Marfat.com

نماید علیہ وعلی آلہ الصلوۃ والسلام اگرچہ آں تشبہ

ساتھ تشبہ ہو جائے آپ پر اور آپ کی آل پر درود و سلام ہو اگرچہ وہ تشبہ

بحسب صورت باشد مردم در بعضے سنن نیت احیائے لیل

بحسب صورت ہی ہو۔ لوگ بعض سنتوں میں شب بیداری

و مثل آں را دخل می دہند عجب می آید از کوتہ

اور اس جیسی باتوں کی نسبت کو دخل دیتے ہیں تعجب ہوتا ہے

اور مجاہدے انجام دیئے ہیں وہ قرب خداوندی کا ذریعہ نہیں بن سکتے کیونکہ قرب ولایت کے لئے ایمان اور تقویٰ بنیادی شرط ہے ارشاد باری تعالیٰ الذین امنوا و کانوا یتقون (یونس ۶۳) اس پر شاہد ہے۔

اہل کفر وضلالت کی ریاضتیں تصفیہء نفس کا سبب تو بن سکتی ہیں لیکن تزکیہ وتطہیر نفس کا ذریعہ ثابت نہیں ہوسکتیں۔ لہٰذا ان لوگوں کو کشف مکونات تو ہوسکتا ہے، کشف عالم وجوب نہیں ہوسکتا۔ کشف عالم وجوب کیلئے تزکیہء نفس لازم ہے اور تزکیہء نفس، اتباع سنت وشریعت کے بغیر متصور نہیں۔ اس کی مثال یوں سمجھیں کہ اہل کفر وشرک کو ریاضتوں کے ذریعے جو صفائی نفس حاصل ہوتی ہے وہ تانبے پر سونے کا پانی چڑھانے کے مترادف ہے اور اہل تصوف وطریقت کو اتباع سنت کے ذریعے جو تزکیہء نفس حاصل ہوتا ہے وہ عمل کیمیا کے ذریعے تانبے کو خالص سونا بنانے کی مانند ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں کہ دنیا کی مشغولی اور گرفتاری کا زنگ اتارنے والی چیز اتباع سنت ہی ہے اور ہر وہ عمل جو اتباع سنت کے قبیل سے ہے مثلاً ذکر کی کثرت، صحبت شیخ، معیت صادقین اور محبت صالحین وغیرہم کا بھی یہی ثمرہ ہے۔ فافہم و تدبر (البینات شرح مکتوبات مکتوب ۴۲ جلد دوم)

marfat.com
Marfat.com

اندیشی ایشاں ہزار احیائے لیالی را بہ نیم جو متابعت

ان کی کوتاہ اندیشی پر ہم ہزار شب بیداریوں کو متابعت کے آدھے جوَ کے عوض

نخریم عشرہ اخیرہ ماہ رمضان را اعتکاف نشستیم

نہیں خریدتے۔ ہم ماہ رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف بیٹھے

یاران را جمع کردہ گفتیم کہ غیراز متابعت نیت دیگر

دوستوں کو جمع کر کے ہم نے کہا کہ سوائے متابعت کے کوئی دوسری نیت

یاد رہے کہ اللہ تعالیٰ کا مطیع وہی شخص ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مطیع و فرماں بردار ہو، کوئی لاکھ دعوے کرے اطاعت الٰہیہ اور اتباع قرآن کے، جب تک حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر کاربند نہیں، مقبول اور محبوب نہیں، مسند محبوبیت پر وہی شخص فائز المرام ہوتا ہے جو محبوب کی ہر ہر ادا اور سنت کا عامل و عاشق ہوتا ہے۔ بقول شاعر

لو کان حبك صادقا لا طعته

ان المحب لمن یحب مطیع

یعنی اے محبت کے دعویدار اگر تیری محبت صادق ہوتی تو تو اپنے محبوب کی اطاعت پر کاربند ہوتا کیونکہ محب ہمہ وقت اپنے محبوب کا اطاعت گذار ہوتا ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ایک مقام پر رقمطراز ہیں

حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا ارشاد ہے: من یطع الرسول فقد اطاع الله (النساء ۸۰) جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے یقیناً اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اطاعت رسول کو عین اپنی اطاعت قرار دیا ہے۔ لہٰذا حق تعالیٰ عز وجل کی وہ اطاعت جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کی شکل میں نہ ہو

marfat.com
Marfat.com

نکنید کہ تبتل و انقطاع ما چہ خواہد بود صد گرفتاری

نہ کریں کیونکہ ہمارا تبتل اور انقطاع کیا ہو گا ہم سو گرفتاریوں

را بحصول یك متابعت قبول داریم امّا ہزار تبتل وانقطاع

کو ایک متابعت کے حصول کے بدلے قبول کرتے ہیں لیکن ہزار تبتل اور

را بے توسل متابعت قبول نہ داریم

انقطاع کو متابعت کے توسل کے بغیر قبول نہیں کرتے

وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت نہیں ہے اور اس حقیقت کی تاکید و تحقیق کیلئے کلمہ قد' تاکیدیہ'' لایا گیا ہے تاکہ کوئی بوالہوس ان دونوں اطاعتوں کے درمیان فرق پیدا نہ کرے اور ایک کو دوسرے پر ترجیح نہ دے۔ چنانچہ دوسری جگہ حق سبحانہ وتعالیٰ ایک جماعت کے حال میں جو ان دونوں اطاعتوں کے درمیان فرق پیدا کرتی ہے، بطور شکایت فرماتا ہے:

یریدون ان یفرقوا بین اللّٰہ ورسلہ و یقولون نؤمن ببعض و نکفر ببعض ویریدون ان یتخذوا بین ذالك سبیلاً ٥ اولئك ھم الکفرون حقا (النسآء ۱۵۰، ۱۵۱) اور جو لوگ چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان فرق کریں وہ کہتے ہیں کہ بعض (آیات) پر ہم ایمان لاتے ہیں اور بعض سے انکار کرتے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ اس (حق و باطل) کے بین بین راہ اختیار کرلیں اور یقیناً ایسے ہی لوگ کافر ہیں۔

ہاں بعض مشائخ کبار قدس اللہ تعالیٰ اسرارھم نے سکر اور غلبہ حال کی وجہ سے ایسی باتیں کی ہیں جو ان دو اطاعتوں کے درمیان تفرقہ ظاہر کرتی ہیں اور ایک کی محبت کو دوسرے کی محبت پر ترجیح دینے کی خبر دیتی ہیں جیسا کہ منقول ہے کہ سلطان محمود غزنوی اپنی بادشاہت کے دوران ''خرقان'' کے نزدیک خیمہ زن ہوا تھا۔ وہاں سے

marfat.com
Marfat.com

آنرا کہ درسرائے نگار یست فارغ است

وہ شخص جس کی سرائے میں محبوب ہے فارغ ہے

از باغ و بوستان و تماشائے لالہ زار

وہ باغ و بہار اور لالہ زار کے نظاروں سے

اس نے اپنے وکیلوں کو حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی علیہ الرحمہ کی خدمت میں بھیجا اور خواہش ظاہر کی حضرت شیخ اس کی ملاقات کو آئیں اور اپنے وکیلوں سے کہہ دیا کہ اگر شیخ سے اس معاملہ میں توقف محسوس ہو تو یہ آیت اطیعوا اللّٰہ واطیعوا الرسول و اولی الامر منکم (النسآء ۵۱) (اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول اللہ کی اور ان کی جو تم میں سے حکمران ہوں) ان کے سامنے پڑھیں۔ (چنانچہ) جب وکیلوں نے شیخ کی طرف سے توقف محسوس کیا تو آیت کریمہ ان کے سامنے پڑھی۔ شیخ نے جواب میں فرمایا کہ میں اطیعوا اللّٰہ میں اس قدر گرفتار ہوں کہ اطیعوا الرسول کی اطاعت سے شرمندہ ہوں اور اطاعت اولی الامر کے متعلق کیا بیان کروں۔ حضرت شیخ نے اطاعت حق سبحانہ وتعالیٰ کو اطاعت رسول کے علاوہ سمجھا یہ بات (سکر کی بنا پر ہے اور) استقامت سے بعید ہے، مستقیم الاحوال مشائخ نے اس قسم کی باتوں سے پرہیز کیا ہے اور شریعت وطریقت اور حقیقت کے تمام مراتب میں حق سبحانہ وتعالیٰ کی اطاعت کو رسول کی اطاعت میں جانتے ہیں اور حق تعالیٰ کی وہ اطاعت جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت میں نہ ہو اسے عین ضلالت وگمراہی خیال کرتے ہیں۔ (از مکتوبات شریفہ مکتوب ۱۵۲ جلد اول)

marfat.com
Marfat.com

رزقنا اللّٰہ سبحانہ کمال متابعتہ علیہ وعلٰی آلہ الصلوات

اللہ سبحانہ ہمیں ان کی کمال متابعت عطافرمائے آپ پر اور آپ کی آل پر

والتسلیمات اتمہا واکملہا

اتم اور اکمل صلوات وتسلیمات ہوں

## سنت کی برکات

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں کہ رمضان کے آخری عشرے میں تراویح ادا کرنے کے بعد میں نے اپنے اندر سستی محسوس کی چنانچہ میں بستر پر لیٹنے کے لئے گیا اور لیٹتے وقت سستی کے غلبہ کی وجہ سے بجائے اس کے کہ سنت کے مطابق دائیں پہلو پر لیٹتا، میں بائیں پہلو پر لیٹ گیا۔ دراز ہونے کے بعد خیال آیا کہ ترک سنت ہوگیا۔ کاہلی کی وجہ سے نفس نے باور کرایا کہ سہو ونسیان کی وجہ سے ایسا ہوا ہے، لیکن ترک سنت کا خوف نہیں گیا۔ آخر کار پورے طور پر اٹھ کر دائیں کروٹ پر لیٹ گیا۔ اس عمل کے فوراً بعد کرم الٰہی سے بے انتہا انوار کی فیوضات ظاہر ہوئیں اور ندا آئی کہ تم نے جو اس قدر سنت کی رعایت کی تو میں آخرت میں تم کو کسی طرح کا عذاب نہ دوں گا۔ اور تمہارے اس رعایت کی وجہ سے تمہارے اس خادم کو بھی بخش دیا جو اس وقت تمہارا پاؤں دبا رہا تھا۔ (زبدۃ المقامات مترجم ۲۵۷)

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۳۷

وقتے ازاوقات باجمعے ازدرویشاں نشستہ بودیم ایں فقیر
ایک مرتبہ ہم درویشوں کی ایک جماعت کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے اس فقیر
از محبت خود کہ نسبت بغلامان آں سرور داشتہ علیہ
نے اپنی محبت جو آنسرور کے غلاموں کی نسبت رکھتا ہے آپ پر اور
وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات چنیں گفت کہ محبت
آپ کی آل پر صلوات و تسلیمات ہوں یوں کہہ دیا کہ آنسرور کی محبت

زیرنظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز محبت ذاتی اور محبت صفاتی کے درمیان امتیاز بیان فرما رہے ہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں ان کے متعلق قدرے تفصیلات بیان کردی جائیں تاکہ فہم منہا میں سہولت رہے۔ وباللّٰہ التوفیق
حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ایک مقام پر رقمطراز ہیں جس کا ملخصاً اردو ترجمہ ملاحظہ ہو!

## محبت کی اقسام

محبت کی دو قسمیں ہیں ایک وہ محبت جو محبّ کو اپنی ذات کے ساتھ ہوتی ہے اور دوسری وہ محبت جو اپنی ذات کے علاوہ غیر سے تعلق رکھتی ہے۔
قسم اول محبت ذاتی ہے جو اقسام محبت میں سب سے بلند ہے کیونکہ کوئی شخص

marfat.com
Marfat.com

آں سرور برنہجے مستولی شدہ است کہ حق سبحانہ و
اس طرح غالب ہو گئی ہے کہ میں حق سبحانہ و تعالیٰ کو
تعالیٰ را بواسطہ آں دوست می دارم کہ رب محمد
اس واسطہ سے دوست رکھتا ہوں کہ وہ محمد کا رب ہے۔
است حاضران ازیں سخن درتحیر ماندند امّا مجال
حاضرین اس بات سے حیران رہ گئے لیکن مخالفت

کسی چیز کو اتنا دوست نہیں رکھتا جتنا کہ خود اپنے آپ کو۔ محبت کی یہ قسم احکم اور اوثق ہے جو کسی عارض کے پیش آنے کی وجہ سے زوال پذیر نہیں ہوتی نیز یہ محبت، محبوب صرف سے تعلق رکھتی ہے جو محبیت کا شائبہ بھی نہیں رکھتی بخلاف قسم دوم کی محبت کے کہ وہ عارضی اور زوال پذیر ہے۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب ۱۰۰)

## محبت ذاتیہ

عارف کا وہ مرتبہ ہے جس میں عارف کی عبادات اور اس کے اعمال میں طمع و خوف، ثواب و عذاب اور نفع و نقصان کا جذبہ ور جحان غلبہ پذیر نہیں ہوتا ہے بلکہ محبت الہیہ میں فانی ہونے کی وجہ سے اس کے ہر عمل و عبادت سے رضائے الٰہی مقصود ہوتی ہے

غرض زعشق توام چاشنئی درد و غم است
ورنہ زیر فلک عیش و تنعم چہ کم است

اس مرتبے میں سالک کو جب اخلاص کی حقیقت میسر آ جاتی ہے تو اس وقت اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہونے والی نعمتیں اور زحمتیں اس کے لئے ایک جیسی ہو جاتی ہیں کیونکہ محب کو محبوب کے ہر فعل سے ایک خاص قسم کی لذت حاصل ہوتی ہے اور عاشق

marfat.com
Marfat.com

مخالفت نداشتند ایں سخن نقیض سخن رابعه است

کی مجال نہیں رکھتے تھے یہ بات رابعہ کے سخن کی نقیض ہے

که گفته آں سرور را در خواب گفتم که محبت حق

کہ انہوں نے آنسرور کو خواب میں کہا کہ حق سبحانہ و تعالیٰ کی

سبحانه وتعالیٰ برنهجے استیلا یافته است که محبت

محبت نے اس قدر غلبہ پا لیا ہے کہ آپ کی محبت کی جگہ

شما را جا نمانده است ایں ہر دو سخن ہر چند از سکر

نہیں رہی ہے۔ یہ دونوں باتیں اگرچہ سکر کی خبر دیتی ہیں

ہمیشہ معشوق کے افعال کا شہود چاہتا ہے خواہ وہ انعام کے رنگ میں ہو یا ایلام کی صورت میں، اس کے نزدیک جو کچھ جمیل مطلق کی طرف سے آتا ہے وہ سب جمیل ہوتا ہے۔

از دست دوست ہرچه رسد نیك گفته اند

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز فرماتے ہیں کہ محب جس طرح محبوب کے انعام سے لذت پاتا ہے اسی طرح اس کے ایلام سے بھی لذت حاصل کرتا ہے بلکہ ایلام میں لذت کی زیادتی ہوتی ہے کیونکہ اس میں حظ نفس کی آمیزش نہیں ہوتی۔

(البینات شرح مکتوبات مکتوب ۲۴)

واضح رہے کہ محبت صفاتی، کسبی ہے اور محبت ذاتی، وہبی ہے۔ (مجموعہ رسائل ۹۷)

## محبت ذاتیہ کے اعتبارات ثلاثہ

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز رقمطراز ہیں کہ حضرت ذات تعالیٰ وتقدس محبت ذاتیہ میں خود کو تین اعتبارات سے دوست رکھتا ہے محبوبیت، محبیت اور محبت۔

marfat.com
Marfat.com

خبرمی دہد اما سخن من اصالت دارد او درعین سکر
لیکن میرا سخن اصالت رکھتا ہے۔ اس نے عین سکر میں
گفتہ ومن درابتدائے صحو وسخن او در مرتبۂ صفات
کہا اور میں نے ابتدائے صحو میں اور اس کا سخن مرتبہء صفات میں ہے
ست وسخن من بعد از رجوع ازمرتبۂ ذات زیرا کہ در
اور میرا سخن مرتبہ ذات سے رجوع کے بعد کیونکہ مرتبہ

محبوبیت ذاتیہ کے کمالات کا ظہور خاتم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مسلم ہے۔ جانب محبوبیت میں دو کمال ہیں فعلی اور انفعالی۔ فعل اصل ہے اور انفعال اسکا تابع ہے (فعل تاثیر کو کہتے ہیں اور انفعال تأثر یعنی اثر قبول کرنے کو کہتے ہیں) لیکن انفعال علت غائی ہے ہر چند کہ فعل وجود میں متاخر ہے لیکن تصور میں متقدم ہے۔

محبیت کے کمالات کا ظہور حضرت کلیم اللہ علیہ السلام کا نصیب ہے جبکہ نفس محبت میں ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام اولاً مشہود ہوئے ...... ثانیاً حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی اسی جگہ مشہود ہوئے ...... ثالثاً حضرت نوح علیہ السلام بھی اسی اعتبار میں نظر آئے۔

محبت ذاتیہ کے مقام سے فوق مقام حب ہے جو اعتبارات ثلاثہ کا جامع اور اجمال ہے۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر دوم مکتوب ۷)

یہ امر ذہن نشین رہے کہ عروجی منازل میں سالکین پر انوار وتجلیات کے ورود کے باعث سکر کا غلبہ ہوتا ہے کیونکہ یہ مرتبہ ولایت ہے اس لئے ان کے منہ سے کلمات شطحیہ نکل جاتے ہیں جن کا حالت صحو میں ازالہ کرنا لازم ہوتا ہے۔ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے بھی مرتبہ ذات سے رجوع کے بعد ابتدائے صحو میں یہ کہہ دیا تھا

marfat.com
Marfat.com

مرتبہ ذات تعالٰی ایں قسم محبت را گنجائش نیست

ذات تعالٰی میں اس قسم کی محبت کی گنجائش نہیں ہے

جمیع نسب را ازاں مرتبۂ کوتہی است آنجا ہمہ حیرت

تمام نسبتیں اس مرتبہ سے نیچے ہیں وہاں سب حیرت

ست یاجہل بلکہ بذوق نفی محبت دراں مرتبہ می

ہے یاجہل بلکہ اس مرتبہ میں ذوق کے ساتھ محبت کی نفی کرتا ہے

کند بہیچ وجہے خود را شایان محبت او نمی داند

کسی وجہ سے اپنے آپ کو اس کی محبت کے لائق نہیں سمجھتا

محبت ومعرفت در صفات است وبس محبت ذاتی

محبت اور معرفت تو بس صفات میں ہے اور جسے محبت ذاتی کہتے ہیں

کہ میں حق تعالٰی سبحانہ کو اس لئے دوست رکھتا ہوں کہ وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا رب ہے مگر انتہائے صحو اور تکمیلی مدارج میں آپ نے اس قول سے رجوع فرمالیا تھا اور یوں کہا کہ میں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس لئے مانتا ہوں کہ وہ حق تعالٰی سبحانہ کے نبی ہیں۔

## مقام تکمیل میں محبت رسول غالب ہوتی ہے

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ایک مقام پر مقام کمال اور مقام تکمیل کے درمیان امتیاز بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ

مرتبہ کمال میں، جو کہ مرتبہ ء ولایت سے ہے حق سبحانہ وتعالٰی کی محبت غالب

marfat.com
Marfat.com

که گفته اند مراد ازاں ذات احدیت نیست بلکه ذات

مراد اس سے ذات احدیت نہیں ہے بلکہ ایسی ذات

با بعضے از اعتبارات ذات است پس محبت رابعه در

جس کے ساتھ ذات کے بعض اعتبارات ہیں۔ پس رابعہ کی محبت

مرتبه صفات ست **واللّٰه سبحانه الملهم للصواب والصلوٰة**

مرتبہ صفات میں ہے اللہ سبحانہ درست الہام فرمانے والا ہے

**والسلام علیٰ سید البشر وآله الاطهر**

سید البشر اور آپ کی آل اطہر پر درود وسلام ہو۔

ہوتی ہے اور مقام تکمیل میں، جو کہ مقام نبوت کا حصہ ہے محبت رسول (علیہ التحیہ والثناء) غالب ہو جاتی ہے۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۱۵۲)

اقبال مرحوم نے حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی غلبہ محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی کیفیت کو یوں منظوم کیا ہے

معنی حرفم کنی تحقیق اگر　　بنگری بادیدۂ صدیق اگر

قوتِ قلب و جگر گردد نبی　　از خدا محبوب تر گردد نبی

حضرت رابعہ رحمۃ اللہ علیہا کا قول سکر یہ ہے حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز نے اسی قسم کی ایک حکایت یوں نقل فرمائی ہے کہ

شیخ مہنہ حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں مجلس انعقاد پذیر تھی اور سادات خراسان کے ایک سید بزرگ بھی اس مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے۔ اتفاقاً ایک مجذوب الحال اس مجلس میں آیا تو حضرت شیخ نے سید بزرگ پر اس مجذوب کو فوقیت

marfat.com
Marfat.com

دی۔ سید صاحب کو یہ بات ناگوار گزری تو حضرت شیخ نے سید صاحب کو جواباً فرمایا کہ آپ کی تعظیم تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کی وجہ سے ہے اور اس مجذوب کی تعظیم حق سبحانہ وتعالیٰ کی محبت کی بناء پر ہے۔ اس قسم کے اختلاف کو مستقیم الاحوال اکابر جائز نہیں رکھتے اور غلبہ محبت رسول پر غلبہ محبت حق سبحانہ کو سکر حال پر محمول کرتے اور بے کار بات سمجھتے ہیں۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۱۵۲)

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۳۸

شرافت علم باندازۂ شرف و رتبۂ معلوم

علم کی شرافت معلوم کے شرف اور مرتبہ کے موافق ہے [1]

است معلوم ہرچند شریف تر علم آں عالی تر پس

معلوم جتنا شریف تر ہو اس کا علم اتنا ہی عالی تر

علم باطن کہ صوفیہ بآں ممتازند اشرف باشد از علم

ہو گا پس علم باطن جس سے صوفیہ ممتاز ہیں اشرف ہے علم ظاہر سے

[1] زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز علم کی اقسام، صحبت شیخ کے آداب و شرائط و فوائد اور آداب کو ملحوظ خاطر نہ رکھنے کے نقصانات بیان فرما رہے ہیں۔

علم کا معنی دانستن یعنی جاننا ہے۔ کسی چیز کے متعلق جاننے والے کو عالم اور وہ چیز جس کے متعلق جانا گیا اسے معلوم کہتے ہیں۔ معلوم جس قدر عظیم و جلیل ہو گا اس کے متعلق علم بھی اتنا ہی شریف و عظیم ہو گا تو پتہ چلا کہ علم کی شرافت و فضیلت، معلوم کے مقام و مرتبت کے اندازہ کے مطابق ہوتی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

ظاہر کہ نصیب علمائے ظواہر ست برقیاس شرافت

جو علمائے ظواہر کا حصہ ہے [۲] جس طرح علم ظاہر کو،

علم ظاہر برعلم حجامت وحیاکت پس رعایت آداب

علم حجامت اور علم پارچہ بافی پر فضیلت ہے۔ پس آداب پیر کی

پیر کہ علم باطن را ازو اخذ کنند باضعاف زیادہ باشداز

رعایت علم باطن کو جس سے اخذ کرتے ہیں کئی گنا زیادہ ہے

رعایت آداب استاد کہ علم ظاہر ازو استفادہ نمایند و

آداب استاد کی رعایت سے، علم ظاہر جس سے استفادہ کرتے ہیں۔

[۲] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے علم کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں

علم ظاہر اور علم باطن

روایت میں ہے: العلم علمان فعلم فی القلب فذالك العلم النافع وعلم علی اللسان فذالك حجة الله عز وجل علی ابن ادم یعنی علم دو ہیں ایک علم قلب میں ہے، یہ علم نفع بخش ہے...... دوسرا علم وہ ہے جو زبان پر ہوتا ہے یہ اللہ عزوجل کی طرف سے ابن آدم پر حجت ہے۔ (مشکوۃ ۳۷)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: حفظت من رسول الله صلی اللّٰہ علیه وسلم وعائین فاما احدهما فبثثته فیکم واما الآخر فلو بثثته قطع هذا البلعوم یعنی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے علم کے دو برتن محفوظ کئے ہیں ان میں سے علم کا ایک برتن میں نے تم میں بکھیر دیا ہے مگر دوسرا برتن اگر تمہارے سامنے بکھیروں (ظاہر کروں) تو میرے گلے کی گذرگاہ طعام کاٹ

marfat.com
Marfat.com

ہمچنیں رعایت آداب استاد علم ظاہر باضعاف زیادہ

اسی طرح علم ظاہر کے استاد کے آداب کی رعایت کئی گنا

است از رعایت آداب استاد حجام وحائك وہمین تفاوت

زیادہ ہے حجام اور جولاہے کے استاد کے آداب کی رعایت سے

دراصناف علوم ظاہری جاری ست استاد علم کلام وفقه

یہی تفاوت علوم ظاہری کی اصناف میں جاری ہے۔ علم کلام و فقہ

اولی و اقدم است ازاستاد علم نحو وصرف واستاد نحو و

کا استاد اولیٰ و اقدم ہے علم نحو و صرف کے استاد سے، نحو و صرف

دی جائے۔ (مشکوٰۃ ۳۷)

عارف باللہ حضرت شیخ احمد بن عطاء اللہ الاسکندری علم نافع کی تعریف کرتے ہوئے رقم طراز ہیں: العلم النافع هو الذی یبسط فی الصدر شعاعه ویکشف عن القلب قناعه یعنی علم نافع وہ ہوتا ہے جس کی نورانی شعاعیں سینے میں پھیلتی ہیں اور وہ قلب سے جہالت وغفلت کے پردے ہٹا دیتا ہے۔ (اشعۃ اللمعات کتاب العلم)

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قادری نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ علم نافع کی دو قسمیں ہیں

علم معاملہ اور علم مکاشفہ

## علم معاملہ

وہ علم ہے جو اعمال صالحہ اختیار کرنے کا باعث ہوتا اور قلب کے ساتھ رہتا ہے اس علم کو علم دراست بھی کہا جاتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

صرف اولیٰ است از استاد علوم فلسفی باآنکه علوم فلسفی

کا استاد اولیٰ ہے علوم فلسفی کے استاد سے اس لئے کہ علوم فلسفی

داخل علوم معتبرہ نیست اکثر مسائل آن لاطائل ست

علوم معتبرہ میں داخل نہیں ہیں کیونکہ ان کے اکثر مسائل بے ہودہ اور

وبے حاصل واقل مسائل آں کہ از کتب اسلامیہ اخذ

بے حاصل ہیں اور ان کے بہت کم مسائل جو اسلامی کتابوں سے

نمودہ اند وتصرفات دراں کردہ ازجہل مرکب خالی

اخذ کردہ ہیں اور ان میں تصرفات کئے ہوئے ہیں جہل مرکب سے خالی

نیستند کہ عقل را دراں موطن مجال نیست طورنبوت

نہیں ہیں کیونکہ عقل کو اس مقام میں کوئی مجال نہیں ہے۔ انداز نبوت

## علم مکاشفہ

وہ علم ہے جو اعمال صالحہ کا ثمرہ اور نتیجہ ہوتا ہے اسے علم وراثت بھی کہتے ہیں......
نیز تحریر فرماتے ہیں کہ معقول ومنقول کا زبانی علم، علم نافع نہیں ہے۔

(اشعۃ اللمعات کتاب العلم)

حضرت مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے غالباً اسی لئے فرمایا ہے

علم را بر تن زنی مارے بود
علم را بر دل زنی یارے بود

حدیث پاک میں علم نافع کی ہی دعا سکھلائی گئی ہے

marfat.com
Marfat.com

اللھم انی اسئلك علما نا فعاً

غرضیکہ علم ظاہر اسکولوں، یونیورسٹیوں اور مدارس ومکاتب میں پڑھایا جاتا ہے جبکہ علم باطن اہل اللہ کی خانقاہوں اور آستانوں میں بذریعہ طی سلوک سکھایا جاتا ہے جو مشائخ طریقت اپنے نیاز مندوں اور عقیدت کیشوں کو بذریعہ نگاہ ودعا وتوجہات پڑھاتے وسکھلاتے ہیں۔

علم ظاہر آفاق کا علم ہے جبکہ علم باطن ذات (حق) کا علم ہے۔ چونکہ ذات، آفاق سے افضل واعلیٰ اور بلند وبالا ہے اس لئے اس کا علم بھی اشرف وافضل واعلیٰ ہے بنابریں معلّمین ذات (صوفیائے کرام) معلّمین آفاق (علمائے ظواہر) سے فوقیت وفضیلت رکھتے ہیں۔ وللہ الحمد

یاد رہے کہ نفع ونقصان کے اعتبار سے علم کی دو قسمیں ہیں

علم نافع اور علم غیر نافع

عمدۃ الابدال حضرت خواجہ محمد پارسا نقشبندی قدس سرہُ العزیز رقم طراز ہیں کہ علم غیر نافع کی دو قسمیں ہیں ایک علم وہ ہے جو فی نفسہ نافع تو ہے مگر بغیر عمل کے نفع بخش نہیں یہ علم شریعت ہے۔ دوسرا وہ علم ہے جو غیر نافع ہے اور فی ذاتہ بھی غیر نافع ہے اگر اس کے مطابق عمل کیا جائے تو وہ مہلک ومغوی اور مضل ہے جیسے علم نجوم، علم کہانت اور علوم فلسفہ۔ (ماخوذ از فصل الخطاب ۲۵۸)

حدیث مبارک میں علماء کی دو قسمیں بیان فرمائی گئی ہیں علمائے سو اور علمائے حق جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات میں ہے الا ان شر الشر شرار العلماء وان خیر الخیر خیار العلماء یعنی خبردار، بروں میں سب سے برے بھی علماء ہیں اور اچھوں میں سب سے بہتر بھی علماء ہیں۔ (مشکوٰۃ ۳۷)

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز علمائے دنیا کے متعلق رقمطراز ہیں:

marfat.com
Marfat.com

علماء کے لئے دنیا کی محبت اور اس میں رغبت ان کے جمال کے چہرے پر دھبہ ہے۔ مخلوق کو اگرچہ ان سے فائدے حاصل ہوتے ہیں لیکن انکا علم ان کی اپنی ذات کے حق میں نافع نہیں ہوتا ہر گاہ کہ شریعت کی تائید اور ملت کی تقویت انہی پر مرتب ہوتی ہے لیکن کبھی یوں بھی ہوتا ہے کہ دین کی یہ تائید وتقویت فاسق وفاجر قسم کے لوگوں سے بھی واقع ہو جاتی ہے جیسا کہ سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے فاجر آدمی کی تائید کے متعلق خبر دی اور ارشاد فرمایا: ان اللّٰہ یؤید ھذ االدین بالرحل الفاجر

(مسلم ۱/۷۲)

قدوۃ الاقطاب حضرت خواجہ محمد پارسا رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف لطیف فصل الخطاب میں تحریر فرمایا ہے کہ علماء کے تین گروہ ہیں۔

طائفہ اول...... علم ظاہر کو جاننے والے۔

طائفہ دوم...... علم باطن کو جاننے والے۔

طائفہ سوم...... علم ظاہر اور علم باطن دونوں کے جاننے والے۔

طائفہ ثالثہ کے علماء نادر الوجود اور کمیاب ہوتے ہیں اگر ہر عصر میں اس قسم کے عالم دین جملہ جہاں میں ایک بھی ہوں تو بسیار اور کافی ہیں۔ اس کی برکات عالم شرق وغرب تک پہنچتی ہیں اور وہ اپنے وقت کے قطب ہوتے ہیں اور تمام جہانوں والے اس کی پناہ دولت اور سایۂ ہمت میں ہوتے ہیں۔ (فصل الخطاب ۲۵۸)

marfat.com
Marfat.com

وراء طور عقل نظرست باید دانست که حقوق پیر فوق

عقل نظری کے انداز سے وراء ہے۔ جاننا چاہئے کہ پیر کے حقوق

حقوق سائر ارباب حقوق ست بلکه نسبت ندارد حقوق

تمام اہل حقوق کے حقوق سے بالا ہیں [۳] بلکہ کوئی نسبت نہیں

پیر بحقوق دیگراں بعداز انعامات حضرت حق سبحانه

رکھتے پیر کے حقوق دوسروں کے حقوق کے ساتھ بعد حضرت حق سبحانہ

واحسانات رسول او علیه وعلیٰ آله الصلوات والتسلیمات

کے انعامات اور اس کے رسول (آپ پر اور آپ کی آل پر صلوات وتسلیمات

بلکه پیر حقیقی ہمه رسول الله است صلی الله

ہوں) کے احسانات کے بلکہ تمام کے پیر حقیقی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

تعالیٰ علیه وعلیٰ وآله وسلم ولادت صوری ہر چند ازوالدین

ہیں۔ ظاہری ولادت اگرچہ والدین سے ہے

[۳] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ شیخ کامل کے حقوق تمام ارباب حقوق کے حقوق سے بالا ہیں بلکہ دوسروں کے حقوق کو شیخ کے حقوق کے ساتھ کوئی نسبت ہی نہیں۔ حضرت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں ملاحظہ ہو

ان الشیخ مقدم من الاب والام لان الا باء والا مہات یحفظونه من نار الدنیا وافا تہا والمشائخ یحفظونه من نار الاخرۃ وامتدادھا

marfat.com
Marfat.com

ست اما ولادت معنوی مخصوص به پیراست ولادت

لیکن معنوی ولادت پیر کے ساتھ مخصوص ہے۔ ظاہری ولادت کی

صوری راحیات چند روزہ است و ولادت معنوی

حیات چند روزہ ہے اور معنوی ولادت کی حیات

راحیات ابدی است نجاسات معنویہ مرید را پیر ست

ابدی ہے۔ مرید کی معنوی نجاستوں کو پیر اپنے

کہ بقلب وروح خود کنّاسی می نماید وتطہیر اشکنبہ

قلب و روح سے صاف کرتا ہے اور اس کے باطنی

اوسی فرماید درتوجہات کہ نسبت بہ بعضے مسترشداں

حصوں کی تطہیر فرماتا ہے۔ ان توجہات میں جو بعض مریدوں

واقع مے شود محسوس میگردد کہ در تطہیر

کی نسبت واقع ہوتی ہیں محسوس ہوتا ہے کہ ان کی باطنی

یعنی شیخ مکرم ماں باپ سے مقدم ہے کیونکہ آباء وامہات اسے دنیا کی آگ اور اس کی آفات وبلیات سے بچاتے ہیں جبکہ مشائخ عظام اسے نار جہنم اور اس کی مہلکات و درکات ومشکلات سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ (تفسیر کبیر ۱/۲۶۱)

(صحبت شیخ کے آداب وشرائط اور فوائد وبرکات البینات شرح مکتوبات جلد سوم مکتوب ۸۴ اور سعادت العباد شرح مبداء ومعاد منہا ۱۰ میں ملاحظہ ہوں)

marfat.com

Marfat.com

نجاسات باطنه ایشاں تلوثے بصاحب توجه نیز می دود
نجاستوں کی تطہیر کے دوران آلودگی صاحب توجہ پر بھی پڑ جاتی ہے
وتا زمانے مکدرمی دارد پیراست که بتوسل او بخدامی
اور ایک عرصہ تک مکدر رکھتی ہے۔ پیر ہے کہ جس کے توسل سے خدا عزوجل
رسند عزوجلّ که فوق جمیع سعادات دنیویه واخرویه
تک پہنچتے ہیں جو تمام دنیوی اور اخروی سعادتوں سے
است پیراست که بوسیلۂ اونفس اماره که بالذات
فوق ہے پیر ہی ہے جس کے وسیلہ سے نفس امارہ جو بالذات
خبیث ست مزکی ومطہر میگردد و از امارگی باطمینان
خبیث ہے تزکیہ شدہ اور پاک ہو جاتا ہے اور امارگی سے اطمینان تک
می رسد و از کفر جبلّی باسلام حقیقی می آید
پہنچتا ہے اور جبلی کفر سے اسلام حقیقی تک آ جاتا ہے۔

ع گر بگویم شرح ایں بے حد شود
اگر میں اس کی شرح کروں تو بے حد ہو جائے

پس سعادت خود را در قبول پیر باید دانست وشقاوت
پس اپنی سعادت کو پیر کی قبولیت میں جاننا چاہئے اور
خود را در رد او **نعوذ بالله سبحانه من ذٰلک** رضائے حق
اپنی بدبختی کو اس کے رد کرنے میں ہم اس سے اللہ سبحانہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

سبحانه را در پس پرده رضائے پیرمانده اند تا مرید در

حق سبحانہ کی رضا کو رضائے پیر کے پس پردہ رکھا گیا ہے

مراضی پیرخود راگم نسازد بمرضیات حق سبحانه نرسد

جب تک مرید خود کو پیر کی رضا مندیوں میں گم نہ کر دے حق سبحانہ کی

آفت مرید در آزار پیراست ہر زلتے که بعد آں باشد

مرضیات تک نہیں پہنچ سکتا مرید کی آفت پیر کی آزار میں ہے ہر لغزش

تدارک آں ممکن ست اما آزار پیر را ہیچ چیز تدارک

جو اس کے بعد ہو اس کا تدارک ممکن ہے لیکن پیر کے آزار کا کوئی چیز

نمی تواں نمود آزار پیر بیخ شقاوت ست مر مرید را

تدارک نہیں کر سکتی پیر کی ناراضگی مرید کے لئے شقاوت کی بنیاد ہے

عیاذاباالله سبحانه من ذالك خللے در معتقدات اسلامیه

اس سے اللہ سبحانہ کی پناہ اسلامی اعتقادات میں خلل اور احکام شرعیہ

وفتورے دراتیان احکام شرعیه از نتائج وثمرات آنست

کی بجاآوری میں فتور اس (آزار پیر) کے نتائج وثمرات میں سے ہے

از احوال و مواجید که بباطن تعلق دارد خود چه گوید

احوال و مواجید جو باطن کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں کے متعلق کیا کہیں

واثرے ازاحوال اگر با وجود آزار پیر باقی ماند ازاستدراج

اور احوال کا کوئی اثر اگر آزار پیر کے باوجود باقی ہو اسے استدراج

marfat.com
Marfat.com

باید شمرد که آخر بخرابی خواہد کشید وغیر از ضرر

شمار کرنا چاہئے جو بالآخر خرابی کھینچ لائے گا اور ضرر کے سوا

نتیجہ نخواہد داد والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ

کوئی نتیجہ نہیں دے گا اور سلامتی ہو اس پر جو ہدایت کی اتباع کرے۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۳۹

قلب از عالم امر است او را بعالم خلق تعلق و تعشق

قلب عالم امر سے ہے اس کو عالم خلق سے تعلق اور تعشق

داده بعالم خلق فرود آورده اند و بمضغه که درجانب چپ

دے کر عالم خلق کی طرف نیچے لائے [1] اور مضغہء گوشت جو

ست تعلق خاص بخشیده اند دررنگ آنکه پادشاه را

بائیں پہلو میں ہے کے ساتھ خاص تعلق بخشا گیا۔اس طرح کہ بادشاہ کو

[1] زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز عالم امر اور عالم خلق کے لطائف کا باہمی تعلق اور ان کے مقامات کی نشان دہی فرمارہے ہیں۔مناسب معلوم ہوتا ہے کہ عالم امر اور عالم خلق اور ان کے لطائف کی تفصیلات بیان کردی جائیں تاکہ فہم منہا میں سہولت رہے۔و باللہ التوفیق

## عالم امر

فاضل اجل حضرت سید شریف جرجانی رحمۃ اللہ علیہ عالم امر کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

ما وجد عن الحق بغیر سبب ویطلق بازاء الملکوت یعنی جہاں سب کچھ حق تعالیٰ سبحانہ کی طرف سے بغیر کسی سبب کے وجود میں آئے ،اس پر عالم

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| بکناس تعشق پیدا شود وبسبب آں در منزل کناس نزول نماید |
| خاکروب کے ساتھ عشق پیدا ہو اور اس وجہ سے وہ خاکروب |
| وروح کہ الطف از قلب است از اصحاب یمین ست |
| کے گھر نزول فرمائے اور روح جو قلب سے بہت زیادہ لطیف ہے اصحاب |
| ولطائف ثلثہ کہ فوق لطیفہ روح اند بشرف " خیر الامور |
| یمن میں سے ہے اور تین لطائف جو لطیفہء روح سے بالا ہیں خیر الامور اوسطہا |

ملکوت کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ (کتاب التعریفات ۱۱۹)

عالم امر کا ظہور کلمہ کن سے ہوا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون (یٰسین ۸۲) سے عیاں ہے یعنی مادہ ومقدار اور ترکیب عناصر سے خالی اور فقط امر کن سے پیدا ہونے والی مخلوق پر عالم امر کا اطلاق ہوتا ہے جیسے انسانی ارواح، ملائکہ اور لطائف مجردہ وغیرہا۔ عالم امر کو عالم غیب، عالم ارواح، عالم لاہوت اور عالم جبروت سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے اور ان سب کے مجموعے کو عالم مجردات کہا جاتا ہے۔

## عالم خلق

فاضل اجل حضرت علامہ شریف جرجانی رحمۃ اللہ علیہ عالم خلق کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

ماوجد عن السبب ویطلق بازاء عالم الشہادۃ یعنی وہ عالم جہاں سب کچھ سبب کے ذریعے وجود میں آئے اس پر عالم شہادت کا اطلاق ہوتا ہے۔

(کتاب التعریفات:۱۱۹)

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| **اوسطها** " مشرف اند ہرچند لطیف تر بوسط مناسب تر |
| کے شرف سے مشرف ہیں جتنے لطیف تر اتنے ہی وسط کے ساتھ |
| **الا ان السر والخفی علی طرفی الاخفٰی احدهما علی الیمین** |
| مناسب تر ہاں یقیناً سر اور خفی، اخفی کی دونوں طرف ہیں۔ ان دونوں میں سے ایک |
| **والأخر علی الشمال** ونفس مجاور حواس ست تعلق بدماغ |
| دائیں اور دوسرا بائیں واقع ہے اور نفس حواس کا مجاور ہے جو دماغ |

مختصر یہ کہ مادہ ومقدار اور ترکیب عناصر سے پیدا ہونے والی مخلوق کو عالم خلق کہا جاتا ہے جیسے عناصر اربعہ اور ارضیات وغیرہا...... عالم خلق کو، عالم اسباب، عالم اجسام اور عالم ناسوت سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے اور ان سب کے مجموعے کا نام عالم مادیات ہے۔ غرضیکہ عالم خلق، کائنات مادی پر مشتمل ہے جس میں ترتیب وتدریج ہے اور جس کی تخلیق میں زمانہ صرف ہوا جیسا کہ آیہ کریمہ هو الذی خلق السمٰوات والارض فی ستة ایام (الحدید۴) سے واضح ہے۔

واضح رہے کہ آیہ کریمہ الا له الخلق والامر (الاعراف۵۴) میں عالم خلق اور عالم امر کی طرف اشارہ معلوم ہوتا ہے۔

## لطیفہ

حضرت علامہ جرجانی رحمۃ اللہ علیہ لطیفہ کی تعریف کرتے ہوئے ارقام پذیر ہیں النفس الناطقه هی الجوهر المجرد عن المادة یعنی یہ وہ جوہر ہے جو مادہ سے خالی ہوتا ہے۔ (کتاب التعریفات ۱۰۷) اسے لطیفہ انسانیہ بھی کہا جاتا ہے۔ (کتاب التعریفات ۸۳) انسانی جسم میں محلِ نور کو لطیفہ کہتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

دارد وترقی قلب منوط ست بوصول اودرمقام روح و

سے تعلق رکھتا ہے اور قلب کی ترقی منحصر ہے اس کے وصول پر مقام روح میں

بمقام ما فوق روح وہمچنیں ترقی روح وما فوق اومربوط

اور روح سے بالا مقام تک اسی طرح روح اور اس کے مافوق کی ترقی

ست بوصول آنہا بمقامات فوقانی لیکن ایں وصول در

مربوط ہے ان کے مقامات فوقانی تک وصول پر لیکن یہ وصول ابتداء

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کی تحقیق کے مطابق انسانی جسم اجزائے عشرہ سے مرکب ہے جن کو لطائف عشرہ بھی کہا جاتا ہے ان میں سے پانچ لطائف عالم خلق کے ہیں اور وہ عناصر اربعہ (خاک، باد، نار، آب) اور لطیفہء نفس ہیں جن کا تعلق عرش کے نیچے کی مخلوقات کے ساتھ ہے۔

جبکہ بقیہ پانچ لطائف عالم امر کے ہیں اور وہ قلب، روح، سر، خفی اور اخفیٰ ہیں۔ ان لطائف کا تعلق عرش سے اوپر کی مخلوقات کے ساتھ ہے گوان لطائف کا وطنِ اصلی فوق العرش (عالم ارواح) کے ساتھ ہے مگر ان کے تعینات وجود انسانی میں جدا جدا مقام رکھتے ہیں۔

## لطیفہء قلب

اس لطیفہ کا مقام جسم انسانی میں بائیں پستان کے نیچے دو انگشت کے فاصلے پر مائل بہ پہلو ہے۔ اس کی فناء، قلب پر حق تعالیٰ کی تجلی فعل کا ظہور ہے جس کی علامت، ذکر کے وقت ماسوی اللہ کا نسیان اور ذات حق کے ساتھ محویت ہے (اگر چہ تھوڑی دیر کیلئے ہو) اس کی تاثیر رفع غفلت اور دفع شہوت کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے اس

marfat.com
Marfat.com

ابتداء بطریق احوال است ودرانتہاء بطریق مقام وترقی

میں بطریق احوال ہوتا ہے اور انتہاء میں بطریق مقام اور نفس

نفس برسیدن اوست درمقام قلب بطریق احوال درابتدا و

کی ترقی اس کی مقام قلب میں رسائی ہے ابتداء میں بطریق احوال اور

بطریق مقام در انتہا ودرآخر کار ایں لطائف ستہ بمقام اخفیٰ

انتہاء میں بطریق مقام اور آخر کار یہ چھ لطائف مقام اخفیٰ

لطیفہ کا نور زرد ہے آیہ کریمہ ان فی ذالك لذكرىٰ لمن كان له قلب (ق ۳۷) میں اس اصطلاح کا بیان ہے۔

## لطیفہ روح

اس لطیفہ کا مقام جسم انسانی کے سینے میں دائیں پستان کے نیچے دوانگشت کے فاصلے پر مائل بہ پہلو ہے اس کی فنا روح پر حق تعالیٰ کی تجلی صفات کا ظہور ہے جس کی علامت ذکر کے وقت کیفیات ذکر (قلبی وروحی) میں اضافہ وغلبہ ہے۔ اس کی تاثیر غصہ وغضب کی کیفیت میں اعتدال اور طبیعت میں اصلاح وسکون کی کیفیت کا ظہور ہے اور اس کا نور سرخ ہے۔ آیہ کریمہ قل الروح من امر ربی (بنی اسرائیل ۸۵) میں روح کا تذکرہ ہے۔

## لطیفہ سر

اس لطیفہ کا مقام انسان کے سینے میں بائیں پستان کے برابر دوانگشت کے فاصلے پر مائل بہ وسطِ سینہ ہے۔ اس کی فنا لطیفہ ءسر پر اللہ تعالیٰ کی صفات کے شیونات

marfat.com
Marfat.com

می رسند وہمہ باتفاق قصد طیران عالم قدس می نمایند

تک پہنچ جاتے ہیں اور تمام اکٹھے ہوکر عالم قدس کی طرف پرواز کا ارادہ

ولطیفہ قالب را خالی وتہی میگزارند اما ایں طیران

کرتے ہیں اور لطیفہء قالب کو خالی چھوڑ جاتے ہیں لیکن یہ پرواز

نیز درابتدا بطریق احوال ست ودر انتہاء بطریق مقام

بھی ابتداء میں بطریق احوال ہوتی ہے اور انتہاء میں بطریق مقام

واعتبارات کاظہور ہے اوراس کی علامت ہر دو سابقہ لطیفوں کی مانند اس میں ذکر کا جاری ہونا اور کیفیات میں ترقی رونما ہوتا ہے (یادر ہے کہ یہ مشاہدہ اور دیدار کا مقام ہے) اس کی تاثیر طمع اور حرص کے خاتمے نیز دینی امور کے معاملے میں بلا تکلف مال خرچ کرنے اور فکر آخرت کے جذبات کی بیداری سے ظاہر ہوتی ہے۔اس کا نور سفید ہے آیہ کریمہ فانه یعلم السرّ واخفیٰ (طٰہٰ ۷) میں لطیفہ سر واخفی کا بیان ہے۔

## لطیفہ خفی

اس لطیفہ کا مقام انسان کے سینے میں دائیں پستان کے برابر دو انگشت کے فاصلے پر مائل بہ وسطِ سینہ ہے۔اس کی فنا صفات سلبیہ تنزیہیہ کا ظہور ہے۔اس کی علامت اس میں ذکر کا جاری ہونا اور عجیب وغریب احوال کا ظہور ہے۔اس کی تاثیر حسد وبخل اور کینہ وغیبت جیسی اخلاقی امراض سے مکمل نجات حاصل ہو جانے سے ظاہر ہوتی ہے اس کا نور سیاہ ہے آیہ کریمہ ادعوا ربکم تضرعاً و خفیه (اعراف ۵۵) میں اس لطیفہ کا ذکر ہے۔

marfat.com
Marfat.com

## لطیفہ اخفیٰ

اس لطیفہ کا مقام جسم انسانی میں وسطِ سینہ ہے اس کی فنا مرتبہ تنزیہہ اور مرتبہء احدیت مجردہ کے درمیان ایک برزخی مرتبے کے ظہور وشہود سے وابستہ ہے اور یہ ولایت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کا مقام ہے۔

اس کی علامت اس لطیفہ میں بلاتکلف ذکر کا جاری ہونا اور قرب ذات کا احساس وشہود ہے۔ اس کی تاثیر تکبر، فخر وغرور اور خود پسندی جیسی مہلک روحانی امراض سے رہائی پانے اور مکمل حضور واطمینان کے حصول سے ظہور پذیر ہوتی ہے، اس کا نور سبز ہے۔

## لطیفہ نفس

یہ عالم خلق کا پہلا لطیفہ ہے، سلسلہ نقشبندیہ میں اس کا مقام وسطِ پیشانی یا ام الدماغ ہے، بعض صوفیاء کرام کے نزدیک اس کا مقام زیر ناف ہے اگرچہ بظاہر اختلاف معلوم ہوتا ہے لیکن ارباب عرفان کے نزدیک ابتداء اور انتہاء کا فرق ہے۔ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے یوں تطبیق فرمائی ہے کہ اس کا سرام الدماغ یا وسط پیشانی ہے اور اس کا قدم متصل زیر ناف ہے (اہل کشف کے نزدیک ہر دو مقام نفس کے لحاظ سے برابر ہیں) اس کا نور سبز اور نیلگوں ہے۔ اس کی تاثیر نفسانیت اور سرکشی کے مٹ جانے، عجز وانکساری کا مادہ پیدا ہونے اور ذکر میں ذوق وشوق بڑھ جانے سے ظاہر ہوتی ہے۔

## لطیفہء قالبیہ

یہ عالم خلق کا بظاہر دوسرا لطیفہ ہے لیکن درحقیقت چاروں لطائف (باد، آب،

marfat.com
Marfat.com

نار، خاک) پر مشتمل ہے۔اس کا مقام سارا قالب (جسم) ہے (بعض کے نزدیک متصل ناف ہے) اس کی علامت ہر ہر جز و بدن اور بال بال سے ذکر کا جاری ہو جانا ہے۔اس کی تاثیر رذائل بشریہ اور علائق دنیویہ سے مکمل رہائی پا لینے سے ظاہر ہوتی ہے اس کا نور آتش نما ہے۔

واضح رہے کہ لطائف عالم امر کو کمالات ولایت کے ساتھ مناسبت ہے اور لطائف عالم خلق کو کمالات نبوت کے ساتھ زیادہ مناسبت ہے۔عالم امر کے پانچوں لطیفوں میں سے ہر ایک لطیفہ کو عالم خلق کے کسی نہ کسی لطیفہ کے ساتھ مناسبت ہوتی ہے مثلاً لطیفہء قلب کو لطیفہ نفس کے ساتھ، لطیفہ روح کو لطیفہ آب کے ساتھ، لطیفہ سر کو لطیفہ باد کے ساتھ، لطیفہ خفی کو لطیفہ نار کے ساتھ اور لطیفہ اخفیٰ کو لطیفہ خاک کے ساتھ۔

## جسم انسانی میں لطائف کی تعین

صوفیائے کرام نے لطائف کے جن مقامات کی تخصیص و تعین فرمائی ہے اس کی تائید میں درج ذیل حدیث مبارکہ ملاحظہ ہو!

ثم وضع يده على ناصية ابى محذورة ثم امرها على وجهه من بين ثدييه ثم على كبده ثم بلغت يد رسول الله صلى الله عليه وسلم سرة ابى محذورة ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بارك الله لك وبارك عليك يعنی پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو محذورہ کی پیشانی پر ہاتھ مبارک رکھا پھر اپنا ہاتھ ان کے چہرے پر پھیرتے ہوئے سینے پر لے گئے پھر ان کے جگر پر لے گئے پھر آپ کا ہاتھ ان کی ناف تک پہنچا۔پھر آپ نے دعا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ تجھے برکت دے اور تجھ پر برکت نازل فرمائے۔

(ابن ماجہ باب ترجیع فی الاذان ۵۲)

marfat.com
Marfat.com

حدیث مذکورہ سے معلوم ہوا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کے سر سے لیکر ناف تک ہاتھ پھیرا اور برکت کیلئے دعا فرمائی۔ ارادی طور پر جسم کے اتنے حصے پر ہاتھ مبارک پھیرنا کسی طرح بھی حکمت سے خالی نہ تھا جیسا کہ اہل بصیرت پر ظاہر ہے جب کہ جسم کا یہی حصہ لطائف کے مقامات کا حصہ ہے۔ بہر حال حدیث سے ان مقامات کا اہم اور متعین و مبارک ہونا ثابت ہو گیا۔

## لطیفہ جاری ہونے کا مطلب

کسی بھی لطیفہ میں ذکر جاری ہونے کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ مضغہ ٔ گوشت یا لطیفہ کا مقام جنبش و حرکت کرتا ہے بلکہ ''حرکت ذکر از دل بہ سمع خیال برسد'' یعنی دل سے ذکر کی حرکت خیال کے کانوں تک پہنچتی ہے اور خیال کے کان دل کا ذکر (لفظ اللہ کا تکرار) سنتے ہیں۔

بعض مشائخ مبتدی کیلئے مضغہ ٔ گوشت کی ظاہری طور پر حرکت و جنبش کو ضروری سمجھتے ہیں اور اسی طریق پر مریدین کو ذکر القاء کرتے ہیں لیکن حقیقت الامر یہی ہے کہ ذکر قلبی وغیرہ میں مقام لطیفہ کی حرکت ضروری نہیں۔ حضور قلبی (یعنی غفلت کا نہ رہنا) اور اخلاص کے ساتھ اور حضور مع اللہ ہی لطیفہ جاری ہونے کی ضروری علامت ہے وھو المقصود۔ ہمارے مشائخ کرام نے فرمایا ہے حقیقة الذکر رفع الغفلة یعنی ذکر کی حقیقت غفلت کا نہ رہنا ہے۔

(مزید تفصیلات کیلئے البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب 1 ملاحظہ ہو)

marfat.com
Marfat.com

و یحصل الفناء وموتے کہ پیش ازموت گفتہ اند

اور اس وقت فنا حاصل ہو جاتی ہے اور وہ موت جسے پیش از موت کہتے ہیں [2]

عبارت ازیں جدائی لطائف ستہ است از لطیفہ قالب و

چھ لطائف کی اس جدائی سے عبارت ہے لطیفہ قالب سے

سربقائے حس و حرکت درقالب بعد از مفارقت اینہا

قالب میں اس مفارقت کے بعد حس و حرکت کی بقا کا راز دوسری جگہوں پر

[2] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز صوفیائے کرام کے مقولہ موتوا قبل ان تموتوا کی وضاحت فرما رہے ہیں

اہل اللہ موتوا قبل ان تموتوا کو فنا سے تعبیر کرتے ہیں اور فنا نسیان ماسوی اللہ کو کہا جاتا ہے جو آفاقی معبودان باطلہ اور خواہشات نفسانیہ سے چھٹکارا حاصل کئے بغیر ممکن نہیں۔ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اس کے متعلق معارف لدنیہ میں یوں رقمطراز ہیں

معروف موت (طبعی موت) سے پہلے مرجانا لطائف ستہ قالبیہ سے جدا ہو جانا ہے اور وہ یوں ہے کہ سالک کا نفس ترقی کر کے مقام قلب تک پہنچتا ہے اور پھر یہ دونوں مل کر مقام روح تک اور پھر یہ تینوں مقام سر تک پھر چاروں مل کر مقام خفی تک پھر پانچوں مل کر مقام اخفیٰ تک پہنچتے ہیں پھر سارے ملکر عالم قدس (وطن اصلی) کی طرف پرواز کر جاتے ہیں اور لطیفہ قالبیہ کو خالی چھوڑ جاتے ہیں لیکن ابتداء میں یہ پرواز بطریق احوال ہوتی ہے اور انتہاء میں بطریق مقام اور اس جدائی کے باوجود قالب میں حس و حرکت باقی رہتی ہے۔

اس حقیقت کو عارف کھڑی حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے بزبان پنجابی

marfat.com
Marfat.com

درجاہائے دیگر بیان کردہ شدہ است ازانجا باید طلبید

بیان کر دیا گیا ہے وہیں تلاش کرنا چاہئے

ایں ورق گنجایش تفصیل ندارد باشارہ و رموز سخن

یہ ورق تفصیل کی گنجائش نہیں رکھتا اشارہ و رموز سے

می رود لازم نیست کہ جمیع لطائف درمقامے جمع

باتیں چل رہی ہیں۔ ضروری نہیں ہے کہ تمام لطائف ایک مقام میں

یوں قلم بند فرمایا ہے

تن حویلی تے توں وچہ بیلی جان مکان تمہارا
میں مر چکی آں سچ کر منیں سیف ملوکا یارا

فاضل اجل حضرت شیخ شریف جرجانی رحمۃ اللہ علیہ موت کی تعریف کرتے ہوئے یوں رقمطراز ہیں

(الموت) صفة وجودية خلقت ضداللحياة وباصلاح اهل الحق قمع هوى النفس فمن مات باصطلاح فقد حی بهداه یعنی موت ایسی صفت وجودیہ ہے جو حیات کی ضد پیدا کی گئی ہے اور اہل حق کی اصطلاح میں نفسانی خواہشات کے ختم ہو جانے کو موت کہا جاتا ہے جس شخص کی نفسانی خواہشات مرجائیں وہ ہدایت کے ساتھ حی ہو جاتا ہے۔ (کتاب التعریفات ۱۰۴)

## موتوا قبل ان تموتوا

موت تفرقہ ہیئت اجتماعیہ کا نام ہے اور موت کی دو قسمیں ہیں

موت اضطراری اور موت اختیاری

marfat.com
Marfat.com

شوندواز آنجا طیران نمایند۔ گاہ باشد کہ قلب وروح ہر

جمع ہو جائیں اور وہاں سے پرواز کریں کبھی ایسا ہوتا ہے کہ قلب و روح

دو باتفاق ایں کار کنند و گاہے ہرسہ و گاہے ہر چہار

دونوں ملکر یہ کام کرتے ہیں اور کبھی تینوں اور کبھی چاروں

وآنچہ اول مذکور شد اتم واکمل است ومخصوص ست

اور وہ جو پہلے مذکور ہوا اتم و اکمل ہے اور مخصوص ہے

بولایت محمدی علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات

ولایت محمد ی کے ساتھ ان پر اور ان کی آل پر صلوات و تسلیمات ہوں

مفارقت روح از بدن (روح کا بدن سے جدا ہونا) موت اضطراری ہے

خواہشات نفس کا مقاطعہ، لذات جسمانیہ سے اعراض اور گناہوں سے کامل توبہ موت اختیاری ہے اور موتوا قبل ان تموتوا سے اسی موت کی طرف اشارہ ہے۔

## موت اختیاری کی اقسام

اس موت کی چار قسمیں ہیں

| | |
|---|---|
| ۱.....موت ابیض (سفید موت) | ۲.....موت اسود (سیاہ موت) |
| ۳.....موت احمر (سرخ موت) | ۴.....موت اخضر (سبز موت) |

## موتِ ابیض

یعنی بھوک، پیاس اور نیند پر قابو پالینا چونکہ اس موت سے اشراقیت بڑھتی ہے لہٰذا اسے سفید موت کہہ دیتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

وماعدائے اوقسمے ازاقسام ولایت است وچوں آں لطائف

اور اس کے علاوہ ولایت کی قسموں میں سے ایک قسم ہے

ستہ بعداز مفارقت از قالب ووصول بمقام قدس وتلون

اور جب وہ چھ لطائف قالب سے جدائی اور مقام قدس تک رسائی

بصبغ آں اگر بقالب بازرجوع نمایند وتعلق پیدا کنند

اور اس کے رنگ کے ساتھ متلون ہونے کے بعد اگر قالب کی طرف پھر رجوع

## موت اسود

یعنی دونوں جہاں سے منہ پھیر لینا جیسا کہ فرمایا گیا الفقر سواد الوجہ فی الدارین (فقر دارین سے منہ کالا کرلینا (پھیر لینا) ہے۔ چونکہ دونوں جہاں سے آنکھ بند کرلی جاتی ہے لہٰذا اسے سیاہ موت کہتے ہیں۔

## موت احمر

یعنی خواہشات ولذات دنیویہ کو قربان کر کے ان پر غلبہ پالینا اور ان کا خون بہا دینا۔ چونکہ یہ قربانی خواہشات کا خون کر کے سرخروئی کا باعث بنتی ہے لہٰذا اسے سرخ موت کہتے ہیں۔

## موت اخضر

یعنی آئندہ کیلئے امیدوں اور امنگوں پر پانی پھیر دینا اور طول امل (لمبے منصوبے) کو خیر باد کہہ دینا۔ چونکہ اس سے سالک کی خوشحالی اور سرسبزی کا آغاز ہوتا ہے لہٰذا اسے سبز موت قرار دیا گیا۔ (سردلبراں، کتاب التعریفات)

marfat.com
Marfat.com

سوائے تعلق حبی وحکم قالب گیرند وبعدامتزاج یک

کرتے ہیں اور تعلق پیدا کر لیتے ہیں سوائے حبی تعلق کے اور قالب کا حکم اختیار

قسم فنائے پیدا کنند وحکم میت بگیرند دریں وقت

کر لیتے ہیں اور اختلاط کے بعد ایک قسم کی فنا پیدا کرتے ہیں اور میت کا حکم

بتجلی خاص متجلی گردند وازسرحیات پیدا کنند و

پکڑتے ہیں اس وقت خاص تجلی سے متجلی (منور) ہو جاتے ہیں [3] از سر نو

بمقام بقا باللہ متحقق شوند ومتخلق باخلاق اللہ گردند

حیات پیدا کرتے ہیں اور بقا باللہ کے مقام کے ساتھ متحقق ہو جاتے ہیں اور خدائی

[3] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ جب سالک کو فنا کا مرتبہ حاصل ہو جاتا ہے تو وہ تجلی خاص سے منور اور اخلاق الٰہیہ سے مزین ہو جاتا ہے اور مقام بقا باللہ میں رسوخ پیدا کر لیتا ہے۔ اگر حق تعالیٰ کو اس مقام پر فائز المرام سالک سے عامۃ الناس کی رشد و ہدایت مقصود نہ ہو تو اسے عالم دنیا کی طرف واپس نہیں لوٹایا جاتا، اس قسم کے اولیاء کو اولیائے عزلت کہا جاتا ہے اور جن صوفیاء کو نبوت کی نیابت وخلافت پر متمکن فرما کر عامۃ المسلمین کی دعوت وتبلیغ اور رشد و ہدایت کا کام لیا جاتا ہے انہیں اولیائے عشرت کہا جاتا ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم بالصواب

marfat.com
Marfat.com

دریں وقت اگر آں خلعت را بخشیدہ بعالم باز گردانند

اخلاق کے ساتھ متخلق ہو جاتے ہیں۔ ایسے وقت میں اگر اسے خلعت بخش کر

معاملہ از دنو بتدلی خواہد انجامید ومقدمہ تکمیل پیدا

عالم کی طرف لوٹا دیں تو معاملہ دنو سے تدلی تک انجام پا جائے گا اور تکمیل

خواہد شد واگر بعالم باز نہ گردانند وتدلّی بعد دُنو

کا مقدمہ پیدا ہو جائے گا اوراگر عالم کی طرف نہ لوٹائیں اور دنو کے بعد

حاصل نشود از اولیائے عزلت خواہد بود وتربیت

تدلی حاصل نہ ہو تو اولیائے عزلت سے ہو جائے گا اور طالبوں کی

طالبان وتکمیل ناقصان از دست اونخواہد آمد این ست

تربیت اور ناقصوں کی تکمیل اس کے ہاتھوں نہیں ہو گی یہ ہے کہانی

حدیث بدایت ونہایت بطریق رمز واشارہ اما فہمیدن

بدایت و نہایت کی بطریق رمز و اشارہ لیکن اس کا سمجھنا

آں بغیر قطع ایں منازل محال است والسلام علٰی من اتبع

ان منازل کے قطع کیے بغیر محال ہے اور سلامتی ہو اس شخص پر جو ہدایت کی اتباع کرے

الھدیٰ والتزم متابعۃ المصطفٰے علیہ وعلٰی آلہ الصلوٰۃ والسلام

اور حضرت مصطفٰے کی متابعت کو لازم جانے آپ پر اور آپ کی آل پر درود وسلام ہو۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا - ۴۰

حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ از ازل تا ابد بیک کلام متکلم

حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ ازل سے ابد تک ایک ہی کلام سے متکلم ہے

ست آن کلام متبعض ومتجزی نیست چہ سکوت

وہ کلام ٹکڑا اور جز نہیں ہے کیونکہ خاموشی

وخرس درحق او تعالیٰ محال ست چہ عجب ہر گاہ از

اور گونگا پن اس تعالیٰ کے حق میں محال ہے کیا عجب ہے کہ

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج اور اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے عروجات میں فرق بیان فرمارہے ہیں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں اس کے متعلق قدرے تفصیلات بیان کردی جائیں۔
وباللہ التوفیق

## معراج نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات جسمانی ہے

لفظ معراج عروج سے مشتق ہے جس کا معنی بلندی اور معراج کا معنی سُلَّم (سیڑھی) ہے اور یہ لفظ "حدیث معراج" سے ماخوذ ہے جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا عرج بی الی السماء یعنی مجھے آسمان کی طرف بلند کیا گیا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ۳۴ بار معراج نصیب ہوئی جن میں سے ۳۳ بار

marfat.com
Marfat.com

ازل تا ابد در آنجا آن واحد باشد اذ لایجری علیه سبحانه

ازل سے ابد تک وہاں آنِ واحد ہو کیونکہ اس سبحانہ پر

زمان در آن واحد غیر از کلام واحد بسیط چه بوقوع آید

زمانہ جاری نہیں ہوتا آنِ واحد میں سوائے کلام واحد بسیط کے کیا واقع

و آن کلام واحد منشاء چندین اقسام کلام گشته است

ہو سکتا ہے اس کلام واحد سے کئی قسم کے کلام پیدا ہوتے ہیں

روحانی اور ایک مرتبہ جسمانی معراج سے مشرف ہوئے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمانی معراج کے متعلق علمائے متکلمین اہلسنت رقمطراز ہیں:

والمعراج لرسول اللّٰہ علیہ السلام فی الیقظة بشخصه الی السمآء ثم الی ماشآء اللّٰہ تعالٰی من العلی حق یعنی رسول اللہ علیہ السلام کو حالت بیداری میں جسم اقدس کے ساتھ آسمان کی طرف پھر وہاں سے جہاں تک اللہ تعالٰی نے چاہا معراج ہونا حق وثابت ہے۔ (شرح عقائد)

## اہل اللہ کا باطنی عروج

اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کو روحانی پرواز اور باطنی طیر نصیب ہوتی ہے کہ ان کا جسم زمین پر ہوتا ہے اور ان کی روح لامکاں میں محو پرواز ہوتی ہے۔ حضرت مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے خوب کہا

صورتش بر خاک و جاں در لا مکاں
لا مکانے فوق وہمِ سالکاں

marfat.com
Marfat.com

باعتبار تعدّد تعلقات مثلاً اگر بمامور تعلق گرفته است

تعدد تعلقات کے اعتبار سے مثلاً اگر مامور کے ساتھ تعلق قائم ہے

امر ناشی شدہ واگر بمنہی نہی نام یافتہ واگر باخبار

تو امر پیدا ہوا اور اگر منہی کے متعلق ہو تو نہی نام پایا اور اگر اخبار سے

## دونوں معراجوں میں فرق

قدوۃ الکاملین حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہٗ العزیز معراج نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات اور عروج اولیاء رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے درمیان تمیز و تفریق کرتے ہوئے رقمطراز ہیں جسکا اردو ترجمہ ملاحظہ ہو!

معراج سے مراد قرب حق ہے پس انبیائے عظام علیہم الصلوات کی معراج، جسم وبدن کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے اور اولیائے کرام علیہم الرحمۃ والغفران کی معراج ہمت، روح وارادہ کے ساتھ مخفی طور پر ہوا کرتی ہے۔ انبیائے عظام کے ظاہری اجسام مقدسہ صفاو طہارت وقربت میں اولیائے کرام کے قلوب وبطون کی مانند ہوتے ہیں اور یہ فضیلت ظاہر ہے۔ دراصل ہوتا یہ ہے کہ ولی کو حال میں مغلوب ومست کردیتے ہیں اور اس کے باطن کو اس سے غائب اور قرب حق سے آراستہ کردیتے ہیں اور جب وہ حالت صحو میں لوٹتا ہے تو جملہ دلائل اس کے قلب پر نقش ہوتے ہیں اور ان کا علم اسے حاصل ہوجاتا ہے جبکہ نبی کریم علیہ السلام کے جسم اقدس کو قرب میں لے جایا جاتا ہے اور ولی کے فقط فکر کو...... فلہذا جسمانی معراج اور فکری معراج میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔ واللہ اعلم بالصواب (ماخوذ از کشف المحجوب فارسی ۲۶۰)

marfat.com
Marfat.com

خبر پیدا گشتہ غایة مافی الباب اخبار از ماضی واستقبال

تعلق ہو تو خبر پیدا ہوئی۔ اس کے متعلق غایت یہ ہے کہ ماضی اور مستقبل کی

جمعے را در اشکال می اندازد واز تقدّم وتاخّر دالّ بتقدّم

خبر دینا لوگوں کو اشکال میں ڈال دیتا ہے دال کا تقدم و تاخر مدلول کے تقدم

وتاخّر مدلول می برد ولااشکال زیراکہ ماضی واستقبال

و تاخر کی طرف لے جاتا ہے اور یہ کوئی اشکال نہیں کیونکہ ماضی اور مستقبل

## شیخ الاسلام شیخ ابوالحسن رفاعی قدس سرہ العزیز کی روحانی پرواز

حضرت شیخ اپنی روحانی طیر اور باطنی سیر کا تذکرہ کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں صعدت فی الفوقانیات الی سبع مائة الف عرش فقیل لی ارجع لا وصول لك الی العرش الذی عرج الیه محمد صلی اللہ علیه وسلم یعنی ایک مرتبہ میں نے فوقانیات میں سات لاکھ عرش کی طرف پرواز کی تو مجھے کہا گیا واپس لوٹ جاؤ تم اس عرش تک نہیں پہنچ سکتے کہ جہاں تک شب معراج حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پہنچے تھے۔ (نبراس ۲۹۵ مطبوعہ مکتبہ حقانیہ)

## سلطان العارفین بایزید بسطامی قدس سرہ العزیز کی روحانی معراج

حضرت شیخ بسطامی قدس سرہ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ ابتدائے احوال میں وحدانیت کی طرف سیر کی تو میں نے دیکھا کہ میرے باطن کو آسمان پر لے گئے اور اس نے رستہ میں کسی چیز کی طرف نگاہ نہ کی، بہشت ودوزخ اسے دکھائے گئے تو بھی اس نے کسی چیز کی طرف توجہ نہ کی اور جب مجھے کائنات عالم

marfat.com
Marfat.com

از صفات مخصوصۂ دوالّ ست کہ باعتبار انبساط آن آن
دلالت کرنے والوں کی مخصوص صفات ہیں جو اس آن کے انبساط کے اعتبار
پیدا شدہ است ودر مرتبہ مدلول چون آن آن بحال
سے پیدا ہوئی ہیں اور مدلول کے مرتبہ میں جب وہ آن اپنے حال
خودست وہیچ انبساطے پیدا نہ کردہ است ماضی و
پر ہے اور کسی قسم کا انبساط پیدا نہیں کیا ہے تو ماضی اور

اور حجابات سے آگے لے گئے تو

فصرت طیرا جسمہ من الاحدیۃ و جناحہ من الدیمومیۃ فلم ازل الطیر فی ھواء الھویۃ حتی الی ھواء التنزیہ ثم اشرفت علی میدان الازلیۃ ورأیت شجر الاحدیۃ فنظرت فعلمت ان ھذا کلہ حد غیرہ یعنی میں ایک پرندہ ہوگیا جس کا جسم احدیت سے تھا اور اس کے پر دیمومیت (قدم) سے، میں تنزیہہ کی ہوا میں اڑتا رہا حتی کہ میں ازلیت کے میدان میں جا پہنچا اور میں نے احدیت کے شجر کو دیکھا جب میں نے اسے بنظر غائر دیکھا تو مجھے علم ہوا کہ وہ سب کچھ اس کا غیر ہے یعنی سب کچھ میں ہی تھا۔ گفتم بارخدایا با منی مرا بتو راہ نیست واز خودی خود ما را گذر نہ ما را چہ باید کردن فرمان آمد کہ یابا یزید خلاص تو از توئی تو اندر متابعت دوست ما بستہ است دیدہ را بخاک قدم وی اکتحال کن وبرمتابعت وی مداومت کن یعنی میں نے عرض کیا بارخدایا! جب تک میری انا موجود ہے تیری طرف رستہ ملنا محال ہے میں اپنی انا (خودی) سے چھٹکارا حاصل نہیں کرسکا مجھے کیا کرنا چاہئے......؟ تو حکم ہوا کہ ”اے بایزید انا سے رستگاری

marfat.com
Marfat.com

استقبال را گنجائش نیست ارباب معقول گفته اند که

مستقبل کی گنجائش نہیں ہے۔ ارباب معقول کہتے ہیں کہ

ماہیت واحدہ را باعتبار وجود خارجی لوازم علیحدہ

ماہیت واحدہ کے خارجی وجود کے اعتبار سے لوازمات الگ ہیں

است وباعتبار وجود ذہنی صفات جدا ہر گاہ درشئے

اور وجود ذہنی کے اعتبار سے صفات جدا جب ایک شئی میں

ہمارے دوست (حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) کی متابعت سے وابستہ ہے ان کے قدموں کی خاک کو اپنی آنکھوں کا سرمہ بنا اور ان کی اتباع میں استقامت گزیں ہو جا۔

(ماخوذ از کشف المحجوب ۲۶۰)

## کلام...... حقیقی صفت ہے

صفت کلام، اللہ تعالیٰ کی صفات ثمانیہ حقیقیہ ذاتیہ میں سے ایک صفت ہے جس کے متعلق حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ایک مقام پر رقمطراز ہیں:

کلام بسیط ہے جو ازل سے ابد تک اسی ایک کلام کے ساتھ ناطق ہے۔ اگر ''امر'' ہے تو وہ بھی وہیں سے پیدا ہوا ہے...... اور اگر ''نہی'' ہے تو وہ بھی وہیں سے ہے...... اور اگر خبر ہے تو بھی وہیں سے ماخوذ ہے...... اگر استفہام ہے تو وہ بھی وہیں سے...... اگر تمنی یا ترجی ہے تو وہ بھی وہیں سے مستفاد ہے...... تمام نازل شدہ کتابیں اور بھیجے ہوئے صحیفے اس ''کلام بسیط'' کا ایک ورق ہیں...... اگر ''توریت'' ہے تو وہ بھی وہیں سے لکھی گئی ہے...... اور ''انجیل'' ہے تو اس نے بھی وہیں سے صورت لفظی حاصل کی ہے...... اور اگر ''زبور'' ہے تو وہ بھی وہیں سے مسطور ہوئی ہے...... اور اگر ''فرقان'' ہے

marfat.com
Marfat.com

واحد تباین صفات ولوازم باعتبار تغایر وجود وہویت

صفات و لوازمات کا تباین ، وجود و ہویت کے تغایر کے اعتبار سے

جائز باشد دردال ومدلول که فی الحقیقت ازیك دیگر

جائز ہوا تو دال اور مدلول جو در حقیقت ایک دوسرے سے

جدا اند بطریق اولٰی مجوزباشد وآنکه گفته شد که از

جدا ہیں بطریق اولٰی جائز ہے اور یہ جو کہا گیا ہے کہ ازل سے

تو وہ بھی وہیں سے نازل ہوا ہے۔

واللہ کلام حق کہ علی الحق یکے ست و بس
پس در نزول مختلف آثار آمدہ

(مکتوبات امام ربانی مکتوب ۲۶۶ دفتر اول)

عروۃ الوثقیٰ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہٗ العزیز اس کے متعلق یوں رقمطراز ہیں:

کلام الٰہی کے مسئلہ میں اہل سنت وجماعت شکر اللّٰہ تعالٰی سعیھم کا مذہب یہ ہے کہ حضرت حق سبحانہ وتعالٰی ازل سے ابد تک ایک ہی بسیط حقیقی کلام کے ساتھ متکلم ہے، تکثر اور تفصیل کی اس میں کوئی گنجائش نہیں ہے۔ وہ حضرات فرماتے ہیں کہ اسی ایک بسیط کلمہ سے امرونہی پیدا ہوئے ہیں اور اسی ایک کلمہ بسیط سے استفھام ، تمنی، ترجی ، اخبار ، وعید اور وعدہ صادر ہوا ہے اور یہ وہی کلمۂ بسیط ہے کہ جس نے فرقان اور توریت کا نام پایا ہے اور زبور وانجیل کے ساتھ تفصیل اختیار کی ہے۔

اس مقام میں ہمارے حضرت عالی (مجدد الف ثانی) رضی اللہ عنہ کا ایک منفرد

marfat.com
Marfat.com

ازل تا ابد آن واحد ست از تنگی عبارت است والّا آن

ابد تک آن واحد ہے عبارت کی تنگی کی وجہ سے ہے ورنہ وہ بھی

نیز آنجا گنجایش ندارد آن ہم در رنگ زمان اینجا ثقیل

وہاں گنجائش نہیں رکھتا۔ وہ (آن واحد) بھی زمانے کی مانند یہاں

است باید دانست ممکن که درمقامات قرب الٰہی

گراں ہے۔ جاننا چاہیئے جو ممکن ہو قرب الٰہی

قول اور تحقیق کے بعد ایک تدقیق ہے اور وہ یہ ہے کہ کلام الٰہی جل شانہ میں اجمال وعدم تجزی کے باوجود تفصیل بھی ثابت ہے اور وسعت وتمیز بھی موجود ہے۔ وہ بسیط ہونے کے باوجود امر، نہی سے ممتاز اور اخبار، انشاء سے جدا ہے جیسا کہ ہم مرتبہء ذات تعالیٰ میں اجمال کے باوجود تفصیل ووسعت کا اثبات کرتے ہیں کیونکہ وسعت وتفصیل بھی صفات کمال میں سے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ وتقدس نے فرمایا ہے: واللّٰہ واسع علیم۔

جاننا چاہیئے کہ ہم اس مرتبہء عالیہ میں جس اجمال وتفصیل کا اثبات کرتے ہیں، یہ وہ اجمال وتفصیل نہیں ہے جو ہماری سمجھ میں آجائے اور ہم اس کا ادراک کرلیں کیونکہ اس سے ٹکڑے اور اجزاء ہونا لازم آتا ہے تعالی اللّٰہ عن ذالك علوا کبیرا بلکہ یہ اجمال وتفصیل بھی ذات وصفات کی طرح بیچون وبچگون ہے ہے عرفت ربی بجمع الاضداد اور یہ معرفت اگرچہ طریقہ عقل کے ماوراء ہے لیکن صحیح کشف اور صریح الہام سے اس کی تائید ہوچکی ہے اور جس تمیز کی علمائے کرام نے نفی کی ہے، یہ وہ تمیز ہے جو کہ چون وچند کی قسم سے ہے کہ یہ بسیط ہونے کے منافی ہے۔

چونکہ اس بارگاہ میں لفظ اجمال ووحدت کو لفظ تفصیل وکثرت کے مقابلہ میں

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| جلّ سلطانه پا از دائرۂ امکان بیرون می نہد ازل وابد را |
| جل سلطانہ کے مقامات میں امکان سے باہر قدم رکھتا ہے ازل اور ابد کو |
| متّحد می یابد حضرت رسالت خاتمیت علیہ وعلٰی الہ |
| متحد پاتا ہے۔ حضرت رسالت خاتمیت آپ پر اور آپ کی آل پر |
| الصلٰوۃ والسلام والتحیۃ درشب معراج درمقامات عروج |
| درود و سلام و تحیت ہوں نے شب معراج عروجی مقامات میں |

زیادہ مناسبت ہے اس لئے کہ تفصیل وکثرت کا لفظ ٹکڑے اور اجزاء ہونے کا وہم پیدا کرتا ہے اسی لئے (بزرگوں نے) اس بلند بارگاہ پر اطلاق کیلئے لفظ اجمال ووحدت کو اختیار کیا ہے ورنہ اللہ تعالٰی جل شانہ اس اجمال وتفصیل سے جو کہ ہماری سمجھ میں آتی ہے منزہ ومبراہ ہے اور اگر ہم بے چون وحدت ووسعت کے الفاظ اختیار کریں تو دونوں ثابت ہیں فافھم ولا تکن من القاصرین (مکتوبات معصومیہ مکتوب ۶۷ دفتر اول)

## کلام کی دوقسمیں

متکلمین کے نزدیک کلام حق کی دوقسمیں ہیں:

۱......کلام لفظی　　　　۲......کلام نفسی

ان کے نزدیک کلام لفظی حادث ہے اور دال ہے کلام نفسی پر جو کہ قدیم اور اس کا مدلول ہے۔ نیز کلام لفظی سے مراد وہ کلام ہے جو حروف واصوات مرتبہ سے مرکب ہے۔ اس کلام کی نسبت حق تعالٰی کے ساتھ اس نسبت کی مانند نہیں جو کلام کو متکلم کے ساتھ ہوتی ہے بلکہ اس نسبت کی طرح ہے جو مخلوق کو خالق کے ساتھ ہوتی ہے۔ لہٰذا کلام کی دونوں

marfat.com
Marfat.com

یونس را دربطن ماہی یافت وطوفان حضرت نوح موجود

حضرت یونس کو مچھلی کے پیٹ میں پایا اور طوفان نوح موجود تھا

بود علیھم الصلوٰۃ والسلام واہل بہشت را در بہشت

ان پر درود و سلام ہوں۔ جنتیوں کو بہشت میں دیکھا

دید ودوزخیاں را در دوزخ وبعداز پانصد سال کہ نصف

اور دوزخیوں کو دوزخ میں اور پانچ سو سال بعد جو آدھا دن ہے

قسمیں حقیقت میں کلام حق جل وعلا ہیں۔ (البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب ۴)

کلام حق مشترک ہے کلام نفسی اور کلام لفظی کے درمیان، جس کو بلاواسطہ کسی امر کے حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ ایجاد فرماتا ہے۔ لہٰذا کلام لفظی بھی حقیقت میں کلام حق جل وعلا ہوا۔ ناچار اس کا منکر بھی کافر ہوگا۔ فافھم فان ھذاالتحقیق ینفعك فی كثير من المواضع والله سبحانه الموفق (مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب ۲۷۲)

کلام نفسی سے مراد کلام بسیط اور صفت قدیم ہے جو حروف واصوات سے پاک ہے امر ونہی اور اخبار وغیرہ کی طرف تقسیم نہیں ہوتا اور اس کا تعلق ماضی، حال اور استقبال کے ساتھ تعلقات اور اضافات کی بناء پر ہوتا ہے جیسے کہ علم، قدرت اور تمام صفات۔ (البینات شرح مکتوبات مکتوب ۴)

جیسا کہ علامہ تفتازانی علیہ الرحمۃ رقمطراز ہیں:

القرآن كلام الله تعالیٰ غير مخلوق وهی صفة قديمة منافية للسكوت والآفة ليست من جنس الحروف والاصوات لاتختلف الى الامر والنهی والاخبار ولاتتعلق بالماضی والحال والاستقبال الّا بحسب التعلقات والاضافات كالعلم والقدرة (التوضیح والتلویح ۷۲)

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| یوم ست از زمان دخول بہشت عبدالرحمن بن عوف |
| دخول بہشت کے زمانہ سے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف جو |
| کہ از اغنیائے صحابہ است علیہم الرضوان در بہشت |
| دولت مند صحابہ علیہم الرضوان میں سے ہیں بہشت میں |
| در آمد و حضرت پیغمبر از دیر آمدن او پرسیدند واز |
| آئے تو حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دیر سے آنے کی وجہ دریافت |

نیز حضرت مولانا امجد علی اعظمی صدر الشریعہ علیہ الرحمہ رقمطراز ہیں:

اس کا کلام آواز سے پاک ہے اور یہ قرآن عظیم جس کو ہم اپنی زبان سے تلاوت کرتے اور مصاحف میں لکھتے ہیں اسی کا کلام قدیم بلاصوت ہے اور یہ ہمارا پڑھنا، لکھنا اور یہ آواز حادث یعنی ہمارا پڑھنا حادث ہے اور جو ہم نے پڑھا قدیم...... اور ہمارا لکھنا حادث اور جو لکھا قدیم ہمارا سننا حادث ہے......اور جو ہم نے سنا قدیم، ہمارا حفظ کرنا حادث ہے اور جو ہم نے حفظ کیا قدیم ...... یعنی متجلی قدیم ہے اور تجلی حادث۔ (بہار شریعت حصہ اول)

## کلام اللہ کے چار مراتب

بعض ارباب کشف نے کلام اللہ کے چار مرتبے بیان فرمائے ہیں۔

پہلا مرتبہ: کلام لفظی، انہوں نے اس مرتبے کو بھی کلام اللہ ہی کہا ہے۔

دوسرا مرتبہ: صفۃ الکلام، یہ بھی کلام اللہ ہے۔

تیسرا مرتبہ: شان الکلام، یہ بھی کلام اللہ ہی ہے۔

چوتھا مرتبہ: شان الکلام سے بھی بلند مرتبہ ہے اور اس کو مرتبہ ذات میں اللّٰہُ کلام

marfat.com
Marfat.com

عقبات خود خبر داد این ہمہ در رنگ آن مشہود

فرمائی انہوں نے اپنے دشوار گذار رستوں کی خبر دی اور یہ سب کچھ آن

گشت ماضی و استقبال را گنجائش نبود و این حقیر را نیز

واحد کے انداز میں مشہود ہوا ماضی اور مستقبل کی گنجائش نہ تھی۔اس حقیر پر بھی

در بعضے از اوقات بصدقۂ حبیب اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام

بعض اوقات حبیب اللہ علیہ الصلوٰۃ و السلام کے صدقے میں

سے تعبیر کیا گیا ہے۔

## کلام اللہ کے سات بطون

بعض اہل باطن نے کلام اللہ کے سات مرتبے بیان فرمائے ہیں اور اپنے اس کشف کی بنیاد ایک حدیث مبارکہ پر رکھی ہے اور وہ یہ ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انزل القرآن علی سبعۃ احرف (مسند احمد ۲/۳۳۲) یعنی قرآن سات حروف پر نازل کیا گیا ہے۔

- ...... قراء کے نزدیک سات حروف سے مراد سات قراءتیں ہیں۔
- ...... اہل ظاہر کے نزدیک سات حروف سے مراد سات معانی ہیں۔
- ...... اہل باطن کے نزدیک سات حروف سے مراد سات بطون (مرتبے) ہیں۔

جیسا کہ حضرت شیخ عبدالنبی شامی نقشبندی قدس سرہٗ نے حضرت شیخ آدم بنوری قدس سرہٗ کی تحقیق کے مطابق صراحت فرمائی ہے۔

چنانچہ اسی مکتوب کے تحت ''فائدہ'' کے عنوان سے رقمطراز ہیں:

بدانکہ کلام حضرت قرآن راہفت مرتبہ است، سہ

marfat.com
Marfat.com

این حالت پیدا شده بود ملائک را در عین سجود یافت

یہ حالت ظاہر ہوئی تھی کہ فرشتوں کو عین سجدہ میں پایا کہ وہ

که بحضرت آدم می کردند و ہنوز سر از سجده نه برداشته

حضرت آدم علیہ السلام کو کر رہے تھے ابھی تک انہوں نے سجدہ سے سر نہیں

بودند وملائک علّیین را ازین ساجدان جدا دید که

اٹھایا تھا اور ملائکہ علیین کو ان سجدہ کرنے والوں سے جدا دیکھا کہ

مراتب وجوبی وچهارمراتب امکانی سه مراتب این ست وجود کلام ، نور کلام وظهور کلام برمتکلم چهار مراتب امکانی اول نفس مدعا که حرف وصوت را اگرچه نورانی باشند گنجائش نیست دوم حرف وصوت نورانی که بهره ازان به جبرائیل علیه السلام شده چنانچه مقرر است **ان جبرائیل سمع صوتاً** (الی اخره) این دومرتبه اگرچه مخلوق اند اما تصرف هیچ مخلوقی را درین گنجائش نیست سیوم مرتبه حرف وصوت جرمانی چنانچه بیان حضرت جبرائیل علیه السلام به کلام ملکی که غیر نبی صلی الله علیه وسلم اطلاع نداشت چهارم حرف وصوت جسمانی چنانچه بیان حضرت علیه السلام برصحابه کرام باضافه عام (مجموعۃ الاسرار مکتوب ۷۰)

ترجمہ: معلوم ہونا چاہئے کہ قرآن مجید کے کلام کے سات مرتبے ہیں، تین مرتبے وجوبی اور چار مرتبے امکانی۔ پہلے تین مراتب یہ ہیں۔

اول.....وجود کلام

marfat.com
Marfat.com

بسجده مامور نگشته اند ودر مشهود خود مستهلك و

جنہیں سجدہ کا حکم نہیں ہوا تھا اور وہ اپنے مشہود میں گم اور

مستغرق اند واحوالے که در آخرت موعود اند درہمان

مستغرق تھے اور جن احوال کا آخر میں وعدہ کیا گیا ہے

آن مشہود گشتند وچون مدتے برین واقعه گذشته بود

اسی آن میں مشہود ہوئے چونکہ اس واقعہ کو گذرے ایک عرصہ ہو گیا ہے

دوم......نور کلام

سوم......ظہور کلام متکلم پر

چار امکانی مرتبے یہ ہیں:

اول: نفس مدعا کہ جہاں حرف وآواز اگرچہ نورانی ہوں گنجائش نہیں رکھتے۔

دوم: حرف وآواز نورانی جس سے حضرت جبرائیل کو حصہ ملا چنانچہ کہا گیا کہ جبرائیل نے ایک آواز سنی......الخ۔

سوم: حرف وآواز جرمانی جیسا کہ حضرت جبرائیل کا فرشتوں کی زبان میں بات کرنا جس کی سوائے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کسی اور کو کوئی اطلاع نہ تھی۔

چہارم: حرف وآواز جسمانی جیسا کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کا حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین سے بیان کرنا۔

## کلام کی تقسیم وبیان مراتب کی توجیہہ

کلام کی تقسیم لفظی اور نفسی کی طرف سلف سے ثابت نہیں یہ متاخرین کی ایجاد ہے اور اس کا مقصد معتزلہ کو لا جواب اور خاموش کرنا تھا۔ مذہب حق یہی ہے کہ اللہ

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| تفصیل احوال آخرت نہ کرد کہ برحافظہ خود اعتماد |
| آخرت کے احوال کی تفصیل بیان نہیں کی کیونکہ اپنے حافظہ پر میں اعتماد |
| نداشت لیکن باید فہمید کہ این حالت مرجسد پیغمبر |
| نہیں رکھتا لیکن سمجھنا چاہئے کہ یہ حال حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے |
| و روح ایشان را شدہ بود و مشہود بصر و بصیرت و |
| جسم اور ان کی روح پر طاری ہوا تھا اور بصارت اور بصیرت کا |

تعالیٰ کے کلام ازلی میں تعدد وتکثر وتغیر نہیں۔ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ نے فرمایا ''یک کلام بسیط است کہ از ازل تاابدبہمان یک کلام گوئیااست'' (دفتر اول مکتوب ۲۶۶) لہٰذا کلام کی تقسیم اور مراتب کا بیان تعلقات واضافات کی جہت سے ہے۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال (البینات شرح مکتوبات مکتوب ۴)

## تعریف قرآن

علمائے محققین نے قرآن کی تعریف میں فرمایا:

ھوالعلم اللدنی الاجمالی الجامع للحقائق کلھا یعنی قرآن علم لدنی اجمالی ہے جو تمام حقائق کا جامع ہے۔ (کتاب التعریفات ۷۵)

## قرآن تمام ذاتی وشیونی کمالات کا جامع ہے

قرآن کلام اللہ ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کی صفات ثمانیہ میں سے ایک صفت ہے۔ چونکہ ذات کی ہر شان اور ہر صفت تمام شیونات وصفات کو متضمن ہے اگر ایسا نہ ہوتو نقص لازم آئے گا۔ وتعالی اللہ عن ذالک علواً کبیراً۔ اسی بناء پر صفت الکلام

marfat.com
Marfat.com

دیگران را کہ طفیلی اند اگر این حالت بطریق تبعیت

مشہود تھا۔ دوسرے جو طفیلی ہیں اگر یہ حالت بطریق تبعیت انہیں

دست دہد متصور بر روح است ومخصوص بہ بصیرت

دے دیں تو روح تک محدود اور بصیرت سے مخصوص رہتی ہے

صفات ثمانیہ کی جامع ہے اورشان الکلام شیونات ذاتیہ پر حاوی ہے۔حضرت امام ربانی قدس سرہٗ نے اِسی مفہوم کوثابت فرمانے کے لئے قرآن کوشان الکلام اور صفۃ الکلام کے تمام ذاتی وشیونی کمالات کا جامع قراردیا ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے نزدیک حقیقت قرآن ''مبداء وسعت بے چون حضرت ذات ''(دفتر سوم مکتوب ۷۷) کا نام ہے بفحوائے آیت قرآنی ان اللّٰہ واسع علیم ۔(البقرہ ۱۱۵)

بعض صوفیاء کے نزدیک قرآن'' ذات محض بہ حیثیت احدیت'' کا نام ہے جس میں جملہ صفات بلا امتیاز مخفی ہیں اور قرآن کے دفعتاً واحدۃً آسمان دنیا کی طرف نازل ہونے میں اسماء وصفات کے ظہور کی طرف اشارہ ہے۔واللّٰہ اعلم

بر مصحف روئے او نظر کن
خسرو غزل و کتاب تا کے

(البینات شرح مکتوبات مکتوب ۴)

## مرتبۂ حقیقت قرآن مرتبۂ نور سے بھی بالاتر ہے

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ رقم طراز ہیں:

این مرتبۂ مقدسہ کہ آن را حقیقت قرآن مجید گفتہ ایم

marfat.com
Marfat.com

در قافلۂ کہ اوست دانم نرسم

جس قافلہ میں وہ ہے میں جانتا ہوں نہ پہنچ سکوں گا

ایں بسکہ رسد زدور بانگ جرسم

یہی کافی ہے کہ مجھے دور سے جرس کی آواز آتی ہے

**علیہ وعلیٰ الہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا۔**

آپ صلی اللہ علیہ وسلم پراورآپ کی آل پراتم اوراکمل صلوات وتسلیمات ہوں۔

اطلاق نور نیز دریں مرتبہ گنجائش ندارد ودر رنگ سائر کمالات ذاتیہ نور نیز در راہ ماندہ آنجا غیراز وسعت بے چون وامتیاز بے چگون ہیچ چیز را گنجائش نمی یابد و کریمہ **قد جآء کم من اللّٰہ نور** اگر مراد از نورقرآن بود تواند بود کہ باعتبار انزال وتنزّل باشد چنانچہ کلمہ **قد جآء کم** ایمائے بآن دارد (دفتر سوم مکتوب ۷۷)

اس مرتبۂ مقدسہ میں جس کوہم ''حقیقت قرآن مجید'' کہتے ہیں،نور کے اطلاق کی بھی گنجائش نہیں ہے اور دوسرے تمام کمالات ذاتیہ کی طرح نور بھی راہ میں ہی رہ جاتا ہے۔وہاں وسعت بے چون اور امتیاز بے چگون کے علاوہ کسی چیز کی گنجائش نہیں آیت کریمہ قد جآء کم من اللّٰہ نور (المائدۃ ۱۵)(بیشک اللہ کیطرف سے تمہارے پاس نورآیا) میں اگر نور سے مرادقرآن ہوتو ممکن ہے کہ انزال وتنزل کے اعتبار سے ہوجیسا کہ کلمۂ قد جآء کم میں اسی طرف اشارہ ہے۔

آیت مذکورہ میں اکثر مفسرین کے نزدیک نور سے مرادسرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدسہ ہے۔بعض نے نور سے مرادقرآن مجید بھی لیا ہے لیکن یہ دوسری مراد بطریق تاویل ومجاز درست ہوسکتی ہے جیسا کہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ نے اشارہ

marfat.com

Marfat.com

فرمادیا ہے کہ اگر یہاں نور سے مراد قرآن بھی لیا جائے تو انزال اور تنزل کے اعتبار سے ہی ممکن ہے، باعتبار نفس ذات کے قرآن مجید پر نور کا اطلاق درست نہیں کیونکہ نور کا ایک مرتبہ مخلوق میں ہے اور قرآن غیر مخلوق ہے۔ و اللّٰہ اعلم بحقیقة الحال
(البینات ج ا مکتوب ۴)

## حقیقت محمدیہ حقیقت قرآن کا ظل ہے

قرآن دائرہ اصل سے ہے اور یہ ذات کا ایک مرتبہ ہے اور بعض صوفیاء کے نزدیک مرتبۂ ذات میں اللّٰہ کلام بھی صادق آتا ہے جبکہ حقیقت محمدیہ شیون کے مراتب میں سے ایک مرتبہ ہے۔ مرتبہء ذات اصل ہے اور مرتبہء شان ظل ہے لہٰذا حقیقت قرآنیہ اصل ہے اور حقیقت محمدیہ اس کا ظل ہے۔ (البینات ج ا مکتوب ۴)

## قرآن غیر مخلوق ہے

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: القرآن کلام اللّٰہ غیر مخلوق فمن قال غیر ھذا فقد کفر (السنن الکبریٰ ۱۰/۲۰۵)
ترجمہ: قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے جو غیر مخلوق ہے جس نے اس کو مخلوق کہا اس نے کفر کیا۔
علمائے متکلمین اہلسنت کے نزدیک قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ازلی، غیر مخلوق اور صفت قدیمہ ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ اور حضرت امام ابو یوسف رضی اللہ عنہما نے خلق قرآن کے مسئلے میں چھ ماہ تک آپس میں بحث و مذاکرہ کے بعد متفقہ طور پر یہ فیصلہ فرمایا کہ قرآن کو مخلوق و حادث کہنے والا کافر ہو جاتا ہے (دفتر سوم مکتوب ۸۹) اور اسی پر امت کا اجماع ثابت ہے۔ (البینات ج ا مکتوب ۴)
⦿ ...... یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرمارہے ہیں کہ

marfat.com
Marfat.com

جب کوئی سالک روحانی طیر اور باطنی سیر کے دوران عروجی منازل طے کرتا ہوا دائرہ امکان سے خارج وباہر ہوتا ہے تو وہاں ازل اور ابد کو متحد پاتا ہے جہاں ماضی کے واقعات، موجودہ حالات اور مستقبل کے حادثات کو ملاحظہ کرتا ہے یہی وجہ ہے کہ انبیائے کرام علیہم الصلوات اور اولیائے عظام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین بعض اوقات قبل از وقت ہی پیش آمدہ حالات وواقعات کی اطلاع دے دیا کرتے ہیں۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں دائرہ امکان، ازل اور ابد کی تعریفات بیان کردی جائیں تاکہ فہم معارف میں سہولت رہے۔و باللّٰہ التوفیق

## دائرہ امکان

یہ وہ دائرہ ہے جو جمیع کائنات اور جملہ ممکنات کو محیط ہے اسے دائرہ ظلیت بھی کہا جاتا ہے۔تحت الثریٰ سے لے کر عرش کے زیریں حصہ کو عالم خلق اور ممکنات کہا جاتا ہے جبکہ عرش کے بالائی حصہ سے عالم بالا کو دائرہ اصل کہا جاتا ہے جہاں ازل وابد متحد ہوتے ہیں۔سات آسمانوں کے اوپر جنت کے چھت کو عرش کہتے ہیں اور عرش عالم خلق اور عالم امر کے درمیان برزخ ہے دائرہ ظلیت سے اوپر دائرہ وجوب ہے۔

## ازل کی تعریف

ازل، ابد کے مقابل میں ہے کہ جس کی اول اور ابتداء نہ ہو۔فاضل اجل علامہ شریف جرجانی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ ازل کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

الازل هو استمرار الوجود في ازمنة مقدرة غير متناهية في جانب الماضي یعنی ماضی کی طرف پوشیدہ غیر متناہی زمانوں میں استمرار وجود کو ازل کہا جاتا ہے۔ (کتاب التعریفات ۷)

marfat.com
Marfat.com

## ابد کی تعریفات ثلاثہ

فاضل اجل علامہ جرجانی رحمۃ اللہ علیہ نے اسکی تین تعریفات تحریر فرمائی ہیں

(الابد)هو الشئی الذی لا نهایة له یعنی ابدوہ شئی ہے جس کی انتہاء نہ ہو۔

(الابد) مدة لا یتوهم انتهاؤ ها بالفکر و التامل البته یعنی ابداس مدت کو کہا جاتا ہے کہ جس کی انتہاء فکر و تامل سے ہرگز وہم میں نہ آسکے

(الابد)هو استمرار الوجود فی ازمنة مقدرة غیر متناهیة فی جانب المستقبل یعنی مستقبل کی جانب مخفی غیر متناہی زمانوں میں استمرار وجود کو ابد کہتے ہیں۔ (کتاب التعریفات ۲)

ازلیت اور ابدیت کے مجموعہ کو سرمدیت کہا جاتا ہے۔

⊙ ...... یہاں سجدہ کی تعریف واقسام اور غیرے خدا کیلئے سجدہ کی ممانعت کی قدرے تفصیلات ہدیہء قارئین ہیں۔

سجدہ کا لغوی معنیٰ غـایة التـذلـل (انتہائی ذلت وعاجزی) ہے۔اس کا شرعی مفہوم ہے وضع الجبهة علی الارض (پیشانی کا زمین پر رکھنا)

علمائے کرام نے سجدہ کی دوقسمیں فرمائی ہیں:

۱......سجدۂ عبادت ۲......سجدۂ تحیت

سجدۂ عبادت: یہ حضرت حق جل جلالہ کے لئے خاص ہے۔غیر خدا کیلئے سجدۂ عبادت یقیناً اجماعاً شرک مہین اور کفر مبین ہے۔ یہ سجدہ تمام سابقہ مذاہب وملل میں بھی غیر خدا کیلئے کبھی جائز نہ ہوا......اسے سجدہ تعبدی بھی کہتے ہیں۔ (کمافی کتب العقائد)

سجدۂ تحیت: (جوصرف تعظیم واحترام کے لئے ہے) یہ پہلی شریعتوں میں جائز تھا لیکن ہماری شریعت میں سخت حرام وگناہ کبیرہ ہے کیونکہ اس کی ممانعت پر احادیث متواترہ وارد ہوئی ہیں......اسے سجدہ تعظیمی بھی کہا جاتا ہے۔ (کمافی التفسیر العزیزی)

marfat.com
Marfat.com

اسی طرح علماء ومشائخ ومزارات اولیاء کیلئے سجدہ کرنا قطعاً حرام وناجائز ہے اگرچہ اس میں تعظیم وتحیت ہی مقصود ہو۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ملک شام سے آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سجدہ کیا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا معاذ! یہ کیا ہے؟۔

عرض کیا میں نے ملک شام میں نصاریٰ کو دیکھا کہ وہ اپنے پادریوں اور سرداروں کو سجدہ کرتے ہیں تو میرے دل میں خیال آیا کہ ہم حضور کو سجدہ کریں۔

فقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فلا تفعلوا فانی لو کنت امراً احدا ان یسجد لغیر اللّٰہ تعالیٰ لامرت المرأۃ ان تسجد لزوجھا

یعنی مجھے سجدہ نہ کرو اگر میں غیر خدا کیلئے سجدے کا حکم دیتا تو عورت کو اپنے شوہر کے آگے سجدہ کرنے کا حکم دیتا۔ (ابن ماجہ ۱۳۴)

سجدۂ تحیت کو شرک قرار دینا ادعائے باطل ہے۔ فرشتوں کا آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنا (البقرہ ۳۴) اس امر کے ثبوت کیلئے دلیل کافی ہے کہ سجدۂ تعظیمی شرک نہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ کا کسی مخلوق کو اپنا شریک بنانے کا حکم دینا محال قطعی ہے اور ملائکہ کرام وانبیائے عظام علیہم السلام کی شان کے بھی منافی ہے کہ وہ ایک آن کیلئے بھی غیر اللہ کو اس کا شریک بنائیں یا جائز ٹھہرائیں۔

(مزید تفصیلات کیلئے البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب ۲۹ ملاحظہ فرمائیں)

marfat.com
Marfat.com

## منہا - ۴۱

**تکوین یکے از صفات حقیقیه واجب الوجود است**

**تکوین واجب الوجود تعالیٰ و تقدس کی حقیقی صفات میں سے**

**تعالیٰ و تقدس اشاعره تکوین را ازصفات اضافیه میدانند**

**ایک ہے [1] اشاعرہ تکوین کو صفات اضافیہ میں سے جانتے ہیں**

[1] زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز صفت تکوین اور اس کی تفصیلات بیان فرمارہے ہیں

علمائے متکلمین ماتریدیہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے نزدیک حق تعالیٰ کی صفات ذاتیہ حقیقیہ کمالیہ ثمانیہ میں سے صفت تکوین ایک ازلی اور قدیم صفت ہے جو آیہ کریمہ کن فیکون سے ماخوذ ہے۔ تکوین باب تفعیل کا مصدر ہے جس کا ماضی اور مضارع کوّن یکوِّن (بتشدید واؤ) آتا ہے۔ صفت تکوین کو علمائے متکلمین اہلسنت نے فعل (بفتح فاء) بھی کہا ہے۔

❁......حضرت علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ تکوین کے متعلق رقمطراز ہیں:

یفسر باخراج المعدوم من العدم الی الوجود یعنی تکوین کا معنی کسی معدوم شئی کو عدم سے وجود میں لانا ہے۔ (شرح عقائد نسفی) اگر صفت تکوین (ایجاد کرنا) کا تعلق رزق سے ہو تو اسے ترزیق کہا جاتا ہے...... اگر تکوین کا تعلق صورت سے ہو تو اسے تصویر کہا جاتا ہے...... اگر تکوین کا تعلق حیات کے ساتھ ہو تو اسے اِحیاء کہا جاتا ہے

marfat.com
Marfat.com

اور اگر تکوین کا تعلق موت سے ہو تو اسے اماتت کہتے ہیں۔

❁......حضرت امام جعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ صفت تکوین کے متعلق اہلسنت کے عقیدہ کی وضاحت کرتے ہوئے رقمطراز ہیں: لہ معنی الربوبیة ولا مربوبَ ومعنی الخالق ولا مخلوق یعنی حق تعالیٰ کی صفت ربوبیت اس وقت بھی تھی جب کوئی پروردہ نہ تھا اور وہ تعالیٰ اس وقت بھی خالق تھا جب کوئی مخلوق نہ تھی۔ (عقیدۃ الطحاوی)

❁......حضرت امام اعظم ابوحنیفہ کوفی صوفی رحمۃ اللہ علیہ اس موقف کے متعلق یوں ارقام پذیر ہیں:

وقد کان اللّٰہ تعالٰی خالقا فی الازل ولم یخلق الخلق یعنی مخلوق نہ تھی مگر اللہ تعالیٰ ازل میں بھی خالق تھا۔ (فقہ اکبر ۲۹)

❁......حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ صفت تکوین کے متعلق یوں رقمطراز ہیں:

والفاعل ھو اللّٰہ تعالٰی والفعل صفة فی الازل والمفعول مخلوق وفعل اللّٰہ تعالٰی غیر مخلوق یعنی فاعل اللہ تعالیٰ ہی ہے اور فعل اس تعالیٰ کی صفت ازلی ہے مفعول مخلوق ہے اور اللہ تعالیٰ سبحانہ کا فعل غیر مخلوق ہے۔ (فقہ اکبر ۴۴)

❁......حضرت علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ فعل اور مفعول کے درمیان مغائرت بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

لان الفعل یغائر المفعول بالضرورة کالضرب مع المضروب والعقل مع المعقول یعنی فعل اور مفعول میں مغایرت ہوتی ہے جیسے ضرب، مضروب کے اور عقل، معقول کے مغایر ہیں۔ (شرح عقائد نسفی)

❁......قدوۃ المتکلمین حضرت علامہ ابوشکور سالمی رحمۃ اللہ علیہ اس کے متعلق تصریح کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

قال اھل السنة والجماعة التکوین فعل المکوِّن (بکسر واؤ)

marfat.com
Marfat.com

والمکوّن (بفتح واوٗ) تاثیر التکوین والتکوین غیر المکوّن یعنی علمائے اہلسنت وجماعت (ماتریدیہ) فرماتے ہیں کہ صفت تکوین، مکون کا فعل ہے اور مکون، صفت تکوین کی تاثیر ہے اور صفت تکوین، مکون کا غیر ہے۔ (التمھید ۵۴ مطبوعہ تعلیمی پریس لاہور)

❁...... حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ایک مقام پر صفت تکوین کے متعلق یوں رقمطراز ہیں اردو ترجمہ ملاحظہ ہو!

تکوین، قدرت کے علاوہ ایک صفت ہے کیونکہ صفت قدرت میں صحت فعل اور ترک فعل دونوں جائز ہیں اور تکوین میں فعل کی جانب متعین ہے نیز قدرت، صفت ارادہ پر تقدم رکھتی ہے اور تکوین، ارادہ کے بعد ہے۔ یہ تکوین بندہ کی استطاعت کے مشابہ ہے جسے علمائے اہل حق (اہل سنت) فعل بندہ کے ساتھ مقرون و متصل قرار دیتے ہیں اور اسے صفت قدرت اور صفت ارادہ سے وراء جانتے ہیں کیونکہ قدرت، فعل اور ترک فعل دونوں کی تصحیح کرنے والی ہے اور صفت ارادہ ایک طرف کو ترجیح دیتی ہے اور ایجاد ترجیح ارادہ کے بعد تکوین سے تعلق رکھتا ہے۔ اگر صفت قدرت کا اثبات نہ کیا جائے جو طرفین (فعل اور ترک فعل) کی تصحیح کرنے والی ہے تو حق تعالیٰ پر ایجاب (واجب ہونا) لازم آتا ہے اور اگر صفت تکوین کا اثبات نہ کیا جائے تو ایجاد غیر مستند (بے سہارا) ہو جاتی ہے کیونکہ قدرت مصحح ایجاد ہے اور تکوین ایجاد سے ملحق ہے۔ لہٰذا اثباتِ تکوین کے بغیر چارہ نہیں جس کی طرف علمائے ماتریدیہ کو ہدایت حاصل ہوئی ہے اور اشاعرہ نے جب اس کی نسبت و تعلق کو بیش تر اشیاء سے پایا تو اسے صفات اضافیہ سے شمار کر لیا واللّٰہ یحق الحقّ وھو یھدی السبیل تخلیق، ترزیق، اِحیاء، اِماتت اور ان کی مثل صفات کو تکوین کی طرف راجع کرنا بہتر ہے۔

(مکتوبات شریفہ دفتر سوم مکتوب ۲۶)

(مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو مکتوبات شریفہ دفتر دوم مکتوب ۳)

marfat.com
Marfat.com

وقدرت و ارادت را در ایجاد عالم کافی می انگارند اما

اور قدرت و ارادہ کو ایجاد عالم کے لئے کافی خیال کرتے ہیں [2] لیکن

حق آنست که تکوین صفت حقیقیه علیحدہ است ماورائے

حق یہ ہے کہ تکوین علاوہ قدرت اور ارادہ کے ایک علیحدہ حقیقی صفت ہے

قدرت وارادت بیانش آنکه قدرت بمعنی صحت فعل

بیان اس کا یہ ہے کہ قدرت بمعنی فعل اور ترک

و ترک ست وارادت تخصیص یکے ازیں دوطرف

کی صحت ہے اور ارادہ قدرت کی دونوں طرفوں فعل اور

قدرت ست که فعل وترک باشد پس رتبۂ قدرت

ترک میں سے ایک کی تخصیص کرنا ہے پس قدرت کا مرتبہ

[2] صفت قدرت

یہ صفت حق تعالیٰ کی صفات ذاتیہ حقیقیہ کمالیہ ثمانیہ میں سے ایک حقیقی صفت ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ حق تعالیٰ ہر شئی پر قادر ہے جیسا کہ آیہ کریمہ ان اللّٰه علی کل شئی قدیر سے عیاں ہے اور کوئی شئی اس کی قدرت سے باہر نہیں۔ وہ تعالیٰ ایسا قادر مطلق ہے کہ جس معدوم ممکن کو چاہے موجود کر دے اور جس موجود حادث کو چاہے معدوم فرمادے جیسا کہ آیہ کریمہ قل ھو قادر (انعام ۹۵) سے واضح ہے۔

حضرت علامہ بیضاوی نے آیہ کریمہ ان اللّٰه علی کل شئی قدیر کی تفسیر کرتے ہوئے قدرت کا معنی یوں بیان فرمایا ہے:

التمکن من ایجاد الشئی یعنی کسی شئی کے ایجاد پر کنٹرول (قابو) اور قوت

marfat.com
Marfat.com

مقدم شد بر رتبۂ ارادت و تکوینے کہ ما او را

ارادہ کے مرتبہ سے مقدم ہے اور تکوین جسے ہم صفات

از صفات حقیقیہ میدانیم رتبۂ اُوبعد از رتبۂ قدرت

حقیقیہ میں سے سمجھتے ہیں اس کا مرتبہ قدرت اور

وارادت ست کارِ آن صفت ایجادِ آن طرفِ

ارادہ کے بعد ہے۔ اس صفت کا کام اس مخصوص کردہ

رکھنا قدرت کہلاتا ہے۔

علمائے اہلسنت نے قدرت کی دوقسمیں بیان فرمائی ہیں

قدرت تخلیقی اور قدرت کسبی

قدرت تخلیقی حق تعالیٰ سے خاص ہے اورآیہ کریمہ ان اللّٰہ علی کل شئی قدیر میں قدرت تخلیقی مراد ہے۔

❁......حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز صفتِ قدرت کے متعلق یوں رقمطراز ہیں:

حق تعالیٰ قادر مختار ہے، ایجاب کے شائبے اور اضطرار کے گمان سے منزہ و مبرا ہے۔ بے عقل فلاسفہ نے کمال کو ایجاب میں سمجھ کر واجب تعالیٰ سے اختیار کی نفی کر کے اثبات ایجاب کیا ہے......حضرت شیخ محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ العزیز کی (بعض) عبارات بھی ایجاب کی طرف ناظر ہیں اور قدرت کے معنی میں فلاسفہ کے ساتھ موافقت رکھتی ہیں کہ صحت ترک قادر (حق تعالیٰ) سے تجویز نہیں کرتے اور جانب فعل کو لازم جانتے ہیں۔ (مکتوبات شریف دفتر اول مکتوب ۲۶۶)

❁......نیز ایک مقام پر یوں ارقام پذیر ہیں:

قدرت اور ارادہ حق تعالیٰ شانہ کی ذات پر صفات زائد سے ہیں۔قدرت، حق

marfat.com
Marfat.com

تعالیٰ کیلئے ایجاد عالم کی صحت (درست ہونا) اور ایجاد عالم کے ترک کی صحت سے عبارت ہے۔ پس ایجاد اور ترک ایجاد میں سے کوئی چیز بھی حق تعالیٰ کی ذات پر لازم نہیں ہے تمام اہل مذاہب اسی پر متفق ہیں۔ (معارف لدنیہ معرفت ۱۹)

❀......حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے اس ارشاد گرامی ''میں حق تعالیٰ سبحانہ کو صاحب ارادہ و مختار جانتا ہوں'' میں حکماء وفلاسفہ کی تردید ہے کیونکہ وہ حق تعالیٰ کو مجبور اور بے اختیار جانتے ہیں جس طرح کہ آگ اور پانی کو جلانے اور غرق کرنے میں بے اختیار جانتے ہیں۔

آپ کے اس ارشاد میں کہ

''یقینی طور پر قدرت کے معنی صحت فعل وترک فعل تصور کرتا ہوں'' یہ اہل کلام اور فلاسفہ کے مابین مختلف فیہ مسئلہ کی طرف اشارہ ہے یعنی حق تعالیٰ کی قدرت دو معنی کا احتمال رکھتی ہے ایک ایجاد اور دوسرے عدم ایجاد اور یہ دونوں باتیں ممکن اور جائز ہیں اور اسی معنی کے لحاظ سے قدرت کو صحت فعل اور ترک فعل سے تعبیر کرتے ہیں اور اسی تقدیر پر اشیاء کی ایجاد اور ان کی عدم ایجاد میں سے کوئی چیز حق تعالیٰ پر واجب نہیں ہے اہل ملل وشرائع نے اسی کو اختیار کیا ہے اور دوسرے معنی میں ان شاء فعل وان لم یشاء لم یفعل مع استحالہ شرطیہ ثانیہ کے یعنی اگر وہ چاہے گا تو کرے گا اور اگر نہ چاہے گا تو نہیں کرے گا لیکن نہ چاہنا ممتنع ومحال ہے پس اس سے نہ کرنے کا ممتنع ہونا بھی لازم آئے گا پس ایجاد عالم کو چاہنا اور موجود کرنا دونوں واجب ہوئے اور اختیار نہ رہا......فلاسفہ اسی کے قائل ہیں۔ (البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب ۸)

یہ امر ذہن نشین رہے کہ بندوں کی ذوات واعمال (خیر وشر) کا خالق حق تعالیٰ ہے جیسا کہ آیہ کریمہ واللہ خلقکم وما تعملون (صافات ۹۶) سے عیاں ہے اور ان کی ذوات واعمال حق تعالیٰ کی مقدورات اور اس کے زیر قدرت ہیں۔ بندوں کے

marfat.com
Marfat.com

افعال قبیحہ کے تحتِ قدرت ہونے کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ حق تعالیٰ ان افعال ناپسندیدہ کا ارتکاب بھی کرسکتا ہے اور عیوب ونقائص (ظلم، کذب، جہل، عجز، شریک باری تعالیٰ) سے بھی متصف ہوسکتا ہے کیونکہ حق تعالیٰ کمالِ قدرت کے باوجود سبوحیت و قدوسیت کے ساتھ بھی متصف ہے جیسا کہ آیات کریمہ سبحان ربك رب العزت الخ اور الملك القدّوس (حشر ۲۳) سے عیاں ہے۔

علاوہ ازیں ذات تعالیٰ کے ساتھ حوادث کا قیام ممتنع ومحال ہے کیونکہ جمیع مستحیلات عقلیہ کے ساتھ قدرت متعلق نہیں ہوتی وہ تو ممکنات کے ساتھ متعلق ہوتی ہے نہ کہ واجب اور ممتنع (محال) کے ساتھ کیونکہ ممتنع اور واجب خارج از قدرت ہیں جیسا کہ حضرت علامہ عصام رحمۃ اللہ علیہ نے شرح شرح العقائد میں تحریر فرمایا ہے

فالممتنع والواجب خارجان عن القدرة (ص ۶۸ مطبوعہ مصر)

حضرت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر کبیر میں یوں رقمطراز ہیں:

قوله تعالىٰ فلن يخلف الله عهده يدل على انه سبحانه منزه عن الكذب في وعده ووعيده قال اصحابنالان الكذب صفة نقص والنقص على الله تعالىٰ محال یعنی اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی فلن یخلف اللہ وعدہ دلالت کرتا ہے اس امر پر کہ اللہ سبحانہ اپنے ہر وعدہ و وعید میں کذب (جھوٹ) سے منزہ ہے۔ ہمارے اصحاب (اہلسنت و جماعت) نے فرمایا ہے کہ کذب نقص کی صفت ہے اور نقص اللہ تعالیٰ کی ذات میں محال ہے۔ (تفسیر کبیر)

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس سلسلہ میں رقمطراز ہیں:

جناب قدس خداوندی جل سلطانہ ازجمیع صفاتِ نقص و سمات قصور منزہ ومبرا باید دانست یعنی جناب باری تعالیٰ جل سلطانہ کو

marfat.com
Marfat.com

تمام صفاتِ نقص اور قصور کی علامات سے منزہ ومبرا جاننا چاہئے۔

(مکتوبات شریف دفتر سوم مکتوب ۶۴)

آپ ایک مقام پر یوں ارقام پذیر ہیں:

وایضاً خلف دروعید دررنگ خلف دروعدہ مستلزم کذب است ناشایان آنحضرت جل سلطانہ یعنی خلف وعید بھی خلف وعدہ کی مانند مستلزم کذب واجب تعالیٰ ہے جو اس تعالیٰ جل سلطانہ کے ہرگز شایانِ شان نہیں۔

(مکتوبات شریف)

مذکورہ بالا تصریحات سے اس امر کی وضاحت ہوگئی کہ عیوب ونقائص اپنی خست ودناءت کی بنا پر یہ صلاحیت ہی نہیں رکھتے کہ وہ حق تعالیٰ کی مشیت وقدرت وارادہ کے متعلق ہوسکیں۔

## قدرت کسبی

یہ قدرت بندوں کے ساتھ خاص ہے قدرت تخلیقی کی بناء پر حق تعالیٰ سبحانہ خالق اور قدرت کسبی کی بناء پر بندہ، کاسب کہلاتا ہے۔

واضح رہے کہ بندوں کی قدرت وارادہ دونوں حق تعالیٰ کے پیدا کردہ ہیں اور بندہ کی قدرت کسبی کی نسبت خیر وشر دونوں کی طرف برابر ہے۔ یہ معاملہ ہرگز نہیں کہ حق تعالیٰ نے قدرت شر ہی کو اس میں تخلیق فرمایا ہو اور قدرت خیر کو تخلیق نہ فرمایا ہو کہ وہ فعل شر پر مجبور ہوگیا ہو یہی حال ارادہ مخلوقہ کا ہے کہ خیر وشر کے معلوم ہوجانے کے بعد وہ خیر وشر دونوں سے کسی جہت کو ترجیح دے سکتا ہے۔ پس بندہ شرعاً شر کو شر جانتے ہوئے بھی شر کو ہی اختیار کرتا ہے حالانکہ اس کی نسبت قدرت خیر وشر دونوں کی طرف مساوی تھی یوں ہی بندہ کے لئے صحیح تھا کہ وہ حسب ارادہ مقدورین میں سے دوسرے کی بجائے

marfat.com
Marfat.com

کسی ایک کی تخصیص کر لیتا۔ قدرت کسبی اور ارادہ مخلوقہ کے لحاظ سے اس امر کی وضاحت ہوگئی کہ حق تعالیٰ سبحانہ نے بندوں پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ تو خود ہی اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں جیسا کہ آیہ کریمہ وما ظلمهم الله ولكن كانوا انفسهم يظلمون سے واضح ہے۔ (معارف لدنیہ معرفت ۳۴ وغیرہا)

## صفت ارادہ

یہ بھی حق تعالیٰ کی صفات ذاتیہ کمالیہ ثمانیہ حقیقیہ میں سے ایک صفت ہے۔ ارادہ اور مشیت دونوں ایک ہی صفت کے نام ہیں۔ آیات کریمہ فعال لما يريد اور وما تشاء ون الا ان يشاء الله صفت ارادہ اور صفت مشیت پر دال ہیں۔

حضرت علامہ ابوالشکور السالمی رحمۃ اللہ علیہ ارادہ ومشیت کے متعلق علمائے اہلسنت وجماعت کا عقیدہ لکھتے ہوئے رقمطراز ہیں:

علمائے اہل سنت وجماعت ارشاد فرماتے ہیں کہ خیر وشر اللہ تعالیٰ کی قضاء وقدر، مشیت وارادہ اور علم وحکم سے ہوتے ہیں اور خیر وطاعت اللہ تعالیٰ کے امر ورضا سے ہوتے ہیں جبکہ شر ومعصیت میں اللہ تعالیٰ کا امر ورضا نہیں ہوتی، اس پر دلیل حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی روایت ہے چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں بیٹھے ہوئے تھے تو ہم نے ایک آواز سنی کہ حضرت ابوبکر وحضرت عمر رضی اللہ عنہما اپنی آوازوں کو بلند کرتے ہوئے حاضر ہوئے اور ان کے ساتھ کثیر تعداد میں لوگ تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تمہاری آوازیں بلند کیوں ہوئیں؟۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ عرض گذار ہوئے کہ ہمارا ایک مسئلہ میں اختلاف ہوگیا ہے میں کہتا ہوں کہ خیر وشر سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور حضرت عمر (رضی

marfat.com
Marfat.com

اللہ عنہ) کہتے ہیں کہ خیر اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے اور شر بندوں کی طرف سے آپ ہمارے درمیان فیصلہ فرما دیجئے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہم تمہارے درمیان ایسے ہی فیصلہ کریں گے جیسے حضرت اسرافیل علیہ السلام نے حضرت جبرائیل علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام کے درمیان فیصلہ کیا تھا اے عمر! سیدنا جبرائیل کا مؤقف تمہارے والا تھا...... اور اے ابوبکر سیدنا میکائیل کا قول تیرے قول کی مانند تھا۔ سیدنا جبرائیل نے کہا کہ ہمارا اس مسئلہ میں اختلاف ہو گیا ہے اور اہل زمین بھی اس میں اختلاف رکھتے ہیں حتی کہ سیدنا اسرافیل کو ان دونوں نے اپنا حکم (ثالث) بنالیا تو انہوں (اسرافیل علیہ السلام) نے لوح محفوظ میں اللہ تعالیٰ کی قضا کے مطابق دونوں کے درمیان فیصلہ کر دیا۔ اے ابوبکر (رضی اللہ عنہ) انہوں نے فیصلہ تیرے قول کے مطابق کیا تھا...... اے عمر (رضی اللہ عنہ) تیرے مؤقف کے مطابق فیصلہ نہیں کیا تھا...... اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ عرض گذار ہوئے تبت الی اللّٰہ میں اللہ کے حضور توبہ کرتا ہوں۔ (التمہید ۵۰)

حضرت علامہ فضل اللہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ نے مشیت کے دو معنی بیان فرمائے ہیں:

مشیت محبت اور مشیت غیر محبت

مشیت محبت طاعت و ایمان میں ہوتی ہے اور مشیت غیر محبت کفر و عصیان میں ہوتی ہے۔ (عقائد تورپشتی ۵۶ مطبوعہ مکتبہ الحقیقہ استنبول ترکی)

علمائے محققین اہل سنت فرماتے ہیں کہ کتاب اللہ میں ارادہ کی دو قسمیں بیان فرمائی گئی ہیں۔

ارادہ قدریہ کونیہ خلقیہ اور ارادہ دینیہ امریہ شرعیہ

marfat.com
Marfat.com

## ارادہ قدریہ کونیہ خلقیہ

یہ مشیت ( ارادہ ) جمیع حوادث ( موجودات ) کوشامل ہے جیسا کہ آیہ کریمہ فمن یرداللّٰہ ان یھدیہ یشرح صدرہ للاسلام ومن یردان یضلہ یجعل صدرہ ضیقاً حرجاً کانما یصعد فی السماء (الانعام ۲۶) سے واضح ہے۔

## ارادہ دینیہ امریہ شرعیہ

اس ارادہ میں حق تعالیٰ کی محبت ورضا متضمن ہوتی ہے جیسا کہ آیات کریمہ یریداللّٰہ بکم الیسر ولا یریدبکم العسر (البقرہ ۱۸۵) اور انما یریداللّٰہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا (احزاب ۳۳) سے عیاں ہے۔ (شرح فقہ اکبر لعلی قاری رحمہ اللہ الباری ۲۰)

(مزید تفصیلات کیلئے ملاحظہ ہو مکتوبات شریفہ دفتر دوم مکتوب ۶۷ ...... مکتوبات معصومیہ دفتر دوم مکتوب ۸۳)

marfat.com
Marfat.com

مخصص ست پس قدرت مصحح فعل ست

جہت کو ایجاد کرنا ہے۔[3] پس قدرت فعل کی تصحیح کرنے والی ہے

و ارادت مخصص آن و تکوین موجد

اور ارادہ اس فعل کی تخصیص کرنے والا ہے اور تکوین اسے ایجاد

آن پس از تکوین چارہ نبود مثل آن مثل

کرنے والی ہے۔ پس تکوین کو صفت مانے بغیر چارہ نہیں ہے اس کی مثال

استطاعت مع الفعل ست کہ علمائے اہل سنت آن را

استطاعت مع الفعل کی مانند ہے کہ علمائے اہل سنت اسے بندوں

در عباد اثبات کردہ اند و شک نیست کہ این

میں ثابت کرتے ہیں اور اس میں شک نہیں ہے کہ یہ استطاعت

استطاعت بعد از ثبوت قدرت است بلکہ بعد از

ثبوت قدرت کے بعد ہے بلکہ تعلق ارادہ اور

تعلق ارادت وتحقق ایجاد مربوط باین استطاعت

تحقق ایجاد اسی استطاعت کے ساتھ مربوط

[3] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ صفت قدرت مصحح فعل ہے اور صفت ارادہ مخصص فعل ہے اور صفت تکوین اس فعل کی موجد ہے تاکہ ایجاد موجودات کا اثبات ہو۔ یہ مسئلہ، مسئلہ استطاعت مع الفعل کی مانند ہے کیونکہ استطاعت مع الفعل حقیقت قدرت ہے کہ فعل اسی کے

marfat.com
Marfat.com

است بلکه آن استطاعت موجب فعل ست وطرفِ

ہے بلکہ وہ استطاعت ہی فعل کی موجب ہے اور

ترک آنجا مفقود ست وحال صفت تکوین

ترک کی جہت وہاں مفقود ہے اور صفت تکوین کا حال

ہمیں ست کہ ایجاد با او طریقِ ایجاب است

بھی یہی ہے کہ ایجاد اس کے ساتھ بطریق ایجاب ہے

اما این ایجاب درواجب تعالٰی ضرر نمیکند کہ

لیکن یہ ایجاب واجب تعالٰی کو ضرر نہیں دے سکتا کیونکہ

ثبوت آن بعد از تحقق قدرت ست کہ بمعنی صحت

اس کا ثبوت تحققِ قدرت کے بعد ہوتا ہے جبکہ (قدرت)

فعل وترک ست وبعد از تخصیص ارادت بخلاف

کے معنی فعل اور ترک کی صحت ہے اور ارادہ کی تخصیص کے بعد ( تکوین ہے )

آنچہ حکمائے فلسفہ گفتہ اندوشرطیہ اولٰی را واجب

بخلاف اس کے جو حکمائے فلسفہ کہتے ہیں اور شرطیہ اولٰی کو

ساتھ ہوتا ہے جیسا کہ امام العقائد حضرت علامہ ابو حفص عمر بن محمد نسفی قدس سرہٗ العزیز رقمطراز ہیں:

والاستطاعة مع الفعل وهی حقیقة القدرة التی یکون بها الفعل (عقائد نسفی) سے واضح ہے۔

marfat.com
Marfat.com

الصدق گمان کرده اند وشرطیه ثانیه را ممتنع الصدق ونفی

واجب الصدق خیال کرتے ہیں اور شرطیہ ثانیہ کو ممتنع الصدق اور ارادہ

ارادت نموده اند صریح در ایجاب ست تعالیٰ اللّٰہ سبحانه

کی نفی کرتے ہیں جو ایجاب صریح ہے اللہ تعالیٰ سبحانہ

عن ذالک علوا کبیرا و ایجابے که بعد از تعلق ارادت

اس سے بہت برتر ہے اور وہ ایجاب جو تعلق ارادہ اور دو مقدوروں

وتخصیص احد المقدورین پیدا شود ومستلزم اختیارست

میں سے ایک کی تخصیص کے بعد پیدا ہو وہ اختیار کو مستلزم ہے

وموکد آن نه نافی اختیار و کشف صاحب فتوحات نیز

اوراس کی تاکید کرنیوالا ہے نہ کہ اختیار کی نفی کرنیوالا اور صاحب فتوحات کا کشف بھی

موافقِ رائے حکما واقع شده است در قدرت شرطیه

حکما کی رائے کے موافق واقع ہوا ہے کہ قدرت میں شرطیہ اولیٰ

اولیٰ را واجب الصدق میداند وثانی راممتنع الصدق

کو واجب الصدق جانتے ہیں اور ثانی کو ممتنع الصدق

حضرت امام جعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ استطاعت کی دوقسمیں بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

الاستطاعة ضربان احدهما الاستطاعة التی یوجد بها الفعل من نحو التوفیق الذی لایجوزان یوصف المخلوق به فهی مع

marfat.com
Marfat.com

وایــن قــول بــایـجــاب اســت ارادت بیکــارمی افتد کــه

اور یہ کہنا ایجاب ہے جس سے ارادہ بے کار ہو جاتا ہے

تـخـصـیـص احـد الـمتسـاویـیـن اینجا منتفی است واگر

کیونکہ متساویین میں سے ایک کی تخصیص یہاں منتفی ہے اور اگر

الـفـعـل واما الاستطاعة التـی مـن جهة الـصـحة والوسع والتمکن وسـلامة الات فهـی قبل الفعل هو کما قال اللّٰه تعالیٰ لا یکلف الله نفساً الا وسعها (البقرہ۲۸٦)

یعنی استطاعت کی دوقسمیں ہیں ان میں سے پہلی استطاعۃ یہ ہے کہ جس کے ساتھ فعل پایا جاتا ہے جو از قبیل توفیق ہے۔ اس قسم کی استطاعۃ کے ساتھ مخلوق کو موصوف کرنا جائز نہیں یہ استطاعت مع الفعل ہے۔

اور دوسری استطاعۃ ،صحت، وسعت ، طاقت اور سلامتیٔ اعضاء وجوارح کے اعتبار سے ہے، یہ استطاعت قبل الفعل ہوتی ہے جیسا کہ آیہ کریمہ لایـکـلـف اللّٰـه نفسا الا وسعها سے واضح ہے۔

صاحب مذاہب الاسلام نے اس مفہوم کی یوں وضاحت فرمائی ہے چنانچہ ملاحظہ ہو

استطاعت کے دو معنی ہیں ایک قدرتِ حقیقی کو کہتے ہیں جو فعل کے موجود کر دینے کیلئے کافی ہوتی ہے دوسرے اسباب وآلات واعضاء کی صحت وسلامتی کا نام ہے اور تکلیف شرعی کا مدار دوسری قسم کی استطاعت پر ہے اسی لئے بچہ اور مجنون ایمان کے ساتھ مکلف نہیں اور گونگا اقرار زبانی کے ساتھ مکلف نہیں اور مریض کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کے واسطے مکلف نہیں کیونکہ ایسے لوگوں کے اعضاء صحیح وسالم نہیں اس لئے استطاعت ان میں مفقود ہے۔ (مذاہب الاسلام)

marfat.com
Marfat.com

درتکوین این معنی را اثبات کنند گنجائش دارد که

تکوین میں اس معنی کو ثابت کریں تو گنجائش رکھتا ہے کیونکہ

از شائبہ ایجاب مبرا ست این فرق تدقیقی ست

وہ ایجاب کے شائبہ سے پاک ہے[1] یہ فرق بہت باریک ہے

کہ بہ بیان آن کم کسی سبقت کردہ است علمائے ماتریدیہ

کہ اس کے بیان کی سبقت کم ہی کسی نے کی ہے علمائے ماتریدیہ

ہر چند این صفت را اثبات کردہ اند اما باین حدت

اگرچہ اس صفت کا اثبات کرتے ہیں لیکن تیزی نظر کے ساتھ

نظر پے نبردہ اند اتباع سنت سنیہ مصطفویہ علیٰ صاحبہا

اس کے درپے نہیں ہوئے روشن سنت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ

الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ درمیان سائر متکلمین ایشانرا باین

والسلام و التحیہ کی اتباع نے ان کو تمام متکلمین کے درمیان

معرفت ممتاز ساختہ است واین حقیر از خوشہ چینان این

اس معرفت سے ممتاز کر دیا ہے اور یہ حقیر انہی اکابر کے خوشہ چینوں میں

[1] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ صفت تکوین کے متعلق علوم وحقائق اور معارف ودقائق جس مانع و جامع انداز کے ساتھ ہم نے بیان فرمائے ہیں وہ کسی نے بھی بیان نہیں فرمائے۔ گو صفت تکوین کا اثبات علمائے متکلمین ماتریدیہ نے ضرور فرمایا ہے لیکن دقت نظر اور باریک بینی کے

marfat.com

Marfat.com

اکابر ست ثبتنا اللّٰہ سبحانہ علی معتقدا تھم الحقة بحرمہ سید

سے ہے اللہ سبحانہ ہمیں ان کے معتقدات حقہ پر ثابت قدم رکھے

المرسلین علیہ وعلی الہ الصلوات والتسلیمات اتمھما و اکملھا

سید المرسلین کے طفیل ان پر ان کی آل پر اتم اور اکمل صلوات وتسلیمات ہوں

ساتھ ہم نے اس کی تفصیلات اور اس پر ہونے والے اعتراضات واشکالات کا مدلل جواب تحریر فرمادیا ہے۔والحمدللّٰہ علیٰ ذالک

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۴۲

رؤیت خداوند عزوجل درآخرت مرمومناں راحق است

آخرت میں خداوند عز و جل کا دیدار مومنوں کے ساتھ خاص ہونا

این مسئله است که غیر ازاہل سنت و جماعت ہیچ

حق ہے [1] یہ کہ اہل سنت و جماعت کے علاوہ اسلامی

کس از فرق اسلامیین وحکمائے فلاسفه بجواز آن قائل

فرقوں اور حکمائے فلاسفہ میں سے کوئی اس کے جواز کا قائل نہیں

نیست باعث انکار ایشاں قیاس غائب است برشاہد

ہے ان کے انکار کا باعث غائب کو حاضر پر قیاس کرنا ہے

وآں فاسدست مرئی ہرگاہ بیچون وبیچگون باشد رؤیتے

اور یہ فاسد ہے دکھائی دینے والی ہستی جب کہ بے چون و بے چگون ہوگی

[1] زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز رؤیت باری تعالیٰ جل سلطانہ کا تذکرہ فرمارہے ہیں۔حق تعالیٰ جل سلطانہ کی رؤیت ودیدار اگرچہ عالم دنیا میں ممکن ہے ورنہ سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام دیدار کا مطالبہ نہ کرتے جیسا کہ آیہ کریمہ رب ارنی سے عیاں ہے مگر بچشم سر عالم دنیا میں حق تعالیٰ کا دیدار واقع نہیں ہے کیونکہ عالم دنیا اور چشم دنیا عدم سے تخلیق شدہ اور فنا پذیر ہونے کی بنا پر اس دولت قصویٰ

marfat.com
Marfat.com

کہ باوتعلق گیرد نیز بے چون خواہد بود ایمان باوباید

جو دیدار اس کے متعلق ہو گا وہ بھی بے چون ہو گا اس پر ایمان لانا چاہئے

آورد و اشتغال بکیفیت اونباید کرد ایں سر را امروز

اور اس کی کیفیت میں مشغول نہیں ہونا چاہئے اس راز کو آج

برخواص اولیاء ظاہر ساختہ اند ہرچند رؤیت نیست

خواص اولیاء پر ظاہر کیا گیا ہے اگرچہ دیدار (حق) نہیں ہے

امابے رؤیت نیست **کانک تراہ** فردا ہمہ مومناں حق

لیکن بے روٗیت بھی نہیں ہے گویا کہ تو اسے دیکھتا ہے کل تمام مومن حق

سبحانہ وتعالیٰ را خواہند دید بچشم سر اما ہیچ درک

سبحانہ و تعالیٰ کو بچشم سر دیکھیں گے لیکن انہیں کوئی ادراک نہیں

نخواہند کرد **لا تدرکہ الابصار** دو چیز خواہند دریافت

ہو گا نگاہیں اس کا ادراک نہیں کر سکیں گی۔ دو چیزیں دریافت

علم یقینی بآنکہ می بینند والتذاذ یکہ مترتب بررؤیت

کرینگے علم یقینی کہ اسے دیکھ رہے ہیں اور لذت کہ جو روٗیت پر مترتب

کی استعداد وصلاحیت ہی نہیں رکھتے ...... جبکہ عالم آخرت میں مومنین حیات ابدی اور بقائے سرمدی سے سرفراز ہونگے فلہٰذا چشم آخرت، شیونات ذاتیہ کا اثر رکھے گی اس لئے عالم آخرت میں روٗیت باری تعالیٰ بھی بے چون ہی ہوگی البتہ چشم سر اسکا ادراک نہیں کر سکے گی جیسا کہ آیہ کریمہ لاتدرکہ الابصار سے عیاں ہے۔ لیکن یہ امر

marfat.com
Marfat.com

است غیر ایں دو چیز از لوازم رؤیت ہمہ مفقود ممت
ہوتی ہے سوائے ان دو چیزوں کے جتنے دیدار کے لوازمات ہیں
ایں مسئلہ از اغمض مسائل کلام است طور عقل در
سب مفقود ہونگے یہ مسئلہ علم کلام کا سب سے دقیق مسئلہ ہے عقل کی
اثبات وتصویر آں عاجز است متابعان انبیاء از علماء و
رسائی اس کے ثابت کرنے اور صورت کشی سے عاجز ہے انبیائے کرام کی
صوفیہ آں را بنور فراست که مقتبس از انوار نبوت ست
متابعت کرنے والے علماء اور صوفیاء نے اسے نور فراست جو کہ انوار نبوت سے اقتباس
دریافته اند وہمچنیں مسائل دیگر از علم کلام که عقل
شدہ ہے سے دریافت کیا ہے ایسے ہی علم کلام کے دوسرے مسائل کہ عقل

متحضر ہے کہ صالحین کو حق تعالیٰ کا دیدار محشر میں لطف وجلال کی صفت کے ساتھ بطور امتحان ہوگا اور جنت میں دیدار بطور انعام ہوگا۔

محدث کبیر حضرت علامہ علی قاری احراری قدس سرہٗ العزیز رؤیت باری تعالیٰ کے متعلق یوں رقمطراز ہیں

واللّٰہ تعالٰی یری فی الآخرة ویراه المؤمنون وھم فی الجنة باعین رؤوسهم بلا تشبیهه ولا کیفیة ولا کمیةٍ ولا یکون بینه وبین خلفه مسافة (شرح فقہ اکبر ۸۳) یعنی آخرت میں اللہ تعالیٰ کا دیدار ہوگا اور مؤمنین سر کی آنکھوں کے ساتھ بغیر تشبیہہ وکیفیت وکمیت کے اسے جنت میں دیکھیں گے اور حق تعالیٰ اور مخلوق کے درمیان کوئی مسافت وفاصلہ نہیں ہوگا۔

(مزید تفصیلات سعادت العباد جلد اول منہا نمبر ۹ میں ملاحظہ ہوں)

marfat.com
Marfat.com

در اثبات آنہا عاجز ومتحیّر است علمائے اہل سنت را

جس کے ثابت کرنے میں عاجز اور متحیر ہے علمائے اہل سنت کو

نورفراست ست فقط وصوفیه راہم نور فراست وہم

صرف نور فراست ہے اور صوفیہ کو نور فراست بھی حاصل ہے اور

کشف وشہود وفرق درمیان کشف وفراست ہمچون

کشف وشہود بھی۔ اور کشف وفراست کے درمیان فرق وہی ہے جو بدیہی اور

فرق درمیان حدسیات وحسیات است فراست نظریات

حسیات کے درمیان فرق ہے۔ فراست ، نظریات کو بدیہیات

را حدسیات میسازد وکشف حسیات ومسائلے که اہل

بنا دیتی ہے اور کشف ، حسیات [1] اور ایسے مسائل اہل سنت

[1] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کشف اور فراست کے درمیان امتیاز و فرق بیان فرما رہے ہیں کہ جیسے حدسیات اور حسیات میں فرق ہے ایسے ہی کشف اور فراست میں فرق ہے۔ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز چونکہ ارباب علم وبصیرت اور اصحاب کشف وفراست میں سے ہیں اس لئے جن عقائد ونظریات کو اہل علم بذریعہ استدلال ثابت کرتے ہیں، آپ پر ان اشیاء کے حقائق ومعارف بذریعہ الہام و فراست آشکارا ہو جاتے ہیں۔ یوں آپ کا کشف صحیح اور الہام صریح کتاب وسنت سے ثابت شدہ علوم وعقائد کی تائید وتوثیق فرما دیتا ہے۔ والحمدللّٰہ علی ذالك

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کشف اور فراست کی قدرے تفصیلات بیان کر دی جائیں تا کہ فہم مسئلہ میں سہولت رہے۔ و باللّٰہ التوفیق

marfat.com
Marfat.com

سنت بآنہا قائل اند ومخالفان ایشاں کہ التزام طور

جن کے قائل ہیں اور ان کے مخالفین طریقہ عقل کا التزام

عقل نمودہ اند از آنہا منکر اند ہمہ ازاں قبیل اند کہ

کرتے ہیں ان (مسائل) کے منکر ہیں سب ای قبیل سے ہیں

بنور فراست معلوم گشتہ اند وبکشف صحیح مشہود

جو نور فراست سے معلوم ہوئے ہیں اور کشف صحیح سے مشہور

فاضل اجل حضرت علامہ سید شریف جرجانی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کشف کی تعریف کرتے ہوئے یوں رقمطراز ہیں

الکشف: فی اللغۃ رفع الحجاب وفی الاصطلاح ھو الاطلاع علی ماوراء الحجاب من المعانی الغیبیۃ والامور الحقیقیۃ وجوداً وشھوداً یعنی لغت عرب میں کشف کا معنی حجاب کا اٹھنا اور اصطلاح میں ماورائے حجاب معانی غیبیہ اور امور حقیقیہ پر وجوداً اور شہوداً آگاہ ہونے کو کشف کہا جاتا ہے۔

(کتاب التعریفات ۸۰)

کشف ایسا نور ہے کہ جس کی بدولت عرفائے کاملین پر حقائق اشیاء منکشف ہوتی ہے جن کے ذریعے وہ غلط وصحیح اور حق و باطل کے درمیان فرق محسوس کرنے لگتے ہیں۔ قرآن مجید میں اسے فرقان فرمایا گیا ہے جس کا حصول تقویٰ پر منحصر ہے جیسا کہ آیہ کریمہ یاایھاالذین امنوا ان تتقوا اللہ یجعل لکم فرقاناً (انفال ۲۹) سے واضح ہے۔

## الفراسۃ

حضرت شیخ جرجانی قدس سرہٗ العزیز فراست کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

فـی اصطلاح اهل الحقیقة هی مکاشفة الیقین و معاینة الغیب یعنی اہل حقیقت کی اصطلاح میں یقین کے مکاشفہ اور غیب کے معاینہ کو فراست کہا جاتا ہے۔

(کتاب التعریفات ۷۱)

اصطلاح فراست، کتاب وسنت سے ماخوذ ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اتقوا فراسة المؤمن فانه ینظر بنور اللّٰه سے واضح ہے۔ اہل فراست کو قرآن مجید میں متوسمین کہا گیا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ ہے...... ان ذالك لآیات للمتوسمین (الحجر ۷۵)(قال رسول صلی اللّٰه علیه وسلم انه قال للمتفرسین)

محدث کبیر حضرت علامہ ملا علی قاری احراری رحمۃ اللہ علیہ نے فراست کی تین اقسام بیان فرمائی ہیں۔

۱......فراست ایمانیہ ۲......فراست ریاضیہ ۳......فراست خلقیہ

## فراست ایمانیہ

اس کا سبب نور ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ جل سلطانہ بندۂ مومن کے قلب میں ڈال دیتا ہے۔ یہ فراست قوت ایمان کے حساب سے ہوتی ہے جس کا ایمان جتنا قوی ہوگا اتنی ہی اس کی فراست تیز ہوگی۔

## فراست ریاضیہ

یہ فراست فاقہ کشی، احیائے لیالی اور خلوت گزینی سے حاصل ہوتی ہے۔ جب نفس، خلائق کے عوائق اور علائق سے مجرد ہو جاتا ہے تو اسے فراست نصیب ہوتی ہے اور کشف، نفس کے تجرد کے لحاظ سے ہوتا ہے۔ یہ فراست مؤمن اور کافر کے درمیان مشترک ہوتی ہے جو نہ تو ایمان پر دلالت کرتی ہے اور نہ ہی ولایت پر۔

marfat.com
Marfat.com

## فراست خلقیہ

یہ فراست طبیبوں، کاہنوں اور دست شناسوں کے ہاں معروف ومتعارف ہے جس سے وہ ظاہری شکل وشباہت کے ذریعے اخلاق وعادات کا اندازہ وقیافہ لگا لیتے ہیں جیسے کسی شخص کے چھوٹے سر سے اس کی کم عقلی کا اندازہ لگالیا جائے۔

(شرح فقہ اکبر ۸۰)

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے فراست کی دو قسمیں تحریر فرمائی ہیں جو بتغییر یسیر پیش خدمت ہیں

۱......اہل معرفت کی فراست ۲......اہل ریاضت کی فراست

## اہل معرفت کی فراست

اس فراست کا تعلق حق تعالیٰ جل سلطانہ کی ذات وصفات وافعال کے ساتھ ہے۔ اسی معرفت کی بدولت اہل اللہ سالکین کی باطنی استعداد بھانپ لیتے اور حریم قدس جل سلطانہ کے واصلین کو پہچان لیتے ہیں۔ حق تعالیٰ نے محض ان کی حمایت اور اپنی غیرت کی وجہ سے انہیں ماسوا سے جدا کر کے اپنے ساتھ مشغول کرلیا ہے تاکہ وہ ملاحظہ مخلوق سے محفوظ رہیں۔ اگر اس قسم کے عرفائے کاملین احوال مخلوقات کے درپے ہو جائیں تو ان سے بارگاہ قدس جل سلطانہ کی حضوری کی صلاحیت ختم ہو جائے۔

## اہل ریاضت کی فراست

اس فراست کا تعلق کائنات کے ساتھ ہے جو مخلوقات کی شکلوں وصورتوں اور احوال ومغیبات کے کشف کے ساتھ مخصوص ہے۔ اس قسم کے لوگ محض ماسوی اللہ کے ساتھ مشغولیت پر ہی قانع ہیں اور عامۃ الناس کے نزدیک یہی کمال ہے۔

(ماخوذ از مکتوبات شریف دفتر دوم مکتوب ۹۲)

marfat.com
Marfat.com

شدہ اگر دربیان آں مسائل ایضاحے نمودہ آید مقصود

ہوئے ہیں اگر ان مسائل کے بیان میں کوئی وضاحت کی جائے تو اس سے مقصود

ازاں تصویر وتنبیہ است نہ اثبات آنہا بنظر ودلیل

تصویر کشی اور تنبیہ ہے نہ کہ انکا اثبات غور و فکر و دلیل کے ساتھ

چہ نظر عقل دراثبات وتصویر آنہا کو رست عجب از

کیونکہ عقل کی غور وفکر ان کے اثبات اور تصویر کشی میں اندھی ہے۔ تعجب ہے

علمائے کہ دریں مسائل خود را در مقام استدلال مے

ان علماء پر جو ان مسائل میں خود کو مقام استدلال میں

آرند ومی خواہند کہ بدلائل اثبات کنند وبرمخالفاں

لاتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ دلائل کے ساتھ (مسائل کا) اثبات کریں[3] اور مخالفین

[3] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ان علماء پر اظہار تعجب فرمارہے ہیں جو عقائد قطعیہ کو مناظرانہ انداز میں بذریعہ استدلال ثابت کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں حالانکہ ان مسائل وعقائد کی تفہیم محض نور فراست اور کشف صحیح سے ہی ممکن ہے جو انوار مشکوٰۃ نبوت سے مقتبس ہیں اور بندۂ مومن کے ذمہ فقط ان مسائل وعقائد کی دعوت وتبلیغ ہی ہے جیسا کہ آیہ کریمہ وماعلینا الا البلاغ المبین اور ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات بلّغوا عنی ولو اٰیۃ سے واضح ہے۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں مناظرہ کے متعلق قدرے تفصیلات تحریر کردی جائیں تاکہ فہم مسئلہ میں سہولت رہے۔ وباللہ التوفیق

فاضل اجل حضرت علامہ شریف جرجانی قدس سرہُ العزیز مناظرہ کی تعریف

marfat.com
Marfat.com

حجت تمام کنند ایں میسر نمی شود وباتمام نیز نمی

پر حجت تمام کر دیں ایسا میسر نہیں ہو سکتا

رسد مخالفاں خیال می کنند کہ مسائل ایشاں نیز

مخالفین سمجھتے ہیں کہ ان کے مسائل بھی ان کے

دررنگ استدلالات ایشاں مزیف وناتمام اند مثلاً علمائے

استدلات کی طرح ضعیف اور نامکمل ہیں مثلاً علمائے

کرتے ہوئے رقمطراز ہیں المناظرة لغة من النظير او من النظر بالبصيرة واصطلاحا هي النظر بالبصيرة من الجانبين في النسبة بين الشيئين اظهارا للصواب یعنی لغت میں مناظرہ یا تو ''نظیر'' سے مشتق ہے یا نظر بالبصیرہ سے ماخوذ ہے اور اصطلاح علماء میں اظہار حق وصواب کی خاطر دو مدمقابل جانبین کا دو چیزوں کے مابین نسبت کے متعلق متوجہ ہونا مناظرہ کہلاتا ہے۔ (کتاب التعریفات ۱۰۲) کتاب وسنت کی روشنی میں علمائے کرام نے مناظرہ کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں

مناظرہ مذموم اور مناظرہ محمود

حضرت علامہ فقیہہ ابولیث سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جدل و مناظرہ اور باہمی علمی مقابلہ جو اظہار حق کیلئے نہ ہو یا اظہار حق کے لئے ہو اس میں اہل علم کا اختلاف ہے۔ بعض علماء اسے مکروہ گردانتے ہیں جیسا کہ آیات کریمہ ماضربوہ لک الاجدلا بل هم قوم خصمون (انہوں نے یہ بات آپ سے جھگڑے کے لئے کی یہ جھگڑالوؤں کی قوم ہے۔ زخرف ۵۸) اور كان الانسان اكثر شئى جدلا (انسان اکثر باتوں میں جھگڑالو ہے۔ کہف ۵۴) سے واضح ہے اسے ہی مناظرہ مذموم کہتے ہیں جبکہ بعض علماء کا موقف ہے کہ اظہار حق کے لئے مناظرہ جائز ہے جیسا کہ آیہ

marfat.com
Marfat.com

اہل سنت استطاعت مع الفعل اثبات کردہ اند ایں

اہل سنت استطاعت مع الفعل کا اثبات کرتے ہیں۔ یہ

مسئلہ از مسائل حقہ است کہ بنور فراست و کشف

مسئلہ حق مسائل میں سے ہے جو نور فراست اور کشف

صحیح معلوم گشتہ است اما دلائل کہ بر اثبات او

صحیح سے معلوم ہوا ہے لیکن دلائل جو اس کے اثبات پر لائے ہیں ضعیف

آوردہ اند مزیف وناتمام است اقوائے ادلہ ایشاں

اور ناتمام ہیں ان کی قوی ترین دلیل اس مسئلہ کے

کریمہ وجادلهم بالتي هي احسن سے عیاں ہے اسی کو مناظرہ محمود کہا گیا ہے۔

## مناظرہ مذموم

اس مناظرہ میں مناظر، دوران جدل وبحث بسا اوقات ایسے نازیبا الفاظ و کلمات اپنی زبان سے صادر کر بیٹھتا ہے جو اسلاف واخلاف کی شان میں دریدہ دہنی اور بے ادبی پر دال ہوتے ہیں بس یہی الفاظ حرماں نصیبی، قلبی موت اور شقاوت کا موجب ہوتے ہیں نیز اس قسم کا مناظر، حسد وحقد، باہمی عداوت وکدورت، عجب وخود پسندی اور تکبر وریا کاری وغیرہ ایسی متعدد اخلاقی وروحانی امراض کا شکار ہو جاتا ہے جو خود بھی گمراہ ہوتا ہے اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتا ہے جس کا ازالہ کسی شیخ کامل ومکمل کے روحانی تصرفات اور باطنی توجہات سے ہی ممکن ہوتا ہے۔ اس قسم کے مناظرہ کے مضرات وآفات ومہلکات کا اندازہ درج ذیل فرمودات نبویہ علیٰ صاحبها الصلوات والتسلیمات سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

براثبات آں مسئله عدم بقائے اعراض است در دو زمان
اثبات میں دو زمانوں کے اندر اعراض کا عدم بقا ہے
چه اگر عرض باقی باشد لازم آید قیام عرض بعرض وآں
کیونکہ اگر عرض باقی ہو تو لازم آئے گا عرض کا عرض کے
محال ست وچوں ایں دلیل را مخالفان مزیف وناتمام
ساتھ قیام اور یہ محال ہے اور جب اس دلیل کو مخالفین نے ضعیف اور
دانسته اند یقین کرده اند که آں مسئله نیز ناتمام است
ادھورا جانا تو ان کو یقین ہو گیا کہ وہ مسئلہ بھی ادھورا ہے وہ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

ابغض الخلق الی اللّٰہ تعالٰی الالد الخصم یعنی حق تعالیٰ کے نزدیک بدترین مخلوق وہ شخص ہے جو بہت زیادہ جھگڑالو ہے۔ (مسند امام احمد ۶/۵۵)

ایک مقام پر یوں ارشاد گرامی ہے:

انکم فی زمان الھمتم فیه العمل وسیاتی قوم یلھمون الجدل یعنی تم ایسے زمانے میں ہو جس میں تمہیں عمل کا الہام ہوا عنقریب ایسی قوم آئے گی کہ جن کے دلوں میں جدل ومناظرے کا شوق ڈال دیا جائے گا۔ (احیاء العلوم جلد اول)

ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات ہے:

ھلك المتنطعون ھلك المتنطعون ھلك المتنطعون یعنی جو لوگ مناظرہ بازی میں زیادہ پڑ گئے وہ ہلاک ہو گئے۔ (مسلم ۲/۳۳۹)

marfat.com
Marfat.com

ندانسته اند که مقتدائے ایشاں دریں مسئلہ ودرامثال ایں
نہیں جانتے کہ ان کا مقتداء اس مسئلہ میں اور اس قسم کی اور مثالوں
مسئلہ نور فراست ست کہ مقتبس از انوار نبوت ست
میں نور فراست ہے جو انوار نبوت سے مقتبس ہے لیکن
اما ایں تقصیر ماست کہ حدسی وبدیہی رادر نظر
یہ قصور ہمارا ہے کہ ہم حدسی اور بدیہی کو مخالفین کی نظر
مخالفاں نظری میسازیم وتکلفات دراثبات آں می کوشیم
میں نظری بناتے ہیں اور تکلفات کے ساتھ ان کے اثبات میں

ایک مقام پر ارشاد فرمایا:

دع المراء ولو کنت محق یعنی بحث وجھگڑا چھوڑ دو اگرچہ تم حق پر ہی کیوں نہ ہو۔

دوسری روایت کے الفاظ یہ ہیں:

لا یجد احدکم حقیقة الایمان حتی یدع المراء وھو محق الا ان المراء یؤادی الی العداوة بین المسلمین حرام یعنی تم میں سے کوئی شخص بھی ایمان کی حقیقت نہیں پا سکتا جب تک کہ وہ جھگڑا نہ چھوڑ دے کیونکہ جھگڑا مسلمانوں کے درمیان عداوت کو فروغ دیتا ہے اور ایسا کرنا حرام ہے۔

نیز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

من ترک المراء وھو مبطل بنی اللّٰہ له بیتاً فی ربض الجنة ومن ترک المراء وھو محق بنی اللّٰہ له بیتاً فی اعلی یعنی جو شخص باطل کے لئے

marfat.com
Marfat.com

غایة مافی الباب حدسی وبدیہی مابر مخالفاں حجت

کوشش کرتے ہیں ماحصل اس کا یہ ہے کہ ہماری حدسی اور بدیہی مخالفین

نیست گو نباشد غیر از اعلام وتبلیغ برمالا زم نساختہ

پر حجت نہیں ہے تو نہ ہو ہم پر سوائے اطلاع دینے اور تبلیغ کرنے کے کچھ

اند، ہر کہ حسن نشائے مسلمانی دارد بے اختیار قبول

لازم نہیں کیا گیا جو شخص مسلمانی کی حسن عقیدت رکھتا ہے وہ بے اختیار قبول

خواہد کرد وہر کہ بے نصیب ست غیر از انکار نخواہد

کرے گا اور جو شخص بے نصیب ہے سوائے انکار کے کوئی شئ نہیں

افزود ودرمیان علمائے اہل سنت طریق اصحاب شیخ

بڑھے گی اور علمائے اہل سنت میں شیخ الاسلام شیخ

جھگڑا چھوڑ دے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کے ایک کونے میں گھر بناتا ہے اور جو شخص حق پر ہونے کے باوجود بھی جھگڑا نہیں کرتا اس کیلئے اللہ سب سے اوپر والی جنت میں گھر بناتا ہے۔ (الترغیب والترھیب ۱/۱۳۱)

## مناظرہ محمود

اس مناظرہ میں مناظر نہایت محتاط انداز میں بسلامتی ہوش وحواس مناظرہ کے جملہ آداب وشرائط کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے محض اظہار حق کی خاطر اپنے مدمقابل سے سنجیدہ طریقے سے گفتگو کرتا ہے اور اپنا مؤقف نہایت مؤثر انداز میں مدمقابل کے قلب ونظر میں جاگزیں کرنے کی کوشش کرتا ہے تاکہ مدمقابل لاجواب اور مبہوت ہوکر

marfat.com
Marfat.com

اس موقف کو ماننے پر مجبور ہو جائے۔

جیسا کہ انبیائے کرام اور علمائے راسخین نے احقاق حق اور ابطال باطل کی خاطر منکرین سے مناظرے ومجادلے کئے ہیں تاکہ سادہ لوح لوگ ان کے گمراہ کن عقائد و نظریات سے محفوظ ہو جائیں جیسا کہ آیہ کریمہ الم تر الی الذی حاج ابراھیم فی ربہ سے عیاں ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے بھی ایک مجلس میں ابوالفضل اور فیضی جیسے فاسد نظریات کے حاملین کو مضبوط ومسکت دلائل دے کر لاجواب کر دیا تھا۔ حجۃ الاسلام حضرت امام غزالی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ نے احیاء العلوم جلد اول میں طلب حق کی خاطر مناظرہ کی آٹھ شرائط بیان فرمائی ہیں جو وہاں ملاحظہ کی جاسکتیں ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

الاسلام شیخ ابومنصور ماتریدی چه زیبا است که

ابومنصور ماتریدی کے اصحاب کا طریقہ کتنا زیبا ہے[۴] کہ وہ

اقتصار برمقاصد فرموده اند واعراض از تدقیقات فلسفیه

مقاصد پر اقتصار فرماتے ہیں اور فلسفیانہ باریک بینیوں سے اعراض کرتے ہیں

نموده طریق نظر واستدلال بطریق فلسفی درمیان علمائے

فلسفی انداز پر نظر و استدلال کا طریقہ علمائے اہل سنت

اہل سنت وجماعت از شیخ ابوالحسن اشعری ناشی

و جماعت میں شیخ ابوالحسن اشعری سے شروع

شده است وخواسته که معتقدات اہلسنت را با

ہوا ہے اور چاہا کہ اعتقادات اہل سنت کو فلسفی

[۴] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ماتریدیہ اور اشاعرہ کا تذکرہ فرمارہے ہیں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں علم الکلام کی قدرے تفصیلات بیان کردی جائیں تاکہ معلومات میں مزید اضافہ ہو۔ وباللہ التوفیق

دین اسلام ایک عالمگیر، پہلودار اور مکمل ضابطہ حیات ہے جو بنیادی طور پر چار عنوانات پر مشتمل ہے۔

۱......عقائد وایمانیات ۲......اعمال وعبادات

۳......معاشرت ومعاملات ۴......اخلاقیات وسیاسیات وغیرہا

ان چاروں عنوانات میں سے اول درجہ عقائد کا ہے۔ عقائد، عقیدہ کی جمع ہے اور عقیدہ، عقد سے مشتق ہے۔ عقد کا معنی ہے باندھنا اور گرہ لگانا یعنی چند بنیادی حقائق

marfat.com
Marfat.com

کے متعلق یقین اور تصدیق قلبی کو اس طرح پختہ کرنا اور خیالات کو مستحکم و مضبوط بنانا جس طرح گرہ باندھی جاتی ہے اسی کا نام عقیدہ اور ایمان ہے۔ عقیدہ کی جمع عقائد ہے اور عقائد اسلامیہ کے مسائل کو فقہ اکبر اور علم الکلام کہا جاتا ہے اور فقہ کے مسائل احکام اجتہادیہ کو فقہ اصغر کہا جاتا ہے۔

چونکہ دین اسلام ہر قسم کے افراط وتفریط سے پاک مذہب ہے اس لئے عقائد اسلامیہ میں بھی کسی قسم کی افراط وتفریط اور زیادتی وکمی نہیں پائی جاتی۔ اہل سنت و جماعت جو دین اسلام کی سب سے بڑی وحدت اور مسلمانوں کی واضح اکثریت کا نام ہے کے عقائد بھی ہر قسم کے افراط وتفریط اور حشو وزوائد سے پاک اور اعتدال پر ہیں کیونکہ اعتدال میں ہی خیریت ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات خیر الامور اوسطہا سے عیاں ہے۔ صاحب نور الانوار رقمطراز ہیں فانه متوسطة بين الجبر والقدر بين الرفض والخروج بين التشبيه والتعطيل الذى فى وغيرها وعلى طريق سلوك جامع بين المحبة والعقل فلا يكون عشقا محضا مفضيا الى الجذب ولا عقلاً صرفا موصلاالى الالحاد والفلسفة نعوذ بالله منه یعنی بے شک عقائد اہل سنت، جبریہ اور قدریہ، رافضیہ اور خارجیہ، تشبیہ وتعطیل کے درمیان متوسط ہیں جو ان کے علاوہ ہیں۔ ایسے ہی عقائد اہل سنت محبت اور عقل کے درمیان جامع ہیں جو نہ تو محض عشق ہی ہیں کہ انسان کو کیفیت جذب تک پہنچا دیں اور نہ ہی صرف عقل پر انکا مدار ہے کہ جو انسان کو الحاد وفلسفہ (کفر) تک پہنچا دیں، ہم اس قسم کے فاسد عقائد سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

عقائد اسلامیہ کو علم عقائد اور علم کلام سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے اور یہ علم، جمیع علوم کی اصل ہے۔ علم کلام وہ علم ہے جس کے حاصل کرنے سے بندۂ مؤمن عقائد دینیہ، دلائل کے ذریعے اثبات کر کے اور مخالفین کے ایرادات واعتراضات کے جوابات پر قادر

marfat.com
Marfat.com

ہو جاتا ہے۔جس طرح مسائل فرعیہ عملیہ میں اہل سنت و جماعت کے چار امام ہیں حضرت امام ابوحنیفہ، حضرت امام مالک، حضرت امام شافعی اور حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم اسی طرح اہلسنت میں علم الکلام کے تین امام ہیں۔

۱......علم الہدیٰ امام ابومنصور ماتریدی

۲......امام اہلسنت امام ابوالحسن اشعری

۳......امام المحدثین امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم۔

حضرات مالکیہ اور شوافع، عقائد میں امام ابوالحسن اشعری کے پیروکار ہیں اس لئے انہیں اشعریہ یا اشاعرہ کہا جاتا ہے۔حضرات حنبلیہ عقائد میں امام احمد بن حنبل کو اپنا راہنما تسلیم کرتے ہیں اس لئے انہیں حنابلہ کہا جاتا ہے فرقہ ظاہریہ اور جمہور اہل حدیث بھی عقائد میں اپنے آپ کو حنبلی کہلواتے ہیں (بغیۃ الرائد) جبکہ جمہور احناف عقائد و کلام میں شیخ الاسلام حضرت شیخ ابومنصور ماتریدی رحمۃ اللہ علیہ کے تابع ہیں اس لئے وہ اپنے آپ کو ماتریدی کہلواتے ہیں۔

## شیخ الاسلام امام ابومنصور ماتریدی کا مختصر تعارف

آپ کا اسم گرامی محمد بن محمد بن محمود حنفی ہے اور آپ کی کنیت ابومنصور ہے۔آپ میزبان رسول حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی اولاد امجاد میں سے ہیں اسی لئے آپ کے نام کے ساتھ انصاری لکھا جاتا ہے۔آپ تین واسطوں سے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے شاگرد رشید ہیں۔آپ ماوراء النہر کے علاقہ سمرقند کے ایک محلہ ماترید میں تیسری صدی ہجری کے نصف میں متولد ہوئے۔

محدث کبیر حضرت ملا علی قاری احراری قدس سرہ العزیز ایک حدیث پاک جس میں لفظ منصور مذکور ہے کی شرح کرتے ہوئے رقمطراز ہیں وقیل المراد بہ ابو

marfat.com
Marfat.com

منصور الماتريدي وهو امام الجليل مشهور وعليه مراد اصول الحنفية في العقائد (مرقات شرح مشکوٰۃ ۱۰/۱۸۰)

آپ نے فقہ حنفی اور علم الکلام کے حصول تعلیم کیلئے حضرت علامہ نصر بن یحییٰ بلخی رحمۃ اللہ علیہ کے آگے زانوئے تلمذتہ کیا۔

حضرت علامہ ابوزہرہ مصری مرحوم آپ کے متعلق رقمطراز ہیں:

''ہماری رائے ہے کہ جن جوہری مسائل میں کوئی نص وارد نہیں ہوئی ان میں ماتریدیہ کا نقطہ نگاہ عقل ونقل کا حسین مرکب نظر آتا ہے''۔

یہی علامہ مصری تحریر فرماتے ہیں کہ ہمارے مخلص دوست علامہ کوثری مرحوم اشارات المرام کے مقدمہ میں یوں لکھتے ہیں

''بلاد ماوراء النہر بدعات کی آلودگی سے پاک تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ دلوں پر بلا شرکت غیرے حدیث نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کا سکہ جاری تھا۔ احادیث وآثار کا یہ سلسلہ سینہ بسینہ منتقل ہوتا رہا تا آنکہ ماوراء النہر کے امام السنۃ ابومنصور ماتریدی جن کو امام الہدیٰ کے لقب سے پکارا جاتا ہے، وہ منظر عام پر آئے۔ انہوں نے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو مسائل ودلائل کی تحقیق وتدقیق کی نذر کردیا اور اپنی گراں بہا تصانیف میں عقل ومذہب دونوں کو پیش نظر رکھا۔ (اسلامی مذاہب)

آپ علوم ظاہریہ اور معارف باطنیہ کے بہت بڑے ماہر تھے جن موضوعات کے درس ومطالعہ میں منہمک رہ چکے تھے ان میں آپ نے اکیس سے زائد بڑی قابل قدر کتابیں تصنیف فرمائیں۔ جن میں سے کتاب تاویل القرآن، کتاب مآخذ الشرائع، کتاب المقالات فی الکلام، کتاب التوحید، کتاب فی اصول الدین کے علاوہ آپ نے فرق ضالہ معتزلہ، روافض اور قرامطہ وغیرہا کی تردید میں کتابیں تحریر فرمائیں جن میں کتاب التوحید اور تاویلات اہل سنت جلد اول ہی شائع ہوکر منظر عام پر آئی ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

علمائے ماتریدیہ حنفیہ میں آپ کا مقام و مرتبہ وہی ہے جو شوافع میں امام باقلانی کا ہے۔ حضرت علامہ زبیدی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کی خدمات دینیہ کے پیش نظر آپ کو حامی سنت، ماحی بدعت اور محی شریعت جیسے القابات سے نوازا ہے جیسا کہ آپ کی کنیت ابومنصور اس امر پر دال ہے۔ آپ شیخ ابوالحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ کے ہمعصر ہوئے ہیں آپ کا وصال مبارک ۳۳۳ھ میں سمرقند میں ہوا۔ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون

marfat.com
Marfat.com

باستدلال فلسفی تمام سازد و این دشوار است ودلیر
استدلال کے ذریعے مکمل کردیں ۵ اور یہ دشوار ہے اور دلیر بناتا ہے
ساختن است مرمخالفان را بر طعن اکابر دین و گذاشتن
مخالفین کو اکابر دین پر طعن کے لئے اور چھوڑنا ہے
است طریق سلف را ثبتنا اللّٰہ سبحانہ علٰی متابعۃ اراء اھل
طریق سلف کو اللہ سبحانہ ہمیں ثابت قدم رکھے اہل حق کی آراء کی متابعت پر
الحق المقتبسۃ من انوار النبوۃ علٰی صاحبھا الصلوات والتسلیمات
جو انوار نبوت سے مقتبس ہیں صاحب نبوت پر اتم اور اکمل
اتمھا واکملھا.
صلوات وتسلیمات ہوں۔

۵ یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز علمائے اشعریہ کے فلسفیانہ نظر و استدلال پر نقد ونظر کرتے ہوئے بیان فرماتے ہیں کہ

علمائے اشعریہ نے اہل سنت و جماعت کے عقائد کو (جو کتاب وسنت سے ماخوذ ہیں) فلسفیانہ استدلال سے پیش کیا ہے جس کی وجہ سے منکرین اور معترضین نے ان کے فلسفیانہ استدلالات کو علوم فلاسفہ کے ذریعے ہی توڑنا شروع کردیا جس سے کتاب وسنت سے اخذ شدہ اعتقادات ازخود اس زد میں آگئے ۔مزید برآں مخالفین نے اکابردین پر بھی زبان طعن وملامت دراز کرنا شروع کردی جنہوں نے نورفراست کی بنا پر ان عقائد کو کتاب وسنت سے مستنبط و مستخرج فرمایا تھا۔ یوں اسلاف کرام پر حرف گیری اور تنقید سے ان کے متعلق عقیدت واحترام کے جذبات مجروح ہوتے چلے گئے

marfat.com
Marfat.com

جس کی وجہ سے ان پر سے مسلمانوں کا اعتقاد اٹھتا گیا۔یوں ان علمائے راسخین اور اکابر دین سے مسلمانوں کے برگشتہ ہونے کا دروازہ کھلتا گیا یہاں تک کہ مادر پدر آزاد لوگوں کی طرح ہر کسی نے اپنے عقائد ونظریات فاسدہ کا مبنی، کتاب وسنت کو قرار دے لیا...... یوں لوگ اسلاف کرام سے بداعتقادی کی بناء پر بدعقیدہ اور گمراہ ہوتے چلے گئے اور مختلف گروہوں اور فرقوں میں بٹ گئے جبکہ علمائے ماتریدیہ نے صرف مقاصد کو بیان فرمایا ہے فلسفیانہ باریک بینیوں اور علمی موشگافیوں میں نہیں الجھے، اس لئے حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے نزدیک علمائے ماتریدیہ کا موقف ہی اسلم ہے۔

## حضرت شیخ ابوالحسن اشعری کا مختصر تعارف

آپ کا اسم گرامی شیخ ابوالحسن علی بن اسماعیل اشعری رحمۃ اللہ علیہ ہے۔آپ صحابی رسول حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی اولاد امجاد میں سے ہیں اور اشعر ملک یمن کے ایک قبیلے کا نام ہے، آپ ۲۶۰ھ یا ۲۷۰ھ کو بصرہ میں متولد ہوئے۔

آپ ابوعلی جبائی معتزلی کے شاگردوں میں سے ہیں، مذہب اعتزال میں نہایت متعصب تھے چالیس سال تک فرقہ معتزلہ کے سرگرم رکن رہے یہاں تک کہ معتزلہ کے مقتداء مانے گئے۔ایک مرتبہ اپنے استاد ابوعلی جبائی کے ساتھ مباحثہ ہوا جس میں آپ نے اپنے استاد کو لاجواب اور مبہوت کر دیا اور فرقہ معتزلہ کو خیر باد کہہ کر معتزلہ کی تردید وابطال میں مشغول ہو گئے۔ بعدہٗ فقہ شافعی کی حدود میں رہ کر آپ نے دینی مسائل کو فلسفیانہ استدلال کے ساتھ مستحکم کیا یوں آپ گروہ اشاعرہ کے بانی اور علم کلام کے موجد قرار پائے اور تقریباً تین سو کتابیں تحریر فرمائیں۔آپ کے ماننے والوں میں امام باقلانی، امام جوینی، امام اسفرائنی اور امام غزالی رحمۃ اللہ علیہم کا نام سرفہرست ہے مگر علامہ ابوزہرہ مصری مرحوم نے لکھا ہے کہ حضرت امام غزالی، شیخ

marfat.com
Marfat.com

ابوالحسن اشعری یا شیخ ابومنصور ماتریدی کے مقلد نہ تھے بلکہ آپ کی حیثیت ایک بالغ نظر اور حریت فکر و نظر سے بہرہ ور محقق کی ہے...... امام اشعری کے اکثر متبعین نے امام غزالی کو کفر و زندقہ سے متہم کیا ہے جیسا کہ امام غزالی کی کتاب فیصل التفرقہ بین الاسلام و الزندقہ میں اس کی تغلیط و تردید فرمائی گئی ہے۔ (اسلامی مذاہب)

آپ ۳۲۴ھ کو بغداد میں داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۴۳

بحکم کریمہ واما بنعمة ربک فحدث اظہار ایں نعمت

بمصداق آیہ کریمہ و اما بنعمة ربک فحدث اس نعمت عظمٰی

عظمٰی می نماید کہ ایں فقیر را یقینے نسبت بمعتقدات

کا اظہار کرتا ہوں کہ اس فقیر کو یقین اعتقادات کلامیہ کے متعلق

کلامیہ کہ بر وفق آرائے اہل حق یعنی اہل سنت و

جو اہل حق یعنی اہل سنت و جماعت کی آراء کے

زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز بطور تحدیث نعمت اس بات کا اظہار فرمارہے ہیں کہ جب سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو از مجتہد ان علم کلامیے (مکتوبات شریفہ جلد اول مکتوب ۲۶۶) کے مصداق مجھے علم کلام کا مجتہد بنایا گیا ہے، تب سے فرقہ ناجیہ اہل سنت و جماعت کے معتقدات کے متعلق مجھے وجود آفتاب سے بھی بڑھ کر یقین محکم حاصل ہوگیا ہے کیونکہ وجود آفتاب کا احساس، حواس خمسہ ظاہرہ کے ساتھ ہوتا ہے جبکہ عین الیقین کا ادراک و احساس الہام صریح سے ہوتا ہے۔ حواس خمسہ کے حاصل کردہ علوم میں التباس ممکن ہے جبکہ الہام صریح اور کشف صحیح ہر قسم کے اختلاط و التباس سے پاک ہوتا ہے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں الہام کے متعلق قدرے وضاحت کردی جائے تاکہ فہم منہا میں سہولت ہو سکے۔ و باللہ التوفیق

محدث کبیر حضرت علامہ ملا علی قاری احراری قدس سرہٗ العزیز رقمطراز ہیں کہ علم

marfat.com

Marfat.com

جماعت واقع شده اند برنہجے حصول پیوسته است که

موافق واقع ہوئے ہیں ایسی نہج پر حاصل ہوا ہے کہ

درجنب آں یقین یقینے که نسبت باجلائے بدیہیات

اس یقینی یقین کے مقابلہ میں جو واضح تر

حاصل است حکم ظنیات بلکه وہمیات دارد مثلاً

بدیہیات کے متعلق حاصل ہے، ظنیات بلکہ وہمیات کا حکم رکھتا ہے

بندۂ مومن کے قلب میں ایسے نور کو کہا جاتا ہے جو فانوس نبوت کے چراغ سے مستفاد و مقتبس ہوتا ہے۔ درحقیقت یہ علم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال وافعال اور احوال کے ادراک کا نام ہے جس سے اللہ تعالیٰ جل سلطانہ کی ذات وصفات وافعال اور احکام کی ہدایت حاصل ہوتی ہے۔ اگر یہ علم کسی بشر کی وساطت سے حاصل ہو تو کسبی ہے اور اگر بلا واسطہ حاصل ہو تو اسے علم لدنی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ (مرقات علی المشکوٰۃ ۱/۲۶۴)

## علم لدنی کی اقسام ثلاثہ

علم لدنی کی تین قسمیں ہیں

۱......وحی ۲......الہام ۳......فراست

## وحی

شارح بخاری حضرت علامہ بدرالدین عینی رحمۃ اللہ علیہ وحی کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

وفی اصطلاح الشریعة هو کلام اللّٰه المنزل علی نبی من انبیائه

یعنی اصطلاح شریعت میں وحی کلام اللہ کو کہا جاتا ہے جو انبیائے کرام میں سے کسی نبی

marfat.com
Marfat.com

چوں موازنہ می کنم یقینے را کہ نسبت بہر یکے از مسائل

مثلاً جب میں موازنہ کرتا ہوں یقین کا جو مجھے کلام کے

کلام حاصل ست با یقینے کہ نسبت بوجود آفتاب دارم

مسائل میں سے ہر مسئلہ کی نسبت حاصل ہے اس یقین کے ساتھ جو میں

حیف می آید کہ یقین ثانی را نسبت بہ یقین اول اطلاق

وجود آفتاب کی نسبت رکھتا ہوں افسوس ہوتا ہے کہ یقین ثانی پر یقین اول

پر نازل ہوتی ہے علیہم الصلوات۔ (عمدۃ القاری ۱/۱۴)

## الہام

علامہ ملا علی قاری نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ الہام کی تعریف کرتے ہوئے ارقام پذیر ہیں

الالهام لغة الابلاغ وهو علم حق يقذفه الله من الغيب فی قلوب عباده یعنی لغت میں الہام کا معنی ابلاغ (پہنچانا) ہے اور الہام وہ علم حق ہے جس کو اللہ تعالیٰ غیب سے اپنے بندوں کے قلوب میں القاء فرماتا ہے۔ (مرقات ۱/۲۶۴)

❁…… قدوة المتكلمين حضرت علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ الہام کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

والالهام المفسر بالقاء معنى فی القلب بطريق الفيض یعنی بطریق فیض (بلا اکتساب واستفاضہ) قلب میں القائے معنی کو الہام کہا جاتا ہے۔

(شرح عقائد ۲۳ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ)

❁…… ایک مقام پر علامہ تفتازانی قدس سرہٗ العزیز رقمطراز ہیں:

الالهام ما وقع فی القلب من علم وهو يدعوا الى العمل من غير

marfat.com
Marfat.com

یقین نموده آید ارباب عقول ایں معنی را قبول کنند یا نه

کی نسبت یقین کا اطلاق کیا جائے ارباب عقول اس بات کو قبول کریں یا نہ کریں

بلکه البته قبول نه کنند که این مبحث ورائے طور نظر عقل

بلکہ ہرگز قبول نہیں کرینگے کیونکہ یہ مبحث عقل کے انداز

ست عقل ظاہر بیں را جز انکار ازیں مقام نصیبے نیست

نظر سے وراء ہے عقل ظاہر بین کو اس مقام سے سوائے انکار کے کوئی حصہ

حقیقت ایں معامله آنست که یقین کار قلب ست و یقینے

نہیں ہے۔ حقیقت اس معاملہ کی یہ ہے کہ یقین قلب کا کام ہے اور وہ یقین جو

استدلال بایة ولا نظر فی حجة وهو لیس بحجة عندالعلماء الا عند الصوفیین یعنی الہام وہ علم ہے جو قلب میں واقع ہوتا ہے اور کسی عمل (کام) کے کرنے کا محرک ہوتا ہے جو نہ تو کسی آیت سے ثابت ہوتا ہے اور نہ ہی کسی حجت (دلیل) سے۔ الہام علماء کرام کے نزدیک حجت نہیں البتہ صوفیائے عظام کے ہاں حجت ہوتا ہے۔ (شرح عقائد)

## فراست

فاضل اجل حضرت علامہ شریف جرجانی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ فراست کی تعریف کرتے ہوئے یوں رقمطراز ہیں:

الفراسة فی اللغة التثبت والنظر وفی اصطلاح اهل الحقیقة هی مکاشفة الیقین ومعاینة الغیب یعنی لغت میں فراست، تثبت اور نظر کو کہا جاتا ہے جبکہ اہل حقیقت کی اصطلاح میں یقین کے انکشاف اور غیب کے معائنہ

marfat.com
Marfat.com

کہ قلب را مثلاً بوجود آفتاب حاصل میگردد بتوسط حواس

قلب کو مثلاً وجود آفتاب کی بابت حاصل ہوتا ہے حواس کی

ست کہ حکم جواسیس دارند و یقینے کہ بیکے از

وساطت سے ہے جو جاسوسوں کا حکم رکھتے ہیں اور وہ یقین جو مسائل

مسائل کلامیہ قلب را حاصل شدہ است بے توسط احدے

کلامیہ کے کسی ایک مسئلہ کی بابت قلب کو حاصل ہوا ہے

است کہ بطریق الہام از حضرت وہاب جل وعلا بے

بغیر کسی کی وساطت کے ہے جو حضرت وہاب جل و علا سے بطریق الہام

کا نام فراست ہے۔ (کتاب التعریفات ۱۷)

واضح رہے کہ مراتب ولایت میں سے آخری مرتبہ صدیقیت ہے اور مرتبہء صدیقیت پر فائز المرام اولیائے کاملین اور علمائے راسخین کو علوم شرعیہ بذریعہ الہام حاصل ہوتے ہیں جبکہ نبی علیہ السلام کو علوم شرعیہ بذریعہ وحی حاصل ہوتے ہیں۔ صدیق اور نبی علیہ السلام کا فرق طریق حصول میں ہے، ماخذ میں کوئی فرق نہیں۔ دونوں حق تعالیٰ سے ہی حاصل کرتے ہیں لیکن صدیق نبی کی متابعت کی بدولت اس مرتبہ تک پہنچتا ہے۔ نبی اصل ہے اور صدیق اس کی فرع ہے۔

الہام، وحی کے تابع ہے نہ کہ وحی، الہام کے تابع۔ نبی کے علوم قطعی ہوتے ہیں اور صدیق کے علوم ظنی ہوتے ہیں۔ نبی کے علوم دوسرے پر حجت ہوتے ہیں جبکہ صدیق کے علوم دوسروں پر حجت نہیں ہوتے۔

marfat.com

Marfat.com

واسطه تلقی نموده است واخذ فرموده پس یقین اول بمشابه

بلا واسطہ القاء ہوا ہے اور اخذ فرمودہ ہے لہٰذا یقین اول علم الیقین

علم الیقین آمد ویقین ثانی بمثابه عین الیقین شتان ما بینهما

کے مشابہ ہوا اور یقین ثانی بمنزلہ عین الیقین ان دونوں کے درمیان بڑا فرق ہے۔

ع شنیده کے بود مانند دیده

سنا ہوا، دیکھے ہوئے کے برابر کب ہو سکتا ہے......؟

در قافلہ کہ اوست دانم نرسم

ایں بس کہ رسد ز دور بانگ جرسم

الہام سے حاصل شدہ علوم عین الیقین کا فائدہ دیتے ہیں جو کہ علم الیقین سے بالا مرتبہ ہے کیونکہ علم الیقین دلائل سے حاصل ہوتا ہے جبکہ عین الیقین مشاہدہ سے حاصل ہوتا ہے۔

ع شنیدہ کے بود مانند دیدہ

(معارف لدنیہ معرفت ۳۶، مرقات وغیرہا)

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۴۴

چون طالب را بمحض فضل خداوندی جل سلطانہ
جب محض فضل خداوندی جل سلطانہ سے طالب کے

ساحت سینہ او از جمیع مرادات خالی شود وخواستے غیر
سینہ کا میدان تمام مرادوں سے خالی ہو جاتا ہے[1] اور کوئی خواہش

از حق سبحانہ او را نماند دریں وقت آنچہ مقصود از
سوائے حق سبحانہ کے اسے نہیں رہتی اس وقت جو کچھ مقصود ہے

آفرینش اوست میسر شدہ باشد وحقیقت بندگی
اس کی پیدائش سے اسے میسر ہو جاتا ہے وہ بندگی کی حقیقت

[1] زیرنظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرمارہے ہیں کہ جب طالب مولیٰ سالک شیخ کامل مکمل کی توجہات قدسیہ اور عبادت وریاضت کی بدولت ہر قسم کی خواہشات ومرادات سے بےزار اور ماسوی اللہ سے آزاد ہو جاتا ہے تو اسے معرفت خدا نصیب ہو جاتی ہے۔ یہی تخلیق انسانی کا مدعا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون ای لیعرفون سے عیاں ہے بعدازاں اس قسم کے عارف باللہ سے اگر عامۃ الناس کی تعلیم وتربیت اور رشد وہدایت کا کام لینا مقصود ہو تو اسے حریم قدس سے واپس لوٹا دیا جاتا ہے، اس قسم کے

marfat.com
Marfat.com

عارفین کو راجعین کہا جاتا ہے ورنہ اسے قرب وحضور میں ہی رکھا جاتا ہے اس قسم کے سالکین کو مستہلکین کہتے ہیں۔ اگر عرفائے راجعین حضرات نقشبندیہ رضی اللہ عنہم اجمعین کے پروردہ ہوں تو وہ قافلوں کے قافلے حریم یار تک خفیہ رستوں سے پہنچا دیتے ہیں اور پہنچنے والوں کو بھی علم نہیں ہوتا کہ ہم کیسے واصل باللہ ہو گئے سبحان اللہ۔ سلطان العشاق حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہ السامی نے کیا خوب کہا

نقشبنداں عجب قافلہ سالارانند
کہ برم می روند پنہاں قافلہ را

marfat.com
Marfat.com

بجا آورده بعد ازیں اگر خواہند کہ او را برائے تربیت

بجا لا چکا [2] اس کے بعد اگر چاہتے ہیں تو اسے ناقصین کی تربیت

ناقصان باز گردانند از نزد خود ارادتے او را خواہند عطا

کے لئے لوٹا دیتے ہیں اپنی جناب سے اس کو ایک ارادہ عطا

فرمود واختیارے خواہند داد کہ در تصرفات قولی و

فرماتے ہیں اور ایک اختیار عنائت فرماتے ہیں کہ وہ قولی اور فعلی

فعلی مختار ومجاز باشد در رنگ عبد ماذون دریں

تصرفات میں صاحب اختیار اور اجازت یافتہ ہوتا ہے اذن یافتہ غلام کی طرح

[2] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز راجعین اہل اللہ کا تذکرہ فرمارہے ہیں کہ جب انہیں نبوت ورسالت کی خلافت ونیابت پر متمکن فرمایا جاتا ہے تو انہیں متصف بصفات اللہ اور متخلق باخلاق اللہ کرنے کے ساتھ ساتھ بارگاہ قدس جل سلطانہ کی طرف سے ایسا ارادہ واختیار عطا فرمایا جاتا ہے جیسے عبد ماذون اور بندۂ مرزوق اپنے آقا کے جملہ امور میں مختار ومجاز وماذون ہوتا ہے۔ بنابریں ان صوفیاء کرام کی گفتگو لوگوں کے دل ودماغ میں انقلاب برپا کردیتی ہے اور ان کی سیرت وکردار لوگوں کیلئے باعث متابعت ہوتی ہے۔ یہ بقاباللہ کا مرتبہ ہے جس پر فائز المرام صوفی ولی گر ہوتا ہے۔ اس قسم کے صوفی کو شیخ کامل مکمل کہا جاتا ہے جس کی توجہات قدسیہ اور فرمودات عالیہ کی بدولت عامۃ الناس امراض قلبیہ، علل معنویہ اور محبت ماسوا سے نجات حاصل کرتے ہیں غرضیکہ اس کا کلام دوا، نگاہ شفا اور توجہ اکسیر ہوتی ہے۔ بقول شاعر

marfat.com
Marfat.com

آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند
آیا بود کہ گوشہء چشمے بما کنند
درمس قلب من اے مظہر حق کن نظری
زانکہ اکسیر اثر نرگس شہلا داری

جب کسی طالب حق اور مرید صادق کو اس قسم کے شیخ کامل مکمل کی توجہات قدسیہ میسر ہو جاتی ہیں تو وہ ابنائے جنس سے بے نیاز اور ممتاز ہو جاتا ہے۔ بقول شاعر

یک نظر کن تا کہ مستغنی شوم از ابنائے جنس
سگ چو شد منظور نجم الدین سگاں را سرور است

marfat.com
Marfat.com

مقام کہ مقام تخلق باخلاق اللہ است صاحب ارادہ

اس مقام میں جو تخلق باخلاق اللہ کا مقام ہے [۳] صاحب ارادہ

ہر چہ خواہد برائے دیگراں خواہد خواست ومصالح

جو کچھ چاہتا ہے دوسروں کے لئے چاہتا ہے اور دوسروں

دیگراں منظور خواہد داشت نہ مصالح نفس خود کما

کی مصلحتیں اس کے مدنظر ہوتی ہیں نہ کہ اپنے نفس کی مصلحتیں جیسا کہ

ھو حال ارادۃ الواجب تعالیٰ بل للہ المثل الاعلیٰ ولازم نیست

واجب تعالیٰ کے ارادہ کا حال ہے بلکہ بلند ترین مثال اللہ کے لئے ہے اور یہ ضروری

بلکہ جائز نیست کہ ایں صاحب ارادہ ہر چہ خواہد

نہیں بلکہ جائز بھی نہیں ہے کہ یہ صاحب ارادہ جو کچھ چاہے وہ

---

۳ یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرما رہے ہیں کہ جب کوئی صوفی مختار و ماذون اور مامور من اللہ کے مرتبہ پر فائز ہو جاتا ہے تو وہ ذاتی مفادات اور نفسانی خواہشات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے شب و روز امت محمدیہ اور ملت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی فلاح و بہبود میں ہی کوشاں رہتا ہے گویا کہ وہ حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم کا شاندار مظہر ہوتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

بوقوع آید که شرك ست و بندگی آنرا برنتابد حضرت حق

وقوع میں آئے کیونکہ یہ شرک ہے[4] بندگی اس کو برداشت نہیں کرسکتی حضرت حق

سبحانه وتعالیٰ حبیب خود را علیه وعلیٰ آله الصلوٰة والسلام

سبحانہ و تعالیٰ اپنے حبیب آپ پر اور آپ کی آل پر درود و سلام ہو کو

می فرماید "انک لا تهدی من احببت ہر گاہ ارادت سید

فرماتا ہے انک لا تھدی من احببت جب سیدالبشر صلی اللہ علیہ وسلم

[4] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ایک اہم امر کی وضاحت فرمارہے ہیں، وہ یہ کہ ماموز من اللہ صاحب ارادہ صوفی کا ہر ارادہ قابل وقوع نہیں ہوا کرتا تاکہ بندہ اور خالق کے درمیان حد فاصل قائم رہے اور حق تعالیٰ کے ساتھ بندوں کا کسی قسم کا اشتراک والتباس نہ ہو۔ جب سید المرسلین حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ توقف میں پڑسکتا ہے تو دیگر صاحبان ارادہ کی وہاں کیا مجال ہے جیسا کہ آیہ کریمہ انك لا تهدی من احببت ولكن الله يهدی من يشآء سے واضح ہے۔

واضح رہے کہ انك لا تهدی من احببت میں توفیق وتخلیق ہدایت کا بیان ہے جبکہ آیہ کریمہ انك لتهدی الی صراط مستقیم میں تقسیم وتبلیغ ہدایت کا بیان ہے۔ ہدایت کی توفیق وتخلیق کرنا خالق حقیقی کا کام ہے جبکہ تقسیم وتبلیغ ہدایت پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منجانب اللہ مامور ہیں جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات انما انا قاسم والله يعطی (بخاری) سے عیاں ہے۔ بقول شاعر

اس نے پھیرا دل، تو اس نے دعوت اسلام دی
وہ خدا اور یہ نبی تدبیر ہے دونوں کی ایک

marfat.com
Marfat.com

البشر در توقف افتد دیگر اں را چه مجال وایضاً لازم

کا ارادہ توقف میں پڑ سکتا ہے تو دوسروں کی وہاں کیا مجال نیز یہ

نیست که جمیع مرادات ایں صاحب ارادت مرضی حق

ضروری نہیں ہے کہ صاحب ارادہ کی تمام مرادیں حق تعالیٰ و تقدس کی مرضی

باشند تعالیٰ وتقدس والا بربعضے افعال واقوال آں

کے مطابق ہوں ؎ ورنہ آنسرور آپ پر اور آپ کی آل پر

سرور علیه وعلی اله الصلوات والتسلیمات اعتراض از

درود اور سلامتیاں ہوں کے بعض افعال اور اقوال پر حق سبحانہ کی

؎ یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ صاحب ارادہ عارف کی تمام مرادات حق تعالیٰ کی مرضی کے مطابق ہونا بھی ضروری نہیں یعنی بعض اوقات اس کے افعال مکتسبہ رضائے حق کے خلاف بھی ہوجاتے ہیں اور اس پر بارگاہ قدس جل سلطانہ کی طرف سے عفوودرگذر کے مژدے بھی ملتے ہیں جیسا کہ غزوہ بدر کے موقعہ پر اسیران بدر کو قید کرنے پر اعتراض ہونے اور غزوۂ تبوک کے موقعہ پر منافقین کو اجازت دینے پر عفوودرگذر کا اظہار ہونا آیات کریمہ سے ثابت ہے جیسا کہ ماکان لنبی ان یکون له اسریٰ حتّٰی یثخن فی الارض تریدون عرض الدنیا (انفال) اور عفااللّٰہ عنك لم اذنت لھم سے عیاں ہے۔

واضح رہے کہ آیہ کریمہ ماکان لنبی ...الخ میں بظاہر عتاب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف متوجہ ہے لیکن درحقیقت اس سے وہ عام مجاہدین (نومسلم) مراد ہیں جنہوں نے مال دنیوی کے طمع میں اخذ فدیہ کا مشورہ دیا تھا جیسا کہ حضرت علامہ

marfat.com
Marfat.com

قرطبی مالکی رحمۃ اللہ علیہ زیر نظر آیت مبارکہ کی تفسیر کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں
والنبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم لم یامر باستبقاء الرجال وقت الحرب
ولا اراد قط عرض الدنیا وانما فعلہ جمھور مباشری الحرب
فالتوبیخ والعتاب انما کان متوجھا بسبب من اشار علی النبی باخذ
الفدیة ھذا قول اکثر المفسرین وھو الذی لا یصح غیرہ (تفسیر قرطبی)

حضرت علامہ قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ اس سلسلہ میں ارشاد فرماتے ہیں کہ اسیران بدر کے متعلق مجاہدین اسلام سے طلب مشورہ کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اختیار دے دیا تھا جیسا کہ تفسیر بیضاوی کے الفاظ فخیّر اصحابہ فاخذوا الفداء سے ثابت ہے۔ (تفسیر بیضاوی)

علاوہ ازیں علامہ بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت مبارکہ کے ضمن میں تحریر فرماتے ہیں ما کان لنبی ......الخ الایة دلیل علی ان الانبیاء یجتھدون وقد یکون خطاء ولکن لا یقرون علیہ یعنی یہ آیت کریمہ اس امر پر دلیل ہے کہ انبیائے کرام علیہم الصلوات اجتہاد فرماتے ہیں اور وہ کبھی خطا بھی ہو سکتا ہے لیکن اس پر ان کا قرار نہیں ہوتا۔

حضرت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ آیہ کریمہ وشاورھم فی الامر (نساء۱۵۹) کی تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں:

انہ کان ماموراً بالاجتھاد اذالم ینزل علیہ الوحی والاجتھاد یتقوی بالمناظرة والمباحثة فلھذا کان ماموراً بالمشاورة وقد شاورھم یوم بدر فی الاساری وکان من امور الدین یعنی جس معاملہ میں وحی نازل نہ ہو اس میں آپ اجتہاد کرنے پر مامور تھے اور اجتہاد مناظرہ ومباحثہ سے قوی ہوتا ہے فلہذا آپ مشاورت پر مامور تھے اور آپ نے اسیران بدر کے متعلق صحابہ

marfat.com
Marfat.com

کرام رضی اللہ عنہم سے مشورہ طلب فرمایا جو کہ ایک دینی معاملہ تھا۔ (تفسیر کبیر)

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس سلسلہ میں رقمطراز ہیں:

واصحاب کرام در امور عقلیه واحکام اجتهادیه مجال اختلاف ومساغ خلاف داشتند (رد روافض ۱۷)

حضرت علامہ محمود آلوسی مجددی رحمۃ اللہ علیہ آیہ کریمہ عفا الله عنك لم اذنت لهم (التوبہ ۴۳) کی تفسیر میں رقمطراز ہیں:

واستدل بها جمع على انه له صلى اللّٰه عليه وسلم اجتهاداً وانه قد يناله منه اجر واحد یعنی اس آیت کریمہ سے علماء کی ایک جماعت نے استدلال فرمایا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اجتہاد فرماتے تھے اور خطائے اجتہادی کی صورت میں آپ کو اجتہاد پر ایک اجر ملتا۔ (تفسیر روح المعانی)

حضرت علامہ ملا علی قاری احراری رحمۃ اللہ علیہ (حدیث انما انا بشر انه یاتینی الخصم الخ) کی شرح میں لکھتے ہیں:

وفيه دليل على جواز الخطاء في الاحكام الجزئية وان لم يجز في القواعد الشرعيه الى قوله و قد اتفق الاصوليون على انه صلى اللّٰه عليه وسلم لا يقر على خطاء في الاحكام یعنی اس حدیث مبارکہ میں اس بات پر دلیل ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے احکام جزئیہ میں خطا کا واقع ہونا جائز ہے جبکہ قواعد شرعیہ میں خطاء کا ہونا ممکن نہیں اور علمائے اصولیین اس بات پر متفق ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم احکام میں خطا پر برقرار نہیں رہتے تھے۔

(مرقات شرح مشکوۃ ج ۷ ۲۵۲ مکتبہ امدادیہ ملتان)

شارح بخاری حضرت حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ بالا حدیث کی شرح میں تحریر فرماتے ہیں:

marfat.com
Marfat.com

لو وقع لم يقر عليه صلى الله عليه وسلم لثبوت عصمته یعنی اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دوران اجتہاد خطاء واقع ہو جائے تو آپ اس پر ثبوت عصمت کی بنا پر برقرار نہیں رہتے تھے۔ (فتح الباری ۱۳/۲/۷۲)

مذکورۃ الصدر بحث کا ماحصل یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم احکام میں اجتہاد پر من جانب اللہ مامور تھے اور اجتہاد میں بحث ومباحثہ سے نکھار اور قوت پیدا ہوتی ہے اور بعض اوقات دوران اجتہاد احکام جزئیہ میں خطا بھی ہو سکتی ہے لیکن عصمت نبوت علیٰ صاحبہا الصلوات کی بناء پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس خطا پر برقرار نہیں رہتے۔ البتہ خطائے اجتہادی پر ایک درجہ ثواب بھی عطا ہوتا ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات سے ثابت ہے تاہم محققین کا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے خطائے اجتہادی کے عدم جواز کا قول بھی ملتا ہے۔ فذهب المحققون الى انه لم يكن جائزا (شرح مسلم للنووی ۱/۴۶)

حضرت علامہ ابوالمنتہیٰ احمد حنفی رحمۃ اللہ علیہ فقہ اکبر کے جملہ "وقد كانت منهم زلات وخطايا" کی شرح میں لکھتے ہیں کہ

حضرت امام عمر نسفی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر ائمہ سمرقند میں فرماتے ہیں: **لا يطلقون اسم الزلة على افعال الانبياء عليهم الصلوٰة والسلام لانها نوع ذنب** ...... الخ یعنی افعال انبیاء علیہم الصلوات پر اسم زلت کا اطلاق نہیں کرنا چاہئے کیونکہ زلت، ذنب کی ایک نوع ہے اور کہتے ہیں کہ انہوں نے فاضل کا اکتساب کیا مگر افضل کو ترک کر دیا" بنابریں ان پر عتاب ہوا کیونکہ انبیائے کرام علیہم الصلوات کا ترک افضل، غیر انبیاء کے ترک واجب کے بمنزلہ ہے۔ بعض نے انبیائے کرام اور اولیائے عظام علیہم الصلوات کی زلت کو قربت الی اللہ کا سبب بھی کہا ہے۔

(شرح فقہ اکبر ۲۱ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی)

marfat.com
Marfat.com

یہ امر مستحضر رہے کہ غزوہ تبوک بعد مسافت اور قلت ساز وسامان وغیرہا کی وجہ سے نہایت دشوار اور مشکل تھا۔ منافقین نے بارگاہ رسالت علیٰ صاحبہا الصلوات میں حاضر ہوکر شرکت جہاد سے قبل ہی پیشگی معذرت کی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی کریم النفسی کے باعث انہیں جہاد میں شریک نہ ہونے کی اجازت مرحمت فرمادی حالانکہ حقیقت یہ تھی کہ اگر انہیں رخصت نہ بھی دی جاتی تو بھی وہ شرکت مہم سے انکار کردیتے۔ مناسب یہی تھا کہ ان کے جھوٹے حیلوں، بہانوں اور معذرتوں کو ٹھکرا دیا جاتا تاکہ جب وہ پیچھے رہ جاتے تو ان کی منافقت سب پر آشکارا ہو جاتی اور وہ بری طرح ذلیل ورسوا ہوتے۔ اسی لئے حق تعالیٰ جل سلطانہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کر کے ارشاد فرمایا عفا اللّٰہ عنك لم اذنت لهم حتى يتبين لك الذين صدقوا و تعلم الكاذبين (توبہ ۴۳)

آیت بالا میں اجازت ورخصت کے متعلق تنبیہ سے قبل عفا اللّٰہ عنک کا کلمہ اس لئے فرمایا تاکہ قلب محبوب صلی اللہ علیہ وسلم میں لم اذنت لهم الخ کے متعلق کسی قسم کا قلق وملال نہ رہے بلکہ بقول امام رازی رحمۃ اللہ علیہ یہ تو محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر میں مبالغہ کا اظہار ہے ان ذالك يدل على مبالغة الله في تعظيمه و توقيره (تفسیر کبیر)

واضح رہے کہ عتاب کا لفظ قرآن مجید میں کہیں وارد نہیں ہوا البتہ احادیث مبارکہ میں آیا ہے عتب اللّٰہ علیہ یعنی اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر عتاب فرمایا۔ (بخاری ۱ ۲۳) اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کی آمد پر فرمایا مرحباً بمن عاتبني فيه ربي (مظہری ۱ ۱۹۷)

عتاب کا مبنیٰ مودت ومحبت ہے۔ اہل لغت نے عتاب کے معنی مخاطبة الادلال یعنی محبوب کی لاپروائی یا بے توجہی پر محبت بھری خفگی کا اظہار لکھے ہیں نیز

marfat.com
Marfat.com

صاحب تاج العروس نے اس معنی پر بطور استشہاد درج ذیل دو شعر نقل فرمائے ہیں۔

اعاتب ذا المودّة من صدیق　　　اذا ما رابنی منہ اجتناب

اذا ذھب العتاب فلیس ود　　　ویبقی الود مابقی العتاب

یعنی مودت والے دوست کے ساتھ میں عتاب سے پیش آتا ہوں جب مجھے اس کی کنارہ کشی کا اندیشہ ہو۔ جب عتاب گیا تو محبت بھی نہ رہی کہ مودت اسی وقت تک رہتی ہے جب تک عتاب باقی رہے۔

یعنی عتاب سے پیش آنا محبت کی علامت ہے مزید برآں اردو، فارسی لغت کی کتابوں میں لفظ عتاب کے معنی ''ناز کرنا'' بھی لکھے ہیں اور انہی کتابوں میں ناز کے معنی لاڈ پیار، اخلاص، محبت، پیار کی بات، پیار کی ادا بھی مرقوم ہیں۔ اسی مفہوم میں ذوق کا حسب ذیل شعر بھی منقول ہے

سنتے ہیں اس کو چھیڑ چھیڑ کے ہم
کس مزے سے عتاب کی باتیں

(ماخوذ از التبیان مع البیان)

ردروافض مترجم کے تحشیہ میں تحریر ہے کہ

یہاں (صفحہ ۱۳۰) پر عتاب کا لفظ ان معنوں میں نہیں جو دوسروں کیلئے مستعمل ہیں۔ اس عتاب میں محبت کے ہزاروں باب ہیں اور اس جلال میں عنایت کے لاکھوں جمال ہیں۔ محبوب کی یہ وہ جفا ہے جو بقول مجدد، وفا سے زیادہ لذت بخش ہے۔

(رسائل مجدد الف ثانی ۱۶۶ مطبوعہ قادری رضوی کتب خانہ لاہور)

کسی اردو شاعر نے توبیخ وعتاب کے متعلق خوب کہا ہے

قہر و عتاب میں بھی تو رحمت ہے مستتر
یہ نکتہ کب خیال میں ناقص کے آسکے

marfat.com
Marfat.com

حق سبحانه نازل نمی شد **کما قال سبحانہ ما کان لنبی الخ**

طرف سے اعتراض نازل نہ ہوتا جیسا ما کان النبی الخ کہ اس سبحانہ نے فرمایا

وعفو از ان گنجائش نداشت **کماقال تعالیٰ عفااللّٰہ عنک**

اور اس سے عفو کی گنجائش نہ ہوتی جیسا کہ اس تعالیٰ نے فرمایا اللہ نے آپ کو معاف فرمادیا

چه عفو در تقصیرات متصورست باآنکه جمیع مرادات حق

کیونکہ عفو تقصیرات میں متصور ہے [۱] اس کے ساتھ ہی حق

**جل وعلا** مرضیات حق سبحانه نیستند **کالکفر والمعاصی**

جل وعلا کی تمام مرادیں، حق سبحانہ کی مرضیات نہیں ہوتیں جیسا کہ کفر اور معاصی

[۱] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اس امر کی وضاحت فرمار ہے ہیں کہ وہ امور جو حق تعالیٰ کی مشیت وارادہ سے تعلق رکھتے ہیں ان جملہ امور کا رضائے حق تعالیٰ کے مطابق ہونا ضروری نہیں جیسے کفر و معاصی۔ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ افعال عباد (خیر وشر) حق تعالیٰ کے اذن وارادہ ومشیت سے تعلق رکھتے ہیں وگرنہ نہ تو ان افعال کا وجود ممکن ہوتا اور نہ ہی بندوں سے ان افعال کا صدور ہوتا لیکن اس سے یہ ہرگز لازم نہیں آتا کہ جن امور سے حق تعالیٰ کا ارادہ ومشیت متعلق ہوجائے وہ امور حق تعالیٰ کی مرضیات وپسندیدہ بھی ہوں جیسے طاعت وایمان اور کفر وعصیان، حق تعالیٰ کے ارادہ کے تحت ہیں مگر ایمان وطاعت حق تعالیٰ سبحانہ کو پسند ہیں اور کفر ومعاصی اسے پسند نہیں جیسا کہ آیہ کریمہ لا یرضٰی لعبادہ الکفر (الزمر:۷) سے عیاں ہے۔ فلہذا معلوم ہوگیا کہ جب خود حق تعالیٰ سبحانہ کا ارادہ ومشیت اس کی مرضیات کے خلاف ہوسکتا ہے تو صاحب ارادہ بندوں کا ارادہ بھی رضائے حق تعالیٰ سبحانہ کے خلاف ہوسکتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۴۵

امام من دریں کار کلام اللہ است وپیرمن دریں امر قرآن

میرا امام اس کام میں کلام اللہ ہے[1] اور میرا پیر اس امر میں قرآن مجید

مجید اگر ہدایت قرآن نمی بود راہے بجانب عبادت

اگر قرآن کی ہدایت نہ ہوتی کوئی راہ معبود برحق کی

معبود بحق نمی کشود دریں راہ ہر لطیف والطف ندائے

عبادت کی جانب نہ کھلتی اس راہ میں ہر لطیف اور الطف چیز

''انا اللہ'' می زند وروندۂ راہ را گرفتار پرستش خود

انا اللہ کی ندا لگاتی ہے اور راہ چلنے والے (سالک) کو اپنی پرستش میں گرفتار

[1] اس منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز تحدیث نعمت کے طور پر ارشاد فرمارہے ہیں کہ دوران سلوک قدم قدم پر میری رہنمائی قرآن مجید کرتا رہا ہے۔ دراصل تقویٰ شعار اور محبت ماسوا سے بیزار سالکین کی رہنمائی، محض فضل ایزدی سے قرآن مجید ہی کرتا ہے جیسا کہ آیات کریمہ ھدی للمتقین اور ان ھذا القرآن یھدی للتی ھی اقوم (بنی اسرائیل ۹) سے عیاں ہے ورنہ

دریں ورطہ کشتی فرو شد ہزار
کہ پیدا نشد تختۂ بر کنار

marfat.com
Marfat.com

مـی سـازد اگـرچـون سـت خـود را بصورت بیچونی وا می

کرلیتی ہے اگر چون ہے تو خود کو بے چونی کی صورت میں ظاہر

نماید واگر تشبیہہ است خود را بہیئت تنزیہہ جلوہ گرمی

کرتا ہے اور اگر تشبیہہ ہے تو خود کو ہیئت تنزیہہ میں جلوہ گر کرتی ہے

گرداند درین جا امکان بوجوب ممتزج است وحدوث

یہاں امکان ، وجوب کے ساتھ ملا ہوا ہے اور حدوث

بقدم مختلط اگر باطل است بصورت حق ہویدا ست

قدم کے ساتھ خلط ملط اگر باطل ہے تو حق کی صورت میں ہویدا ہے

واگر ضلالت است بشکل ہدایت پیدا بیچارہ سالك

اور اگر گمراہی ہے تو ہدایت کی شکل میں ظاہر۔ بے چارہ سالک

حکم مسافر اعمیٰ دارد کہ بہر یکے "ھذا ربی" گویان

اندھے مسافر کا حکم رکھتا ہے[2] ہر ایک کی طرف ھذا ربی کہتا ہوا متوجہ ہوتا ہے۔

رو می آرد حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ خود را بہ خالق

حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ اپنی خالق السموات و الارض کے

[2] سالکین راہ طریقت جس پچاس ہزار سالہ رستہ کو طے کرنے کے در پے ہوتے ہیں وہ غیب الغیب ہونے کی بنا پر نہایت پیچیدہ، بہت پوشیدہ، چون بے چون، تشبیہہ، تنزیہہ، امکان، وجوب اور حدوث، قدم کے ساتھ اختلاط والتباس رکھنے کی وجہ سے انہیں ہر طرف سے انا اللہ کی صدائیں آتی ہیں۔ بقول عارف کھڑی

marfat.com
Marfat.com

السموات والارض " می ستاید " ورب المشرق والمغرب "

ساتھ ستائش کرتا ہے اور رب المشرق و المغرب فرماتا ہے

می فرماید ودروقت عروج چوں ایں صفات را بر آلهه

اور عروج کے وقت میں جب ان صفات کو خیالی معبودوں

متخیله عرض نموده شد بے اختیار اِبا نمود و رو بزوال

پر پیش کیا گیا تو بے اختیار انکار کیا اور سب زوال پذیر ہو گئے

آوردند لاجرم لااحب الأفلین گویان رو از ہمہ تافت وقبله

لامحالہ لااحب الآفلین کہتے ہوئے تمام سے رخ پھر لیا اور توجہ کا قبلہ

توجه جز ذات واجب الوجود نساخت الحمد لله الذی

سوائے ذات واجب الوجود کے کسی کو نہ بنایا۔ تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جس نے

هدانا لهذا وما كنا لنهتدی لولا ان هدانا الله لقد جاء ت

ہمیں اس کی ہدایت فرمائی اور ہم ہدایت نہیں پا سکتے تھے اگر اللہ ہماری رہنمائی نہ فرماتا

رسل ربنا بالحق

البتہ تحقیق ہمارے پروردگار کے رسول حق کے ساتھ تشریف لائے

ع میں اَنا تلکن رستہ دھکے دیون والے بہتے

کے مصداق بیچارہ سالک ھذا ربی کہتا ہوا ادھر ادھر متوجہ ہوتا ہے مگر لا احب الافلین کا نعرۂ مستانہ لگاتا ہوا شہب شوق پر سوار ہر ما سویٰ سے روگردانی کرتا ہوا صفات باری تعالیٰ کی طرف بھی متوجہ نہیں ہوتا بلکہ ذات حق تعالیٰ سبحانہ کو ہی اپنا قبلہ،

marfat.com
Marfat.com

توجہ بنا تا ہے اور اس پر یہ حقیقت عیاں ہو جاتی ہے کہ ہر ما سوئی، خالق نہیں مخلوق ہے، رب نہیں مربوب ہے جیسا کہ آیات کریمہ خالق السموات والارض اور رب المشرق والمغرب سے واضح ہے۔

یہ امر ذہن نشین رہے کہ اولوالعزم انبیائے کرام علیہم الصلوات کے سردار حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اس لئے آپ کے زیر قدم محمدی المشرب سالکین بھی اولوالعزم اور کامل الاستعداد ہوتے ہیں۔ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز محمدی المشرب عارف ہونے کی بنا پر اولوالعزم اور بلند ہمت ہیں اس لئے آپ سالکین طریقت مجددیہ کو اولوالعزمی اور بلند ہمتی کی ہی تلقین وتاکید فرماتے ہیں۔ بقول اقبال مرحوم

مرد مؤمن در نسازد باصفات
مصطفیٰ راضی نشد الا بذات

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۴۶

ما چہار کس بودیم درملازمت خواجہ خود کہ پیش

ہم چار افراد اپنے خواجہ کی ملازمت میں تھے[1] کہ لوگوں کی

مردم درمیان سائر یاران امتیاز داشتیم ہر کدام ما را

نگاہوں میں تمام یارانِ (طریقت) کے درمیان ہم امتیاز رکھتے تھے ہم میں

نسبت بحضرت خواجہ اعتقاد علیحدہ بود ومعاملہ جدا

ہر کسی کا حضرت خواجہ کی نسبت اعتقاد علیحدہ تھا اور معاملہ جدا

ایں فقیر بہ یقین می دانست کہ مثل ایں صحبت و

یہ فقیر یقین کے ساتھ جانتا تھا کہ اس قسم کی صحبت و

اجتماع ومانند ایں تربیت وارشاد بعد از زمان آں سرور

اجتماع اور اس طرح کی تربیت و ارشاد آنسرور (آپ پر اور آپ کی

علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات ہرگز بوجود نیامدہ

آل پر صلوات و تسلیمات ہوں) کے زمانہ کے بعد سے ہرگز وجود میں

[1] اس منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اپنے سمیت دیگر چند برادران طریقت کی خواجہ بیرنگ شیخ المشائخ حضرت خواجہ محمد باقی باللہ احراری دہلوی قدس سرہٗ العزیز کے ساتھ ارادت وعقیدت کے تجزیہ کا تذکرہ فرمارہے ہیں جو حضرت خواجہ

marfat.com
Marfat.com

است وشکر این نعمت بجا می آورد کہ اگرچہ بشرف
نہیں آئی اس نعمت کا شکر بجا لاتا تھا کہ اگرچہ خیر البشر
صحبت خیر البشر علیہ وعلی الہ الصلوۃ والسلام مشرف
(آپ پر اور آپ کی آل پر صلوٰۃ و سلام ہو) کی صحبت کے شرف
نشد بارے از سعادت ایں صحبت محروم نماند، وحضرت
سے مشرف نہیں ہوا تاہم اس صحبت کی سعادت سے محروم نہیں رہا ہمارے
خواجہ ما از احوال آں سہ دیگر چنیں می فرمودند کہ
حضرت خواجہ ان دوسرے تین کے احوال کے متعلق یوں فرمایا کرتے تھے
فلانے مراصاحب تکمیل می داند، اما صاحب ارشاد
کہ فلاں شخص مجھے صاحب تکمیل جانتا ہے لیکن صاحب ارشاد
نمی پندارد ونزد او مرتبہ ارشاد زیادہ از تکمیل بودہ و
نہیں سمجھتا اسکے نزدیک ارشاد کا مرتبہ تکمیل سے زیادہ ہے اور فلاں ہمارے

بیرنگ نے بیان فرمایا تھا۔

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کو تو اپنے شیخ کے مقام ومرتبہ کے متعلق کامل یقین تھا اسی یقین کامل، حسن عقیدت اور غایت محبت کی بدولت آپ نے اپنے شیخ کے جملہ کمالات وفیوضات وبرکات کو جذب فرمالیا کہ نسبت صدیقیہ، یادداشت، تجلی ذاتی دائمی اور وصل عریانی کے مرتبہ پر فائز المرام ہوئے کیونکہ یہ مقامات ومدارج شیخ کامل مکمل کی توجہات قدسیہ اور صحبت وزیارت کے بغیر حاصل نہیں ہوتے۔ چونکہ طریقت نقشبندیہ میں حصول فیض شیخ کامل کی صحبت وزیارت پر موقوف ہے اس لئے

marfat.com
Marfat.com

فلانے بما کارے ندارد وآں دیگر را می فرمود ندکہ نسبت
ساتھ کوئی سروکار نہیں رکھتا اور اس تیسرے کی نسبت
بمـا انکاردارد و ہر کدام ما را باندازۂ اعتقاد بہرۂ رسید
فرماتے تھے کہ وہ ہماری نسبت انکار رکھتا ہے اور ہم میں ہر کسی کو اعتقاد کے اندازہ

سالکین طریقت نقشبندیہ اسکا خصوصی اہتمام فرماتے ہیں کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کی برکت سے پہلی مرتبہ ہی وہ کچھ حاصل ہو جاتا جو دیگر حضرات کو انتہاء میں بھی حاصل نہیں ہوتا۔ بنابریں طریقت نقشبندیہ کو بعینہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا طریقہ کہا جاتا ہے۔

چونکہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز حضرت خواجہبیر نگ کی بدولت، ان کے جملہ فیوض وبرکات کے حامل ہوگئے اس لئے آپ ہی قیامت تک ان فیوضات کے امین اور قسیم ہیں، وارثِ کمالات محمدیہ حضرت امام مہدی موعود رضی اللہ عنہ کو بھی نسبت صدیقیہ آپ کی وساطت سے ہی پہنچے گی اور پھر وہ اسی نسبت کی تکمیل وتتمیم فرمائیں گے۔

marfat.com
Marfat.com

باید دانست که اعتقاد مرید با فضیلت پیر واکملیت او

کے موافق حصہ ملا جاننا چاہئے [1] کہ پیر کی افضلیت اور اس کی اکملیت

از ثمرات محبت است واز نتائج مناسبت که سبب

کے بارے میں مرید کا اعتقاد محبت کے ثمرات سے ہے اور مناسبت کے نتائج

افادہ واستفادہ است اما باید که پیر را بر جماعه که

سے جو افادہ اور استفادہ کا سبب ہے لیکن چاہئے کہ پیر کو اس جماعت

[1] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز ارشاد فرمار ہے ہیں کہ مرید کے قلب میں اپنے شیخ کی محبت ومودت جس قدر زیادہ ہوگی اسی قدر اس کا اپنے شیخ کی افضلیت واکملیت کے متعلق اعتقاد پختہ ہوتا جائے گا کیونکہ یہ اعتقاد محبت کے ثمرات ونتائج میں سے ہوتا ہے۔ اپنے شیخ کے ساتھ غایت محبت اور فرط عقیدت کی بنا پر مرید اپنے شیخ کے جمیع کمالات وفیوضات کا مظہر بن جاتا ہے علاوہ ازیں مرید کیلئے اپنا شیخ ہی فضل وفتوحات کے باب وا ہونے کا واحد ذریعہ ہوتا ہے۔ فرط محبت کی وجہ سے ہی وہ فنافی الشیخ کے مرتبہ پر فائز المرام ہوتا ہے جو فنافی اللہ اور حصول ولایت کا پہلا زینہ ہے، نیز فرط عقیدت سے ہی مرید کا ارتکاز توجہ پختہ ہوتا ہے اور قبلہ توجہ کیلئے وحدت شرط ہے جو سالک ومرید کو محبت شیخ سے ہی نصیب ہوتی ہے۔ اس لئے سالک کو چاہئے کہ ہر کہ یکجا ہمہ جا وہر کہ ہمہ جا ہیچ جا اوریک در گیر محکم گیر کے مصداق توجہ کو کلیۃً شیخ کی طرف مرکوز رکھنا چاہئے۔ عارف کھڑی میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو یوں بیان فرمایا ہے

دلبر دے دروازے اتے محکم لائیے جھوکاں
نویں نویں ناں یار بنائیے وانگ کمینیاں لوکاں

marfat.com
Marfat.com

قدوۃ الاخیار حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ العزیز مرید کے قبلہ توجہ کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں:

مرید وہ ہے کہ آتش ارادت سے اس کی ضروریات بھسم ہو جائیں اور اس کے مقاصد میں سے کچھ بھی باقی نہ رہے، وہ اپنی بصیرت قلبی سے پیر کے آئینہ میں جمال مراد کا مشاہدہ کرے، دیگر تمام قلوب سے اپنا منہ پھیر لے، اس کا قبلہ جمال شیخ ہو اور وہ پیر کی خدمت کیلئے آزادی سے فارغ ہو گیا ہو، وہ اپنا سر نیاز پیر کے آستانے کے سوا اور کہیں نہ جھکائے، اس نے نیستی کا خط اپنے وجود کی پیشانی پر کھینچ دیا ہو اور اپنے شیخ کے غیر کے وجود کے تفرضہ کا شعور اس میں باقی نہ رہا ہو۔

آن کس کہ در سرائے نگاریست فارغ است
از باغ و بوستان و تماشائے لالہ زار

فارغ ہے سب سے باریاب حریم یار
ہو باغ و بوستان کہ تماشائے لالہ زار

(نفحات الانس)

marfat.com
Marfat.com

فضل آنہا در شرع مقرراست فضل ندہد کہ موجب

پر جن کی فضیلت شرع میں مقرر ہے فضیلت نہ دے [3] کیونکہ یہ

افراط ست درمحبت وآں مذموم است شیعہ را

افراط کا موجب ہے محبت میں اور یہ مذموم ہے۔ شیعہ کی خرابی

خرابی از افراط محبت اہل بیت آمدہ ونصاری از افراط

اہل بیت کی محبت کے افراط سے ہوئی اور نصاریٰ نے افراط

محبت حضرت عیسیٰ را علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام

محبت سے حضرت عیسیٰ (ہمارے نبی اور ان پر درود و سلام ہو) کو

[3] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز آداب طریقت سکھاتے ہوئے شریعت مطہرہ کا ایک اصول بیان فرمارہے ہیں کیونکہ آپ کے نزدیک طریقت، شریعت کی خادم ہے......وہ اصول اورادب یہ ہے کہ جن بزرگان دین کی فضیلت وعظمت پر شریعت مطہرہ دال ہے، ان پر اپنے شیخ کو فضیلت دینا سالکین طریقت کے لئے روانہیں۔ اس سلسلہ میں خطیب الاسلام صاحبزادہ پیر سید فیض الحسن شاہ قدس سرہٗ العزیز وارثِ مسند آلومہار شریف ضلع سیالکوٹ پاکستان کا ایک ارشاد گرامی ملاحظہ ہو!

حضرت خطیب الاسلام نے قطب اوحد حضرت باواجی خواجہ نور محمد قدس سرہٗ العزیز کے آستانہ عالیہ چورہ شریف ضلع اٹک پر سالانہ عرس پاک کے موقع پر علماء و مشائخ کی موجودگی میں ببانگ دہل خطاب کرتے ہوئے فرمایا

میں بطور تحدی یہ اعلان کرتا ہوں کہ جاؤ دنیا کے علماء کو بتادو کہ وہ اولیاء کرام جن کی ولایت نص سے ثابت ہے ان کو چھوڑ کر تمام اولیاء کے امام میرے آقا مجدد الف

marfat.com
Marfat.com

ثانی قدس سرہُ العزیز ہیں۔

غرضیکہ پاس شریعت اور آداب طریقت ہر دو کا ملحوظ خاطر ہونا ازبس لازم ہے تاکہ سالکین افراط وتفریط سے بچ کر رہ اعتدال پر گامزن رہیں ورنہ اپنے شیخ طریقت کی مطلقاً فضیلت کا قول کرنا قابل مذمت اور باعث ضلالت ہوتا ہے جیسا کہ فرقہ ضالہ رافضیہ اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم اجمعین کے ساتھ فرط محبت کی بنا پر گمراہ ہو گئے بلکہ بعض حرماں نصیب اس قدر جری اور بے باک واقع ہوئے ہیں کہ وہ اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم کی محبت کی اوٹ میں خلفائے ثلاثہ اور بعض امہات المومنین رضی اللہ عنہم اجمعین کی شان میں سوقیانہ کلام اور تبرابازی سے بھی باز نہیں آتے العیاذ باللہ سبحانہ۔ یوں اس قسم کے لوگ خود بھی گمراہ ہو گئے اور دوسروں کیلئے بھی گمراہی کا باعث بنے۔ ضلوا فاضلوا

ایسے ہی حضرت عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام کے ساتھ افراط محبت کی بنا پر عیسائیوں نے انہیں ابن اللہ کہنا شروع کر دیا حالانکہ آپ نے عالم رضاعت میں ہی اپنی عبدیت کا اعلان فرما کر ان کے اس عقیدہ ضالہ کی تردید کر دی تھی جیسا کہ قال انی عبداللّٰہ (مریم ۳۰) سے عیاں ہے۔

اس سلسلہ میں ایک ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات ملاحظہ ہو۔ اس روایت کو حضرت امام احمد نے سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے نقل فرمایا:

عن علی انه قال قال لی رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم فیك مثل من عیسیٰ علیه السلام ابغضته الیهود حتی بَهَتُوا امه واحبته النصاریٰ حتی اَنزَلُوه بالمنزلة التی لیست له ثم قال یَهلَكُ فی رجلان محب مفرط یفرطنی بمالیس فی ومبغض یحمله شنأنی علی ان یبهتنی وقوله سبحانه اِذْ تبراء الذین اتبعوا من الذین تبعوا الیٰ

marfat.com
Marfat.com

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا'' تجھ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مثال ہے ان سے یہود نے بغض رکھا حتی کہ ان کی والدہ محترمہ حضرت مریم سلام اللہ علیہا پر بہتان لگایا اور ان سے نصاریٰ نے محبت کی اور ان کو اس مقام پر لا کھڑا کیا جو ان کے لئے نہ تھا پھر فرمایا کہ میرے بارے میں بھی دو قسم کے لوگ ہلاک ہونگے ایک محبت مفرط ہو جو میرے بارے میں افراط کرتا ہے اور دوسرا مبغض کہ مجھ سے بغض رکھنے والا ہے جو مجھ پر بہتان باندھتا ہے۔ اللہ سبحانہ کا ارشاد گرامی ہے جب متبوع اپنے تابع فرمانوں سے بیزار ہونگے اور ان کی متابعت قبول نہیں کریں گے۔ (المجموعة السنیه ۱۵ مطبوعہ ابوالخیر اکادمی دہلی)

marfat.com
Marfat.com

ابن اللہ خواندہ ودرخسارت ابدی ماندہ لیکن اگر

ابن اللہ کہہ دیا اور ابدی خسارہ میں پڑ گئے لیکن ان کے

بر ما سوائے اینہا فضل بدہد مجوزست بلکہ درطریقت

علاوہ پر فضیلت دے جائز ہے [1] بلکہ طریقت میں واجب اور

واجب وایں فضل دادن نہ باختیار مرید ست بلکہ اگر

یہ فضیلت دینا مرید کے اختیار سے نہیں ہے بلکہ اگر

مرید مستعد ست بے اختیار دروے ایں اعتقاد پیدا می

مرید صاحب استعداد ہے تو بے اختیار اس میں یہ اعتقاد پیدا ہو

گردد وبوسیلہ آں کمالات پیر را اکتساب می فرماید

جاتا ہے اور اس کے وسیلے سے پیر کے کمالات کا اکتساب کر لیتا ہے۔

اگرایں فضل دادن باختیار مرید باشد وبتکلف پید اکند

اگر یہ فضیلت دینا مرید کے اختیار سے ہو اور تکلف سے پیدا کرے

مجوز نباشد ونتیجہ نہ بخشند۔

تو جائز نہیں ہے اور نہ ہی نتیجہ بخش ہے۔

[1] یہاں اس امر کی وضاحت فرمائی جارہی ہے کہ جن بزرگان دین کی عظمت نص سے ثابت ہے ان کے علاوہ دیگر اولیائے کرام پر اپنے شیخ مکرم کی فضیلت کے قائلین صوفیاء دو قسم کے ہوتے ہیں۔ کچھ مریدین وسالکین پر اپنے شیخ کریم کی محبت کا اس قدر غلبہ ہوتا ہے کہ وہ فنافی الشیخ کے مرتبہ پر فائز المرام ہونے کی بنا پر فضیلت شیخ کا قول

marfat.com
Marfat.com

کرتے ہیں کیونکہ ان کے لئے ان کا شیخ ہی زمانے کا قطب وغوث اور امام ہوتا ہے اس لئے کہ وہ شیخ کی توجہات قدسیہ کی بدولت ہی اغیار کی محبتوں سے بیزار اور آزاد ہوتے ہیں۔اقبال مرحوم نے کیا خوب کہا

پوچھتے ہو مجھ سے قوموں کی امامت کیا ہے
خدا تجھ کو میری طرح صاحب اسرار کرے
ہے وہی اپنے زمانے کا امام برحق
جو تجھے حاضر و موجود سے بیزار کرے

جبکہ کچھ سالکین بتکلف فضیلت شیخ کے قائل ہوتے ہیں ایسا کرنا جائز بھی نہیں اور نہ ہی یہ نتیجہ خیز ثابت ہوتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۴۷

درجۂ علیا درنفی واثبات بکلمۂ طیّبہ لااله الا الله آن ست

کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ کے ساتھ نفی اور اثبات میں اعلیٰ درجہ

کہ ہرچہ دردید ودانش وکشف وشہود دراید ہرچند

یہ ہے کہ جو کچھ دید و دانش اور کشف و مشاہدہ میں آئے اگرچہ

تنزیہ صرف وبے کیف محض نماید این ہمہ درتحت

تنزیہہ صرف اور بے کیف محض ہو یہ تمام لا کے

زیرمنہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کلمہ طیبہ کا صوفیانہ انداز میں ورد کرنے کا طریقہ بیان فرمارہے ہیں۔

کلمہ طیبہ...... لااله الاالله محمد رسول الله

ترجمہ: نہیں کوئی معبود (مقصود) سوائے اللہ تعالیٰ کے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔

⊙ ...... کلمہ طیبہ دین اسلام کے ارکان خمسہ میں سے پہلا رکن اور باب اول ہے۔ گویا اس کے بغیر کوئی انسان اسلام کے محل میں داخل نہیں ہوسکتا۔

⊙ ...... کلمہ طیبہ وہ لاہوتی نغمہ ہے جو فکر ونظر میں عظیم انقلاب برپا کردیتا ہے اور کفر وشرک کے اندھیروں میں بھٹکنے والوں کو ایک خدا اور ایک رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) سے آشنا کردیتا ہے۔ وہ شخص جو چند لمحے پہلے اسلام کا دشمن یا اسلام کے خلاف تھا، کلمہ

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| لا داخل شود و در جانب اثبات غیر از تکلم بکلمہ |
| تحت میں داخل ہو اور اثبات کی جانب میں کلمہ مستثنیٰ |
| مستثنیٰ کہ بمواطات قلب صادر گردد نصیبے نباشد |
| (اللہ) کہنے کے سوا جو قلب کی موافقت سے صادر ہو کچھ نصیب نہ ہو |

پڑھنے کے بعد اسی کے تحفظ اور پاسبانی کی خاطر اپنا جان و مال تک نثار کرنے کے لیے آمادہ ہو جاتا ہے۔

⊙ ...... کلمہ طیبہ وہ پیغام وصل ہے جو انسان کے قلب کو لا الہ کے ذریعے غیر کے خیال سے پاک کر کے الا اللہ کے ذریعے واصل باللہ کر دیتا ہے۔

حضرت خواجہ سنائی نقشبندی علیہ الرحمہ نے خوب فرمایا

تا بہ جاروب لا نہ روبی راہ
کے رسی در مقام الا اللہ

⊙ ......کلمہ طیبہ: کے دو جزو ہیں۔ پہلا جزو......توحید اور دوسرا جزو......رسالت

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ............... توحید ہے۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ..........رسالت ہے۔

توحید دعویٰ ہے اور رسالت اس کی دلیل ہے۔ دعویٰ اور دلیل میں اس قدر قرب ہے کہ درمیان میں واؤ عاطفہ کی بھی گنجائش نہیں ہے۔ معلوم ہوا کہ توحید کا وسیلہ، رسالت ہے اور قرب خدا (جل جلالہ) کا ذریعہ، قرب مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہے کلمہ طیبہ کا پہلا جزو مقصد زندگی کی طرف راہنمائی کرتا ہے اور دوسرا جزو طرز زندگی کی نشاندہی کرتا ہے۔ نیز کلمہ طیبہ کا دوسرا جزو (محمد رسول اللہ) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معبودیت کے اثبات کے لئے نہیں ہے بلکہ اس لئے ہے تاکہ توحید باری تعالیٰ

marfat.com
Marfat.com

عنقا شکار کس نشود دام باز چین

عنقا کسی کا شکار نہیں ہوا جال اٹھا لو

کاینجا ہمیشه باد بدست ست دام را

کہ اس جگہ ہمیشہ ہوا ہی جال کے ہاتھ لگتی ہے

**والسلام علٰی من اتبع الهدیٰ والتزم متابعة المصطفٰی علیه**

سلام ہو اس شخص پر جو ہدایت کی متابعت کرے اور لازم جانے مصطفٰی کی متابعت

**وعلٰی اله الصلوات والتسلیمات**

کو آپ پر اور آپ کی آل پر صلوات و تسلیمات ہوں۔

کی تصدیق کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی تصدیق کریں کیونکہ ایمان ان دو (تصدیق توحید اور تصدیق رسالت) تصدیقوں پر موقوف ہے۔

◉ ...... کلمہ طیبہ کا پہلا جزو تمام آفاقی اور انفسی خداؤں کی نفی کر کے خدائے واحد کے معبود و مقصود ہونے کو ثابت کرتا ہے جو شریعت، طریقت، معرفت اور حقیقت کا جامع ہے۔

◉ ...... توحید وجودی ہو یا شہودی دونوں سے مقصود باطل معبودوں کی نفی کرنا اور معبود برحق کا اثبات کرنا ہے۔ اسی مفہوم کو اہل تصوف نفی اثبات سے تعبیر کرتے ہیں۔ توحید شہودی میں مشہود صرف ذات ہوتی ہے۔ غلبہء شہود و وحدت میں کثرت کا نام و نشان بھی نہیں رہتا جبکہ توحیدِ وجودی میں موجود صرف ذات ہوتی ہے لیکن کثرت میں وحدت کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔

◉ ...... علامہ اقبال علیہ الرحمتہ کے مندرجہ ذیل اشعار توحید شہودی کے مفہوم پر مشتمل

marfat.com
Marfat.com

ہیں

خودی کا سرِنہاں لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہ
خودی ہے تیغ فساں لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ

کیا ہے تو نے متاعِ غرور کا سودا
فریب سود وزیاں لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ

خرد ہوئی ہے زمان و مکاں کی زناری
نہ ہے زماں نہ مکاں لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ

یہ دور اپنے براہیم کی تلاش میں ہے
صنم کدہ ہے جہاں لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ

یہ مال و دولتِ دنیا یہ رشتہ و پیوند
بتانِ وہم وگماں لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ

یہ نغمہ فصلِ گل و لالہ کا نہیں پابند
بہار ہو کہ خزاں لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ

گرچہ بت ہیں جماعت کی آستینوں میں
مجھے ہے حکم اذاں لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ

⊙ ...... کلمہ طیبہ کا دوسرا جز و عقیدۂ رسالت کا اعلان اور شریعت کی تکمیل و تعمیل کا مظہر ہے۔ کلمہ طیبہ کے دونوں اجزاء لازم و ملزوم ہیں کہ ایک کے بغیر دوسرے پر ایمان ثابت نہیں ہوسکتا۔ عقیدۂ توحید، عقیدۂ رسالت کے بغیر مفید نہیں اور عقیدۂ رسالت، عقیدۂ توحید کے بغیر نامکمل ہے۔ عقیدۂ توحید کا تصور ربوبیت "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ" (الفاتحہ) سے ظاہر ہے اور عقیدہ رسالت کا تصور رحمت "وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ" (الانبیاء) سے ثابت ہے۔ اس اعتبار سے کل کائنات کا خدا بھی ایک ہے اور رسول بھی ایک ہے۔ یوں توحید باری تعالیٰ کے ساتھ ہی توحید رسالت کا مسئلہ بھی حل ہو جاتا ہے۔

جیسے سب کا خدا ایک ہے ایسے ہی
ان کا اُن کا تمہارا ہمارا نبی

(صلی اللہ علیہ وسلم)

(کلمہ طیبہ پڑھنے کا تفصیلی طریقہ شجرہ نقشبندیہ مجددیہ امینیہ سعیدیہ میں ملاحظہ فرمائیں)

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۴۸

**حقیقت قرآنی وحقیقت کعبہ ربانی فوق حقیقت محمدی**

حقیقت قرآنی اور حقیقت کعبہ ربانی، حقیقت محمدی علیٰ مظہر

**ست علیٰ مظہرھا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ لہٰذا حقیقت**

الصلوٰۃ و السلام و التحیہ سے بالا ہے۔[1] لہٰذا حقیقت

**قرآنی امام حقیقت محمدی آمد وحقیقت کعبہ ربانی**

قرآنی، حقیقت محمدی کی امام ہوئی اور حقیقت کعبہ ربانی

**مسجود حقیقت محمدی گشت مع ذٰلک حقیقت**

حقیقت محمدی کی مسجود (الیہ) ہو گئی اس کے ساتھ ہی حقیقت

---

[1] زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز حقیقت قرآنی، حقیقت کعبہ ربانی اور حقیقت محمدی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات کا تذکرہ فرما رہے ہیں۔ یہاں ان تینوں حقائق کے متعلق قدرے تفصیلات ہدیہ قارئین ہیں و باللّٰہ التوفیق

ان حقائق ثلاثہ کے متعلق کچھ وضاحت سے قبل لفظ حقیقت کے بارے صراحت پیش خدمت ہے تاکہ غلط فہمی کا شبہ ہی پیدا نہ ہو۔

لغت میں لفظ حقیقت سے مراد ذات شئی یا کسی لفظ یا عبارت کا بنیادی مفہوم ہے اصطلاح میں کسی شئی کی اصلیت، کنہ، جوہر اور باطنی پہلو مراد ہے جبکہ صوفیائے کرام

marfat.com
Marfat.com

رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے نزدیک حقیقت سے مراد کسی شئی کا مبداء تعین ہے جہاں سے وہ شئی فیض و تربیت پاتی ہے (وہ حقیقت مراد نہیں جو جنس اور نوع سے مرکب ہوتی ہے کہ اس پر اعتراض کیا جا سکے)

## حقیقت قرآنی

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کے نزدیک حقیقت قرآن ''مبداء وسعت بے چون حضرت ذات'' کا نام ہے بفحوائے آیہ کریمہ ان اللّٰہ واسع علیم
(مکتوبات شریفہ دفتر سوم مکتوب ۷۷)

## حقیقت کعبہ

یہ حقائق الٰہیہ میں سے ایک حقیقت ہے۔ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں:

حقیقت کعبہ عبارت از ذات بیچون واجب الوجود ست وشایان مسجودیت ومعبودیت ست یعنی حقیقت کعبہ ذات حق تعالیٰ سبحانہ ہے جو سجدے اور عبادت کے لائق ہے۔ (مکتوبات شریفہ دفتر سوم مکتوب ۱۲۴)

حقیقت کعبہ سے مراد وہ مرتبہء وجوب ہے جو حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے عالم امر کا مربی ہے اور شان العلم سے بلند تر ہے۔ اس اعتبار سے حقیقت کعبہ، حقیقت محمدیہ (علیٰ صاحبہا الصلوات) سے افضل ہے نیز حقیقت کعبہ عالم اکوان کیلئے مسجود ہے جبکہ حقیقت محمدیہ ساجد ہے نہ کہ مسجود لہٰذا حقیقت کعبہ شانِ مسجودیت کی وجہ سے حقیقت محمدیہ سے افضل ہے اور ساجدیت و مسجودیت کا فرق اہل علم وفہم پر واضح ہے جیسا کہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ نے فرمایا:

ایں حقیقت راجل سلطانہا اگر مسجود حقیقت محمدی

marfat.com
Marfat.com

گویند چه محذور لازم آید...... آرے حقیقت محمدی از حقائق سائر افراد عالم افضل ست اما حقیقت کعبہ معظمہ از عالمِ عالم نیست یعنی کعبہ کی اس حقیقت کو (جو کہ ذات بے چون اور شان مسجودیت ہے) اگر مسجود حقیقت محمدی کہا جائے تو کون سا امر مانع ہے...... ہاں حقیقت محمدی تمام افراد عالم کے حقائق سے افضل ہے لیکن حقیقت کعبہ جنس عالم سے نہیں ہے۔

(مکتوبات شریفہ دفتر سوم مکتوب ۱۲۴)

واضح رہے کہ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے ایک مقام میں حقیقت کعبہ کو شان العلم سے بلند تر قرار دیا ہے اور دوسرے مکتوب میں حقیقت کعبہ کو تنزیہہ صرف ذات حق تعالیٰ فرمایا ہے۔ آپ کا یہ کلام تضاد پر محمول نہ کیا جائے بلکہ اختلاف احوال ومقامات پر مبنی سمجھا جائے یعنی حقیقت کعبہ کو شان العلم سے بلند قرار دینے میں حقیقت کعبہ کے ظلال کا بیان ہے اور اس کو ظہور تنزیہہ صرف ذات حق تعالیٰ قرار دینے میں حقیقت کعبہ کی اصل کا بیان ہے کیونکہ حقیقت اپنا اصل اور ظل رکھتی ہے۔

## حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات

یہ حقائق کونیہ میں سے ایک حقیقت ہے۔ حضرت امام ربانی اور صوفیائے شہودیہ کے نزدیک حقیقت محمدیہ ذات کے مرتبہ شان العلم کے اعتبار سے قابلیت اولیٰ کا نام ہے جو نفس اسم الٰہی کا ظہور ہے (اسی کو تعین جبی، تعین وجودی اور حقیقت الحقائق بھی کہا جاتا ہے) نہ کہ اس اسم کی صورت علمی کا ظہور کیونکہ کسی چیز کی نفس شئی اور اس کی صورت علمیہ کے درمیان بہت بڑا فرق ہے جیسا کہ نفس آگ اور اس کی صورت علمی میں فرق سے واضح ہے۔

اہل تحقیق پر یہ امر بخوبی روشن ہے کہ حضرت امام ربانی قدس سرہُ کے مکاتیب

marfat.com
Marfat.com

شریفہ اور تصانیف عالیہ میں لفظ حقیقت محمدیہ مختلف معانی اور متعدد اقسام پر استعمال ہوا ہے۔ ہر جگہ ایک ہی مخصوص معنی یا قسم مراد لینا فہم سقیم کی علامت ہے لہٰذا جب حقیقت محمدیہ، حقیقت کعبہ اور حقیت احمدیہ کے مقابلے میں بولا جائے تو اس سے مراد وہ جامع اسم الٰہی ہوگا جو عالم سفلیات کی تربیت کی مناسبت رکھتا ہے اور جب حقیقت الٰہیہ کے مقابلے میں بولا جائے تو مراد وہ جامع شان ذاتی ہوگی جو عالم علویات کی تربیت کا متولی ہے اور تمام شیونات ذاتیہ کو حاوی ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز دفتر سوم مکتوب ۱۰۰ میں ارشاد فرماتے ہیں کہ

آنسرور صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کوئی شخص ایسا نظر نہیں آتا جو نفس اسم الٰہی تعالیٰ کا ظہور ہو البتہ قرآن مجید کہ وہ بھی نفس اسم الٰہی کا ظہور ہے، ظہور قرآنی کا منشاء صفات حقیقیہ سے ہے اس لئے اس کو قدیم اور غیر مخلوق کہتے ہیں اور ظہور محمدی کا منشاء صفات اضافیہ سے ہے لہٰذا اس کو حادث اور مخلوق کہا ہے اور کعبہء ربانی کا معاملہ ان دونوں ظہور اسمی سے بھی زیادہ عجیب ہے کہ وہاں صورتوں اور شکلوں کے لباس کے بغیر معنی تنزیہی کا ظہور ہے۔ (ماخوذ از البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب ۴)

حقیقت کعبہ، حقیقت محمدی کی مسجود ہوگئی یہاں مسجود، مسجود لہٗ کے معنی میں نہیں بلکہ مسجود الیہ کے معنی میں ہے۔ (دفتر اول مکتوب ۲۶۴) یعنی چھوٹا درجہ (حقیقت محمدیہ) بڑے درجہ (حقیقت کعبہ) کی سمت منہ کر کے حق تعالیٰ سبحانہ کو سجدہ کئے ہوئے ہے

حقیقت محمدی مخلوق کا ایک اعلیٰ مرتبہ ہے جس کی دو جہتیں ہیں

جہت عالم خلق اور جہت عالم امر

جب حقیقت محمدی کی جہت عالم خلق کی طرف ہوتی ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر بشریت مطہرہ کا غلبہ ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ آپ نکاح و ازدواجی تعلقات، خورد و نوش وغیرہا جیسے اعمال و افعال کا اکتساب فرماتے ہیں، غزوہ احد کے موقعہ پر ضرب لگنے سے

marfat.com
Marfat.com

خون بھی بہتا ہے اور جب حقیقت محمدی کی جہت عالم امر (عالم وجوب) کی طرف ہوتی ہے تو آپ پر نورانیت اور لطافت کا غلبہ ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ آپ وصال کے روزے رکھتے ہیں اور شق صدر کے موقعہ پر نہ آلہء جراحت استعمال ہوتا ہے اور نہ ہی خون بہتا ہے نیز آفتاب کی روشنی اور ماہتاب کی چاندنی میں آپ کا سایہ بھی نظر نہیں آتا۔
واضح رہے کہ ہر جہت کے اعتبار سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مبادی فیوض اور تعین وجودی جدا جدا ہیں۔ باعتبار عالم خلق کے حقیقت محمدی کا مبداء فیض صفت العلم ہے اور باعتبار عالم امر کے حقیقت محمدی کا مبداء فیض شان العلم ہے۔

marfat.com
Marfat.com

کعبہ ربانی فوق حقیقت قرآنی است آنجا ہمہ بے

کعبہ ربانی حقیقت قرآنی سے بالا ہے [1] وہاں سراسر

صفتی و بے رنگی ست وشیون و اعتبارات را دراں موطن

بے صفتی اور بے رنگی ہے اور شیون و اعتبارات کی اس مقام میں

گنجائش نیست تنزیہ و تقدس را درآں حضرت مجال نہ

کوئی گنجائش نہیں ہے۔ تنزیہہ اور تقدیس کی اس بارگاہ میں کوئی مجال نہیں

ع آنجا ہمہ آنست کہ برتر ز بیان ست

وہاں سب کچھ وہ ہے جو بیان سے بالا ہے

ایں معرفتے است کہ ہیچ یکے از اہل اللہ بآں لب نہ

یہ معرفت ایسی ہے کہ اہل اللہ سے کسی نے اس کے متعلق لب

[1] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز نے حقیقت کعبہ کو حقیقت قرآنی سے فوق وبالا قرار دیا ہے جو ہر قسم کے شیونات واعتبارات اور تنزیہات وتقدیسات سے پاک ہے، جہاں بے رنگی و بے صفتی ہے۔ اسی حقیقت کعبہ کو تنزیہہ صرف ذات حق تعالیٰ کہا جاتا ہے ورنہ حقیقت کعبہ کے کئی مراتب ہیں۔ کبھی حقیقت کعبہ پر صورت کعبہ کا اطلاق ہوتا ہے، کبھی حقیقت کعبہ سے مراد شان العلم سے بالا مرتبہ کا اطلاق آتا ہے اور کبھی حقیقت کعبہ پر تنزیہہ صرف ذات حق تعالیٰ کا اطلاق آتا ہے کما لا یخفی علی ارباب البصیرہ

marfat.com
Marfat.com

کشـاده است و برمزه و اشارت ہم ازان مقوله سخن نرانده

کشائی نہیں کی ہے[۳] اور کنایہ واشارہ سے بھی اس مقولہ کی بابت بات نہیں کی۔

ایں درویش را بایں معرفت عظمٰی مشرف ساخته اند و

اس درویش کو اس معرفت عظمٰی کے ساتھ مشرف فرمایا گیا اور

درمیـان ابـنائے جنس ممتاز گردانیده **کل ذالک بصدقة**

ابنائے جنس کے درمیان ممتاز. کیا گیا یہ سب کچھ حبیب اللہ

**حبیب الله وبرکة رسول الله علیه وعلٰی اله من الصلوات افضلها**

صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے اور رسول اللہ کی برکت ہے آپ پر اور آپ کی آل

**ومن التسلیمات اکملها** بـایـد دانست که صورت کعبه

پر افضل صلوات اور اکمل تسلیمات ہوں۔ جاننا چاہئے کہ صورت کعبہ

ہمچناں که مسجود صور اشیا ست حقیقت کعبه نیز

جس طرح چیزوں کی صورتوں کی مسجود ہے حقیقت کعبہ بھی

[۳] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز تحدیث نعمت کے طور پر اس امر کا اظہار فرما رہے ہیں کہ مذکورہ معرفت جو ہم نے بیان فرمائی ہے اہل طریقت میں سے کسی نے اس کی طرف اشارہ وکنایہ بھی نہیں فرمایا اور یہ سب کچھ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تصدق وبرکت کی بدولت ہے۔ والحمدللہ علی ذالك

marfat.com
Marfat.com

مسجود حقائق آں اشیا ست واقول قولاً عجبالم یسمعه

ان اشیاء کی حقیقتوں کی مسجود ہے [1] میں ایسا عجب قول کرتا ہوں کہ

احد وما اخبربه مخبر باعلام الله سبحانه والهامه تعالیٰ ایای

جسے نہ کسی نے سنا اور نہ کسی مخبر نے بتایا اللہ تعالیٰ سبحانہ نے اپنے فضل اور کرم

بفضله وکرمه آنکه بعد از ہزار وچند سال از زمان رحلت

سے مجھے بتایا اور اس کا الہام فرمایا وہ یہ ہے کہ آنسرور کے زمانہ

آں سرور علیه وعلی اله الصلوات والتحیات زمانے می

رحلت سے ایک ہزار اور چند سال بعد (آپ پر اور آپکی آل پر صلوات وتحیات

آید، که حقیقت محمدی از مقام خود عروج فرماید و

ہوں) ایسا زمانہ آ رہا ہے کہ حقیقت محمدی اپنے مقام سے عروج فرمائے

[1] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز صورت کعبہ اور حقیقت کعبہ، صور اشیاء اور حقائق اشیاء کا تذکرہ فرمارہے ہیں۔ صورت کعبہ مخلوق ہے اور حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات سبب ظہور مخلوق ہے اسی بناء پر سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم افضل الخلائق ہیں۔ اس مقام کا حل یہ ہے کہ حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات، صورت کعبہ سے افضل ہے اور حقیقت کعبہ، حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات سے افضل ہے۔ واللّٰہ اعلم

(البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب ۴)

یہاں حقائق اشیاء کے متعلق قدرے وضاحت ہدیہ قارئین ہے وباللّٰہ التوفیق

امام العقائد حضرت علامہ نسفی قدس سرہٗ العزیز حقائق اشیاء کے متعلق اہل سنت و جماعت کے عقیدہ کی صراحت کرتے ہوئے رقمطراز ہیں حقائق الاشیاء ثابتة یعنی

marfat.com
Marfat.com

چیزوں کی حقیقتیں موجود ہیں۔ (عقائد نسفی) حقیقت کی جمع حقائق اور شئی کی جمع اشیاء ہے

فاضل اجل حضرت سید شریف جرجانی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ حقیقت کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

الحقیقة هو الشئی الثابت قطعا و یقینا یعنی حقیقت وہ شئی ہے جو قطعی اور یقینی طور پر ثابت و موجود ہو۔ (کتاب التعریفات ۴۰)

حضرت شیخ جرجانی رحمۃ اللہ علیہ شئی کی تعریف کرتے ہوئے ارقام پذیر ہیں

الشئی فی الاصطلاح هو الموجود الثابت المتحقق فی الخارج یعنی اصطلاح میں شئی اسے کہا جاتا ہے جو خارج میں موجود، ثابت اور متحقق ہو۔ (کتاب التعریفات ص ۵۷)

حضرت جرجانی قدس سرہُ العزیز حقیقة الشئی کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

حقیقة الشئی مابه الشئی هو هو کالحیوان الناطق للانسان بخلاف مثل الضاحك و الکاتب ما یمکن تصور الانسان بدونه یعنی حقیقت شئے وہ ہے جس کے سبب وہ شئے، شئے بنی جیسے انسان کے لئے حیوان ناطق کہ حیوان ناطق کے بغیر انسان کا تصور ممکن نہیں بخلاف ضاحک اور کاتب جیسے الفاظ کے کہ ان کے بغیر انسان کا تصور ممکن ہے کیونکہ یہ عوارض میں سے ہیں۔ (کتاب التعریفات ۴۰)

یاد رہے کہ حقائق الاشیاء میں حقیقة الشئی سے مراد عین شئے ہے۔ (النبراس ۲۵)

لفظ شئے کا اطلاق واجب الوجود اور ممکن الوجود دونوں پر کرنا جائز ہے جیسا کہ شیخ الاسلام علامہ دوسی قدس سرہُ العزیز نے قصیدہ بدء الامالی میں تصریح فرمادی ہے۔

نسمی اللّٰه شیئاً لا کالاشیاء یعنی ہم اللہ کو شئے سے موسوم کرتے ہیں لیکن وہ دوسری چیزوں کی طرح نہیں۔

حضرت العلام ابومحمد احمد چکوالی ثم لاہوری اس کی شرح کرتے ہوئے یوں رقمطراز ہیں

marfat.com
Marfat.com

یعنی اہل سنت و جماعت کے نزدیک اللہ تعالیٰ پر لفظ شئے کا اطلاق جائز ہے کیونکہ شئے کے معنی موجود کے ہیں اور سب موجودات سے اللہ تعالیٰ کا وجود قوی ہے اس لئے اس پر شئے کا اطلاق بطریق اولیٰ جائز ہے لیکن اس کے مثل کے اطلاق میں نفی مماثلت کی لازم ہے اس لئے مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے کہا لا کالا شیاء (عقیدہ اہل المعالی ۳)

ممکن الوجود کیلئے لفظ شئے کے متعلق متکلمین اہلسنت اور معتزلہ کا اختلاف ہے۔

علمائے متکلمین اہلسنت کے نزدیک شئے کا حقیقی معنی موجود ہونا کے ہیں البتہ کبھی معدوم پر شئے کا اطلاق مجازاً کیا جاتا ہے۔

مگر معتزلہ موجود اور معدوم دونوں کو حقیقۃً شئے کہتے ہیں۔ (النبراس ۲۸)

لیکن حضرت علامہ دوسی رحمۃ اللہ علیہ اس سلسلہ میں اہل سنت کا موقف بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

وما المعدوم مرئیاً وشیئاً یعنی معدوم نہ مرئی ہے اور نہ اس کو شئے کہا جاتا ہے۔ (قصیدہ بدء الامالی)

نیز علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ شئی کے متعلق رقمطراز ہیں:

الشئی عندنا هو الموجود یعنی ہمارے نزدیک شئے، موجود کو کہا جاتا ہے والمعدوم لیس بشئی یعنی معدوم کوئی شئے نہیں۔ (شرح عقائد)

معتزلہ کے نزدیک معدوم شئے ہے ان کا مستدل آیہ کریمہ انما قولنا شئی اذاار دناه ان نقول له کن فیکون ہے علمائے اہلسنت ارشاد فرماتے ہیں کہ اس آیہ کریمہ میں شئے اس واسطے کہا کہ آئندہ شئے ہوگی اور تقریر آیت یوں ہے انما قولنا اذا ردناه یکون شیئاً اس قسم کی دیگر آیات کریمہ تفہیم خلق کیلئے یوں آئی ہیں تاکہ مجازاً اسے شئے سے یاد کیا جائے ورنہ معدوم شئے نہیں ہے جیسا کہ آیات کریمہ وقد خلقك من قبل ولم تكن شیئاً (مریم۹) اورھل اتٰی علی الانسان

marfat.com
Marfat.com

حین من الدھر لم یکن شیئاً مذکوراً (الدھر:۱) سے عیاں ہے۔ (عقائد تورپشتی)

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ حقائق الاشیاء ثابتۃ کی شرح کرتے ہوئے ارقام پذیر ہیں اردو ترجمہ ملاحظہ ہو

تمام عقائد اور احکام کا دارومدار اس اعتقاد پر ہے کہ نفس الامر میں ہر چیز کی ایک حقیقت ہوتی ہے جو لوگوں کے علم و اعتقاد سے قطع نظر کرتے ہوئے بھی ثابت اور موجود ہوتی ہے نیز یہ حقیقت صرف وہم و خیال نہیں ہے نہ ہی یہ علم و اعتقاد کے تابع ہے مثلاً پانی اور آگ نفس الامر اور حقیقت میں موجود ہیں اور ایسا نہیں ہے کہ اگر ہم آگ کے متعلق یہ اعتقاد رکھ لیں کہ یہ پانی ہے تو یہ پانی ہو جائے گی اسی طرح اگر ہم پانی کو آگ کہہ دیں تو وہ آگ ہو جائے گا۔ اگر ہم گرم کو سرد اور سرد کو گرم ماننے لگ جائیں تو ہمارے ماننے سے کچھ نہیں ہوگا بلکہ گرم، گرم ہی ہوگا اور سرد، سرد ہی ہوگا۔

(تکمیل الایمان مترجم)

حضرت علامہ محمد نجم الغنی خان رامپوری رحمۃ اللہ علیہ حقائق الاشیاء ثابتۃ کی شرح کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں

یعنی متکلمین کا قول ہے کہ بالبداہت عقل حکم کرتی ہے کہ ہر شئے موجود کی ماہیت (وحقیقت) خارج میں ثابت ہے مثلاً جو چیزیں ہمیں دکھلائی دیتی ہیں جیسا کہ انسان، درخت، پتھر وغیرہ جو واقع میں موجود ہیں وہ محض وہم وخیال نہیں ہیں اور یہ بھی نہیں ہے کہ جس چیز کو جیسا ہم نے خیال کرلیا وہ چیز وہی ہے مثلاً درخت کو اگر ہم انسان سمجھ لیں تو وہ انسان ہے اور اگر اس کو کچھ اور سمجھ لیں تو وہ کچھ اور ہے جیسا کہ فرقہ عندیہ کی یہی رائے ہے۔ (تہذیب العقائد)

حکمائے یونان کا ایک گروہ سوفسطائیہ حقائق اشیاء کا منکر ہے سوفسطائیہ کے تین فریق ہیں عنادیہ، عندیہ اور لاادریہ

marfat.com
Marfat.com

بمقام حقیقت کعبہ متحد گردد ایں زمان حقیقت محمدی

اور حقیقت کعبہ کے مقام سے متحد ہو جائے ۵ اس وقت حقیقت محمدی

حقیقت احمدی نام یابد ومظہر ذات احد جل سلطانہ

حقیقت احمدی کا نام پائے اور ذات احد جل سلطانہ کا مظہر ہو جائے

۵ یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اپنے ایک عجیب الہام کا تذکرہ فرما رہے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ ارتحال سے ایک ہزار اور چند سال بعد حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات عروج کر کے حقیقت کعبہ کے ساتھ واصل اور متحد ہو جائے گی اور حقیقت احمدیہ کا نام پا کر ذات احد جل سلطانہ کا مظہر بن جائے گی۔

واضح رہے کہ حقیقت کعبہ اگرچہ حقیقت محمدی علیٰ صاحبہا الصلوات سے افضل ہے مگر کعبہ کی حقیقت اپنے مقام اصلی سے اوپر عروج نہیں کرتی جبکہ حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات بفحوائے آیہ کریمہ وللاخرۃ خیر لك من الاولی ہردم عروج لامتناہی سے مشرف ہے۔ (البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب ۴)

ہر شے کی دو حقیقتیں ہوتی ہیں حقیقت امکانی اور حقیقت وجوبی یا بالفاظ دیگر ہر حقیقت کے دو تعین ہوتے ہیں تعین امکانی اور تعین وجوبی۔ تعین وجوبی اور حقیقت وجوبی کا تعلق عالم امر کے ساتھ ہے جبکہ تعین امکانی اور حقیقت امکانی کا تعلق عالم خلق کے ساتھ ہے۔ تعین امکانی (حقیقت امکانی)، تعین وجوبی (حقیقت وجوبی) کا ظل ہے۔ تعین امکانی (حقیقت امکانی) میں حس وحرکت اور عروج ہے جبکہ وجوب میں حرکت وعروج ونزول نہیں ہے۔ حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کا تعین امکانی (حقیقت امکانی) عروج کر کے حقیقت کعبہ تک رسائی پا کر متحد ہو جائے گا اور حقیقت

marfat.com
Marfat.com

احمدی علیٰ صاحبہا الصلوات کا نام پالے گا۔

حقیقت احمدی علیٰ صاحبہا الصلوات شیون کا ایک بلند مرتبہ ہے اور اس مرتبہ سے مراد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مبداء فیض ہے جس کا تعلق عالم امر اور عالم وجوب کے ساتھ ہے۔ تخلیق آدم علیہ السلام سے قبل حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ، نبوت حقیقت احمدی کے ساتھ تعلق رکھتا تھا جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کنت نبیا و آدم بین الماء و الطین سے واضح ہے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا تعین وجوبی ہی جلوہ گر تھا اور آپ کا تعین امکانی ( حقیقت امکانی ) ابھی منصہ شہود پر ظہور پذیر نہیں ہوا تھا کیونکہ ابھی عالم خلق کی تخلیق نہیں ہوئی تھی۔ عالم امر میں ملائکہ تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت احمدی علیٰ صاحبہا الصلوات عالم امر کے سارے نظام کی معلم و مدرس تھی، ملائکہ کرام نے جملہ تسبیحات و وظائف آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہی سیکھے تھے بنا بریں جملہ فرشتے آپ کے امتی اور شاگرد ہیں چنانچہ روایت میں ہے یسبح ذالك النور و تسبیح الملا ئكة بتسبیحه بقول شاعر

گر نہ خورشید جمال یار گشتے راہ نموں
از شب تاریک غفلت کس نبردے راہ بروں

marfat.com
Marfat.com

گردد وہردواسم مبارک بمسمّٰی متحقق شود و مقام

اور دونوں مبارک نام مسمّی کے ساتھ متحقق ہو جائیں [۲] اور پہلا مقام

سابق از حقیقت محمدی خالی ماند تازمانے کہ حضرت

حقیقت محمدی سے خالی ہو جائے اس زمانے تک کہ حضرت

[۲] یہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دو اسمائے مبارکہ محمد اور احمد کا تذکرہ فرمایا گیا ہے کہ جب حقیقت احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات ذات احمد جل سلطانہ کی مظہر بن جائے گی تو دونوں نام اپنے مسمّٰی کے ساتھ متحقق ہو جائیں گے۔ مسمّٰی سے مراد حقیقت محمدی اور حقیقت کعبہ ہیں۔ یہاں اسمائے مبارکہ محمد اور احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی قدرے تفصیلات پیش خدمت ہیں۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم دو اسموں سے مسمّی ہیں اور وہ دونوں اسم مبارک قرآن مجید میں مذکور ہیں محمد رسول اللّٰہ (فتح ۲۹) اور اسمہ احمد (الصف ۶) اور ان دونوں مبارک ناموں کی ولایت جدا جدا ہے۔ ولایت محمدی علیٰ صاحبہا الصلوات میں محبوبیت صرف اور انشاء محبیت (کیفیت محبیت) کا امتزاج ہے جبکہ ولایت احمدی علیٰ صاحبہا الصلوات میں محبوبیت صرف ہے جس میں محبیت کا شائبہ تک نہیں ہے اور یہ ولایت، ولایت محمدی سے بلند اور مطلوب سے ایک منزل قریب تر ہے اور محبّ کو بھی زیادہ مرغوب ہے کیونکہ محبوب جس قدر محبوبیت میں کامل تر ہوگا محب کی نظر میں اسی قدر محبوب اور زیبا تر دکھائی دے گا اور محبوب کو اپنی طرف جذب کرے گا اور اسے اپنا شیفتہ بنالے گا۔

نہ تنہا آفتم زیبائی اوست
بلائے من ز نا پروائی اوست

marfat.com
Marfat.com

بلا سے مراد عشق کی زیادتی ہے جو کہ عاشق کو مطلوب ہے۔ احمد عجب بزرگ اسم ہے جو کہ کلمہ مقدسہ ''احد'' اور حرف ''میم'' کے حلقہ سے مرکب ہے جو عالم بے چون میں اسرار الٰہیہ جل سلطانہ کے مخفی رازوں میں سے ہے اور اس امر کی گنجائش نہیں رکھتا کہ عالم چون میں اس راز نہانی کی تعبیر حلقہء میم کے بغیر کی جا سکے اور اگر اسکی گنجائش ہوتی تو حضرت حق سبحانہ اس کی تعبیر ضرور فرماتا اور احد وہ احد ہے کہ لا شریک لہ ہے اور حلقہ میم عبودیت کا طوق ہے جو بندے کو مولا سے متمیز کرتا ہے۔ لہٰذا بندہ وہی حلقہ میم ہے اور لفظ احد اس کی تعظیم کیلئے آیا ہے اور اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت کا اظہار کیا گیا ہے۔

چو نام این ست نام آور چہ باشد
مکرم تر بود از ہر چہ باشد

ہزار سال گذر جانے کے بعد اس عرصہ کو امور عظام کے تغیر میں ایک تاثیر رکھی ہے اور اِس ولایت کا معاملہ اُس ولایت تک پہنچ گیا اور ولایت محمدی، ولایت احمدی کے ساتھ انجام پا گئی اور کاروبار عبودیت دو طوقوں میں سے ایک طوق کے متعلق ہو گیا اور پہلے طوق کی بجائے حرف الف جو اس کے رب کی طرف سے ایک رمز ہے متمکن ہو گیا یہاں تک کہ محمد سے احمد علیہ وعلیٰ الہ الصلوٰۃ والسلام ہو گیا...... اس کی وضاحت یہ ہے کہ عبودیت کے دو طوقوں سے مراد دو حلقہء میم ہیں جو اسم مبارک ''محمد'' کے اندر مندرج ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ ان دو طوق (م) سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو تعین، تعین جسدی بشری اور تعین روحی ملکی کی طرف اشارہ ہو اور تعین جسدی میں اگرچہ انتقال کے عارض ہونے کی بنا پر سستی اور نقص پیدا ہو گیا تھا اور تعین روحی نے قوت حاصل کر لی تھی لیکن پھر بھی اس تعین کا اثر باقی رہ گیا تھا اور اس کیلئے ہزار سال درکار تھے تا کہ اس کا اثر بھی زائل ہو جائے اور اس تعین (جسدی) کا کوئی نشان باقی نہ رہے اور جب ہزار سال

marfat.com
Marfat.com

پورے ہو گئے اور اس تعین کا کوئی اثر باقی نہ رہا تو ان دو طوق عبودیت میں سے ایک طوق ٹوٹ گیا اور اس پر زوال وفنا طاری ہو گئی اور الوہیت کا الف جس کو بقا باللہ کے رنگ میں کہا جا سکتا ہے اس کی جگہ بیٹھ گیا تو لازمی طور پر محمدؐ "احمدؐ" ہو گیا اور ولایت محمدی، ولایت احمدی میں منتقل ہو گئی۔ لہٰذا محمد صلی اللہ علیہ وسلم دو تعین (میم) سے عبارت ہے اور احمد ایک تعین (میم) سے کنایہ ہے اور یہ اسم (احمد) حضرت اطلاق سے زیادہ قریب ہوا اور عالم سے دور تر۔ (مکتوبات شریفہ دفتر سوم مکتوب ۹۶)

واضح رہے کہ بفحوائے آیہ کریمہ وللآخرة خیرلك من الاولیٰ حقیقت احمدی بشریت وخلقیت کا قدرے شائبہ رکھنے کی بنا پر ہر لحہ عروج لامتناہی سے شاد کام ہے، بنابریں باعتبار عروج حقیقت احمدی کو حقیقت کعبہ سے افضل کہا جا سکتا ہے کیونکہ حقیقت کعبہ عروج نہیں رکھتی۔ واللّٰہ ورسولہ اعلم بحقیقة الحال

اسم محمد میں دو میم کی بنا پر دوہری عبودیت ہے بنابریں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محمدیت کا رجحان عالم خلق کی طرف ہے اور اسم احمد میں ایک میم کی وجہ سے عبودیت کم اور عروجیت زیادہ ہے اسی بناء پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احمدیت کا تعلق خالق (یعنی عالم امر) کے ساتھ زیادہ ہے یہی تقاضا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو ناموں کا۔ بقول شاعر

اُدھر اللہ سے واصل اِدھر مخلوق میں شامل
خواص اس برزخ کبریٰ میں ہے حرف مشدد کا

اسم احمد میں ایک حلقہء عبودیت اس لئے رکھا گیا تا کہ احمدیت مخلوق پر بھی فیض جاری رکھے۔ اگر درمیان میں یہ حلقہ میم نہ ہوتا تو عبودیت بالکل معدوم ہو جاتی۔ یہ احد بن کر احد کے ساتھ ہی باقی رہتا اور ادھر اُدھر عالم خلق کی طرف آمد ہی نہ ہوتی مکمل ادھر عالم امر ہی میں رہتے۔ یہاں صوفیائے وجودیہ نے موج میں کہہ دیا

marfat.com
Marfat.com

احد، احمد وچہ میم مروڑی ایہہ تے کسے نیں جانیا ای نئیں
رانجھا روپ وٹا کے آیا کھیڑیں بناں ہیردے کسے پچھانیا ای نئیں

کسی نے اپنے انداز میں یوں کہا

احد، احمد وچہ فرق نہ کوئی رتی اک بھید مروڑی دا
اک رانجھا سانوں لوڑی دا اک رانجھا سانوں لوڑی دا

جبکہ مشائخ نقشبندیہ اور صوفیائے شہودیہ نے بپاس شریعت نہایت محتاط انداز میں کہا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم محمد میں اسم احمد کی نسبت عبودیت کا غلبہ ہے تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عبودیت عالم خلق کی طرف متوجہ رہے۔

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان احمدیت میں غایت قرب وعروجیت کے باوجود حلقہ عبودیت باقی رہا گو کمتر تھا تا کہ شب معراج مقام وصل میں پہنچ کر بھی امت کی طرف مراجعت کا فکر دامنگیر رہے۔ وللہ الحمد

وہ ہر عالم کی رحمت ہے کسی عالم میں رہ جاتے
یہ ان کی مہربانی ہے کہ یہ عالم پسند آیا

یاد رہے کہ اس دوران دین اسلام کی رشد وہدایت، تبلیغ ودعوت اور تشہیر وتقویت کا بھرپور کام ہوا بے شمار علمائے راسخین، صوفیائے کاملین اور مجاہدین اسلام اعلائے کلمۃ الحق کی خاطر شب وروز کوشاں رہے کہ انہوں نے دین اسلام کی عظمت کے سکے جما دیئے اور علم لہرا دیئے۔

پھر حکمت الہیہ کا تقاضا ہوا کہ حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات جو عالم خلق کی مربی ہے اور اس کی طرف متوجہ ہے اسے اپنی طرف عالم امر کی جانب متوجہ کرلے پس جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال مبارک کے ایک ہزار اور چند سال بعد حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات متوجہ بحق ہوگئی تو امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات پر

marfat.com
Marfat.com

ہمہ گیر زوال آنا شروع ہوا...... امت کی عمر خیریت اختتام پذیر ہوگئی ......صوفیائے خام، علمائے سوء، امرائے سلطنت اور ارباب بست وکشاد آزاد خیالی کے زعم میں مبتلا ہو کر یہود وہنود ونصاریٰ کی رسوم وعادات کے پابند ہو گئے اور مطلق العنان بادشاہ جلال الدین اکبر نے دین الٰہی ایجاد کر ڈالا ......جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ شریعت مطہرہ اور سنت نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کو پامال کر دیا گیا......اور دین اسلام کی اصلی صورت وحقیقت، بدعات وخرافات کے دبیز پردوں میں چھپ گئی۔

اندریں حالات ضرورت تھی کسی ایسے مرد وحید اور فردِ فرید کی جو حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی نیابت مطلقہ اور خلافت کاملہ پر فائز المرام ہو کر اپنی حکمت بالغہ، دعوات صالحہ، تصرفاتِ باطنیہ اور توجہات قدسیہ سے ایسا ہمہ گیر انقلاب برپا کر دے کہ بدعات ومنکرات کا قلع قمع ہو جائے ......سنت وشریعت کا پہرہ ہو جائے ......اور دین اسلام کی صحیح صورت اور خدوخال نمایاں ہو جائیں ......لہٰذا یہ کام حضرت سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہٗ العزیز نے کر دکھایا۔

آپ نے دین اسلام کی تجدید وتبلیغ کا کام کچھ اس انداز سے کیا کہ ہزارۂ دوم میں جتنی بھی اسلامی تحریکیں اٹھیں گی ان میں حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ العزیز کی روحانی توجہات وتاثیرات وبرکات شامل ہونگی۔ جس طرح قطب کے متعلقہ علاقے میں جتنے امور سرانجام پاتے ہیں اللہ تعالیٰ ان جملہ امور میں اس قطب کی برکات و حسنات، اثرات وتوجہات کو اس علاقہ وشہر کے لئے سبب بنا دیتا ہے ......یونہی ہزارۂ دوم میں عرب وعجم میں درس وتدریس، تحریر وتقریر، تصنیف وتالیف، وعظ وتبلیغ، اشاعت وتشہیر، تحریک وتجدید وغیرہا امور دینیہ، اعمال صالحہ اور عقائد اسلامیہ کا جتنا کام ہوگا ان میں حضرت سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہٗ العزیز کی روحانی توجہات وفیضان شامل ہو گا۔ والحمدللہ علی ذالك

marfat.com
Marfat.com

واضح رہے کہ ہزار سالہ مجدد ہی مجدد اعظم اور امام زمانہ ہوتا ہے جس کا کلام سوچوں کے زاویے بدلتا، قلب ونظر میں انقلاب برپا کرتا اور حاضر وموجود سے بیزار کر دیتا ہے۔ اسی لئے علامہ اقبال مرحوم نے کہا تھا

پوچھتے ہو مجھ سے قوموں کی امامت کیا ہے
خدا تجھ کو میری طرح صاحب اسرار کرے
ہے وہی اپنے زمانے کا امام برحق
جو تجھے حاضر و موجود سے بیزار کرے

marfat.com
Marfat.com

عیسٰی علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام نزول فرماید و

عیسٰی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ان پر درود وسلام ہوں نزول فرمائیں گے

عمل بشریعت محمدی نماید **علیھما الصلوات والتسلیمات**

اور شریعت محمدی پر عمل کریں۔ ان دونوں پر صلوات و تسلیمات

**والتحیات**، دراں وقت حقیقت عیسوی از مقام خود عروج

وتحیات ہوں۔ اس وقت حقیقت عیسوی اپنے مقام سے عروج فرمائے

فرمودہ بمقام حقیقت محمدی کہ خالی ماندہ بود استقرار کند

حقیقت محمدی کے مقام پر جو خالی پڑا ہوا تھا قرار پکڑے گی۔

ے یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرما رہے ہیں کہ حقیقت محمدی علیٰ صاحبہا الصلوات عالم خلق میں جو فرائض سرانجام دے رہی تھی وہ فرائض اپنے کسی نائب کامل کے سپرد کر کے حقیقت احمدی میں ذات کے ساتھ مصروف ہوگئی ہے اور وہ نائب کامل حضرت سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہٗ العزیز کی ذات گرامی ہے۔ قرب قیامت میں جب حضرت عیسٰی علیہ السلام نزول فرمائیں گے تو شریعت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی تعمیل وتبلیغ اور تقویت وتائید کی بدولت حقیقت عیسوی علیٰ صاحبہا الصلوات حقیقت محمدی علیٰ صاحبہا الصلوات کے ساتھ قیام پذیر ہو جائے گی۔

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے قول عجیب سے بعض معاندین نے خبث باطن کا مظاہرہ کرتے ہوئے یہ کہہ دیا کہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے در پردہ نبوت کا اعلان فرمایا ہے کیوں کہ آپ کا نام احمد ہے اور اس لئے حقیقت احمدی علیٰ صاحبہا الصلوات سے مراد آپ خود ہیں العیاذ باللہ سبحانہ مـــــن

marfat.com
Marfat.com

هذه الخرافات

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کی اس واضح عبارت سے غلط اور غلیظ مفہوم مراد لینا دلیل محرومی اور حرماں نصیبی کی علامت ہے اور اہل اللہ پر الزام تراشی اور ان کے ساتھ سوءِ ظن رکھنا ہے جو سراسر گناہ، ظلم عظیم اور حرام ہے جیسا کہ آیہ کریمہ ان بعض الظن اثم سے عیاں ہے۔

واضح رہے کہ حقیقت عیسوی کے حقیقت محمدی علیٰ صاحبہا الصلوات کے ساتھ قیام پذیر ہونے کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ حقیقت عیسوی علیٰ صاحبہا الصلوات کو عالم امر میں حقیقت احمدی علیٰ صاحبہا الصلوات کا قرب خاص رہا تھا جہاں دیگر انبیائے کرام علیہم الصلوات کی ارواح مقدسہ کو حقیقت احمدی علیٰ صاحبہا الصلوات، توجہات و تعلیمات سے نوازا کرتی تھی اور اسی قرب خاص کی بناء پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے عالم خلق میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم احمد کا تذکرہ فرمایا اور اپنے دیس کی بولی بولی جیسا کہ آیہ کریمہ ومبشرا برسول یأتی من بعدی اسمہ احمد اور ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات انا احمد فی السماء ومحمد فی الارض (مواھب اللدنیہ) سے معلوم ہوتا ہے۔

یہ امر ذہن نشین رہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ کے متولد ہوئے کیونکہ آپ پر عالم امر کا غلبہ تھا جیسا کہ آیہ کریمہ ونفخت فیہ ...... سے عیاں ہے اسی لئے آپ کو روح اللہ کہا گیا ہے چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی جہت عالم خلق مغلوب تھی اسی لئے حضرت علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ صاحب تفسیر روح البیان نے تحریر فرمایا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو محض بشر کہنا کفر ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۴۹

اگر کلمہ طیبہ لااله الاالله نمی بود راہے بجناب قدس

اگر کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ نہ ہوتا بارگاہ قدس خداوندی

خداوندی جل سلطانہ کہ مے نمود ونقاب از چہرۂ

جل سلطانہ کی طرف راہ کون دکھاتا اور توحید کے

توحید کہ مے کشود وفتح ابواب جنات کہ مے فرمود

چہرہ سے نقاب کون اٹھاتا اور جنتوں کے دروازے کون کھولتا۔

کوہ کوہ صفات بشریہ باستعمال کند ایں لا کندہ مے

صفات بشریہ کے پہاڑ کے پہاڑ اس لا کی کدال کے استعمال سے

شود وعالم عالم تعلقات ببرکت تکرار ایں نفی منتفی

کھودے جاتے ہیں تعلقات کے جہان کے جہان اس نفی کی تکرار کی

زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کلمہ طیبہ کی فضیلت و فیوضات وبرکات کا تذکرہ فرمارہے ہیں درحقیقت کلمہ طیبہ افضل الذکر اور افضل الکلام ہے جسے صرف ایک مرتبہ خلوص قلب کے ساتھ پڑھ لینے سے انسان جنت کا حقدار ہوجاتا ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات من قال لا الہ الا اللّٰہ مخلصاً من قلبہ دخل الجنۃ سے عیاں ہے اسی بنا پر بندۂ مؤمن ہرقسم کے ظاہر وباطن،

marfat.com
Marfat.com

سی گردد ونفی آں آلہہ باطلہ رامنتفی می سازد واثبات

برکت سے منتفی ہوتے ہیں اور اس (کلمہ) کی نفی باطل معبودوں

آں معبود برحق راجل شانہ مثبت می سازد سالک

کی نفی کرتی ہے اور اس کا اثبات معبود بر حق جل شانہ کو

مدارج امکانی رابمدد اوقطع می نماید وعارف بمعارج

ثابت کرتا ہے سالک اس کی مدد سے امکانی درجوں کو قطع کرتا ہے

وجوبی ببرکت اوارتقا می فرماید اوست کہ از تجلیات

اور عارف اس کی برکت سے وجوبی معراجوں کی طرف ارتقاء فرماتا ہے

افعال بتجلیات صفات می برد واز تجلیات صفات بتجلیات

یہی (کلمہ) ہے جو تجلیات افعال سے تجلیات صفات تک لے جاتا ہے اور تجلیات

ذات می رساند

صفات سے تجلیات ذات تک پہنچاتا ہے۔

تا بہ جاروب لا نروبی راہ

جب تک لا کا جھاڑو نہ ہو تو رستہ نہیں پا سکتا

خلوت وجلوت اور قول وفعل کے تضاد سے محفوظ ہو کر سراپا اسلام بن جاتا ہے ورنہ بقول اقبال مرحوم

زبان نے کہہ بھی دیا لاالہ تو کیا حاصل
دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں

marfat.com
Marfat.com

نرسی در سرائے الا اللہ

نہ ہی الا اللہ کی سرائے تک پہنچ سکتا ہے

**والسلام علیٰ من اتبع الهدیٰ والتزم متابعة المصطفیٰ علیه و**

اور سلامتی ہو اس شخص پر جو ہدایت کی اتباع کرے اور مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اتباع

**علیٰ اله الصلوات والتسلیمات اتمها واکملها.**

کو لازم جانے آپ پر اور آپ کی آل پر اتم اور اکمل صلوات وتسلیمات ہوں

جو بندۂ مومن کلمہ طیبہ کے جملہ تقاضوں کو پورا کر لیتا ہے وہی ایمان کی حلاوت وچاشنی کو چکھ سکتا ہے۔اس کے پانچ بنیادی تقاضے درج ذیل ہیں

۱......ایمان اور اعمال صالحہ
۲......اخلاص
۳......انقلاب
۴......حب خدا اور عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
۵......استقامت

(مزید تفصیلات مقالات ابوالبیان میں ملاحظہ فرمائیں)

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۵۰

| |
|---|
| خدمت مخدوم شیخ شرف الدین منیری درمکتوبات |
| حضرت مخدوم شیخ شرف الدین منیری اپنے مکتوبات میں |
| خود نوشته اند که معوذتین را در نماز نباید خواند |
| لکھتے ہیں کہ معوذتین کو نماز میں نہیں پڑھنا چاہیے کیونکہ |
| که ابن مسعود رضی الله عنه درقرآنیت ایں دو سوره |
| ابن مسعود رضی اللہ عنہ ان دو سورتوں کی قرآنیت میں جمہور |

زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز معوذتین (سورہ الفلق، سورہ الناس) کی قرآنیت بذریعہ کشف والہام بیان فرمارہے ہیں۔ علمائے کرام جن مسائل میں مضطرب ہوتے ہیں اولیائے کاملین اور علمائے راسخین پر وہ علوم ومسائل ومعارف بذریعہ الہام وکشف عیاں ہوجاتے ہیں۔ یہاں بھی جب شیخ الاسلام یحیٰ منیری قدس سرہٗ العزیز کے بیان کردہ موقف پر حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے عمل کرنا شروع فرمادیا تو آپ پر معوذتین مثالی صورت میں ظاہر فرمائے گئے تو ان کے قرآن کریم سے اخراج کی شکایت پر آپ ان کی قرآنیت کے قائل ہوگئے۔ والحمدللہ علی ذالک دراصل ان دونوں سورتوں کی عدم قرآنیت کے متعلق حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ایک باطل روایت ہے:

شارح بخاری حضرت علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ مسند احمد اور صحیح ابن

marfat.com
Marfat.com

مخالف جمہور است پس در فرض قطعی قرأت آں دو

کے مخالف ہیں لہذا فرض قطعی میں ان دو سورتوں کی قرأت

سورہ محسوب نباید کرد و ایں فقیر ہم نمی خواند

کو شمار نہیں کرنا چاہئے۔ یہ فقیر بھی نہیں پڑھتا تھا

تاآنکہ روزے بریں فقیر ظاہر ساختند کہ گویا معوذتین

یہاں تک کہ ایک روز اس فقیر پر ظاہر کرتے ہیں کہ گویا معوذتین

حبان کے حوالہ سے روایت نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے مصحف مبارک میں معوذتین کو تحریر نہیں فرماتے تھے اور طبرانی وغیرہا کے حوالہ سے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ مصاحف سے معوذتین کو کھرچ کر نکال دیتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ یہ کتاب اللہ سے نہیں ہیں بلکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ محض پناہ مانگنے کا حکم فرمایا ہے لیکن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین میں سے کسی نے بھی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا ساتھ نہیں دیا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ پر جو یہ اشکال وارد ہوتا ہے علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح المہذب میں لکھا ہے کہ تمام مسلمانوں کا اس بات پر اجماع ہے کہ معوذتین اور سورہ فاتحہ قرآن کریم میں شامل ہیں جو شخص ان میں سے کسی چیز کا انکار کرے وہ دائرہ اسلام سے خارج (کافر) ہے اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے جو معوذتین کے عدم قرآنیت کی نقل منقول ہے وہ باطل ہے ،حضرت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس نقل کو جھوٹ اور باطل قرار دیا ہے۔

علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر بالفرض یہ روایات صحیح بھی ہوں تو ان کی توجیہہ یہ ہے کہ ہر چند کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے نزدیک معوذتین کا

marfat.com
Marfat.com

حاضر اند و از مخدوم درباب منع قرأت آنہا در فرض

حاضر ہیں اور مخدوم سے فرض میں ان کی قرأت کی ممانعت کے بارے

شکایت دارند کہ ما را قرآن اخراج سی نماید ازاں زمان

میں شکایت کرتی ہیں کہ ہم کو قرآن سے نکالتے ہیں اسی وقت سے

ازاں منع ممتنع گشتم وشروع درقرأت آنہا درفرض نمودم

اس ممانعت سے باز آ گیا اور میں نے فرض میں ان کی قرأت شروع کر دی۔

قرآن ہونا ثابت تھا لیکن ان کے ہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے معوذتین کا قرآن مجید میں لکھوانا ثابت نہیں تھا اگرچہ دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے نزدیک لکھوانا بھی ثابت تھا۔ (فتح الباری شرح بخاری ۷۴۲/۸)

عظیم مفسر قرآن حضرت علامہ محمود آلوسی حنفی بغدادی مجددی خالدی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ شرح مواقف میں ہے قرآن کریم کی بعض سورتوں میں بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا جو اختلاف منقول ہے وہ اخبار آحاد سے منقول ہے اور ان سورتوں کا قرآن ہونا تواتر سے ثابت ہے اور اخبار آحاد میں اتنی قوت نہیں کہ وہ تواتر کے معارض ہو سکیں اور نہ ہی ظن، یقین سے مزاحم ہو سکتا ہے۔ (روح المعانی)

جبکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ان سورتوں کی فضیلت یوں منقول ہے ارشاد نبوی علی صاحبہا الصلوٰت والتسلیمات الم ترایات انزلت اللیلۃ لم یر مثلھن قط قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس یعنی کیا تمہیں معلوم نہیں امشب ایسی آیات کریمہ نازل ہوئی ہیں جیسی کبھی نہیں دیکھی گئیں قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس (صحیح مسلم باب فضل قرأۃ المعوذتین)

marfat.com
Marfat.com

ہرمرتبہ کہ آں دوسورہ کریمہ را در فرض می خوانم احوال
ہر مرتبہ جب ان دونوں سورۂ کریمہ کو میں فرض میں پڑھتا ہوں
عجیبہ مشاہدہ می نمایم والحق کہ چون بعلم شریعت
عجیب احوال کا مشاہدہ کرتا ہوں اور حق یہ ہے کہ جب علم شریعت
رجوع نمودہ آید منع قرأت آں دو سورہ را در فرض وجہے
کی طرف رجوع کیا جائے ان دونوں سورتوں کو فرض میں قرأت کی
پیدا نمی شود بلکہ شبہ اند اختن است در قطعیت
ممانعت کی کوئی وجہ ظاہر نہیں ہوتی بلکہ شبہ ڈالنا ہے اس متفق

## حضرت یحییٰ منیری قدس سرہٗ کا مختصر تعارف

سلطان المحققین حضرت شیخ شرف الدین احمد یحییٰ قدس سرہٗ العزیز ۲۶ شعبان المعظم ۶۶۱ھ سلطان ناصر الدین محمود کے دور سلطنت میں بمقام منیر شریف ضلع پٹنہ میں متولد ہوئے۔ آپ کی والدہ ماجدہ ایک تقویٰ شعار اور پارسا خاتون تھیں کہ انہوں نے کبھی آپ کو بے وضو دودھ بھی نہیں پلایا تھا۔ حضرت شیخ نے علوم دینیہ حضرت علامہ اشرف الدین ابوتوامہ رحمۃ اللہ علیہ سے تحصیل کے بعد اپنے استاد کامل کی دختر نیک اختر سے نکاح فرمایا:

آپ سلسلہ عالیہ کبرویہ کے عظیم روحانی پیشوا خواجہ خواجگان حضرت شیخ نجیب الدین فردوسی قدس سرہٗ العزیز کے دست حق پرست پر بیعت ہونے کی غرض سے حاضر خدمت ہوئے تو شیخ نے دیکھتے ہی فرمایا "درویش آؤ برسوں سے تمہارا انتظار کر رہا ہوں تاکہ تمہاری امانت تمہارے سپرد کردوں"۔ خواجہ فردوسی قدس سرہٗ العزیز

marfat.com
Marfat.com

ایں حکم مجمع علیه که ما بین الدفتین قرآن باآنکه ضم

علیہ حکم کی قطعیت میں کہ جو کچھ دفتین کے درمیان ہے وہ قرآن ہے

سوره از واجبات است که ظنی ست پس منع قرأت دو

اس کے ساتھ ہی سورت کا ملانا واجبات سے ہے جو کہ ظنی ہے پس (ان)

نے بیعت لیتے ہی خرقہ خلافت، شجرۂ طریقت اور دیگر نصائح تحریر فرما کر رخصت کر دیا۔ جب آپ نے اپنی تعلیم و تربیت کیلئے کچھ اور قیام کرنے کی اجازت چاہی تو شیخ فردوسی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ''تمہاری تعلیم و تربیت بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے مقدر ہے''۔

آپ چالیس سال تک جنگلوں اور پہاڑوں میں عبادت و ریاضت کرتے رہے پھر ہجوم خلق کی بنا پر مجبوراً بہار شریف میں اقامت گزیں ہو کر ساری عمر درس و تدریس اور رشد و ہدایت میں گزار دی۔ آپ کی ۶ شوال المکرم بروز جمعرات بوقت چاشت ۷۸۲ھ تجہیز و تکفین کی گئی۔ انا للہ و انا الیہ راجعون

آپ نے بوقت وصال وصیت فرمائی کہ میری نماز جنازہ وہ شخص پڑھائے جس میں تین اوصاف پائے جاتے ہوں۔ وہ شخص صحیح النسب سید ہو...... تارک سلطنت ہو...... اور حافظ قرأت سبعہ ہو۔ چنانچہ لوگ منتظر تھے کہ یکا یک حضرت شیخ اشرف جہانگیر سمنانی قدس سرہٗ العزیز تشریف فرما ہوئے جن میں مذکورہ بالا تینوں شرائط موجود تھیں اس لئے انہوں نے ہی نماز جنازہ پڑھائی اور چند روز مرقد انور پر چلہ کش رہ کر وہاں سے رخصت ہو گئے۔

دلا ہرگز نیابی درجہاں ہچوں شرف پیرے
کہ مالا مال ازو شد سید اشرف جہانگیرے

marfat.com
Marfat.com

سورہ را اگرچہ ظنی باشند ولوعلی فرض المحال ہیچ

دو سورتوں کی قرأت کی ممانعت اگرچہ ظنی ہو بفرض محال کوئی وجہ نہیں

وجہ نباشد کہ قرأت آنہا بطریق ضم با فاتحہ است

ہے کہ ان کو فاتحہ کے ساتھ ملا کر نہ پڑھا جائے۔ شیخ مقتداء

فالعجب من الشیخ المقتدیٰ مثل ھذا الکلام کل العجب

سے اس قسم کے کلام کا ہونا بہت ہی حیران کن ہے۔ سید البشر اور

والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید البشر والہ الاطہر

آپ کی آل اطہر پر درود و سلام ہو۔

آپ کے مکتوبات شریفہ، ملفوظات قدسیہ، رسائل مبارکہ اور تصانیف عالیہ سے آپ کے تبحر علمی اور وسعت نظر کا اندازہ ہوتا ہے۔ آپ کی متعدد تصانیف لطیفہ کے علاوہ آپ کے مکاتیب شریفہ علوم ومعارف کا گنجینہ اور اسرار شریعت وطریقت کا خزینہ ہیں۔ آپ کے مکتوبات تین قسم کے ہیں

۱.....مکتوبات صدی ۲.....مکتوبات دوصدی ۳.....مکتوبات بست وہشت

حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری قدس سرہُ العزیز نے اوراد غوثیہ میں دیگر نصائح کے علاوہ ایک وصیت تحریر فرمائی ہے اور وہ یہ ہے کہ " اگر مرشد حاضر نہ باشد مکتوبات شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیری مطالعہ کند تافریب نفس ووسواس خناس دریابد"

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۵۱

حظ وافر از طریق صوفیه بلکه ازملت اسلام کسے

صوفیہ کے طریق سے بلکہ ملت اسلام سے وافر حصہ اسے

راست که فطرت تقلید وجبلت متابعت دروے بیشتر

ہی ملتا ہے کہ جس میں تقلید کی فطرت اور متابعت کی عادت

است مدار کار اینجا برتقلید ست ومناط امردریں

زیادہ ہے [1] یہاں کام کا مدار تقلید پر ہے اور اس مقام میں

[1] زیرنظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز تقلید ومتابعت کی فضیلت واہمیت بیان فرمارہے ہیں۔ دراصل دین اسلام کی سرشت میں تقلید واتباع ایک بنیادی رکن ہے۔ جس شخص کی فطرت وطبیعت میں تقلید واتباع جتنی زیادہ ہوگی اتنا ہی وہ شخص اسلام کی برکات اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے انوار وفیوضات سے مالا مال ہوگا۔ جملہ سلاسل طریقت بالعموم اور طریقت نقشبندیہ میں بالخصوص تقلید ومتابعت کا خصوصی طور پر اہتمام وانصرام کیا جاتا ہے۔ علمائے راسخین اور اولیائے کاملین کا مطمع نظر ہی ترویج شریعت اور تائید ملت ہوتا ہے جو بجز تقلید ومتابعت کے ممکن نہیں، چنانچہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس کے متعلق ایک مقام پر رقمطراز ہیں

جس کا اردو ترجمہ ملاحظہ ہو

marfat.com
Marfat.com

تخلیق انسان سے مقصود، وظائف، اطاعت وعبادت کی ادائیگی اور حق تعالیٰ سبحانہ کی طرف کلیۃً متوجہ رکھنا ہے اور یہ بات سید الاولین والاخرین علیہ التحیۃ والثناء کی ظاہری و باطنی کامل تابعداری کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قولاً، فعلاً، ظاہراً، باطناً، عملاً اور اعتقاداً اکمال متابعت عطا فرمائے۔ آمین

(مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب ۱۱۰)

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں تقلید کے متعلق قدرے وضاحت کر دی جائے تاکہ فہم منہا میں سہولت رہے۔ و باللہ التوفیق

علمائے کرام نے کتاب وسنت کی روشنی میں تقلید کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں

تقلید مذموم اور تقلید محمود

## تقلید مذموم

یہ وہ تقلید ہے جس میں کوئی شخص سنت و شریعت و طریقت کے برعکس کسی جاہل، غافل، تابع ہوائے وہوس اور نااہل کی محض ہٹ دھرمی اور کورذوقی کی بناء پر اندھی پیروی کرنا شروع کر دیتا ہے حالانکہ کتاب وسنت میں اس کی مذمت اور ممانعت فرمائی گئی ہے جیسا کہ آیات کریمہ۔ ولا تطع من اغفلنا قلبه عن ذكرنا واتبع هواه اور اتخذوا احبارهم ورهبانهم اربابامن دون الله (توبہ ۳۱) اسی طرح ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات لا طاعة للمخلوق فی معصية الخالق سے عیاں ہے۔ علامہ اقبال مرحوم نے اس قسم کی تقلید کی مذمت بیان کرتے ہوئے خوب کہا

طرفگی ہا در نہاد کائنات
نیست از تقلید تقویم حیات
نظر آتے نہیں بے پردہ حقائق ان کو
آنکھ جن کی ہوئی محکومی و تقلید سے کور

marfat.com
Marfat.com

## تقلید محمود

وہ تقلید ہے جس میں بندۂ مومن ائمہ مجتہدین، علمائے راسخین اور اولیائے کاملین کی اتباع کرتا ہے کیونکہ یہ نفوس قدسیہ علمائے شریعت، عاملین سنت اور حاملین طریقت ہوتے ہیں جو اغیار کی محبت سے آزاد اور ہوا و ہوس سے بیزار ہوتے ہیں۔ بنابریں کتاب وسنت میں ان کی تقلید ومتابعت کی تلقین فرمائی گئی ہے جیسا کہ آیات کریمہ فاسئلوا اھل الذکران کنتم لاتعلمون (النحل ۴۳) اور واتبع سبیل من اناب الی سے عیاں ہے۔ یہی وہ تقلید ہے کہ جس کے ذریعے محبت کو دوام اور عشق کو استحکام ملتا ہے۔ اقبال مرحوم نے کیا خوب کہا

کیفیت ہا خیزد از صہبائے عشق
ہست ہم تقلید از اسمائے عشق
کامل بسطام در تقلید فرد
اجتناب از خوردن خربوزہ کرد
عاشقی؟ محکم شو از تقلید یار

marfat.com
Marfat.com

موطن برمتابعت تقلید انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات

معاملہ کا انحصار متابعت پر ہے انبیاء علیہم الصلوات و التسلیمات کی

بدرجات علیا می رساند ومتابعت اصفیا بمعارج عظمٰی

تقلید اعلیٰ درجات تک پہنچا دیتی ہے[2] اور اصفیاء کی متابعت بڑی معراجوں

[2] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرما رہے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے کہ کسی شخص کی فطرت و سرشت میں تقلید و متابعت کے رجحان کا غالب ہونا اس کے صاحب استعداد ہونے کی علامت ہے۔ اس تقلید سے مراد ائمہ شریعت کی فقہی تحقیقات بھی ہیں جس کی بنا پر ان کے مقلدین حنفی، مالکی، شافعی اور حنبلی کہلواتے ہیں بنابریں مقلدین، سنت و شریعت کی برکات سے مالا مال ہوتے ہیں اور اس تقلید سے مراد مشائخ طریقت کی صوفیانہ تخلیقات و تحقیقات بھی ہیں جو کتاب و سنت سے ماخوذ ہوتی ہیں بنابریں سالکین و عارفین، باطن شریعت اور احوال مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوات سے مستفیض ہوتے ہیں۔ اللھم ارزقنا ایاھا

marfat.com
Marfat.com

می برد ابوبکر چوں این فطرت را بیشتر داشت بے
تک لے جاتی ہے حضرت ابوبکر چونکہ یہ فطرت زیادہ تر رکھتے تھے [۳]

توقف بسعادت تصدیق نبوت مسارعت فرمودہ رئیس
اس لئے بلا توقف تصدیق نبوت کی سعادت جلدی فرما دی اور صدیقوں

صدیقاں آمد و ابوجہل لعین چون استعداد تقلید و
کے رئیس ہو گئے اور ابوجہل لعین چونکہ تقلید اور متابعت کی استعداد کم

[۳] حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ انبیائے عظام، صوفیاء کرام علیہم الصلوات کی متابعت مسلمین و سالکین کو درجات عظمیٰ اور مقامات اقصیٰ تک پہنچا دیتی ہے۔ خلیفہ رسول حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی جبلت و فطرت میں تسلیم و تصدیق اور متابعت و تقلید سب سے زیادہ تھی اس لئے انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت و معجزات و فرمودات کو بغیر کسی توقف و تامل کے مان لیا اسی بنا پر آپ صدیقوں کے سردار ہو گئے جبکہ ابوجہل لعین میں تقلید و اتباع کی استعداد کم تر تھی اس لئے وہ بڑا دانشمند اور خطیب ہو کر بھی بدبخت ہی رہا اور کمالات نبوت سے فیضیاب نہ ہونے کی بناء پر ملعونوں کا پیشوا ہو گیا۔

ایسے ہی بعض لوگوں کی فطرت میں تنقید و تشکیک اور اضطراب و تخمین زیادہ ہوتا ہے اس لئے وہ مشائخ عظام سے شرف بیعت کے باوجود فیوض و برکات حاصل نہیں کر پاتے بلکہ مشائخ کی ہر نقل و حرکت کو شک کی نگاہ سے دیکھتے اور ہمیشہ اس ٹوہ میں رہتے ہیں کہ کب ان سے کوئی لغزش سرزد ہو تو ہم ان پر انگشت نمائی اور زبان طعن دراز کریں اور اگر اپنے شیخ و مرشد کا کوئی کمال و کرامت دیکھ کر ان کی عظمت کو تسلیم بھی کر لیں پھر بھی سطحی اور زبانی طور پر ہی تسلیم کرتے ہیں، دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مائل

marfat.com
Marfat.com

نہیں ہوتے اس لئے اپنے شیخ کے فیض و برکت سے محروم رہ جاتے ہیں جو نامراد و بدبخت ہونے کی علامت ہے۔ العیاذ باللّٰہ سبحانہ

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ مرید کو جو بھی مرتبہ و مقام وکمال حاصل ہوتا ہے وہ اپنے شیخ کی تابعداری اور تقلید سے ہی حاصل ہوتا ہے اس لئے اسے ہر حال میں اپنے شیخ کے عادات واطوار، اعمال وافعال، لباس وکردار، نشست و برخاست، حرکات وسکنات، صورت وسیرت کو ہی اپنانا چاہئے یہاں تک کہ فقہ کے مسائل بھی شیخ کی اداؤں سے سیکھنے چاہئیں تاکہ اسکا ظاہر و باطن اپنے شیخ کے رنگ میں رنگا جائے۔ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ایک مقام پر یوں رقمطراز ہیں:

جہاں تک ممکن ہو سکے تقلید کو ہاتھ سے نہ چھوڑیں کیونکہ شیخ طریقت کی تقلید میں بہت فائدے اور ثمرات ہیں اور اس کے طریقے کی مخالفت میں سراسر خطرات ہیں۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب ۱۳)

چونکہ اتباع شیخ، محبت شیخ کا ثمرہ ہوتی ہے اس لئے مرید فرط محبت کی وجہ سے تصور شیخ میں اس قدر گم ہو جاتا ہے کہ اس کے حواس پر شیخ کی شکل وصورت اور حرکات و سکنات کا غلبہ ہو جاتا ہے اور وہ اپنی ہستی کو بھول جاتا ہے یہاں تک کہ شیخ کی صورت و سیرت کے سانچے میں ڈھل جاتا ہے

تو من شدی من تو شدم تو تن شدی من جاں شدم
تا کس نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

جیسا کہ حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فنافی الشیخ کے مرتبے میں اس قدر مغلوب ہو گئے تھے کہ صورت وسیرت کے اعتبار سے جمال نبوت کے آئینہ دار بن گئے اور ہجرت کے موقعہ پر اہل مدینہ کے لئے آقا اور غلام میں امتیاز کرنا مشکل ہو گیا تھا۔

(صحیح بخاری ا ۵۵۵)

marfat.com
Marfat.com

تبعیت کمترداشت بآں سعادت مستسعد نگشت و
تر رکھتا تھا اس سعادت سے بہرہ ور نہ ہوا اور ملعونوں کا پیشوا
پیشوائے ملعونان شد مرید ہر کمال را کہ مییابد از
ہو گیا مرید جو کمال پاتا ہے اپنے پیر کی تقلید سے
تقلید پیر خود می یابد خطائے پیر بہتر از صواب مرید
پاتا ہے [1] پیر کی خطا مرید کی درستگی سے بہتر ہے یہی

[1] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی تلقین فرما رہے ہیں کہ مرید اور سالک کیلئے ہرگز مناسب نہیں کہ وہ اپنے شیخ کی کسی ادا پر تنقید کرے خواہ شیخ کی وہ ادا، خطا ہی کیوں نہ ہو۔ دراصل بعض لوگ بڑے ناقد مزاج اور نکتہ چین ہوتے ہیں وہ ہر کسی کو اپنے موہوم معیار پر پرکھتے ہیں حالانکہ معیار کتاب وسنت ہے۔ اس قسم کے آوارہ مزاج لوگوں کو کس دانا نے مشورہ دیا کہ وہ ادب و نیاز کی وادی میں قدم رنجاں فرمائیں اور پریم نگر میں اتریں۔ بقول شاعر

جو سیس تلی پہ دھر نہ سکے
وہ پریم گلی میں آئے کیوں

حضرت سیدنا خضر علیہ السلام نے حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کو حصول علم وفیض کیلئے تسلیم واطاعت پر اور اعتراض نہ کرنے پر پابند رہنے کی تاکید فرمائی جیسا کہ آیہ کریمہ فان اتبعتنی فلا تسئلنی عن شیء (الکہف۷۰) سے عیاں ہے۔
مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو یوں بیان فرمایا ہے

چوں گرفتی پیر را تسلیم شو
ہم چو موسیٰ زیر حکم خضر رو

marfat.com
Marfat.com

مرید کی کیفیت مردہ بدست غسال کی مانند ہونی چاہئے اور وہ سراپا ادب و نیاز اور مجسمہ تسلیم وانقیاد ہو اور اپنے حال وقال سے یوں گویا ہو

اتنی رمز پچھانو یارو بہت کراں کیہہ گلاں

میں کریوں ہتھ واگ بلوچے جدھر چلاوے چلاں

بلکہ حضرت حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے تو غلبہ محبت کی بنا پر یہاں تک فرما دیا کہ اگر شیخ، کامل مکمل اور سنت وشریعت کا پابند ہو اور وہ مرید کو کہے کہ اپنے مصلیٰ کو شراب سے رنگ دے تو مرید کو بغیر کسی توقف وتامل کے ایسا کر گذرنا چاہئے ممکن ہے مرید کا امتحان مقصود ہو

بمئے سجادہ رنگیں کن گرت پیر مغاں گوید

اس کی مثال قرآن مجید سے ملاحظہ ہو کہ جب رب تعالیٰ جل سلطانہ نے شیخ الانبیاء حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کو حضرت سیدنا اسماعیل ذبیح اللہ علیہ السلام کے ذبح کرنے کا حکم ارشاد فرمایا تو سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے اپنے لخت جگر کے نازک حلقوم پر چھری رکھ دی تو خدا تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اے ابراہیم بس ہاتھ روک لو ہم نے تمہارے جذبہ تسلیم ورضا کو ہی دیکھنا تھا، ذبح پسر مطلوب نہیں تھا بلکہ تمہارا امتحان مقصود تھا جیسا کہ آیات کریمہ قد صدقت الرء یا انا کذالك نجزی المحسنین ان هذا لهو البلاء المبین (صافات ۱۰۵،۱۰۶) سے عیاں ہے۔

غرضیکہ شیخ کا بظاہر خلاف شریعت قول وعمل مبنی بر حکمت ہوتا ہے اس لئے مرید کو ہرگز اجازت نہیں کہ وہ اپنے شیخ کی خطا کو اچھالے اور برسر منبر ومحراب اور اپنی محافل میں ان پر زبان طعن دراز کرے۔ دیکھئے جب غزوۂ احد میں درہ پر متعین صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حکم عدولی ہوگئی تو خاصی پریشانی وہزیمت کا سامنا کرنا پڑا گو بعد میں اللہ رب العزت جل سلطانہ نے اظہار

marfat.com
Marfat.com

ناراضگی کے بعد معافی کا اعلان فرمادیا جیسا کہ آیہ کریمہ ولقد عفا عنکم (آل عمران ۱۵۲) سے عیاں ہے۔

ایسے ہی حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کے شجرۂ ممنوعہ سے کھابیٹھنے کے بعد ان کی لغزش کو اچھالنا دلیل محرومی ہے کیونکہ ان کے اجتباء، قبولیت توبہ اور اعلیٰ مراتب قرب کی راہیں ان پر واہونے کا اعلان، ان کے ہبوط آسمانی اور نزول جنت سے قبل ہی تواب ورحیم رب نے فرمادیا تھا جیسا کہ آیہ کریمہ ثم اجتباہ ربہ فتاب علیہ وھدیٰ (طہ۱۲۲) سے واضح ہے۔

علامہ قرطبی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں:

ولم یکن اخراج اللہ آدم من الجنة واھباطه منھا عقوبة له لانه اھبطه بعد ان تاب علیه وقبل توبته یعنی اللہ تعالیٰ کا سیدنا آدم علیہ السلام کو جنت سے اخراج واہباط کا حکم ان پر عتاب کی وجہ سے نہ تھا کیونکہ ان کی توبہ اور قبولیت توبہ کے بعد انہیں جنت سے اتارا گیا تھا (قرطبی ۱/۳۲۱)۔ کیونکہ وہ خلافت ارضیہ پر فائز المرام ہونے کیلئے اترے تھے۔

باقی رہا آیہ کریمہ وعصی ادم ربہ فغوی (طہ۱۲۱) میں سیدنا آدم علیہ السلام کی طرف عصیان وغوایت کا منسوب ہونا حقیقتاً نہیں بلکہ صورۃً ہے کیونکہ سیدنا آدم علیہ السلام سے لغزش دانستہ نہیں بلکہ بھولے سے بلاارادہ سرزد ہوگئی تھی جیسا کہ آیہ کریمہ فنسی ولم نجدله عزماً (طہ۱۱۵) سے آشکارا ہے نیز عصیٰ اور غویٰ کا انتساب سیدنا آدم علیہ السلام کی طرف صنعت مشاکلہ کے قبیل سے ہے جیسا کہ آیہ کریمہ جزاء سیئة سیئة مثلھا سے واضح ہے کیونکہ برائی کے بدلے کو محض صوری مشابہت کی بنا پر سیئہ فرمایا گیا ہے حقیقۃً برائی کا بدلہ برائی نہیں کیونکہ کسی برے فعل کو جائز قرار دینا حق تعالیٰ سبحانہ کی شان کے لائق نہیں۔ تعالی اللہ عن

marfat.com
Marfat.com

ذالك علواً کبیراً

واضح رہے کہ انبیائے کرام علیہم الصلوات کے امتیوں سے سہو و خطا پر کوئی مواخذہ نہیں ہوتا البتہ انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات سے مواخذہ ہوتا ہے جیسا کہ منقول ہے وقیل یمتنعان علیھم الا علی جھة السھو والخطاء وھم ماخوذون بذالك وان کان موضوعاً من امتھم (البحرالمحیط ۱/۱۶۲)
علمائے متکلمین سہو ونسیان کو زلت سے موسوم کرتے ہیں اور صدورِ زلت، اظہار عصمت کا باعث ہوتی ہے کیونکہ عصمت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسا لطف ہے جو نبی علیہ السلام کو فعل خیر پر ابھارتا اور اسے شر سے بچاتا ہے بقائے اختیار کے ساتھ تاکہ معنائے ابتلاء کا تحقق (برقرار) رہے ھی لطف من اللہ تعالیٰ یحملہ علی فعل الخیر ویزجرہ عن الشرمع بقاء الاختیار تحقیقاً للا بتلاء (شرح عقائد ۱۴۷)

مؤاخذہ سے انبیائے کرام علیہم الصلوات کی عظمت ورفعت وفضیلت میں کوئی نقص پیدا نہیں ہوتا بلکہ یہ تو ان کی کمال عظمت ورفعت وفضیلت کی دلیل ہوتا ہے کیونکہ مؤاخذہ کا موجب انبیائے کرام علیہم الصلوات کی بارگاہ قدس جل سلطانہ میں غایت قربت اور کمال محبوبیت ہوتا ہے جیسا کہ مقولہ حسنات الابرار سیئات المقربین سے عیاں ہے۔ مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو بیان فرمایا ہے

وصلتِ عامہ حجابِ خاصداں
طاعتِ عامہ گناہِ خاصگاں
جن کے رتبے ہیں سوا ان کی سوا مشکل ہے

حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے زلت آدم (علیہ السلام) پر مؤاخذہ کا تذکرہ یوں بیان فرمایا ہے

بود آدم دیدۂ نور قدیم  سوئے در دیدہ بود کوہ عظیم

marfat.com
Marfat.com

یعنی سیدنا آدم علیہ السلام نور قدیم کی آنکھ تھے اور آنکھ میں اگر بال بھی پڑ جائے تو آنکھ کی نزاکت اسے برداشت نہیں کر سکتی بلکہ وہ ہلکا اور باریک سا بال بھی کوہ عظیم کی مانند نا قابل برداشت ہوتا ہے۔

حق تعالیٰ کی بارگاہ قدس میں سیدنا آدم علیہ السلام کا ربنا ظلمنا انفسنا کا اعتراف واقرار اور اس پر توبہ واستغفار ان کے کمال عبدیت اور غایت عجز وانکسار کا مظہر ہے۔ بقول شاعر

الٰہی انتہائے عجز کا اقرار کرتا ہوں
خطا و سہو کا پتلا ہوں استغفار کرتا ہوں

یونہی اولیائے کاملین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین سے جب کوئی خطا سرزد ہو جاتی ہے تو حالت خواب یا مراقبے میں انہیں خود حق تعالیٰ سبحانہ مطلع فرما دیتے ہیں یا ان کے مشائخ عظام انہیں متنبہ فرما دیتے ہیں اور اس خطا کے ارتکاب پر انہیں ڈانٹ پلا دیتے ہیں یوں ان کے مشائخ عظام انہیں توبہ کراتے ہیں اور بارگاہ قدس جل سلطانہ سے معافی لیکر دیتے ہیں۔

نیز لغزش پر اطلاع پانے کے بعد وہ اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور کس قدر آہ وفریاد اور گریہ وزاری کرتے ہیں نہ جانے وہ کیا کیا کرتے ہیں کہ جن کے بدلے میں ان پر مغفرتوں و بشارتوں اور بلندی درجات کے دروازے وا کر دیئے جاتے ہیں یوں انہیں گناہ وخطا پر برقرار نہیں رہنے دیا جاتا۔ غالباً ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات اذا احب اللّٰہ عبداً الن یضرہ ذنب ثم تلا ان اللہ یحب التوابین (احیاء العلوم) کا بھی یہی مفہوم ہے اور علمائے اہلسنت کا بھی یہ موقف ہے کہ اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین گناہوں سے محفوظ ہوتے ہیں یوں انبیائے کرام اور اولیائے عظام علیہم الصلوات والتسلیمات کی قبولیت توبہ اور مغفرت کا سامان ہو

marfat.com
Marfat.com

جاتا ہے اسلئے ان کی لغزش وخطا کو دھرانا اور بدگمانی کی بناپر اسی شبہ میں پڑے رہنا دلیل محرومی ہے۔ مقولہ مشہور ہے خطائے بزرگان گرفتن خطا است اس لئے بزرگوں کی غلطی کی تشہیر سے اجتناب کرنا، اسے نظرانداز کرنا اور خاموش رہنا ہی احوط اور اسلم ہے۔

علاوہ ازیں اہل اللہ کی خطائیں ہماری عبادتوں سے بدرجہا بہتر ہیں کہ ان کی معافی بھی ہوچکی جبکہ ہمیں اپنی عبادات کی قبولیت کا بھی علم نہیں ہوتا اسی لئے حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے اپنے اعمال وعبادات کو تہمت زدہ جاننے کی تلقین فرمائی ہے تاکہ ریاوسمعہ کا خیال بھی نہ آنے پائے اور سالکین اپنی پارسائی کے ڈھنڈورے پیٹنے اور انا خیر منه کے راگ الاپنے سے بچیں رہیں ورنہ بقول رومی رحمۃ اللہ علیہ

گر نۂ فرزند بلیسی اے عنید
پس بتو میراث آن سگ کے رسید
وائے ناکامی زاہد کہ جبیں پر اس کی
داغ سجدہ تو بنا داغِ محبت نہ بنا

مختصر یہ کہ اپنی عبادات پرناز کرنے سے اجتناب کرنا چاہئے کیونکہ ہمارے پاس ان کی قبولیت کی کوئی ضمانت نہیں نیز اہل اللہ، اللہ تعالیٰ کے مقبول ومحبوب ہوتے ہیں اس لئے انہیں ذلیل وحقیر جاننے سے بچنا چاہئے

خاکساران جہاں را بحقارت منگر
توچہ دانی دریں گرد سوارے باشد

marfat.com
Marfat.com

است ازیں جاست کہ ابوبکر طلب سہو پیغمبر علیہ

وجہ ہے کہ ابوبکر پیغمبر علیہ الصلوٰۃ و السلام کا سہو طلب کرتے ہیں ۵

الصلوٰۃ والسلام می نماید کہ یالیتنی کنت سہو محمد

اے کاش میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا سہو بن جاؤں اور حضرت پیغمبر

وحضرت پیغمبر درشان بلال رضی اللہ عنہ فرمودہ اند کہ

نے بلال کے بارے میں فرمایا ہے بلال کی سین اللہ کے

۵ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ چونکہ خطائے شیخ، مرید کی درستگی سے بہتر ہے اسی لئے حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے یالیتنی کنت سہو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آرزو کی تھی۔ یہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سہو کے متعلق قدرے وضاحت ہدیۂ قارئین ہے۔ وباللہ التوفیق

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سہو ونسیان کے متعلق یوں رقمطراز ہیں اردو ترجمہ ملاحظہ ہو!

سہو ونسیان حضرت پیغمبر علیہ السلام پر جائز بلکہ واقع ہے جیسا کہ حدیث ذوالیدین میں وارد ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی قطعی کے ذریعہ سہو ونسیان پر اطلاع فرما کر صواب کو خطا سے جدا کر دیا۔ نبی کا خطا پر قائم رہنا ہرگز جائز نہیں کیونکہ اس سے احکام شرعیہ کا اعتماد رفع ہو جاتا ہے۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر دوم مکتوب ۹۶)

حدیث ذوالیدین (عمیر بن عبد عمرو) کی وضاحت کتب احادیث میں کچھ یوں ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو نماز عصر پڑھائی اور دو رکعتوں پر سلام پھیر دیا تو حضرت ذوالیدین رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اقصرت الصلوٰۃ یا رسول اللہ ام نسیت (یارسول اللہ کیا نماز قصر کر دی گئی یا

marfat.com
Marfat.com

آپ سے بھول ہوگئی) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً ارشاد فرمایالم انسی ولم تقصر نہ میں بھولا ہوں نہ نماز قصر ہوئی (ابن ماجہ ۸۶)۔ بلکہ مؤطا امام مالک میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ یوں منقول ہیں کل ذالک لم یکن یعنی کچھ بھی نہیں ہوا وجہ بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایاانی لانسی انسی لاسن یعنی میں اس لئے بھولتا ہوں یا بھلایا جاتا ہوں کہ کوئی سنت قائم کردوں (مؤطا امام مالک کتاب السہو) اسی طرح حضرت علامہ قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ روایت فرماتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں ارشاد فرمایالست انسی ولکن انسی یعنی میں بھولتا نہیں بلکہ بھلایا جاتا ہوں قرآن مجید میں ارشاد ہے سنقرئک فلا تنسی الا ماشاء اللہ (الاعلیٰ:٦) یعنی ہم خود آپ کو پڑھائیں گے پس آپ نہ بھولیں گے بجز اس کے جو اللہ چاہے۔ (الشفاء جلد دوم)

غرضیکہ عامۃ الناس کا نسیان مبنی برغفلت ہوتا ہے جبکہ انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات کا نسیان مبنی برحکمت ہوتا ہے کیونکہ وہ بھولتے نہیں بھلائے جاتے ہیں۔

یہ امر ذہن نشین رہے کہ جمہور متکلمین اہل سنت کے نزدیک انبیائے کرام علیہم الصلوات اپنے دور نبوت میں کبائر سے مطلقا اور صغائر سے عمداً معصوم ہوتے ہیں۔ گو اکثر مشائخ اہل سنت سہواً انبیاء (علیہم الصلوات) کے قائل ہیں لیکن جو صغائر، دناءت وخست ورذالت کا موجب ہوں بالاتفاق ان کا صدور انبیاء کرام علیہم الصلوات سے ممکن نہیں جیسے نوالہ کا سرقہ اور ایک دانہ بھر تول ناپ میں کمی کرنا لیکن محققین نے یہ شرط عائد کی ہے کہ اگر انہیں متنبہ کر دیا جائے تو وہ اس سے رک جائیں۔ ایسے ہی محققین اہلسنت کے نزدیک انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات قابل نفرت امور سے بھی معصوم ہوتے ہیں جیسے امہات وآباء کرام اور زوجات محترمات کا فجور ورذالت اور خست

marfat.com
Marfat.com

ودناءت۔ حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات کے سہو ونسیان کو ہی زلت کہا جاتا ہے۔ (شرح عقائد، شرح فقہ اکبر لعلی قاری، مقالات کاظمی وغیرہا)

واضح رہے کہ علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں کہ اس بات پر علماء کرام کا اتفاق ہے کہ امور تبلیغیہ میں آپ پر سہو اور نسیان طاری نہیں ہوسکتا کہ آپ رشد و ہدایت کی تبلیغ فرمائیں اور کوئی غلط بات بتلادیں البتہ دنیوی معاملات اور عبادات میں بعض اوقات آپ پر نسیان طاری ہوجاتا تھا لیکن اللہ تعالیٰ علی الفور آپ کو امر واقعہ سے آگاہ فرمادیتا تھا اور اس بات پر بھی اجماع ہے کہ امور اعتقادیہ میں آپ پر نسیان نہیں آسکتا (شرح مسلم للنووی جلد اول) اسی بنا پر امام الہدیٰ حضرت شیخ ابو منصور ماتریدی قدس سرہٗ العزیز رقمطراز ہیں:

الانبیاء احق بالعصمة لان الامم مامورون باتباع الانبیاء لا الملائکة یعنی انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات عصمت کے زیادہ حقدار ہیں کیونکہ امتوں کو ان کی اتباع کا حکم دیا گیا ہے نہ کہ ملائکہ کو۔ (نبراس ۲۸۴)

marfat.com
Marfat.com

" سین بلال عنداللہ شین " کہ بلال عجمی بود دراذان اسھد
ہاں شین ہے ؀ چونکہ بلال عجمی تھے اذان میں سین مہملہ
می گفت بسین مہملہ ونزد خدائے عز و جل و علا اسھد
کے ساتھ اسھد کہا کرتے تھے خدائے عزوجل و علا کے ہاں

؀ یہاں اس امر کی وضاحت فرمائی جارہی ہے کہ بعض حضرات کی عجز و نیازمندی اور اخلاص وللّٰہیت حریم قدس جل سلطانہ میں اس قدر مقبول ومحبوب ہوتی ہے کہ ان کی خطا بھی دوسروں کے افعال صحیحہ اور اعمال صالحہ سے بہتر ہوتی ہے خواہ وہ زبان دان اور قادرالکلام نہ بھی ہوں۔ قدوۃ الکاملین حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہٗ العزیز نے اس سلسلہ میں شجاع طریقت حضرت خواجہ حبیب عجمی قدس سرہٗ العزیز کا ایک واقعہ نقل فرمایا ہے حضرت شیخ عجمی رحمۃ اللہ علیہ امام اہلسنت حضرت خواجہ حسن بصری قدس سرہٗ العزیز کے ارشد تلامذہ میں سے تھے۔ ان کی زبان فارسی تھی اور وہ عربی سے نابلد تھے ایک مرتبہ خواجہ حسن بصری، خواجہ حبیب کے حجرہ کے پاس سے گذرے جبکہ شیخ عجمی تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز مغرب میں مشغول ہوگئے چونکہ شیخ عجمی عربی تلفظ کو صحیح طریقہ کے ساتھ ادا نہیں کرسکتے تھے اس لئے خواجہ حسن نے ان کی امامت میں نماز ادا نہ فرمائی۔ جب رات کو سوئے تو خواب میں خدا تعالیٰ جل سلطانہ کا دیدار نصیب ہوا اور عرض کی "بار خدایا رضائے تو اندر چہ چیزاست " بارخدایا تیری رضا کس چیز میں ہے ارشاد ہوا اے حسن تجھے میری رضا کا مرتبہ ملا مگر قدر ندانستی تو نے اس کی قدر نہیں کی اگر تو کل شب حبیب کے پیچھے نماز ادا کرلیتا تو اس کی صحت نیت تجھے عبادت کی حقیقت سے آشنا کردیتی اور میں تجھ سے راضی ہوجاتا۔

( کشف المحجوب فارسی ۹۴ )

marfat.com
Marfat.com

یونہی مؤذن رسول حضرت سیدنا بلال حبشی رضی اللہ عنہ کی اذان پر جب بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے اعتراض کیا اور کہا کہ بلال حبشی ہونے کی وجہ سے اشھد کی بجائے اسھد کہتے ہیں کسی اور صاحب نے اذان دی تو صبح ہی طلوع نہ ہوئی ارشاد فرمایا یہ بجا ہے کہ بلال (رضی اللہ عنہ) عجمی ہیں عربی زبان کی فصاحت و بلاغت سے واقف نہیں ان کا تلفظ درست نہیں مگر سین بلال عنداللہ شین یعنی بلال کی سین اللہ کے ہاں شین ہی ہے۔

دیکھئے خدائے بے نیاز دوسروں کے صواب و نیکی سے بھی راضی نہیں مگر حضرت سیدنا بلال رضی اللہ عنہ کی خطا پر بھی راضی ہے بقول شاعر

ع برا شھد تو خندہ زند اسھد بلال

marfat.com
Marfat.com

او اشهد است پس خطائے بلال بہتر از صواب دیگراں باشد

ان کی اسہد، اشہد ہے لہٰذا بلال کی خطا دوسروں کی درستی سے بہتر ہوئی۔ ے

ع براشہد توخندہ زند اسہد بلال

تیری اشہد پر بلال کا اسہد ہنستا ہے

از عزیزے شنیدہ ام کہ می گفت بعضے از ادعیہ کہ از

میں نے ایک عزیز سے سنا کہ وہ کہتے تھے بعض دعائیں جو

مشایخ منقول است واتفاقاً آں مشائخ در بعضے آں

مشائخ سے منقول ہیں اتفاقاً مشائخ سے ان بعض دعاؤں

ادعیہ خطا کردہ اند ومحرف خواندہ اگر متابعان ایشاں

میں خطا ہو گئی اور بگاڑ کر پڑھا اگر ان کے متبعین ان دعاؤں

ے یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے "خطائے پیر بہتر از صواب مرید است" کی ایک اور مثال بیان فرمائی ہے۔ دراصل اہل اللہ، صدق مقال، رزق حلال واذ کار واوراد پر مواظبت کی بناء پر سیف اللسان ہوتے ہیں۔ عامۃ الناس کیلئے بالعموم اور مریدین کیلئے بالخصوص ان کے مشائخ کرام کے ارشادات و فرمودات اور اداؤں میں ہی تاثیرات اور فیوض وبرکات ہوتے ہیں خواہ وہ فرمودات سبقت لسانی یا سہو ونسیان کی بنا پر ہی ان سے صادر ہوئے ہوں یا مشائخ کرام نے انہیں عملاً یا خطاء بگاڑ کر پڑھا ہو.....خواہ لوگ ان کا مذاق اڑائیں، اہل علم کتنی ہی نکتہ چینی کریں.....مریدین اور سالکین کو بر چشم قلندر کے مصداق کسی کی پرواہ نہیں کرنا چاہئے اور ان دعاؤں اور اوراد ووظائف کو ایسے ہی پڑھنا چاہئے جیسے ان کے مشائخ

marfat.com

Marfat.com

آن ادعیہ را بہماں صرافت کہ مشائخ خوانده اند

کو اسی تحریف کے ساتھ جیسے مشائخ نے پڑھا پڑھیں

بخوانند تاثیر می بخشد واگر درست کرده بخوانند از

تاثیر بخشتی ہیں اور اگر درست کر کے پڑھیں

تاثیر خالی می مانند ثبتنا الله سبحانه علیٰ تقلید انبیائه و

تاثیر سے خالی رہ جاتی ہیں ہمیں ثابت قدم رکھے اللہ سبحانہ اپنے نبیوں کی

متابعة اولیائه بحرمة حبیبه علیه وعلی جمیع الانبیآء والمرسلین

تقلید اور اپنے ولیوں کی متابعت پر اپنے حبیب کے طفیل آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر

وعلیٰ متابعیهم الصلوات والتسلیمات

تمام انبیاء ومرسلین پر اور انکے تابعین پر صلوات وتسلیمات ہوں۔

نے پڑھا ہے کیونکہ درست کر کے دعاؤں کو پڑھنے سے ثواب تو ضرور مل جاتا ہے مگر تاثیر نہیں ملتی تاثیر مشائخ کی زبان واجازت میں ہی ہوتی ہے۔

حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ نے ''حزب البحر'' کے وظیفہ کے دوران قرآنی آیت وجعلنا من بین ایدیھم سدا کو جلدی سے وجعلنا من بین ایدیھم سُدا و من خلفھم سُداً پڑھ دیا (یعنی سداً کی بجائے سدأ پڑھا) ان کے خلفاء ومریدین نے اپنا معمول بنالیا کہ جب بھی حزب البحر پڑھا کرتے تو سدا ہی پڑھتے۔ جب لوگوں نے اس کی وجہ دریافت کی تو انہوں نے جواباً کہا کہ ہمیں نہیں پتہ بس ہمارے شیخ مکرم نے یونہی پڑھا تھا اس لئے ہم بھی اسی طرح پڑھتے ہیں تو حزب البحر میں تاثیر پاتے ہیں اگر درست کر کے پڑھیں تو تاثیرات پیدا نہیں ہوتیں!

marfat.com
Marfat.com

ہم سے کسی نے پوچھا تھا کہ اکثر لوگ جب درود خضری پڑھتے ہیں تو یوں پڑھتے ہیں۔صلی اللّٰہ علیٰ حبیبہ محمد وعلی الہ وصحبہ وسلم

تو ہم نے اسے جواباً کہا تھا کہ ہمارے مشائخ سادات آلومہار شریف رحمۃ اللہ علیہم نے ہمیں صلی اللّٰہ علیٰ حبیبہ محمد والہ وسلم کی اجازت دی ہے فلہذا ہم تو اتنا ہی پڑھتے ہیں اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین پر درود نہیں بھیجتے بلکہ ہمارا تو موقف یہ ہے کہ کل تقی ونقی فھو آلی کے مطابق صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین آل کی عمومیت میں شامل ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۵۲

محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سید
حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سید المرسلین ہیں
المرسلین است علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات
آپ پر اور ان پر درود اور سلامتیاں ہوں تو
فکیف سائر بشر وحضرت عیسٰی و موسٰی را علیہما
تمام انسانوں کی کیفیت کیا ہوگی حضرت عیسیٰ اور حضرت موسیٰ
الصلوات والتسلیمات والتحیات اگرچہ از مقام تجلی
ان دونوں پر صلوات و تسلیمات و تحیات ہوں اگرچہ بقدر مرتبہ
ذات نصیبے است علیٰ قدر المرتبۃ والاستعداد قال اللہ
اور استعداد تجلی ذات کے مقام سے حصہ حاصل ہے[1] اللہ سبحانہ

[1] زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز انبیائے اولوالعزم علیہم الصلوات والتسلیمات کے تجلی ذات اور تجلی صفات کے اعتبار سے درجات کا تفاوت بیان فرمارہے ہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں تجلی ذات اور تجلی صفات کے متعلق قدرے تفصیلات بیان کردی جائیں تاکہ فہم منہا میں سہولت رہے و باللہ التوفیق
تجلی کا لغوی معنی ظاہر کرنا اور ظاہر ہونا ہے...... اصطلاح صوفیاء میں اللہ تعالیٰ

marfat.com
Marfat.com

سبحانه وتعالی خطاباً لموسیٰ واصطنعتک لنفسی ای لذاتی

و تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا اور میں نے تجھے

وحضرت عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ است و کلمۂ

اپنے نفس کیلئے منتخب فرمالیا یعنی اپنی ذات کیلئے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام

اوست سبحانہ و کثیر المناسبت است بآں سرور علیہ

روح اللہ (سبحانہ) اور اس کا کلمہ ہیں اور آنسرور علیہ الصلوٰۃ

کی ذات وصفات اور اسماء وافعال کا کسی شان یا رنگ، کیفیت یا حالت میں اظہار، تجلی کہلاتا ہے اسے لباس تعین بھی کہتے ہیں۔ تجلی کا ثبوت حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کے رب ارنی کے مطالبہ پر فلما تجلّٰی ربہ للجبل (الاعراف ۱۴۳) اور ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات اتانی ربی فی احسن صورۃ (ترمذی ۲/۱۵۶) سے عیاں ہے۔

حق تعالیٰ جب بندے پر تجلی فرماتا ہے تو اس تجلی کا نام حق کے اعتبار سے شان الٰہی رکھا جاتا ہے اور بندے کے اعتبار سے اسے حال کہا جاتا ہے اور وہ ہر آن ایک نئی تجلی میں ہوتا ہے۔ حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہٗ السامی نے اس مفہوم کو یوں بیان فرمایا ہے

ہر لحظہ جمال خود نوع دگر آرائی
شور دگر انگیزی شوقِ دگر افزائی

## تجلی صفاتی

اس تجلی میں سالک حق تعالیٰ کو امہات صفات میں متجلی پاتا ہے۔ امہات صفات

marfat.com
Marfat.com

آٹھ ہیں جنہیں صفات ثمانیہ ذاتیہ حقیقیہ کہا جاتا ہے اور وہ یہ ہیں

حیات...... علم...... کلام...... سمع...... بصر...... قدرت...... ارادہ...... تکوین

## تجلی ذاتی

اس تجلی میں سالک فنافی المطلق ہو کر اپنے علم، شعور اور ادراک سے بے تعلق ہو جاتا ہے۔ چنانچہ عبد، فانی ہو جاتا ہے اور حق، باقی رہتا ہے اسی فنائیت کے بعد بقاباللہ کا مقام آتا ہے۔ اس تجلی میں سالک اپنے آپ کو بلاتعین جسمانی وروحانی اطلاق کے رنگ میں پاتا ہے اور کمال توحید عیانی کا مشاہدہ کرتا ہے جسے وصل عریانی بھی کہا جاتا ہے۔ مشائخ طریقت نے تجلی ذاتی کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں

تجلی ذاتی برقی اور تجلی ذاتی دائمی

## تجلی ذاتی برقی

اکثر مشائخ طریقت کے نزدیک تجلی ذاتی برقی ہوتی ہے یعنی آسمانی بجلی کی مانند تھوڑی دیر کیلئے سالکین کے سامنے اسماء وصفات کے حجابات دور ہو جاتے ہیں اور اس کے بعد دوبارہ حائل ہو جاتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان پر حضور ذاتی کا اثر کم اور غیبت کا غلبہ زیادہ ہوتا ہے۔

## تجلی ذاتی دائمی

اکابر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے نزدیک تجلی ذاتی دائمی ہوتی ہے یعنی جب تجلی آتی ہے تو پھر جاتی نہیں ہمیشہ رہتی ہے سلسلہ نقشبندیہ میں اس کو نسبت حضور وآگاہی، حضور ذاتی دائمی، دوام حضور مع اللہ بلاغیبت اور یادداشت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ (مزید تفصیلات کیلئے ملاحظہ ہو البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب ۱۱، ۱۴)

marfat.com
Marfat.com

علمائے متکلمین اہلسنت کے نزدیک یہ مسلمہ عقیدہ ہے کہ جمیع رسل عظام علیہم الصلوات والتسلیمات نفس رسالت (بحیثیت رسول) میں اور جملہ انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات نفس نبوت (بحیثیت نبی) میں برابر ہیں یعنی کسی رسول اور نبی کی رسالت اور نبوت عارضی نہیں بلکہ جملہ رسل عظام اور انبیائے کرام علیہم الصلوات کی رسالت ونبوت اصلی ہے جیسا کہ آیہ کریمہ لا نفرق بین احد من رسله (البقرہ ۲۸۵) سے عیاں ہے۔ لیکن فضائل ومقامات، مراتب ودرجات اور کمالات ومعجزات میں ایک دوسرے پر فضیلت رکھتے ہیں۔ کسی کو ایک صفت سے متصف فرمایا تو کسی کو دوسرے شرف سے مشرف فرمایا لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جملہ کمالات جمالیہ وجلالیہ کا مظہر اتم واکمل بنایا۔ خدا نے جو مراتب وکمالات ومعجزات دیگر رسل عظام اور انبیائے کرام علیہم الصلوات کو ایک ایک کر کے عطا فرمائے وہ سب اپنی اعلیٰ ترین اور اکمل ترین صورت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اطہر میں مندرج فرمادیئے کسی نے کیا خوب کہا

حسن یوسف ، دم عیسیٰ ، ید بیضاء داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

علاوہ بریں امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات کی رشد وہدایت کے لئے حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن مجید نازل ہوا جو اعاظم معجزات میں سے ہے جس کے باعث ملت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کو کرامت وخیریت میسر ہوئی جیسا کہ آیہ کریمہ کنتم خیر امته سے عیاں ہے۔ کسی شاعر نے اس مفہوم کو یوں بیان فرمایا ہے۔

زنام ونامۂ تو یافتیم عز وکرامت
ہزار جانِ گرامی فدای نامہ ونامت

marfat.com
Marfat.com

شیخ المتکلمین حضرت علامہ ابوشکور السالمی رحمۃ اللہ علیہ اس کے متعلق رقمطراز ہیں کہ

متکلمین اہلسنت اس بات پر متفق ہیں کہ رسول، انبیائے کرام علیہم الصلوات سے افضل ہے......اور رسولوں میں بعض، بعض سے افضل ہیں......صاحبان کتاب دیگر سے افضل ہیں......پھر اولوالعزم افضل ہیں......اور اولوالعزم میں سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افضل ہیں۔(التمہید ۷۶)

محدث کبیر حضرت علامہ ملا علی قاری نقشبندی احراری رحمۃ اللہ علیہ تفضیل انبیاء کے متعلق رقمطراز ہیں کہ

بعض انبیاء کی بعض انبیاء (علیہم الصلوات) پر تفضیل حکم اجمالی کے اعتبار سے قطعی ہے اور یہ افضلیت مال دنیوی کے وفور کی بنا پر نہیں بلکہ زیادت علم لدنی کے لحاظ سے ہے جیسا کہ آیات کریمہ تلك الرسل فضلنا بعضهم علی بعض اور ولقد فضلنا بعض النبيين علی بعض سے عیاں ہے لیکن حکم تفصیلی کے اعتبار سے یہ امر ظنی ہے۔(شرح فقہ اکبر ۱۱۴)

صاحب بہار شریعت حضرت علامہ امجد علی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں کہ

رسولوں میں سب سے افضل سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں......ان کے بعد سیدنا ابراہیم خلیل اللہ......انکے بعد سیدنا موسیٰ کلیم اللہ......ان کے بعد سیدنا عیسی روح اللہ......ان کے بعد سیدنا نوح نجی اللہ علیہم الصلوات والتسلیمات ہیں۔ (بہار شریعت حصہ اول) جبکہ علامہ سالمی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں کہ

صاحبان شریعت رسل عظام میں سے اولوالعزم چھ رسول ہیں ان میں اول سیدنا آدم......ثانی سیدنا نوح......ثالث سیدنا ابراہیم......رابع سیدنا موسیٰ......خامس سیدنا عیسیٰ......سادس سیدنا محمد رسول اللہ علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات ہیں۔(التمہید ۸۰)

اس سے معلوم ہوا کہ چھٹے اولوالعزم رسول سیدنا آدم علیہ السلام ہیں جن پر دس

marfat.com
Marfat.com

صحائف نازل ہوئے۔ (التمہید ۸۱)

علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی افضلیت کے متعلق یوں رقمطراز ہیں

ازاں جملہ آنست کہ بدانند رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم بہتر و فاضل ترجملہ انبیاء است و دلیل بریں معنی گفتہ وی بس است کہ **انا سید ولد ادم و لا فخر** یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت ورسالت پر ایمان واعتقاد رکھنے میں سے یہ بھی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام انبیائے کرام علیہم الصلوات سے بہترین اور فاضل ترین مانا جائے اس پر دلیل خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے انا سید ولد آدم و لا فخر (المعتمد فی المعتقد ۱۱۰)

واضح رہے کہ آیہ کریمہ ولقد فضلنا بعض النبيين على بعض اور تلك الرسل فضلنا بعضهم على بعضك ے ساتھ بعض احادیث مبارکہ متعارض ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لا تفضلوا بين الانبياء یعنی انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات کو ایک دوسرے پر فضیلت نہ دو۔

ایک مقام پر یوں ارشاد ہے:

لا تخايروا بين الانبياء یعنی انبیائے کرام علیہم الصلوات کے درمیان مخائرہ نہ کرو۔

ایک روایت میں ہے:

لا تخيرونی وفی رواية لا تفضلونی علىٰ موسىٰ یعنی مجھے حضرت

marfat.com
Marfat.com

موسیٰ (علیہ السلام) پر فضیلت نہ دو۔

ایک مقام پر یوں فرمایا:

لا تخیرونی علی ابراھیم یعنی مجھے حضرت ابراہیم (علیہ السلام) پر فضیلت نہ دو۔

ایک حدیث میں ہے:

وما ینبغی لعبدان یقول انا خیرمن یونس ابن متی یعنی کسی شخص کیلئے یہ کہنا مناسب نہیں کہ میں حضرت یونس ابن متی سے افضل ہوں۔

ان آیات کریمہ اور احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات کے رفع تعارض کے متعلق علمائے کرام کے متعدد اقوال ملتے ہیں جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں

عارف باللہ حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی مجددی رحمۃ اللہ علیہ اس کے متعلق رقمطراز ہیں کہ

⊙ ......بعض انبیائے کرام کو بعض انبیائے کرام پر تفاضل کا قول بغیر نص کے اپنی رائے کے ساتھ کرنا جائز نہیں کیونکہ فضیلت کا مطلب حق تعالیٰ کے ہاں قرب اور کثرت ثواب ہے جو کتاب وسنت سے ہی ثابت ہوتی ہے محض رائے سے معلوم نہیں ہوسکتا۔ (تفسیر مظہری)

⊙ ......حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے از راہ تواضع وانکسار فرمایا کہ مجھے دیگر انبیائے کرام علیہم الصلوات پر فضیلت نہ دو۔

⊙ ......تفاضل بین الانبیاء یوں بیان نہ کی جائے کہ جس سے کسی نبی علیہ السلام کی تنقیص وتحقیر کا شبہ ہوتا ہو یا از راہ خصومت وعداوت تفضل کے قول سے اجتناب کرنا چاہئے کیونکہ ایسا کرنا سراسر ضلالت وگمراہی وبے دینی کا موجب ہے العیاذ باللہ سبحانہ

marfat.com
Marfat.com

⊙ ......حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لئے ممانعت فرمائی کہ آپ اس وقت قطعی طور پر اپنے تخیر وتفضل سے واقف نہ تھے مگر امارات وآثار سے اپنی خیریت وفضیلت پہچانتے تھے اور جب بارگاہ قدس جل سلطانہ کی طرف سے آگاہی ہوگئی تو خود ارشاد فرمایا الا وانا حبیب اللّٰہ

⊙ ......بعض احادیث مبارکہ کی بناپر اگر دیگر انبیائے کرام علیہم الصلوات کی جزوی فضیلت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ثابت ہوتی ہے تو سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت جملہ انبیائے کرام اور جمیع رسل عظام علیہم الصلوات پر اضعافاً مضاعفۃ ثابت ہوتی ہے جیسا کہ آپ کا ارشاد گرامی ہے انا خاتم النبیین

اقبال مرحوم نے کیا خوب کہا

پس خدا بر ما شریعت ختم کرد
بر رسول ما رسالت ختم کرد

marfat.com
Marfat.com

الصلوۃ والسلام اما حضرت ابراہیم علٰی نبینا وعلیہ
و السلام کے ساتھ بہت زیادہ مناسبت رکھتے ہیں لیکن حضرت ابراہیم
الصلوۃ والسلام باوجود آں کہ درمقام تجلی صفات ست
ہمارے نبی پر اور ان پر درود و سلام ہو باوجودیکہ تجلی صفات کے مقام
اما حدید البصر ست شان خاصے کہ پیغمبر ما را در مقام
میں ہیں۔[1] لیکن بہت تیز چشم ہیں جو شان خاص ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو
تجلی ذات میسر شدہ است حضرت ابراہیم رادرمقام
تجلی ذات کے مقام میں میسر ہوئی ہے حضرت ابراہیم کو تجلی
تجلی صفات حاصل گشتہ **مع التفاوت الاستعدادی بینھما**
صفات کے مقام میں حاصل ہو گئی دونوں کی استعداد کے تفاوت کے ساتھ
پس بایں اعتبار اواز حضرت عیسٰی وموسٰی **افضل** باشد
پس اس اعتبار سے وہ حضرت عیسٰی اور حضرت موسٰی سے **افضل** ہیں

[1] ہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرمارہے ہیں کہ حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام حدید البصر اور ناقد النظر ہیں اس کی قدرے وضاحت پیش خدمت ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز رقمطراز ہیں کہ ذات تعالیٰ جل سلطانہ کے ساتھ وصول دو قسم کا ہے

باعتبار نظر　　　اور　　　باعتبار قدم

marfat.com
Marfat.com

باعتبار نظر سے مراد یہ ہے کہ نظر واصل ہو اور باعتبار قدم سے مراد یہ ہے کہ ناظر بنفس خود واصل ہو۔ وصول نظری بالا صالت حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا حصہ ہے جبکہ وصول قدمی بالا صالت حضرت سیدنا حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نصیبہ ہے۔

وصول نظری میں حضرت خلیل اللہ علیہ السلام اصل ہیں اور حضرت حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے تابع ہیں اور وصول قدمی میں حضرت حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم اصل ہیں اور حضرت خلیل اللہ علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تابع ہیں۔

اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ وہاں شہود و مشاہدہ ہے یا قدم کو اس جگہ گنجائش ہے وہاں تو بال کی بھی گنجائش نہیں پھر قدم کی کیا حقیقت بلکہ وہاں ایک مجہول الکیفیت وصول ہے۔ اگر صورت مثالیہ میں نظر کے ساتھ منقش ہو جائے تو اسے وصول نظری کہیں گے اور اگر وہ قدم کے ساتھ منقش ہو تو اسے حصول قدمی کہتے ہیں ورنہ نظر اور قدم دونوں بارگاہ قدس جل سلطانہ میں حیران و پریشان ہیں۔

(ماخوذ از مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب ۸۸)

marfat.com
Marfat.com

وحضرت عیسٰی از حضرت موسٰی افضل است و رتبہء

اور حضرت عیسیٰ حضرت موسیٰ سے افضل ہیں [1] اور ان کا مرتبہ

اوفوق حضرت موسٰی است وحدیدالبصر ست وناقد

حضرت موسیٰ سے بلند ہے وہ تیز بصر اور ناقد نظر ہیں

النظر بعداز ایشان حضرت نوح است علی نبینا وعلیہ

ان کے بعد حضرت نوح ہیں ہمارے نبی اور ان پر درود و سلام ہو

الصلٰوۃ والسلام ومقام حضرت نوح درمقام صفات ہرچند

حضرت نوح کا مقام، مقام صفات ہے اگرچہ

بالا تر از مقام حضرت ابراہیم است اما حضرت ابراہیم

حضرت ابراہیم کے مقام سے بالا تر ہے لیکن حضرت ابراہیم کو

[1] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کو حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام سے افضل کہا ہے جبکہ ایک مقام پر آپ رحمۃ اللہ علیہ یوں رقمطراز ہیں

ولایت موسوی علیٰ صاحبہا الصلوات ولایت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کے دائیں جانب واقع ہوئی ہے اور ولایت عیسوی علیٰ صاحبہا الصلوات اس ولایت کے بائیں جانب ہے۔ ولایت موسوی مقام دعوت سے تعلق رکھتی ہے اور ولایت عیسوی مقام عزلت سے مناسبت رکھتی ہے۔ مقام دعوت جو کہ مرتبہء نبوت سے پیدا ہوا ہے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ باقی جملہ انبیائے کرام علیہم الصلوات کے درمیان صرف حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام میں بدرجہء اتم واکمل ہے اور ان کی کتاب تورات،

marfat.com
Marfat.com

را دراں مقام شان خاص ست وحدت بصرست که دیگرے

اس مقام میں شان خاص اور تیزی نظر حاصل ہے جو کہ کسی

رانیست لیکن اولاد کرام ایشاں را ازاں مقام نیز نصیب

دوسرے کو نہیں ہے لیکن ان کی معزز اولاد کو اس مقام سے بھی حصہ ہے

ست به تبعیت وفرعیت وحضرت آدم بعداز حضرت نوح

اتباع اور فرع ہونے کی بنا پر اور حضرت آدم حضرت نوح کے بعد

است علٰی نبینا وعلٰی جمیعهم الصلوات والتسلیمات هذا مما

ہیں ہمارے نبی اور ان تمام پر صلوات وتسلیمات ہوں یہ سب کچھ میرے پروردگار نے

علمنی ربی والهمنی بفضله و کرمه والعلم عندالله سبحانه

مجھے سکھایا ہے اور اپنے فضل وکرم سے مجھے الہام فرمایا ہے اور علم اللہ سبحانہ کے پاس ہی ہے

قرآن مجید کے بعد نازل شدہ کتابوں میں بہترین ہے۔ چونکہ حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی شریعت وملت تمام شریعتوں اور ملتوں سے افضل واکمل ہے یہی وجہ ہے کہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی ملت کی اتباع کا حکم دیا گیا جیسا کہ آیہ کریمہ ثم اوحینا الیك ان اتبع ملة ابراهیم حنیفا (النحل ۱۲۳) سے عیاں ہے۔

(ماخوذ از مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب ۲۵۱)

حضرت شیخ نواب سید نور الحسن خان المعروف بہ نور میاں رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالہ لمعہ نور میں حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز کے دونوں اقوال کے درمیان تطبیق یوں بیان فرمائی ہے:

مبداء و معاد میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے افضل تحریر

marfat.com
Marfat.com

فرمایا ہے اور مکتوبات شریفہء امام ربانی رضی اللہ عنہ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو۔حضرت موسیٰ علیہ السلام میں غلبہ کمالات نبوت کا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں غلبہ کمالات ولایت کا لکھا ہے تو مطابقت بین القولین اس سے معلوم کرنا چاہئے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بعد نزول کے اتباع شریعت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمائینگے تو یہ جامعیت آپ کی بہ نسبت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ظاہر و باہر ہے۔

(مجموعہ رسائل ۱۲۹)

marfat.com
Marfat.com

## منہا-۵۳

سالکے کہ سیر اودر تفصیل اسماء وصفات افتاد راہ

وہ سالک کہ جس کی سیر اسماء و صفات کی تفصیل میں واقع ہو گئی

وصول او بحضرت ذات جل سلطانہ مسدود گشت

اس کے وصول کا رستہ حضرت ذات جل سلطانہ تک بند ہو گیا

چہ اسماوصفات رانہایت نیست تا بعد از قطع آنہا

کیونکہ اسماء و صفات کا انتہاء نہیں ہے کہ انکو قطع کرنے کے بعد

بمقصد اقصیٰ تواند رسید مشائخ ازیں مقام خبر دادہ

منتہائے مقصود تک پہنچ سکے مشائخ نے اس مقام کی خبر دی ہے کہ

زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز سیر اجمالی اور سیر تفصیلی کا تذکرہ فرمارہے ہیں۔ درحقیقت حریم قدس جل سلطانہ کی طرف روحانی سیر اور باطنی طیر کرنے والے سالکین دو طرح کے ہوتے ہیں۔

کچھ سالکین تو دوران سلوک اسماء وصفات کے ذریعے سلوک طے کرتے ہیں کیونکہ حق تعالیٰ سبحانہ کے اسماء وصفات لامحدود اور غیر متناہی ہیں اس لئے وہ اسماء و صفات کی سیر میں ہی مشغول ہو کر رہ جاتے ہیں جبکہ بعض عارفین کو اسماء وصفات میں اجمالاً سیر کروا کر حریم ذات جل سلطانہ تک پہنچا دیتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

اند کہ مراتب وصول رانہایت نسیت زیرا کہ کمالات

مراتب وصول کی انتہاء نہیں ہے کیونکہ محبوب کے کمالات

محبوب نہایت ندارد ومراد از وصول ایں جا وصل

کوئی انتہاء نہیں رکھتے اس جگہ وصول سے مراد اسمائی اور

اسمائی وصفاتی ست سعادتمند کسے است کہ سیر

صفاتی وصل ہے سعادت مند وہ سالک ہے جس کی سیر

او دراسما وصفات بطریق اجمال واقع شدہ وبسرعت

اسماء و صفات میں بطریق اجمال واقع ہوئی اور جلدی کے ساتھ

قدوۃ الابرار حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ سیر کی دو قسمیں ہیں

۱...... سیر مستطیل ۲...... سیر مستدیر

سیر مستطیل بعد در بعد ہے اس سیر سے مراد مقصود کو اپنے دائرے کے خارج سے طلب کرنا ہے اور یہ سیر اسماء وصفات کے دوران ہوتی ہے اسی کو سیر آفاقی بھی کہا جاتا ہے جبکہ سیر مستدیر قرب در قرب ہے یہ سیر اپنے قلب کے گرد پھرنا اور مقصود کو اپنے سے تلاش کرنا ہے اس کو سیر انفسی بھی کہا جاتا ہے اور عارف بارگاہ قدس تک واصل ہو جاتا ہے۔ دیگر سلاسل طریقت کے مشائخ اپنے مریدین ومتوسلین کو اسماء وصفات کا سبق دیتے ہیں یہی وجہ ہے کہ وہ زیادہ تر اسماء وصفات کی تجلیات میں ہی الجھ کر رہ جاتے ہیں جبکہ خواجگان نقشبندیہ رضی اللہ عنہم اجمعین اپنے درویشوں اور سالکوں کو اسم ذات کا درس دیتے اور پوشیدہ رستوں سے حریم یار تک پہنچا دیتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

واصل حضرت ذات تعالٰی و تقدس گشتہ واصلان ذات

واصل ذات تعالٰی و تقدس ہو گیا۔ واصلانِ ذات کو

را بعداز وصول بنہایت النہایت رجوع بدعوت لازم

نہایت النہایت تک وصول کے بعد دعوت کے لئے رجوع لازم ہے

است وعدم رجوع آں موطن متصور نہ بخلاف متوسطاں

اس مقام سے عدم رجوع کا کوئی تصور نہیں بخلاف متوسط

کہ بعد از وصول شاں بنہایت استعداد خود رجوع لازم

سالکین کے جن کا اپنی استعداد کے انتہاء تک وصول کے بعد رجوع لازم

نیست تواند بود کہ رجوع نمایند وتواند بود کہ اقامت

نہیں ہے ہوسکتا ہے کہ وہ واپس آجائیں اور ہوسکتا ہے کہ وہیں ٹھہرے رہیں

ورزند پس مراتب وصول منتہیاں را بتمام متصور ست

پس منتہیوں کے مراتب وصول کا پورا ہونا متصور بلکہ لازم ہے۔

سلطان العشاق حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہٗ السامی نے کیا خوب کہا

نقشبنداں عجب قافلہ سالارانند

کہ برند از رہ پنہاں بحرم قافلہ را

یہ امر واضح رہے کہ جو سالکین اسماء وصفات کی تفصیلی سیر میں مشغول ہو جاتے ہیں وہ متوسط حضرات ہوتے ہیں جو باطنی استعداد کی کمی کی وجہ سے تجلیات اسماء و صفات میں ہی منہمک و مدہوش ہو جاتے ہیں بنابریں وہیں کے ہی ہو کر رہ جاتے

marfat.com
Marfat.com

بلکہ لازم ومراتب وصول متوسطاں راکہ بتفصیل
متوسطین کے مراتب وصول جو اسمائی و صفاتی تفصیل میں چلے
اسمائی وصفاتی رفتہ اند نہایت نہ ایں علم ازجملہ
گئے کی کوئی انتہاء نہیں یہ علم اس فقیر کے جملہ علوم مخصوصہ میں
علوم مخصوصۂ ایں فقیر ست **والعلم عنداللّٰہ سبحانہ**
سے ہے علم صحیح تو اللہ سبحانہ کے پاس ہی ہے۔

ہیں اس قسم کے سالکین کو مستھلکین کہا جاتا ہے۔

جبکہ کامل الاستعداد سالکین جو تجلیاتِ ذاتیہ سے بہرہ ور ہونے کی بناء پر بھی باہوش اور ہوشیار ہی رہتے ہیں اس قسم کے منتہی سالکوں کو راجعین کہا جاتا ہے جو نبوت و رسالت کی نیابت وخلافت کے طور پر مخلوقِ خدا کی رشد و ہدایت پر فائز المرام ہوتے ہیں انہی حضرات کو کامل مکمّل (بکسر میم ثانی) کہا جاتا ہے۔ والحمدللّٰہ علیٰ ذالك

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۵۴

مقام رضا فوق جمیع مقامات ولایت است وحصول اینمقام

مقام رضا جمیع مقامات ولایت سے بالا ہے[1] یہ بلند مقام

عالی بعد از تمامئ سلوک وجذبہ است اگر پرسند کہ رضا

سلوک و جذبہ کی تکمیل کے بعد ہوتا ہے اگر پوچھیں کہ ذات حق

از ذات حق سبحانہ و از صفات اوتعالیٰ واز افعال اوسبحانہ

سبحانہ اس تعالیٰ کی صفات اور اس سبحانہ کے افعال سے

[1] اس منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مقام رضا اور اس کی اقسام کا تذکرہ فرما رہے ہیں۔ دراصل مقام رضا ان دس مقامات میں سے آخری مقام کا نام ہے جو حصولِ ولایت کیلئے لازم ہیں، ان دس مقامات کو مقامات عشرہ کہا جاتا ہے جس کا پہلا مقام، مقام توبہ ہے۔

رضا ایسی سعادت عظمیٰ اور دولت قصویٰ ہے جو حق تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت کبریٰ ہے جیسا کہ آیہ کریمہ ورضوان من اللّٰہ اکبر (التوبہ ۷۲) سے عیاں ہے جس کا حصول سلوک اور جذبہ کی تکمیل کے بعد ہوتا ہے اور یہی مقام رضا، تجلی ذات حق تعالیٰ کے ساتھ وابستہ ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مقام رضا کے متعلق رقمطراز ہیں:

دررضا رفع کراہت فعل ایلام محبوب است یعنی رضا محبوب

marfat.com
Marfat.com

واجب ست ودرنفس ایمان ماخوذ پس عامه مومنان را از

رضا واجب ہے اور نفس ایمان میں ماخوذ لہٰذا عام مومنوں کو اس سے

ان چاره نبود پس حصول آنرا بعد از تمامی سلوك و

چارہ نہیں پھر اس (رضا) کا حصول سلوک و جذبہ

جذبه معنی چه باشد؟درجواب گوئیم که رضا را صورتیست

کے تمام ہونے کے بعد کیا معنی رکھتا ہے جواب میں ہم کہتے ہیں کہ رضا کی ایک

کی الم دہی سے کراہت دور کرنے کا نام ہے۔ (مکتوبات شریفہ دفتر دوم مکتوب ۴۴)

❁......کسی شخص نے حضرت شیخ ابوعثمان رحمۃ اللہ علیہ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی اسئلك الرضاء بعدالقضاء (اے اللہ میں تجھ سے قضا کے بعد رضا کی درخواست کرتا ہوں) کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے جواباً ارشاد فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لئے یہ دعا مانگی تھی کہ قضا سے قبل راضی برضا ہونا رضا پر عزم کرنا ہے اور حقیقی رضا، قضا کے بعد ہوتی ہے۔ (رسالہ قشیریہ)

❁......اہل طریقت نے حقیقت رضا کے متعلق لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قضا پر اعتراض نہ کیا جائے جیسا کہ مقولہ ترك الاعتراض علی القضاء سے واضح ہے اور اسی حقیقت کو پالینے کے بعد رضی اللّٰہ عنهم ورضوا عنه (البقرہ ۱۵۵) کا مژدہ ملتا ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو مقام رضا کے حصول کیلئے درج ذیل دعا کے تکرار کی تلقین فرمایا کرتے تھے چنانچہ جو شخص اس دعا کا صبح و مساء تکرار کرتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کا حقدار ہو جاتا ہے چنانچہ ارشاد نبوی علیٰ

marfat.com
Marfat.com

صاحبہا الصلوات والتسلیمات ہے رضینا باللّٰہ ربا و بالاسلام دینا و بمحمد رسولا ً (ابوداؤد ۲/ ۳۳۶) یادر ہے کہ اہل رضا کو ہی ایمان کی حلاوت نصیب ہوتی ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات ذاق طعم الایمان من رضی باللّٰہ تعالٰی ربا و بالاسلام دینا و بمحمد رسولاً (صحیح مسلم ۱/ ۴۷) سے واضح ہے۔

## حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز اور مقام رضا

حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز پر اعلاء کلمۃ الحق کی پاداش میں حکومت وقت نے بے دریغ مظالم ڈھائے ...... آپ کو قید و بند کی ایذائیں دی گئیں ...... سرائے و آستانہ عالیہ اور باغ و کتب خانہ وغیرہا الملاک کو نذر آتش کر دیا گیا ...... صاحبزادگان و مریدین کو بے حد ستایا گیا ...... آپ کے خلفاء اور مریدین خاص کو جلاوطن کیا گیا ...... آپ کے قتل کے منصوبے بنائے گئے ...... علمائے سوء اور صوفیائے خام نے آپ کے خلاف تحریکیں چلائیں ...... آپ کے مکتوبات شریفہ کی عبارات کو غلط معانی کا لباس پہنا کر جھوٹے پراپیگنڈے کیے گئے ...... آپ کی کرامات کو جادوگری کا نام دیا گیا ...... لیکن آپ نے صبر و استقامت کی چٹان بن کر ان تمام مشکلات کا خندہ پیشانی سے مقابلہ فرمایا اور جذبہء تسلیم و رضا کے پیکر اتم بن کر رضا بالقضاء کی لازوال مثال قائم فرمائی چنانچہ آپ فرماتے ہیں:

''اگر محبوب، محب کے حلق پر چھری بھی چلا دے اور اس کے ایک ایک عضو کو جدا کر دے تو بھی محب اس میں اپنی بہتری اور بہبودی تصور کرے''۔

(مکتوبات شریفہ دفتر دوم مکتوب ۳۲)

marfat.com
Marfat.com

وحقیقتے دررنگ سائر ارکان ایمان در اوائل تحقق

صورت ہے اور ایک حقیقت[2] تمام ارکان ایمان کی مانند۔اوائل میں صورت کا

صورتست ودرنہایت تحقق حقیقت وچوں منافی رضا

تحقق ہے اور نہایت میں حقیقت کا تحقق اور جب کسی شخص سے رضا کے

ظاہر نشود ظاہر شریعت حکم بحصول رضا می فرماید

منافی ظاہر نہ ہو تو ظاہر شریعت، حصول رضا کا حکم فرما دیتی ہے۔

دررنگ تصدیق قلبی کہ چوں منافیٔ تصدیق یافتہ نشود

تصدیق قلبی کی مانند کہ جب تصدیق کے منافی نہ پائی جائے تو

حکم بحصول تصدیق می کنند ومانحن بصددہ حصول

حصول تصدیق کا حکم کر دیتے ہیں اور ہم حقیقت رضا کے حصول کے درپے

**حقیقة الرضا لا صورته والله سبحانه اعلم**

ہیں نہ کہ اس کی صورت کے اللہ سبحانہ سب سے زیادہ جاننے والا ہے۔

[2] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ جس طرح دیگر ارکان ایمان جیسے صورت اسلام، حقیقت اسلام، صورت ایمان، حقیقت ایمان وغیرہا کی صورت اور حقیقت ہے اسی طرح رضا کی بھی دو قسمیں ہیں

صورت رضا اور حقیقت رضا

عامۃ المسلمین کو اگر صورت رضا حاصل ہوتی ہے تو اہل اللہ عبادت وریاضت کے ذریعہ حقیقت رضا کو حاصل کرتے ہیں تا کہ ہر قسم کا تکلف وتحمل وتصنع مرتفع ہو جائے

marfat.com
Marfat.com

اور وہ ریاء ودکھلاوے اور شرک اصغر سے محفوظ ہو جائیں اور کل جنت میں دست قدرت سے شراب طہور کے جام پر جام لنڈھائیں اور مست و بےخود ہو جائیں جیسا کہ آیہ کریمہ وسقٰھم ربھم شرابا طھوراً (دھر) سے عیاں ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۵۵

سعی باید کرد کہ عمل بہ سنت میسر شود واجتناب از

کوشش کرنا چاہئے کہ سنت پر عمل کرنا میسر ہو اور بدعت سے

بدعت علی الخصوص بدعتے کہ رافع سنت باشد قال

پرہیز خصوصاً ایسی بدعت جو رافع سنت ہو حضور اکرم علیہ الصلوٰۃ

علیہ الصلوٰۃ والسلام من احدث فی دیننا ھذا فھورد عجب

والسلام نے فرمایا جو شخص ہمارے اس دین میں نئی بات داخل کرے وہ مردود ہے

مے آید از حال جماعۃ کہ در دین باوجود اکمال واتمام

تعجب ہوتا ہے ایسی جماعت کے حال پر جو دین میں باوجود مکمل اور پورا

آں چیز ہا احداث می کنند و بآں محدثات تکمیل دین

ہونے کے نئی چیزیں داخل کرتے ہیں اور ان محدثات کے ذریعہ دین کی

زیرنظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز سنت کے اکتساب اور بدعت سے اجتناب کی تلقین فرمارہے ہیں۔

دراصل سنت نبوی اور متابعت مصطفوی علیٰ صاحبہا الصلوات بندۂ مومن کیلئے محبت خدا جل سلطانہ اور کفارۂ سیئات کا موجب ہے۔اسی کی بدولت بندۂ مومن نزول رحمت اور دخول جنت کا حقدار ٹھہرتا ہے......اسی کی برکت سے بندۂ مومن کو ظاہری و

marfat.com
Marfat.com

میجویند وباک ندارند از انکه مبادا ازیں مخترع رفع

تکمیل کی تلاش کرتے ہیں اور نہیں ڈرتے اس امر سے کہ کہیں اس نوایجاد بات

سنت شود مثلاً ارسال فش بین الکتفین سنت است

سے سنت رفع نہ ہو جائے مثلاً عمامہ کا شملہ دونوں کندھوں کے درمیان چھوڑنا

جمعے ارسال فش رادرجانب یسار اختیار کردہ اند و

سنت ہے لیکن ایک جماعت نے شملہ کو بائیں جانب لٹکانا اختیار کرلیا ہے اور

بایں عمل تشبہ بموتٰی منظورداشتہ وخلق کثیر بایشاں

اس عمل کے ذریعے مردوں کے ساتھ مشابہت منظور کرتے ہیں اور بے شمار لوگ

دریں فعل اقتدا نمودہ ندانستہ اند کہ ایں عمل رفع سنت

اس فعل میں ان کی اقتداء کر رہے ہیں وہ نہیں جانتے کہ یہ عمل رفع سنت کر

باطنی کمالات اور صوری ومعنوی برکات حاصل ہوتی ہیں......اس کے باعث بندۂ مومن کو انبیاء واصدقاء اور شہداء وصلحاء کی معیت وسنگت میسر ہوتی ہے......سنت ہی بندۂ مومن پر حریم قدس جل سلطانہ تک رسائی کا واحد ذریعہ اور ابواب غیب کے کھلنے کا وسیلہ ہے جیسا کہ حضرت علامہ بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ و من یطع اللّٰہ و الرسول کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

یصلون بسلوکہ جناب القدس ویفتح ابواب الغیب قال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم من عمل بما علم ورثہ اللّٰہ علم مالم یعلم یعنی سنت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کی بدولت ہی علمائے راسخین اور عرفائے کاملین کو حریم قدس جل سلطانہ تک رسائی نصیب ہوتی ہے اور ان پر غیب کے ابواب وا ہوتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

مینمایدو از سنت ببدعت میبرد وبحرمت میرساند تشبه

رہا ہے اور سنت سے بدعت کی طرف لے جا رہا ہے اور حرمت تک پہنچا رہا ہے

بمحمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم بہتر ست

حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مشابہت

یاتشبہ بموتی اوست صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم که

اچھی ہے یا مردوں کے ساتھ۔ حضور صلی اللہ علیہ و الہ وسلم ایسی

مشرف شدہ بموتے کہ پیش ازموت است اگرتشبہ

موت سے مشرف ہوئے جو موت سے قبل ہوتی ہے اگر وہ میت کے ساتھ

بمیت جویند ہم باوسزاوارست عجب کار است کہ در

مشابہت کی جستجو کرتے ہیں تو بھی آں صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تشبہ کے سزاوار ہیں

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادگرامی ہے جو شخص اپنے علم کے مطابق عمل کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے وہ علوم ومعارف عطا فرماتا ہے جن کا اسے علم نہیں ہوتا۔

عمدۃ المفسرین حضرت علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ بندۂ مومن کو سنت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کی بدولت چار نعمتوں سے نوازا جاتا ہے۔

١...... صالحین کے قلوب میں اس کی محبت پیدا کر دی جاتی ہے۔

٢...... فاسقین کے دلوں میں اس کی ہیبت ڈال دی جاتی ہے۔

٣......اس کے رزق میں وسعت و برکت پیدا کر دی جاتی ہے۔

٤...... اسے دین متین کی فقاہت عطا کر دی جاتی ہے۔ (روح البیان)

حضرت خواجہ حکیم سنائی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ سنت مبارکہ کی ترغیب وتشویق

marfat.com
Marfat.com

کفن میت عمامه بہم بدعت ست چه جائے فش او و

عجب معاملہ ہے کہ میت کے کفن میں عمامہ بھی بدعت ہے چہ جائے کہ اس کا شملہ ہو اور

بعضے ازمتاخران که عمامه در کفن میت که از علما

بعض متاخرین (علماء) میت کے کفن میں عمامہ جبکہ وہ علماء

باشد مستحسن داشته اند نزد فقیر زیادتی کردن نسخ

میں سے ہو مستحسن جانتے ہیں فقیر کے نزدیک زیادتی کرنا نسخ ہے

ست ونسخ عین رفع **ثبتنا اللّٰہ سبحانه علیٰ متابعة السنة**

اور نسخ عین رفع ہے اللہ سبحانہ ہمیں ثابت قدم رکھے روشن سنت

**السنية المصطفوية علیٰ مصدرها الصلوٰة والسلام ویرحم**

مصطفویہ کی متابعت پر اس (سنت) کے مصدر پر درود و سلام ہو اور اللہ

**اللّٰه عبداً قال امینا**

رحم فرمائے اس بندے پر جو آمین کہے

ولاتے ہوئے فرماتے ہیں

گرد نعل اسپ سلطانِ شریعت سرمہ کن
تا بود نور الٰہی با دو چشمت مقترن
مژہ در چشم سنائی چون سنانے باد تیز
گر سنائی زندگی خواہد زمانے بے سنن

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۵۶

روزے احوال جنیاں را بریں درویش منکشف ساختند

ایک روز جنات کے حالات اس درویش پر ظاہر فرمائے گئے

دید کہ جنیاں در کوچ ہا در رنگ مردم می گردند و

دیکھا کہ جنات گلیوں میں انسانوں کی طرح پھر رہے ہیں اور

برسرہر جن فرشتہ است موکل وآن جن از ترس موکل

ہر جن کے سر پر ایک فرشتہ مقرر ہے اور وہ جن اپنے مؤکل کے خوف

زیرنظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز جنات کے حالات کے متعلق اپنے ایک مکاشفہ کا تذکرہ فرمارہے ہیں جنات کے متعلق قدرے تفصیلات ہدیۂ قارئین ہے۔

جن جمع ہے اسکا واحد جنی ہے جیسے روم کا واحد رومی ہے

علامہ ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں کہ لغت عرب میں جن کا معنی ستر اور خفا ہے۔ جن کو جن اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ عام لوگوں کی نظروں سے مستور اور مخفی ہوتا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ انہ یراکم ھو وقبیلہ من حیث لا ترونھم سے عیاں ہے۔

امام راغب اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ لفظ جن کی تشریح کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

اصل الجن سترا لشیء عن الحاسۃ یعنی کسی چیز کے حواس سے پوشیدہ ہونے کو جن کہا جاتا ہے۔ اس مادہ سے کئی مشتقات بنتے ہیں جن میں یہ معنی موجود

marfat.com
Marfat.com

خود سر نمی تواند برداشت ویمین و یسار خود نظر نمی

ے سر نہیں اٹھا سکتا اور اپنے دائیں بائیں نہیں دیکھ

تواند انداخت دررنگ مقیدان ومحبوسان گشتند و

سکتا قیدیوں اور گرفتاروں کی طرح گھوم رہے ہیں اور

اصلا مجال مخالفت نداشتند **الا ان یشاء ربی شیئا** ۔

بالکل مخالفت کی مجال نہیں رکھتے بجز اس کے کہ میرا رب جو چاہتا ہے

ہے جیسے شکم مادر میں پوشیدہ حمل کو جنین، سینے میں پوشیدہ دل کو جنان اور دشمن کے وار وحملہ سے چھپانے والی ڈھال کو مجنۃ کہا جاتا ہے۔

بیہقی وقت حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی مجددی رحمۃ اللہ علیہ جنات کے متعلق اہل سنت کا موقف بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

الجن اجسام ذات ارواح کالحیوان عاقلة کالانسان خفية عن اعين الناس ولذا سميت جنا خلقت من النار كما خلق ادم من طين...... تتصف بالذكورة والانوثة وتتوالد والظاهر ان الشياطين منهم بخلاف الملائكه فانهم لا يتصفون بالذكورة ولا بالانوثة ووجود الجن والشياطين والملائكة ثابت بالشرع وانكره الفلاسفه

یعنی جن اجسام ہیں ان میں حیوان کی مانند ارواح ہوتی ہیں، انسان کی طرح عقل مند ہوتے ہیں، لوگوں کی نگاہوں سے مخفی ہوتے ہیں اسی لئے انہیں جن کہا جاتا ہے۔ یہ آگ سے بنائے گئے ہیں جیسے آدم کی تخلیق مٹی سے ہوئی تھی۔ یہ نر مادہ ہوتے ہیں ان کے ہاں اولاد بھی ہوتی ہے۔ ظاہر ہے شیاطین انہی میں سے ہیں بخلاف فرشتوں کے کیونکہ وہ مذکر اور مؤنث نہیں ہوتے۔ جنات، شیاطین اور ملائکہ کا

marfat.com
Marfat.com

ودراں وقت چناں معلوم می شد کہ گویا بردست موکل

اس وقت ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا مؤکل کے

گرز یست آہنی کہ اگر از جن اندك مخالفت احساس

ہاتھ میں آہنی گرز ہے کہ اگر کسی جن سے تھوڑی سی مخالفت محسوس

نماید بیك ضرب کارِ او را کفایت کند

کرے ایک ہی ضرب سے اس کا کام تمام کر دے۔

وجود شریعت مطہرہ سے ثابت ہے لیکن فلاسفہ ان کا انکار کرتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

علامہ راغب اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس موقف کو اپنے انداز میں یوں بیان فرمایا ہے: ان الروحانیین ثلاثۃ اخیار وھم الملائکہ واشرار وھم الشیاطین واوساط فیھم اخیار واشرار وھم الجن یعنی روحانی مخلوق کی تین اقسام ہیں ایک قسم وہ ہے جو سراپا خیر ہے وہ ملائکہ ہیں دوسری قسم وہ ہے جو سراسر شر ہی شر ہیں وہ شیاطین ہیں تیسری قسم درمیانی درجہ کی ہے جن میں کچھ اخیار ہیں اور کچھ اشرار ہیں اور وہ جن ہیں۔ (مفردات امام راغب)

حق تعالیٰ سبحانہ نے انسان اور جنات کو ٹھیکری کی مانند بجنے والی مٹی اور شعلہ زن آگ سے تخلیق فرمایا جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ خلق الانسان من صلصال کالفخار ٥ وخلق الجآنّ من مارج من نار (الرحمان) سے واضح ہے جنات حضرت آدم علیہ السلام سے دو ہزار سال قبل پیدا کئے گئے جیسا کہ حدیث خلق الجن قبل ادم بالفی عام (لقط المرجان فی احکام الجان) سے عیاں ہے۔

جس طرح انسان گارے اور بجنے والی مٹی سے مخلوق ہے جس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ انسان کی حقیقت گارا ہے بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ انسان کی اصل گارا ہے......

marfat.com
Marfat.com

خدائے کہ بالا و پست آفرید

خدا نے بالا اور پست کو بنایا

زبردست ہر زیر دست آفرید

ہر زیردست پر زبردست بنایا

ایسے ہی جنات کی اصل نار ہے اس لئے شیاطین پر شہاب اور شعلے برسائے جاتے ہیں تا کہ وہ اسرار الہیہ کا سراغ نہ لگا سکیں۔ اس شعلہ باری سے انہیں تکلیف ہوتی ہے نیز ان کے لئے عذاب سعیر تیار کیا گیا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ و جعلنا ھا رجوماً للشیاطین و اعتدنا لھم عذاب السعیر (الملک) سے عیاں ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنات کی اقسام بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

خلق اللّٰہ الجن ثلا ثۃ اصناف ، صنف حیات وعقارب وخشاش الارض وصنف کا لریح فی الھواء وصنف علیھم الحساب و العقاب یعنی اللہ تعالیٰ نے جنات کو تین قسموں پر پیدا فرمایا ہے ایک قسم سانپ، بچھو اور حشرات الارض ہیں ایک قسم فضا میں ہوا کی مانند ہے ایک قسم وہ ہے جس پر حساب و عذاب ہے۔ (لقط المرجان فی احکام الجان)

ایک روایت میں یوں ہے کہ جنات کے پر ہیں جن سے وہ ہوا میں اڑتے ہیں ایک قسم سانپ اور کتے ہیں اور ایک قسم جو سفر اور قیام کرتے ہیں۔ (مستدرک ۲ ۴۵۶)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

الکلب الاسود شیطان کالا کتا شیطان ہے۔ (ترمذی کتاب الصید)

اور سیاہ رنگ کتے کو مار ڈالنے کا حکم دیا گیا ہے جیسا کہ فاقتلوا منھا کل اسود بھیم فانہ جنھا (صحیح مسلم کتاب المساقات) سے عیاں ہے۔

marfat.com
Marfat.com

## جسم انسانی پر جنات کا تسلط اور شیاطین کا تصرف

جسم انسانی پر جنات کے تسلطات اور بدن انسانی میں شیاطین کے تصرفات کتاب وسنت سے ثابت ہیں چند آیات مقدسہ اور احادیث نبویہ پیش خدمت ہیں

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

الذین یاکلون الربو لایقومون الا کما یقوم الذی یتخبطه الشیطان من المس یعنی جولوگ سود کھاتے ہیں وہ روز قیامت اس طرح کھڑے ہونگے جس طرح وہ شخص کھڑا ہوتا ہے جسے شیطان نے چھوکر مخبوط الحواس کر دیا ہوں

(البقرہ ۲۸۵)

دوسری جگہ ارشاد نبوی ہے:

واذکر عبدناایوب اذ نادی ربه انی مسنی الشیطان بنصب و عذاب یعنی ہمارے بندے ایوب (علیہ السلام) کو یاد کیجئے کہ جب انہوں نے اپنے رب سے فریاد کی کہ شیطان نے مجھے بڑی اذیت اور سخت تکلیف پہنچائی ہے۔(ص ۴۱)

روایت میں ہے:

عطا بن ابی رباح بیان کرتے ہیں کہ مجھے حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ میں تجھے جنتی عورت نہ دکھاؤں میں نے عرض کی کیوں نہیں انہوں نے کہا یہ حبشی عورت ہے جو بارگاہ رسالت مآب علیٰ صاحبہا الصلوات میں حاضر ہوئی اس نے عرض کیا مجھے مرگی کا دورہ پڑتا ہے اور میرے کپڑے کھل جاتے ہیں آپ میرے لئے دعا فرمایئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر تم چاہو تو صبر کرو تمہیں جنت ملے گی اور اگر تم چاہو تو میں تمہارے لئے دعا کرتا ہوں اللہ تمہیں عافیت عطا فرمائے گا اس عورت نے عرض کیا میں صبر کرتی ہوں آپ میرے لئے دعا فرمائیں کہ میرے کپڑے نہ کھلیں فدعالها

marfat.com
Marfat.com

آپ نے اس کیلئے دعا فرمائی۔ (بخاری ۲/۸۴۴)

یہ امر واضح رہے کہ جنات انسان کی زبان پر کلام کرتے اور ہوا اور سانس کی مانند جسم انسانی میں دخول کرتے ہیں۔

حضرات امام احمد بن حنبل، علامہ ابن قیم حنبلی، حافظ ابن حجر عسقلانی، علامہ قسطلانی، علامہ بدر الدین عینی، علامہ محمود آلوسی بغدادی جیسے اکابرین امت انسانی جسم اور اعضاء پر جنات کے تصرفات وتسلطات کے قائل ہیں۔

مسکین بے تمکین راقم السطور کا یہ چشم دید واقعہ ہے کہ ایک عورت جس پر جنات کے اثرات کی وجہ سے دورا پڑا ہوا تھا ہمارے آقائے ولی نعمت سراج العارفین حضرت علامہ ابوالبیان رحمۃ اللہ علیہ ظہر کی باجماعت نماز سے فارغ ہوکر مسجد مبارک کے ہال سے باہر تشریف لائے تو صوفی کرامت علی مجددی کو فرمایا صوفی صاحب اس عورت کو کیا ہے عورت کے لواحقین نے عرض کیا کہ حضور اسے جن تنگ کرتے ہیں حضور قبلہ عالم نے صوفی صاحب کو فرمایا جاؤ اس عورت کے پاس جا کر ہمارا نام لو اور کہو کہ اسے تنگ نہ کرو چلے جاؤ صوفی صاحب نے ایسا ہی کہا وہ عورت فوراً اٹھ کر بیٹھ گئی اس قسم کے متعدد واقعات احباب بیان کرتے ہیں جو ان کے ساتھ خود بیتے ہیں۔ (مرتب)

marfat.com
Marfat.com

# مِنها-۵۷

ولی ہر کمالے کہ می یابد وبہر درجہ کہ می رسد بطفیل

ولی جو کمال بھی پاتا ہے اور جس درجہ پر پہنچتا ہے اپنے

متابعت نبی خود ست علیہ الصلوٰۃ والسلام اگر

نبی علیہ الصلوٰۃ و السلام کی متابعت کے طفیل اگر نبی

متابعت نبی نمی بود نفس ایمان رونمی نمود و راہ

کی متابعت نہ ہوتی نفس ایمان ظاہر نہ ہوتا اور

بدرجارت علیا از کجا می کشود پس اگر ولی را

اعلیٰ درجات کا رستہ کہاں سے کھلتا لہٰذا اگر ولی کو جزوی

فضلے از فضائل جزئیہ حاصل شود کہ نبی راحاصل

فضیلتوں میں سے کوئی فضیلت حاصل ہو جو نبی کو حاصل نہیں تھی

نبودہ ودرجۂ خاص از درجات علیا میسر شود کہ نبی

اور اعلیٰ درجات میں سے کوئی درجہ خاص میسر ہو جو نبی

نہ داشتہ باشد نبی را نیز ازاں فضل جزئی و ازان درجۂ

نہیں رکھتا تھا نبی کو بھی اس جزوی فضیلت اور اس خاص

marfat.com
Marfat.com

خاص نصیب کامل است چه حصول آں کمال بواسطۂ

درجہ سے کامل حصہ ملتا ہے [1] کیونکہ اس کمال کا حصول اس

[1] زیرنظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ولی کی نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر جزوی فضیلت کا تذکرہ فرمار ہے ہیں۔ دراصل جب کوئی بندۂ مومن شریعت محمد یہ اور سنت مصطفو یہ علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات کو بجالاتا، اوامر کا اکتساب اور نواہی سے اجتناب کرتا ہے تو عنایت ایزدی سے اس پر فضل وفتوحات کے در کھلتے ہیں بنابریں اسے بلندترین درجات ومقامات وکمالات نصیب ہوتے ہیں جن میں اس بندۂ مومن (ولی) کو اگر نبی علیہ السلام پر جزوی فضیلت حاصل ہو جائے تو ایسا روا اور جائز ہے کیونکہ اس ولی کو یہ کمال ومرتبہ اپنے نبی کریم علیہ السلام پر ایمان لانے اور ان کی متابعت بجالانے سے حاصل ہوا ہے۔ اس لئے نبی کریم علیہ السلام کو اس کمال سے پورا پورا حصہ حاصل ہوگا جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات من سن سنة حسنة فی الاسلام فله اجرها واجر من عمل بها (مشکوٰۃ ۳۳) سے عیاں ہے لیکن ولی اس کمال کے حصول میں گو مقدم اور پیش رو ہے مگر خادم، متبع اور امتی ہوکر اسے یہ مرتبہ حاصل ہوا ہے جہاں اپنے نبی علیہ السلام کے ساتھ ہمسری کا شائبہ بھی نہیں کیونکہ ہمسری کا دعوی کفر ہے۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب ۸۷)

چنانچہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ولی کی نبی علیہ السلام پر جزوی فضیلت کے متعلق رقمطراز ہیں ملاحظہ ہو!

بلے فضل کلی بر کل مخصوص بآں سرور ست علیه و علی اله الصلوة والسلام اما کمالے باشد که راجع، بفضل جزئی بود رواست که مخصوص به بعضے انبیائے کرام و ملائکه عظام

marfat.com
Marfat.com

متابعت آں نبی است و نتیجه است از نتائج اتباع

نبی (علیہ السلام) کی متابعت کے واسطہ سے ہے اور نتیجہ ہے ان کی

سنت او پس ناچار نبی را ازاں کمال بھرۂ تمام باشد

سنت کی پیروی کے نتائج میں سے پس لامحالہ نبی کو اس کمال سے پورا حصہ ملتا ہے

**کماقال علیه الصلوٰة والسلام من سن سنة حسنة فله اجرها و**

جیسا کہ حضور اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جس شخص نے کوئی اچھا طریقہ جاری کیا اسے

باشد علیٰ نبینا وعلیهم الصلوات والتسلیمات وهیچ قصورے درفضل کلی او نه کند علیه وعلی اله الصلوٰة والسلام دراحادیث صحاح آمده است که بعضے از کمالات درافراد امتان باشد که انبیاء غبطه آن نمایند علیهم الصلوات والتسلیمات وحال آنکه فضل کلی مر انبیاء راست برجمیع افراد امتان ونیز در حدیث آمده است که شهداء فی سبیل الله به چند چیز برانبیاء مزیت دارند شهداء را احتیاج بغسل نیست وانبیاء را غسل باید داد و برشهداء نماز جنازه نیامده است چنانچه مذهب امام شافعی ست وبرانبیاء نمازجنازه باید کرد ودر قرآن فرموده که شهداء را شما موتی نه پندارید که احیاء اند وانبیاء راموتی فرموده این همه فضائل جزئیه اند قصورے درفضل کلی انبیاء ندارند (مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب ۱۲۲)

یعنی ہاں کل پر کلی فضیلت آنسرور علیہ وعلی الہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ مخصوص

marfat.com
Marfat.com

اجر من عمل بها لیکن ولی در حصول ایں کمال سابق

اسکا اجر بھی ملتا ہے اور اسکا ثواب بھی ملتا ہے جو اس طریقہ پر عمل کرتا ہے۔لیکن ولی اس کمال

ست و در وصول بایں درجہ مقدم و ایں قسم فضل ولی

کے حصول میں پیش رو ہے اور اس درجہ تک رسائی میں مقدم اور اس قسم کی فضیلت

را برنبی جائز داشتہ اند کہ جزئی است کہ مجال معارضہ

ولی کی نبی پر (علماء) جائز رکھتے ہیں کیونکہ یہ جزوی (فضیلت) ہے جو کلی (فضیلت)

بکلی ندارد وآنچہ صاحب فصوص می گوید کہ خاتم

کا مقابلہ کرنے کی مجال نہیں رکھتی اور وہ جو صاحب فصوص کہتے ہیں کہ خاتم

ہے لیکن وہ کمال جو جزوی فضیلت کی طرف راجع ہیں جائز ہے کہ وہ بعض انبیاء کرام اور ملائکہ عظام علی نبینا وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے ساتھ مخصوص ہوں اور ان علیہ وعلی الہ الصلوٰۃ والسلام کی فضیلت کلی میں کوئی قصور واقع نہ ہو۔احادیث صحیحہ میں آیا ہے کہ امتیوں کے افراد میں بعض کمالات ایسے ہوتے ہیں کہ جن پر انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات بھی رشک کرتے ہیں۔

عن عمر قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ان من عباداللّٰہ لاناساً ماھم بانبیاء ولا شھداء یغبطھم الانبیاء والشھداء یوم القیامۃ بمکانھم من اللّٰہ قالوا یارسول اللّٰہ تخبرنا من ھم قال ھو قوم تحابوا بروح اللّٰہ علی غیرارحام بینھم ولا اموال یتعاطونھا فواللہ ان وجوھھم لنور وانھم لعلی نور لایخافون اذا خاف الناس ولا یحزنون اذاحزن الناس وقرء ھذہ الایۃ الا ان اولیاء اللّٰہ لاخوف

marfat.com
Marfat.com

علیھم ولا ھم یحزنون (مشکوٰۃ ۴۲۶) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ کے بندوں میں ایسے لوگ بھی ہیں جو انبیاء وشہداء نہیں لیکن روز قیامت بارگاہ الوہیت میں ان کے مقامات عالیہ کو ملاحظہ فرما کر انبیائے کرام اور شہداء عظام علیہم الصلوات ان پر رشک فرمائیں گے۔ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہمیں بتایئے کہ وہ کون ہیں؟ فرمایا کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو رحم کے رشتوں اور مالی لین دین کے علاوہ فقط رضائے الٰہی کیلئے باہم محبت کریں گے۔ قسم بخدا انکے چہرے نورانی ہونگے اور ان کے اوپر نور ہوگا وہ نہیں ڈریں گے جب لوگوں کو خوف ہوگا۔ وہ غم نہیں کھائیں گے جبکہ لوگ غمگین ہونگے پھر یہ آیت مبارکہ تلاوت فرمائی الا ان اولیاء اللّٰہ لاخوف علیھم ولا ھم یحزنون ) حالانکہ انبیائے کرام علیہم الصلوات کو امتوں کے تمام افراد پر کلی فضیلت حاصل ہے نیز حدیث میں آیا ہے کہ شہداء فی سبیل اللہ چند چیزوں میں انبیائے کرام علیہم الصلوات پر فضیلت ومزیت رکھتے ہیں (ذکر القرطبی فی تفسیرہ روی عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم انہ قال اکرم اللّٰہ تعالٰی الشھید بخمس کرامات لم یکرم بھا احد من الانبیاء ولا انا ( تشیید المبانی فی تخریج احادیث مکتوبات الامام الربانی ) شہداء کو غسل کا احتیاج نہیں اور انبیائے کرام علیہم الصلوات کو غسل دینا چاہئے ...... شہداء کیلئے نماز جنازہ نہیں ہے جیسا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے اور انبیاء کرام کی نماز جنازہ ادا کرنی چاہئے ...... اور قرآن مجید میں فرمایا کہ شہداء کو مردہ نہ جانو کہ وہ زندہ ہیں ( ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللّٰہ امواتاً بل احیاء عندربھم یرزقون ) اور انبیائے کرام علیہم الصلوات کو موتی فرمایا (انک میت وانھم میتون ) یہ سب جزوی فضائل ہیں جو انبیائے کرام علیہم الصلوات کے فضل کلی میں کوئی قصور ( کمی ) پیدا نہیں کرتے۔

marfat.com
Marfat.com

ایک مقام پر حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز یوں رقمطراز ہیں ملاحظہ ہو!

ہیچ ولی از اولیائے این امت کہ خیر الامم است باوجود افضیلت پیغمبر خویش بمرتبۂ ہیچ نبی از انبیاء نرسد اگرچہ اورا بواسطۂ متابعت پیغمبر خویش از مقام ما بہ الا فضلیت نصیبے حاصل شود فضل کلی انبیاء راست اولیاء طفیلی اند (مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب ۲۸۷) یعنی یہ امت جو خیر الامم ہے کے اولیاء میں سے کوئی ولی اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی افضلیت کے باوجود نبیوں علیہم الصلوات میں سے کسی نبی علیہ السلام کے مرتبہ تک نہیں پہنچ سکتا اگرچہ اسے (ولی) اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت کی وساطت سے وہ ما بہ الافضلیت مقام حاصل ہوا ہے پھر بھی کلی فضیلت انبیاء علیہم الصلوات کو ہی ہے اولیاء علیہم الرحمۃ والرضوان طفیلی ہیں۔

عروۃ الوثقٰی حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہُ العزیز کا اس سلسلہ میں ایک سوال کا جواب ملاحظہ ہو!

سوال: آنکہ مقرر و مبیّن ست کہ فضلِ کُلّی مرانبیاء راست علیہم الصلوات والسلام برجمیع افراد است ودر حدیث صحیح آمدہ است کہ بعضے کمالات دربعضے افراد امت ست کہ مَزّیت برانبیاء دارد **کالشُّهَدآء فی سبیل اللّٰہ** احتیاج بغسل ندارند وبلفظ موتٰی نخواندہ وانبیاء بغسل محتاج اند ولفظ موتٰی خواندہ ،

جواب: این فضل راجع بفضل جزئی ست کہ دراں محذور نیست ہر حائک وحجام بصنعت برعالم ذی فنون فضل دارد و فضل کلی مرانبیاء وعالم را ست یعنی یہ امر مسلم اور واضح ہے کہ انبیائے

marfat.com
Marfat.com

کرام علیہم الصلوات کو تمام افراد امت پر کلی فضیلت حاصل ہے اور صحیح حدیث میں آیا ہے کہ بعض کمالات بعض افراد امت میں ایسے ہیں جو انبیائے کرام علیہم الصلوات پر فضیلت و مزیت رکھتے ہیں جیسا کہ شہداء فی سبیل اللہ غسل کی حاجت نہیں رکھتے اور وہ لفظ موتی سے نہیں پکارے جاتے اور انبیائے کرام علیہم الصلوات (بعداز وصال مبارک) غسل کے محتاج ہیں اور ان کے لئے لفظ موتی بولا جاتا ہے......اس کا جواب یہ ہے کہ یہ فضیلت جزوی فضیلت کی طرف راجع ہے کہ اس میں کوئی استحالہ نہیں ہر جولاہا اور حجام اپنے ہنر و پیشہ کے اعتبار سے صاحب فنون عالم پر فضیلت رکھتا ہے اور کلی فضیلت انبیائے کرام علیہم الصلوات اور عالم کیلئے ہے۔ (مکتوبات معصومیہ دفتر سوم مکتوب ۲۴)

حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ العزیز اس سلسلہ میں ایک اور مقام پر یوں رقمطراز ہیں اردو ترجمہ ملاحظہ ہو!

یعنی کلی فضیلت تو انبیائے کرام علیہم الصلوات کو اولیاء اللہ رحمۃ اللہ علیہم پر حاصل ہے اور کوئی ولی کسی نبی کے مرتبہ کو نہیں پہنچتا لیکن جزوی فضیلت میں کوئی تنازع نہیں ہے۔ اگر بعض فضائل و معارف ولی ہی کیلئے خاص ہوں تو وہ کلی فضیلت کا باعث نہیں ہوتے یہ جائز بلکہ واقع ہے جب ولی اور نبی علیہ السلام میں جزوی فضیلت واقع ہوتی ہے تو اگر نبی بعض فضائل و معارف میں رسول (علیہ السلام) کی بنسبت مخصوص ہو تو یہ بطریق اولیٰ جائز ہوگا اگرچہ کلی فضیلت رسول کیلئے ہوگی جیسا کہ حضرت موسیٰ و حضرت خضر علی نبینا و علیہم الصلوات والتسلیمات کا قصہ ہے۔ (مکتوبات معصومیہ دفتر دوم مکتوب ۳۶)

واضح رہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال پر ملال کے بعد آپ کو غسل دینے کا وقت آیا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو علم نہ تھا کہ آیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کپڑے اتار کر غسل دیا جائے یا کپڑوں سمیت غسل دیا جائے یہ مسئلہ زیر بحث تھا کہ دوران اونگھ حجرہ مقدسہ کے ایک کونے سے یہ آواز سنائی دی اَنْ غَسِّلو ارسول

marfat.com
Marfat.com

اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و سلم و علیہ ثِیَابہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کپڑوں سمیت غسل دو۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بئر غرس کے نہایت پاکیزہ پانی میں بیری کے پتے ملا کر غسل دیا گیا۔ تکفین کے بعد حضرت سیدنا صدیق اکبر، سیدنا فاروق اعظم چند مہاجرین وانصار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے ساتھ حجرہ مطہرہ میں داخل ہوئے اور السلام علیك ایھاالنبی ورحمة اللّٰہ وبرکاتہ کے کلمات طیبہ کے ساتھ بارگاہ رسالت مآب علیٰ صاحبہا الصلوات میں سلام نیاز وعقیدت پیش کیا بعدازیں صفیں بنا کر بغیر امام کے نماز جنازہ ادا کی حضرت سیدنا صدیق اکبر، سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہما پہلی صف میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو کھڑے ہوئے اور بارگاہ ایزدتعالیٰ جل سلطانہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تبلیغ احکام، جہاد فی سبیل اللہ اور آپ کی رأفت ورحمت کی شہادت دیتے ہوئے یوں گویا ہوئے

اللھم انّا نشھدانّہ' قدبلغ ماانزل الیہ و نصح لُامتہٖ و جاھد فی سبیل اللّٰہ حتی اعزّاللّٰہ دینہ' ......فانہ کان بالمومنین رؤفاً رحیماً...... الخ سے عیاں ہے۔

حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ یہ دعا مانگ رہے تھے اور دوسرے لوگ یہ دعائیہ کلمات سن کر آمین آمین کہہ رہے تھے۔ یونہی سب مرد وخواتین بچوں اور غلاموں نے بغیر امام کے گروہ در گروہ اپنے آقا و مولیٰ کے حضور حاضری دی۔

تمام علمائے کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ سب لوگوں نے امام کے بغیر نماز جنازہ ادا کی اور بغیر امام کے نماز جنازہ پڑھنے کی متعدد حکمتوں میں سے ایک حکمت یہ تھی کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم خود امام الاولین والآخرین تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم زندہ تھے اور امام الاولین والآخرین کی موجودگی میں اور کون امام بن سکتا ہے؟۔

(السیرۃ النبویہ لابن کثیر بحوالہ ضیاء النبی جلد چہارم)

marfat.com
Marfat.com

حضرت سائیں توکل شاہ انبالوی قدس سرہٗ العزیز حیات نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اور آپ کے تصرفات کے متعلق یوں رقمطراز ہیں:

''حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کا تعلق جس طرح حیات رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حیات میں تھا بعینہٖ وہی تعلق اب بعد وصال بھی بدن مبارک کے ساتھ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کے دین کو کوئی نہیں بدل سکتا اور جس طرح حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں آپ کے تصرفات جاری تھے ویسے ہی اب بھی جاری ہیں یہی معنی ہے حیات النبی علیٰ صاحبہا الصلوات ہونے کا اور اسی وجہ سے قطب، غوث، ابدال، اوتاد وغیرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں ہوتے رہیں گے (ذکر خیر)

marfat.com
Marfat.com

الانبیاء علوم ومعارف را از خاتم الولایت اخذ میکنند

الانبیاء علوم و معارف خاتم الولایت سے حاصل فرماتے ہیں [۲]

راجع بایں معرفت است کہ ایں فقیر را بآں ممتاز ساختہ

اسی معرفت کی طرف راجح ہے کہ جس سے اس فقیر کو ممتاز فرمایا گیا ہے

اند وسراسر موافق شریعت است وشراح فصوص در

اور (وہ) سراسر شریعت کے موافق ہے فصوص کے شارحین

تصحیح آں تکلف نمودہ اند و گفتہ اند کہ خاتم الولایت

اس کی تصحیح میں تکلف کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ خاتم الولایت،

خزینہ دار خاتم النبوت است اگرپادشاہ از خزینہ خود

خاتم النبوت کا خزانچی ہے اگر بادشاہ اپنے خزانہ سے کوئی

چیزے بگیرد ہیچ نقص لازم نیاید وحقیقۃ الامر ما حققتہ

چیز لےتو کوئی نقص لازم نہیں آتا اور حقیقت معاملہ وہی ہے جو میں نے تحقیق کی ہے

[۲] یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز، حضرت ابن العربی قدس سرہٗ العزیز کے ایک قول اور اس قول کے شارحین کی شرح پر تبصرہ فرمارہے ہیں جس میں ابن العربی قدس سرہٗ العزیز نے خود کو خاتم الولایت کہا ہے اور کہا ہے کہ خاتم الانبیاء علیٰ صاحبہا الصلوات علوم ومعارف کو خاتم الولایت سے حاصل فرماتے ہیں۔ فصوص الحکم کے شارحین نے حضرت ابن العربی قدس سرہٗ العزیز کے اس قول کی توجیہہ کرتے ہوئے تکلفات بعیدہ کا ارتکاب کیا ہے اور کہا ہے کہ شیخ بمنزلہ خزانہ دار ہے اور حضور

marfat.com
Marfat.com

**ومنشأ التكلف عدم الوصول بحقيقة المعاملة واللہ سبحانہ**

اور اس تکلف کا منشاء حقیقت معاملہ تک عدم وصول ہے اللہ سبحانہ

**اعلم بحقائق الامور کلھا والصلوٰۃ والسلام علی سید البشر**

تمام امور کے حقائق کو زیادہ جاننے والا ہے حضرت سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم

**والہ الاطھر**

اور آپ کی آل اطہر پر صلوٰۃ وسلام ہو۔

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بادشاہ ہیں۔ اگر بادشاہ کو خزانہ سے کوئی چیز مطلوب ہو تو وہ خزانچی سے ہی لیتا ہے۔ حضرت ابن عربی قدس سرہٗ العزیز کے اس قول کی وجہ سے علمائے کرام نے ان پر کفر کا فتویٰ لگایا۔ (شرح مکتوبات قدسی آیات حصہ ششم ۵۲۵)

جبکہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے حضرت ابن عربی قدس سرہٗ العزیز کے اس قول کی ایسی توجیہہ فرمائی ہے جو شریعت مطہرہ کے عین مطابق ہے جس میں ولی کو نبی علیہ السلام پر جزوی فضیلت حاصل ہے جبکہ کلی فضیلت نبی علیہ السلام کیلئے ہی ہے اور اس جزوی فضیلت کو کلی فضیلت کا مقابلہ ومعارضہ کرنے کی مجال نہیں ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے شیخ ابن عربی قدس سرہٗ العزیز کے اس قول (خاتم النبوت این علوم ومعارف را از خاتم الولایت اخذمی نماید) کی تعبیر یوں بھی بیان فرمائی ہے وھو ھذا

سیر ابن العربی قدس سرہٗ العزیز سیر تفصیلی تھی جبکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیر اجمالی ہے کیونکہ محبوبوں کی سیر، سیر اجمالی ہوتی ہے تاکہ بجلد حریم قدس جل سلطانہ تک انکی رسائی ہو جائے جبکہ سیر تفصیلی کے ذریعے کوئی بھی بارگاہ قدس جل سلطانہ تک نہیں پہنچ سکتا کیونکہ حق تعالیٰ سبحانہ کی صفات کے ظلال اور ان کی تفصیلات غیر متناہی اور

marfat.com
Marfat.com

لامحدود ہیں بنابرآں اگر کوئی تفصیل یا کسی صفت کا ظل شیخ ابن عربی یا امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کے کسی دوسرے فرد کی وساطت سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر مکشوف ہوتا ہے وہ محل اعتراض اور لائق تردید نہیں ہوگا کیونکہ جو کمال بھی امت کو حاصل ہوتا ہے وہ کمال اس امت کے نبی علیہ السلام کو بھی ملتا ہے۔ خلاصہ اس بحث کا یہ ہے کہ انبیائے کرام علیہم الصلوات اصل کے ساتھ رابطہ رکھتے ہیں ان کی شان، ظلال سے بہت بلند ہے یہی وجہ ہے کہ وہ ظلال کی طرف التفات نہیں فرماتے۔ پس اگر کوئی ظل یا تفصیل امتیوں کے واسطہ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر مکشوف ہو جائے تو یہ محلِ اعتراض نہیں ہے بلکہ ایک قسم کی خدمت ہے جو خادموں کی وساطت سے مخدوموں کو پہنچتی ہے اور اس قسم کی خدمات، خادم کیلئے سبب افتخار اور باعث سعادت ہوتی ہیں۔ چنانچہ اگر کسی سپہ سالار کی وساطت سے کوئی علاقہ فتح ہو تو وہ درحقیقت بادشاہ کی شان و شوکت، سامانِ حرب وضرب اور لشکر شاہی کی وساطت سے ہی فتح ہوتا ہے، سپہ سالار کو محض جزوی فضیلت حاصل ہوتی ہے یونہی امت محمدیہ اور ملت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوات میں سے اگر کسی کو کوئی کمال حاصل ہوتا ہے تو وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ومتابعت کی بدولت ہی حاصل ہوتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

## منہا-۵۸

ولایت ولی جزئیست از اجزائے ولایت نبی او علیہ

ولی کی ولایت حصہ ہے اس کے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اجزائے ولایت کا

الصلوٰۃ والسلام ولی را ہر چند درجات علیا میسر شود

ولی کو کتنے ہی اعلیٰ درجات میسر ہو جائیں

آں درجات جزئیست از اجزائے درجات آں نبی

وہ درجات اس نبی کے اجزائے درجات کا ایک جزو ہی ہونگے

زیرنظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اس امر کی وضاحت فرمارہے ہیں کہ ولی کی ولایت، نبی علیہ السلام کی ولایت کا ہی ایک حصہ ہوتی ہے چہ جائے کہ نبوت پر ولایت کی عظمت وفضیلت کا قول کیا جائے جیسا کہ مشہور مقولہ الکل اعظم من الجزء (کل جز سے بڑا ہوتا ہے) سے واضح ہے۔ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ایک مقام پر ارقام پذیر ہیں۔

نبوت افضل باشد از ولایت خواہ ولایت نبی باشد خواہ ولایت ولی یعنی نبوت ولایت سے افضل ہے خواہ نبی کی ولایت ہو یا ولی کی ولایت

(مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب ۹۵)

لیکن اس حقیقت کا سمجھنا ارباب سکر پر دشوار ہے مستقیم الاحوال اکابر ہی اس معرفت کے ساتھ ممتاز ہیں (مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب ۱۰۸) کیونکہ اولیائے کرام کی

marfat.com
Marfat.com

خواہد بود جز ہر چند عظمت پیدا کند کمتر از کل
جز کتنی ہی عظمت پیدا کر لے کل سے کم تر ہو گا
خواہد بود کہ الکل اعظم من الجزء قضیہ بدیہیہ است
کیونہ کل جز سے بڑا ہوتا ہے بدیہی قضیہ ہے احمق ہے وہ

ولایت حق تعالیٰ کے ظلال صفات سے تعلق رکھتی ہے جبکہ ولایت انبیاء، صفات سے مربوط ہے لیکن نبوت انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات ذات حق تعالیٰ کی معرفت سے ممتاز ہے۔ جب تمام ولایتیں اس مرتبہ مقدسہ کے ساتھ وصول سے قاصر ہیں تو مقام ولایت، مقام نبوت کے ساتھ قابل قیاس ہی نہیں، تفضیل ولایت کا قول صوفیائے کرام کی نارسائی کی بنا پر ہے، اگر ان کی کمالات نبوت تک رسائی ہو جاتی تو اس قسم کی باتیں نہ کرتے۔ ع چون ندیدند حقیقت رہ افسانہ زدند

طاؤس الفقراء حضرت شیخ ابونصر طوسی قدس سرہٗ العزیز اس سلسلہ میں رقمطراز ہیں:

ولایت اور صدیقت انوارِ نبوت سے روشن ہیں اس لئے یہ ابد تک نبوت سے ملحق نہیں ہو سکتے ہیں تو یہ نبوت سے افضل کیسے ہو سکتے ہیں؟۔ (کتاب اللمع، البینات جلد دوم مکتوب ۷۷)

قدوۃ الکاملین حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہٗ العزیز اپنی تصنیف لطیف میں ''الکلام فی تفضیل الانبیاء علی الاولیاء'' کا باب باندھ کر اس کے تحت اپنا موقف یوں تحریر فرماتے ہیں اردو ترجمہ ملاحظہ ہو

جملہ مشائخ طریقت اس امر پر متفق ہیں کہ اولیاء طریقت، انبیائے کرام کی متابعت کرنے والے اور ان کی دعوت کے مصدق ہوتے ہیں فلہٰذا انبیائے عظام علیہم الصلوات، اولیائے کرام سے فاضل تر ہیں کیونکہ نہایت ولایت، نبوت کی ابتداء ہوتی ہے اور جملہ انبیائے کرام ولی ہوتے ہیں مگر اولیاء کرام میں کوئی نبی نہیں ہوتا۔ اولیائے

marfat.com
Marfat.com

احمقے باشد کہ کلانی جز را تخیل نمودہ از کل افزوں

شخص جو جز کی بڑائی کا خیال کر کے کل سے زیادہ جانے

داند کہ کل عبارت ازاں جزء اجزائے دیگر است

کیونکہ کل دیگر اجزاء کے علاوہ اس جز سے بھی عبارت ہے

کرام پر طاری احوال انبیائے عظام علیہم الصلوات والتسلیمات کے مستقل مقام ہوتے ہیں اور جو اولیاء رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کیلئے مقام ہوتا ہے وہ انبیائے کرام علیہم الصلوات کیلئے حجاب ہوتا ہے۔ یہی علمائے اہل سنت اور محققین طریقت کا متفقہ فیصلہ ہے بلکہ ''یک نفس انبیاء فاضل تر از ہمہ روزگار اولیاء'' یعنی نبی علیہ السلام کا ایک سانس مبارک بھی ولی کی ساری زندگی سے فاضل تر ہوتا ہے۔ سلطان العارفین حضرت بایزید بسطامی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ جس طرح مراتب اولیاء، لوگوں کے ادراک سے نہاں ہوتے ہیں ایسے ہی مراتب انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات تصرف اولیاء سے نہاں ہوتے ہیں۔

(کشف المحجوب فارسی ۲۵۹ مطبوعہ نوائے وقت پرنٹرز لاہور)

علمائے متکلمین اہل سنت کے نزدیک کوئی بھی بندۂ مؤمن (ولی) خواہ کتنا ہی بڑا عابد وزاہد ہو، کسی نبی علیہ السلام کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتا جیسا کہ امام العقائد حضرت علامہ نسفی رحمۃ اللہ علیہ ارقام پذیر ہیں لا یبلغ ولی درجة الانبیاء (عقائد نسفی) سے عیاں ہے کیونکہ اولیائے کرام جن کمالات سے متصف ہوتے ہیں انبیائے عظام علیہم الصلوات والتسلیمات ان کمالات سے بدرجہ اتم متصف ہونے کے علاوہ مزید ایسے اوصاف وکمالات کے حامل ہوتے ہیں جن سے اولیائے کرام محروم ہوتے ہیں اور وہ کمالات یہ ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

۱.....حضرات انبیائے عظام علیہم الصلوات والتسلیمات گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں بخلاف اولیائے کرام کے کہ وہ معصوم نہیں البتہ محفوظ ہوتے ہیں۔

۲.....انبیائے عظام علیہم الصلوات سوء خاتمہ سے مامون ہوتے ہیں جبکہ اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کا ایسا معاملہ نہیں ہوتا البتہ ان کے نیازمندوں کو اکابر دین اور اپنے مشائخ طریقت کے سلامتی خاتمہ کا ظن غالب اور علم اطمینان رکھنا چاہئے۔

۳.....حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوات والتسلیمات پر وحی نازل ہوتی ہے اور وہ فرشتوں کے مشاہدہ سے مکرم ہوتے ہیں جبکہ اولیائے کرام کو یہ اعزاز حاصل نہیں ہوتا۔

۴.....حضرات انبیائے عظام علیہم الصلوات والتسلیمات کمالاتِ اولیائے عظام سے متصف ہونے کے بعد حق تعالیٰ کی طرف سے تبلیغ احکام اور ہدایت انام پر مامور ہوتے ہیں جبکہ اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین براہِ راست ان امور کی انجام دہی پر مامور نہیں ہوتے۔ (شرح عقائد، شرح فقہ اکبر، مکتوبات معصومیہ وغیرہا)

یہ امر ذہن نشین رہے کہ ولایت کی دو قسمیں ہیں

ولایت ایمان اور ولایت احسان

ولایت ایمان کبائر کے ارتکاب سے زائل نہیں ہوتی جبکہ ولایت احسان و امتنان ارتکاب کبائر سے باقی نہیں رہتی جبکہ نبی علیہ السلام صغائر و کبائر کے مرتکب نہیں ہوتے بلکہ معصوم عن الخطاء ہوتے ہیں اس لئے مرتبہء نبوت سے معزول نہیں ہوتے اور نہ ہی ان کی موت سے نبوت زوال پذیر ہوتی ہے۔ (التمہید ۷۷)

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۵۹

صفات واجبی تعالت وتقدست سه قسم اند،قسم اول

[1] صفات واجب تعالت و تقدست تین قسم کی ہیں قسم اول

صفات اضافیه اند کالخالقیة والرازقیة و قسم ثانی

صفات اضافیہ ہیں جیسے خالقیت اور رازقیت اور قسم دوم

صفات حقیقیه اند امّا رنگے از اضافت دارند کالعلم

صفات حقیقیہ ہیں لیکن اضافت کا رنگ (جھلک) رکھتی ہیں ۔جیسے علم

والقدرة والارادة والسمع والبصر والکلام و قسم ثالث

قدرت، ارادہ، سمع، بصر اور کلام اور تیسری قسم

[1] زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز صفات ثبوتیہ ذاتیہ کی اقسام ثلاثہ کا تذکرہ فرمارہے ہیں۔مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں صفات باری تعالیٰ کے متعلق قدرے تفصیلات بیان کردی جائیں تاکہ فہم منہا میں سہولت رہے۔و باللہ التوفیق

حق تعالیٰ جل سلطانہ صفات کے ساتھ موصوف اور نعوت کے ساتھ منعوت ہے۔نعوت جمع ہے نعت کی ،صفات جمع ہے صفت کی اور اسماء جمع ہے اسم کی ۔علمائے اہلسنت و جماعت کے نزدیک صفت اور نعت میں کوئی فرق نہیں البتہ صفت اور اسم میں فرق ہے۔

marfat.com
Marfat.com

| |
|---|
| حقیقت صرف است کالحیوة فانه لامزج فیه من الاضافة |
| حقیقت صرف ہے جیسے حیات پس اس میں اضافت کا امتزاج نہیں |
| ونعنی بالاضافة التعلق بالعالم وقسم ثالث اعلائے اقسام |
| اور اضافت سے ہماری مراد عالم کے ساتھ تعلق ہے اور قسم سوم تینوں قسموں |
| ثلاثہ است وجامع ترین جمیع اقسام واز اسہات صفات |
| میں سے اعلیٰ اور تمام قسموں میں جامع ترین ہے اور امہات صفات سے ہے |

## صفت کی تعریف

الصفة ان یعرف الموصوف به عن غیره یعنی صفت یہ ہے کہ جس کے ذریعے موصوف اپنے غیر سے جدا پہچانا جائے۔

## اسم کی تعریف

اسم علامت کو کہا جاتا ہے اور لفظ اسم سمۃ سے مشتق ہے۔ اہل لغت کے نزدیک اسم کی تعریف یہ ہے کہ مایشار به الی المسمّٰی یعنی اسم وہ چیز ہے کہ جس کے ذریعے مسمی کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے جبکہ اہل تحقیق و اصول کے نزدیک حد الاسم مایعلم المسمّٰی به عن غیره یعنی اسم وہ شئی ہے کہ جس کی بدولت مسمی اپنے غیر سے جدا معلوم ہو۔ (تمہید ابی شکور سالمی ۲۷)

بنیادی طور پر صفات باری تعالیٰ کی دو قسمیں ہیں:

صفات سلبیہ اور صفات ثبوتیہ

marfat.com
Marfat.com

صفت علم باوجود جامعیت تابع صفت حیات است

صفت علم جامعیت کے باوجود صفت حیات کے تابع ہے

ودائرہ صفات وشیونات بحیات منتہی می گردد و

صفات اور شیونات کا دائرہ حیات پر ختم ہوتا ہے اور

دروازۂ وصول بمطلوب ہم اوست وچون صفت حیات

مطلوب تک وصول کا دروازہ بھی یہی ہے اور جب صفت حیات

## صفات سلبیہ

یہ وہ صفات ہیں جو حق تعالیٰ سبحانہ کی ذات میں نہیں پائی جاتیں بلکہ اس سے یہ صفات مسلوب ہیں جیسا کہ آیہ کریمہ لیس کمثلہ شئی سے عیاں ہے بلکہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے مکتوبات شریفہ میں تحریر فرمایا ہے لیس کمثلہ شئی فی الذات ولا فی الصفات ولا فی الافعال

## صفات ثبوتیہ

یہ وہ صفات ہیں جو حق تعالیٰ سبحانہ کی ذات میں موجود اور ثابت ہیں ان کی دو قسمیں ہیں۔ صفات ذاتیہ اور صفات فعلیہ

## صفات ذاتیہ

یہ حق تعالیٰ جل سلطانہ کی قدیم، حقیقی اور کمالی صفات ہیں جن کا ذات اقدس سے انفکاک محال ہے۔ علمائے متکلمین اہلسنت کے نزدیک صفات ذاتیہ حقیقیہ کی تعداد آٹھ ہے جنہیں صفات ثمانیہ کہا جاتا ہے اور وہ یہ ہیں حیات، علم، کلام، سمع، بصر،

marfat.com
Marfat.com

فوق صفت علم ست لاجرم وصول بآں موطن بعد از

صفت علم سے بالا ہے اور لامحالہ اس مقام تک وصول مراتب

طی مراتب علم خواہد بود علم ظاہر باشد یا باطن

علم طے کرنے کے بعد ہو گا علم ظاہر ہو یا علم باطن،

قدرت، ارادہ اور تکوین۔ علمائے اشعریہ کے نزدیک تکوین صفات ذاتیہ میں شامل نہیں ہے ان کے ہاں آٹھویں صفت قدم ہے۔ (تمہید ۴۵)

صفات ذاتیہ کی بھی دو قسمیں ہیں

۱...... وہ صفات باری تعالیٰ جو وجود خارجی رکھتی ہیں جیسے صفات ثمانیہ متعارفہ

۲...... وہ صفات جن کا وجود خارجی نہیں بلکہ انتزاعی اور اعتباری ہے جیسے ازلیت، ابدیت، قدم، بقا، غنا وغیرہا

## صفات فعلیہ

محدث کبیر حضرت علامہ ملا علی قاری احراری قدس سرہٗ العزیز صفات فعلیہ کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

ھی التی یتوقف ظھورھا علی وجود الخلق یعنی صفات فعلیہ وہ صفات ہیں کہ جن کا ظہور وجودِ خلق پر موقوف ہے۔ (شرح فقہ اکبر ۲۱)

صفات فعلیہ، صفات ذاتیہ کے آثار ہیں یعنی صفات فعلیہ وہ ہیں جن کی ضد کے ساتھ حق تعالیٰ سبحانہ موصوف ہے جیسے حق تعالیٰ رحیم ہے اور اس کی ضد یہ ہے کہ حق تعالیٰ سبحانہ قہار بھی ہے صفات فعلیہ کی مثالیں تخلیق، ترزیق، تصویر، احیاء، اماتت، انعام، ایلام وغیرہا ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

## حق تعالیٰ بذات خود موجود ہے

حضرت حق تعالیٰ سبحانہ نفس وجود اور تمام کمالات جو کہ وجود کے تابع ہیں جیسے حیات، علم، قدرت، سمع، بصر، ارادہ، کلام اور تکوین میں خود بذات اقدس کافی ہے اور ان کمالات کے حصول میں وہ صفات زائدہ کا محتاج نہیں اگرچہ صفات کاملہ زائدہ بھی حق سبحانہ کیلئے ثابت ہیں۔ پس حق تعالیٰ جس طرح اپنی ذات پاک سے خود موجود ہے نہ کہ وجود سے...... اسی طرح بذات خود زندہ ہے نہ کہ اپنی صفت حیات کے ساتھ...... بذات خود دانا ہے نہ کہ صفت علم کے ساتھ...... بذات خود بینا ہے نہ کہ صفت بصر کے ساتھ...... بذات خود شنوا ہے نہ کہ صفت سمع کے ساتھ...... بذات خود توانا ہے نہ کہ صفت قدرت کے ساتھ...... بذات خود مرید ہے نہ کہ صفت ارادہ کے ساتھ...... بذات خود گویا ہے نہ کہ صفت کلام کے ساتھ...... بذات خود ایجاد کائنات کا موجد ہے نہ کہ صفت تکوین کے ساتھ۔ اگرچہ وجود عالم صفت تکوین اور باقی صفات کی وساطت سے ہے۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب ۲۶)

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ایک مقام پر یوں رقمطراز ہیں:

حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ بذات خود موجود ہے نہ کہ وجود کے ساتھ، وہ وجود خواہ عین (ذات) ہو یا زائد (از ذات) اور صفات واجب تعالیٰ اس کی ذات تعالیٰ کے ساتھ موجود ہیں نہ کہ وجود کے ساتھ کیونکہ وجود کی اس مقام میں گنجائش نہیں ہے۔

حضرت شیخ علاؤ الدولہ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی مقام کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا

فوق عالم الوجود عالم الملك الودود یعنی مالک ودود تعالیٰ کا عالم، عالم وجود سے بالا ہے۔ پس امکان و وجوب کی نسبت بھی اس مقام میں متصور نہیں کیونکہ امکان و وجوب، ماہیت و وجود کے درمیان نسبت کا نام ہے فلہذا جب وجود ہی

marfat.com
Marfat.com

نیست تو امکان و وجوب بھی نہیں ایں معرفت ورائے طور نظر وفکر است۔ (مکتوبات شریفہ دفتر دوم مکتوب ۲)

حضرت العلام نصر اللہ قندھاری رحمۃ اللہ علیہ اس کی تشریح کرتے ہوئے یوں رقمطراز ہیں:

ذاتِ حق تعالیٰ بذاتِ خود موجود ہے، وجود کے ساتھ موجود نہیں اور صفات حق تعالیٰ بھی وجود کے ساتھ موجود نہیں بلکہ ذات حق تعالیٰ کے ساتھ موجود ہیں کیونکہ وجود کی وہاں گنجائش نہیں۔ جب اصل کی وہاں گنجائش نہیں تو امکان و وجوب جو کہ وجود کی فرع ہیں، اس کی کہاں گنجائش ہوگی؟

البتہ اتنا ہے کہ مفہوم تصوری میں ذات حق تعالیٰ وجوب کے مناسب ہے اور مفہوم تصوری میں صفات حق تعالیٰ امکان کے مناسب ہیں کیونکہ صفات ثمانیہ وجود و بقا میں ذات حق تعالیٰ کی محتاج ہیں اگر چہ یہ اپنی ذات میں وجود و وجوب سے بلند ہیں۔

(شرح مکتوبات قدسی آیات دفتر دوم مکتوب ۲)

وجوب وجود آیا حق تعالیٰ کی صفت فعلی ہے یا صفت ذاتی ...... اس سوال کا جواب بیان کرتے ہوئے علامہ قندھاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کے ارشاد گرامی سے معلوم ہوتا ہے کہ وجوب وجود صفت فعلی ہے کیونکہ اضافت ہے اور وجوب، وجود کے ساتھ مضاف ہے بنا بریں یہ صفات فعلیہ کے ساتھ مناسبت رکھتی ہے نہ کہ صفات ذاتیہ کے ساتھ اور صفات فعلیہ جنہیں صفات اضافیہ بھی کہا جاتا ہے، یہ جزئیات وتفصیلات وظلال ہیں صفت تکوین کی جو کہ صفات ذاتیہ حقیقیہ میں سے ہے۔ (مکتوبات قدسی آیات دفتر دوم مکتوب ۳، اسلامی عقائد ۷۴)

صفات باری تعالیٰ نہ عین ذات ہیں نہ غیر ذات ہیں جیسے ایک دس سے (حاشیہ مہر انور) اگر صفات کو عین ذات کہا جائے تو نفی صفات اور تعددِ قُدماء لازم آتا ہے جو

marfat.com
Marfat.com

توحید کے منافی ہے اور اگر صفات کو غیر ذات کہا جائے تو صفات کا حدوث وامکان اور ذات سے انفکاک لازم آتا ہے جو ذات حق تعالیٰ کے لئے جہل و عجز کے جواز کا موجب ہے حالانکہ صفات کا ذات سے انفکاک محال ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کا اس سلسلہ میں امتیازی موقف مذکور ہوا۔

حضرت علامہ قندھاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا ایک جواب یوں بیان فرمایا کہ قدیم کی دو قسمیں ہیں

قدیم بالذات اور قدیم بالغیر

صفات ثمانیہ قدیم بالذات نہیں بلکہ قدیم بالغیر ہیں جبکہ قدمِ ذاتی ذات حق تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے فلہذا تعددِ قدماء بالذات لازم نہیں آتا اور صفات ثمانیہ قدیم بالذات نہیں ہوتیں۔ فافہم (ماخوذ از شرح مکتوبات قدسی آیات دفتر سوم مکتوب ۱۷)

## صفت حیات کا اجمالی تذکرہ

یہ صفت حق تعالیٰ کی صفات ذاتیہ حقیقیہ ثمانیہ (امہات صفات) میں سب سے اعلیٰ، جامع ترین اور جملہ صفات کی امام صفت ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ حق تعالیٰ بذات خود زندہ و پائندہ اور دیگر مخلوقات کو زندہ رکھنے والا ہے۔ بقول شاعر

از صفاتش یکے حیات آمد
کہ امام ہمہ صفات آمد
او بخود زندہ است و پائندہ
زندگان دیگر باو زندہ

صفت علم اپنی جامعیت کے باوصف صفت حیات کے تابع ہے علامہ تفتازانی رقمطراز ہیں الحیوۃ وھی صفۃ ازلیۃ توجب صحۃ العلم یعنی حیات ایک

marfat.com
Marfat.com

ازلی صفت ہے جو صفت علم وغیرہ کی صحت وامکان کا باعث ہے۔ ایک مقام پر حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارقام پذیر ہیں کہ شان الحیات ایسی عظیم الشان شان ہے کہ دیگر شیون وصفات اس کے پہلو میں ایسی نسبت رکھتے ہیں جیسے چھوٹی نہر کو دریائے محیط سے نسبت ہوتی ہے...... شیخ ابن العربی قدس سرہٗ العزیز آنجا کُلبہ دارد (مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب ۷۳)

حیات سے حی ماخوذ ہے حق تعالیٰ حی مطلق ہے کہ اس کی حیات مخلوق کی حیات کی مانند نہیں بلکہ وہ تعالیٰ اول بلا ابتداء اور آخر بلا انتہاء ہے اور حی کا معنی زندہ دائم البقاء ہے جیسا کہ آیات کریمہ اللّٰہ لا الہ الا ھو الحی القیوم اور کل من علیھا فان ویبقٰی وجہ ربك ذوالجلال و الاکرام سے عیاں ہے۔ شیخ الاسلام والمسلمین حضرت علامہ دوسی رحمۃ اللہ علیہ نے قصیدہ بدء الامالی میں اہل سنت و جماعت کا عقیدہ یوں ارقام فرمایا ہے۔

هو الحی المدبر کل امر　　　هو الحق المقدر ذوالجلال

یعنی وہ زندہ ہے ہر امر کی تدبیر کرنے والا ...... وہ حق ہے صاحب جلال جملہ امور کی تدبیر کرنے والا۔

## صفت علم کا تفصیلی تذکرہ

یہ صفت حق تعالیٰ کی صفات ذاتیہ میں سے دوسری صفت ہے جس کے متعلق علمائے متکلمین اہل سنت نے تحریر فرمایا ہے ھی صفة ازلية تنكشف المعلومات عند تعلقها بها یعنی علم ایک صفت ازلی ہے جس سے معلومات اس صفت کے ساتھ تعلق قائم ہونے کے وقت منکشف ہوتی ہیں۔

صفت علم کی ازلیت پر ایک اشکال وارد ہوتا ہے وہ یہ کہ اگر علم الہٰی ازل میں اس امر کے ساتھ متعلق تھا کہ زید گھر میں ہے تو یہ خلاف واقع ہونے کی بنا پر جہل ہوگا کیونکہ

marfat.com
Marfat.com

ازل میں نہ وجودِ زید تھا اور نہ ہی کوئی گھر اور اگر علم الٰہی کا تعلق اس بات سے تھا کہ زید گھر میں داخل ہوگا تو زید کے دخولِ بیت کے بعد علم الٰہی اس امر کے ساتھ متعلق ہوگا کہ زید گھر میں داخل ہے اور اس کے خروج بیت کے بعد علم الٰہی اس امر سے متعلق ہوگا کہ زید گھر میں داخل نہ تھا فلہٰذا علم الٰہی میں تغیر لازم آیا جو تغیر حدوث کو مستلزم ہے اور حدوث ازلیت کے منافی ہے۔

جواب اس اشکال کا یہ ہے کہ یہ تغیر تعلقات میں ہوا ہے نہ کہ صفت متعلقہ میں جیسے آئینہ کا تعلق کبھی انسان (گذرنے والے) سے ہوتا ہے کہ اس کی صورت کا عکس آئینے میں منعکس ہوتا ہے اور کبھی آئینہ کا تعلق گھوڑے سے ہوتا ہے کہ گھوڑے کی صورت آئینہ میں نظر آتی ہے تو تغیر تعلقات میں ہوا نہ کہ خود آئینہ میں، ایسے ہی تغیر تعلقات میں ہوتا ہے نہ کہ صفت علم میں۔ فافہم

عارف باللہ حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی مجددی قدس سرہُ العزیز حق تعالیٰ کی صفت علم کے متعلق یوں رقمطراز ہیں:

صفت العلم مراو راسبحانہ صفتے است قدیم وانکشافے است بسیط کہ معلومات ازل وابد باحوال متناسبہ ومتضادہ کلیہ وجزئیہ باوقات مخصوصہ ہر کدام درآن واحد دانستہ است کہ زید درفلاں وقت زندہ است ودر فلاں وقت مردہ یعنی صفت علم اللہ تعالیٰ سبحانہ کی ایک قدیم صفت اور بسیط انکشاف وآگاہی ہے کہ جس سے ازلی وابدی معلومات کو ان کے باہم موافق احوال اور ایک دوسرے سے کلی وجزئی متضاد کیفیات کو ان کے اوقات مخصوصہ کے ساتھ آن واحد میں جان لیا کہ زید فلاں وقت میں زندہ اور فلاں وقت میں مردہ ہے۔ (مالا بدمنہ کتاب الایمان)

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز صفت علم پر وارد ہونے والے اشکال کے

marfat.com
Marfat.com

متعلق رقمطراز ہیں:

حق تعالیٰ سبحانہ کی صفات وافعال اس کی ذات کی مانند بے چون وبے چگون ہیں جو ممکنات کی صفات وافعال کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں رکھتے۔ مثلاً صفت العلم حق تعالیٰ سبحانہ کی ایک قدیم صفت اور بسیط حقیقی ہے جس میں تعدد وتکثر کو ہرگز دخل نہیں ہے اگرچہ وہ تکثر تعددِ تعلقات کے اعتبار سے ہی کیوں نہ ہو کیونکہ وہاں ایک ہی بسیط انکشاف ہے کہ ازل وابد کی معلومات اسی انکشاف سے منکشف ہوتی ہیں اور حق تعالیٰ جمیع اشیاء کو ان کے احوال متناسبہ ومتضادہ کے ساتھ کلی وجزوی طور پر ہر ایک کے اوقات مخصوصہ کے ساتھ آنِ واحد میں بسیط جانتا ہے۔ اسی آن واحد میں زید کو موجود بھی جانتا ہے اور معدوم بھی، جنین بھی جانتا ہے اور طفل وجوان وپیر بھی، زندہ بھی جانتا ہے اور مردہ بھی، قائم بھی جانتا ہے اور قاعد بھی، مستند بھی جانتا ہے اور لیٹا ہوا بھی، خنداں بھی جانتا ہے اور گریاں بھی، متلذذ بھی جانتا ہے اور متالم بھی، عزیز بھی جانتا ہے اور ذلیل بھی، برزخ میں بھی جانتا ہے اور عرصہء قیامت میں بھی، جنت میں بھی جانتا ہے اور تلذذات میں بھی۔ پس تعدد تعلقات بھی اس مقام میں مفقود ہیں کیونکہ تعدد تعلقات، تعدد اوقات وآنات اور تکثر زمانات کو چاہتا ہے اور وہاں ازل سے ابد تک ایک ہی آن واحد بسیط ہے جسمیں کسی قسم کا تعدد نہیں کیونکہ حق تعالیٰ پر نہ زمانہ جاری ہوتا ہے اور نہ ہی تقدم وتأخر جاری ہو سکتے ہیں لہٰذا حق تعالیٰ کے علم میں اگر ہم معلومات کے ساتھ تعلق کا اثبات کریں تو وہ ایک ہی تعلق ہوگا جو جمیع معلومات کے ساتھ متعلق ہے اور وہ تعلق بھی مجہول الکیفیت ہے اور صفت العلم کی مانند بے چون وبے چگون ہے۔

ہم اس تصور کے استبعاد کو ایک مثال کے ذریعے زائل کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جائز وممکن بلکہ واقع ہے کہ ایک شخص ایک وقت میں ایک ''کلمہ'' کو اس کے اقسام

marfat.com
Marfat.com

متبائنہ، احوال متغائرہ اور اعتبارات متضادہ سے جانتا ہے اسی وقت میں کلمہ کو اسم بھی جانتا ہے اور فعل اور حرف بھی، ثلاثی بھی جانتا ہے اور رباعی بھی، معرب بھی جانتا ہے اور مبنی بھی، متمکن بھی جانتا ہے اور غیر متمکن بھی، منصرف بھی جانتا ہے اور غیر منصرف بھی، معرفہ بھی جانتا ہے اور نکرہ بھی، ماضی بھی جانتا ہے اور مستقبل بھی، امر بھی جانتا ہے اور نہی بھی بلکہ جائز ہے کہ وہ شخص کہے کہ میں کلمہ کے تمام اقسام واعتبارات کو کلمہ کے آئینہ میں ایک ہی وقت میں بتفصیل دیکھتا ہوں۔ جب علم ممکن بلکہ دید ممکن میں جمع اضداد متصور ہے تو علم واجب تعالیٰ ولله المثل الاعلی میں کیسے بعید ہوسکتی ہے۔

جاننا چاہئے کہ اگر چہ یہاں جمع ضدین (تضاد) کی صورت ہے لیکن حقیقت میں ان کے درمیان ضدیت مفقود ہے کیونکہ اگر چہ حق تعالیٰ زید کو آن واحد میں موجود اور معدوم جانتا ہے لیکن اسی آن میں یہ بھی جانتا ہے کہ اسکے وجود کا وقت مثلاً ہزار سال سن ہجری کے بعد ہے اور اس کے وجود سے قبل عدم سابق کا وقت اس سے پہلے سال معین ہے اور اس کے وجود سے بعد عدم لاحق کا وقت گیارہ سو سال کے بعد ہے لہٰذا در حقیقت ان دونوں کے درمیان تغیر زمانہ سے کوئی تضاد نہیں ہے وعلی هذ القیاس سائر الاحوال فافهم

اس تحقیق سے واضح ہو گیا ہے کہ حق تعالیٰ کا علم اگر چہ جزئیات متغیرہ سے تعلق رکھتا ہے لیکن اس میں تغیر کا شائبہ بھی راہ نہیں پاتا اور حدوث کا گمان اس صفت میں پیدا نہیں ہوتا کما زعمت الفلاسفه کیونکہ تغیر اس تقدیر پر متصور ہوتا ہے کہ جب ایک کو دیگر کے بعد جانا ہو جب تمام کو آن واحد میں جان لے تو تغیر وحدوث کی گنجائش نہیں رہتی پس اس امر کی کوئی حاجت نہیں ہے کہ حق تعالیٰ کے لئے تعلقات متعددہ کا اثبات کیا جائے تا کہ تغیر وحدوث ان تعلقات کی طرف راجع ہو نہ کہ صفت علم کی طرف کما فعله بعض المتکلمین لدفع الشبهة الفلاسفه ہاں اگر ہم تعدد

marfat.com
Marfat.com

تعلقات کا اثبات معلومات کی جانب کریں تو گنجائش رکھتا ہے۔
(مکتوبات شریف دفتر اول مکتوب ۲۶۶)

حق تعالیٰ سبحانہ ہر عیاں و پنہاں، جزئیات وکلیات، موجودات ومعدومات، ممکنات و مستحیلات کو جانتا ہے یہاں تک کہ علویات وسفلیات میں ذرہ بھر چیز بھی علم باری تعالیٰ سے پوشیدہ نہیں ہے جیسا کہ آیات کریمہ عالم الغیب والشهادة وهو بكل شئى عليم اور ولا يحيطون بشئى من علمه الا بماشاء سے واضح ہے۔ بقول شاعر

بر و علم یک ذرہ پوشیدہ نیست
کہ پیدا و پنہاں بہ نزدش یکیست
بر احوال نہ بودہ علمش بصیر
باسرار ناگفتہ لطفش خبیر

صفت علم کو ذات عالم کے ساتھ ایسا اتحاد و اضحلال ہے جو کسی اور کو حاصل نہیں ہے یہاں سے احمد کا قرب احد کے ساتھ دریافت کرنا چاہئے نیز علم کے لئے ایک ایسا ذاتی حسن ہے جو دیگر صفات کے لئے ثابت نہیں ہے صفات باری تعالیٰ میں سے محبوب ترین صفت حق تعالیٰ کے نزدیک صفت العلم ہے چونکہ اس کا حسن بے چونی کی آمیزش رکھتا ہے اس لئے حس اس کے ادراک سے قاصر۔ اس حسن کا ادراک تام عالم آخرت کے ساتھ وابستہ ہے جو مقام رؤیت ہے (جب رؤیت خدا تعالیٰ سے مشرف ہونگے جمال محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پالیں گے۔ (مکتوبات شریفہ دفتر سوم مکتوب ۱۰۰)

بقول شاعر

محمد مصطفےٰ محشر میں طٰہٰ بن کے نکلیں گے
اٹھا کر میم کا پردہ ہویدا بن کے نکلیں گے

marfat.com
Marfat.com

لباس آدمی پہنا جہاں نے آدمی سمجھا
مزمل بن کے آئے تھے تجلی بن کے نکلیں گے

یہ امر ذہن نشین رہے کہ سالکین کو مبداء فیاض (حق تعالیٰ) سے دو قسم کا فیض پہنچتا ہے

۱......فیضِ تخلیقی ۲......فیض کمالاتی

## فیض تخلیقی

یہ فیض انسان کی ایجاد و تخلیق کا باعث ہوتا ہے جو اسے صفات کی وساطت سے حاصل ہوتا ہے۔

## فیض کمالاتی

یہ فیض انسان کے ایمان و معرفت اور کمالات نبوت وولایت کا سبب ہوتا ہے جو بعض حضرات کو صفات کی وساطت سے ملتا ہے اور بعض نفوس قدسیہ کو شیونات کی بدولت میسر ہوتا ہے جیسے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مبداء فیض تخلیقی صفات (اضافیہ) ہیں اور مبداء فیض کمالاتی شیونات (شان العلم) ہیں جیسا کہ آیات کریمہ الرحمن ٥ علم القرآن ......و علمك مالم تكن تعلم ٥ اور رب زدنی علماً سے عیاں ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے مبدأ فیض کمالاتی میں ساری مخلوق سے ممتاز و منفرد ہیں اور اس مرتبے میں آپ کا کوئی بھی شریک نہیں۔ حضرت شیخ بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب کہا

منزه عن شريك في محاسنه
فجوهر الحسن فيه غير منقسم

انبیائے کرام و مرسلین عظام علیہم الصلوات والتسلیمات اور اولیائے کاملین

marfat.com
Marfat.com

علم شریعت باشد یا طریقت وکسے کہ داخل آں
علم شریعت ہو یا علم طریقت اور [۲] جو کوئی اس دروازہ سے داخل
دروازہ شدہ است اقل قلیل است از پس کوچہا
ہوا ہے وہ اقل قلیل ہے کوچوں کے پیچھے سے
نظر ہا بدرون انداختہ اند وآں جماعہ ہم اقلان اند اگر
اپنی نگاہیں اندر ڈالتے ہیں اس جماعت کے لوگ بھی بہت ہی قلیل ہیں اگر

رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کو آپ کے اس مرتبہ شان العلم کے ظلال سے فیض ملتا ہے۔
(ماخوذ از البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب ۴)

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ شان العلم اگرچہ شان الحیوۃ کے تابع ہے لیکن علم کو مرتبہء حضرت ذات تعالیٰ وتقدس میں صفات وشیون کے سقوط اعتبار کے بعد ایسی شان وگنجائش ہے جو حیوۃ کو بھی حاصل نہیں ہے۔ یہ ایسا بلند مرتبہ ہے جو جمیع نسبتوں سے مجرد ہے اور اطلاق نور کے علاوہ اپنے اوپر کچھ بھی تجویز نہیں فرماتا میرے خیال میں علم ہی کی وہاں گنجائش ہے مگر یہ علم وہ نہیں جس کو حصولی یا حضوری کہتے ہیں کیونکہ یہ علم اپنی دونوں قسموں (حصولی وحضوری) کے ساتھ حیاۃ کے تابع ہے بلکہ وہ علم حضرت ذات تعالیٰ وتقدس کی مانند بے چون وبے کیف ہے اور سراسر شعور بے چون ہے جس میں عالم ومعلوم کا اعتبار نہیں۔ (مکتوبات شریفہ دفتر سوم مکتوب ۷۶)

[۲] صفت حیات کے دروازہ تک رسائی حاصل کرنے والے سالکین وعارفین کی دو قسمیں ہیں۔ کچھ تو وہ ہیں جو حریم حیات کے اندر باہر ہی گلی کوچوں سے اندر جھانک لیتے ہیں یعنی انہیں سیر نظری حاصل ہوتی ہے اس قسم کے سالکین بھی اقل ہیں جبکہ کچھ

marfat.com
Marfat.com

رمزے از اسرار ایں مقام گویم قطع البلعوم ومن

میں اس مقام کے اسرار میں سے ایک راز بیان کر دوں تو گلا کاٹ دیا جائے۔

بعد هذ ما یدق صفاته ...... وما کتمه احظی لدیه واجمل

ان (اسرار) کے بعد اسکی صفات دقیق ہیں اوران (رموز خاصہ) کا چھپانا انسب اور اجمل ہے

والسلام علٰی من اتبع الهدی والتزم متابعة المصطفٰے علیه

سلامتی ہو اس شخص پر جو ہدایت کی اتباع کرے اور متابعت مصطفٰے (آپ صلی اللہ

وعلٰی اله الصلوٰة والسلام

علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر درود وسلام ہو) کا التزام کرے۔

عارفین حریم حیات میں اندر داخل ہو جاتے ہیں یعنی انہیں سیر قدمی میسر ہوتی ہے اس قسم کے عارفین اقل قلیل ہیں۔ واللہ اعلم بحقیقة الحال

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۶۰

حضرت حق سبحانه وتعالیٰ از مثل منزه است لیس

لے حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ مثل سے منزہ ہے کوئی چیز

**کمثله شئی** امّا مثال جائز داشته اند ومثل تجویز نموده

اس کی مثل نہیں ہے لیکن مثال کو جائز قرار دیتے ہیں اور مثل تجویز کی ہے

**ولله المثل الاعلیٰ** ارباب سلوک واصحاب کشوف را تسلی

اور اللہ کے لئے بلند ترین مثل ہے۔ ارباب سلوک اور اصحاب کشوف کو مثال

بمثال می دہند وآرام بخیال می بخشند بے چون را بمثال

سے تسلی دیتے ہیں اور خیال سے آرام بخشتے ہیں بے چون کو

لے زیر نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے تنزیہات باری تعالیٰ کا تذکرہ فرمایا ہے دراصل صفات باری تعالیٰ کی بنیادی طور پر دو قسمیں ہیں

۱.....صفات ثبوتیہ انہیں صفات ایجابیہ کمالیہ بھی کہا جاتا ہے۔

۲.....صفات سلبیہ انہیں صفات جبروتیہ جلالیہ بھی کہا جاتا ہے۔

صفات سلبیہ حق تعالیٰ سے مسلوب ہیں جیسے کہ آیات کریمہ لیس کمثله شئی وهو السمیع البصیر (شوریٰ ۱۱) ولله المثل الاعلیٰ وهو العزیز الحکیم (النحل ۶۰) هو الاوّل والاخر والظاهر والباطن وهو بکل شئی

marfat.com
Marfat.com

چوں وا می نمایند وجوب را بصورت امکان جلوہ گر
چون کی مثال سے ظاہر کرتے ہیں وجوب کو امکان کی صورت میں جلوہ گر

میسازند بیچارہ سالک مثال را عین ذی مثال می انگارد
کرتے ہیں۔ بے چارہ سالک مثال کو صاحب مثال کا عین خیال کرتا ہے

وصورت را عین ذی صورت ازیں جا ست کہ صورت
اور صورت کو صاحب صورت کا عین یہی وجہ ہے کہ حق سبحانہ

احاطہ حق سبحانہ وتعالیٰ رادراشیاسی بیند ومثال آں
و تعالیٰ کی صورتِ احاطہ کو چیزوں میں دیکھتا ہے اور اس احاطہ

علیم (حدید) اورارشادنبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اللھم انت الاول فلیس قبلك شئی وانت الاٰخر فلیس بعدك شئی (مسلم) سے واضح ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس کے متعلق یوں رقمطراز ہیں:

حق تعالیٰ نقص کی تمام صفات اور حدوث کے جمیع نشانات سے منزہ ومبرا ہے اور وہ اپنی ذات وصفات اورافعال میں یگانہ، غنی مطلق، بے چون اور بے چگون (بے کیف) ہے اور کسی امر میں بھی کسی چیز کا محتاج نہیں ہے۔ جس طرح وجود میں محتاج نہیں اسی طرح ظہور میں بھی محتاج نہیں اور اس کی ذات وصفات اور افعال ممکنات کی ذات وصفات اور افعال کے ساتھ کچھ بھی مناسبت نہیں رکھتے البتہ مشارکت اسمی اور مناسبت لفظی بحث سے خارج ہے۔ (ماخوذ از مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب ۲۶۶)

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ اس کے متعلق یوں رقمطراز ہیں:

لایشبہ شیئاً من الاشیاء من خلقہ ولایُشبہہ شئیٌ من خلقہ یعنی اللہ

marfat.com
Marfat.com

احاطه را در عالم مشاهده می نماید وخیال میکند که

کی مثال کو عالم میں مشاہدہ کرتا ہے اور خیال کرتا ہے کہ

مشہود حقیقت احاطه حق است سبحانه نه چنیں است

مشہود احاطۂ حق سبحانہ کی حقیقت ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے

بلکه احاطۂ اوتعالیٰ بے چون وبے چگون ست ومنزه

بلکہ اس تعالیٰ کا احاطۂ بے چون وبے چگون ہے اور وہ منزہ ہے

است ازاں که درشهود درآید ومکشوف احدے گردد

اس سے کہ شہود میں آئے اور کسی پر مکشوف ہو

تعالیٰ اپنی مخلوقات میں کسی چیز کے ساتھ مشابہت نہیں رکھتا اور نہ ہی کوئی چیز مخلوق میں سے اس تعالیٰ کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے۔ (شرح فقہ اکبر ۱۵)

دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

صفاته (تعالی) فی الازل بلا کیف یعنی صفات باری تعالیٰ ازل سے ہی بے کیف ہیں۔ (فقہ اکبر)

عدم مشابہت ومماثلت کو بے چون کہا جاتا ہے بلا کیف کو بے چگون کہا جاتا ہے

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے مماثلت کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں

مماثلت ذاتی اور مماثلت صفاتی

چنانچہ آپ رقمطراز ہیں:

لیس کمثله شئی وهو السمیع البصیر (اس کی مثل کی مانند بھی کوئی چیز نہیں ہے اور وہ سننے والا جاننے والا ہے) حق تعالیٰ سبحانہ نے بلیغ ترین انداز سے اپنی

marfat.com
Marfat.com

وایمان آریم کہ اوسبحانہ محیط است بہرشے اما

اور ہم ایمان رکھتے ہیں کہ وہ سبحانہ ہر شئی کو محیط ہے لیکن

احاطہ او را ندانیم کہ چیست وآنچہ دانیم شبہ ومثال

اس کے احاطہ کو ہم نہیں جانتے کہ وہ کیا ہے اور جو کچھ ہم جانتے ہیں

آن احاطہ است وہم برین قیاس است قرب اوتعالیٰ ومعیت او

اس احاطہ کی شبہ و مثال ہے اور اسی پر قیاس ہے اس تعالیٰ سبحانہ کا قرب اور

ذات کی مماثلت کی نفی فرمائی ہے کیونکہ اس آیت میں اپنے مثلِ مثل (مثل جیسی) کی نفی فرمائی گئی ہے حالانکہ مقصود اپنے مثل کی نفی کرنا تھا۔ مطلب یہ ہے کہ جب اس کے مثل کا بھی مثل نہیں ہوسکتا تو اس کا مثل بطریق اولیٰ نہیں ہوگا لہٰذا کنایۃً اصل مثل کی نفی ہوگئی کیونکہ یہ کنایہ صریح کے مقابلے میں ابلغ ہے جیسا کہ علمائے بیان نے اسے ثابت فرمایا ہے اور اس کے متصل ہی وھو السمیع البصیر فرمایا جس سے مقصود صفاتی مماثلت کی بھی نفی کرنا ہے جیسا کہ پہلے حصے (لیس کمثلہ شئی) سے ذاتی مماثلت کی نفی کی گئی ہے اس کی وضاحت یہ ہے کہ حق سبحانہ ہی سمیع اور بصیر ہے کسی دوسرے کو سمع اور بصر حاصل نہیں ہے یہی حال باقی صفات یعنی حیات، علم، قدرت کلام اور ارادہ وغیرہا کا ہے۔ بس مخلوقات میں صفات کی صورت پائی جاتی ہے ان کی حقیقت نہیں پائی جاتی۔ (معارف لدنیہ معرفت ۲۱)

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ کی ذات، صفات قدیم ہیں جبکہ ممکنات کی ذات، صفات حادث ہیں اور حادث، قدیم کے مماثل کیسے ہوسکتا ہے؟

marfat.com

Marfat.com

سبحانه که مشهود ومکشوف ازانها شبه ومثال است نه
اس کی معیت کہ ان کا مشہود و مکشوف شبہ و مثال ہے نہ
حقیقت بلکه حقیقت آنها مجهول الکیفیت است
کہ اس کی حقیقت اس کی حقیقت مجہول الکیفیت ہے۔

مماثل کی دو قسمیں ہیں

مماثل موافق اور مماثل مخالف

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں:

ذات وصفات او (تعالی) مخالف اند مرذات وصفات مخلوقات را بهیچ وجه مناسبت ندارند پس او سبحانه منزه باشد ازمثل یعنی از مماثل موافق واز ند یعنی از مماثل مخالف یعنی حق تعالیٰ کی ذات وصفات مخلوقات کی ذات وصفات کے مخالف ہیں کسی وجہ سے بھی مناسبت نہیں رکھتیں پس حق تعالیٰ سبحانہ مثل یعنی مماثل موافق سے بھی منزہ ہے اور نِدٌ یعنی مماثل مخالف سے بھی مبرا ہے۔ (معارف لدنیہ معرفت ۱۲)

شیخ الاسلام علامہ ودی قدس سرہُ العزیز نے اہلسنت و جماعت کا مؤقف یوں بیان فرمایا ہے:

وَمَا التَّشْبِيْهُ لِلرَّحْمٰنِ وَجْهاً
فَصُنْ عَنْ ذَاكَ اَصْنَافَ الْاَهَالِ

یعنی خدائے رحمٰن سبحانہ کو کسی چیز سے تشبیہ دینا کوئی وجہ نہیں رکھتا بس ان عقائد کے متعلق علمائے اہلسنت کے گروہوں کا مؤقف ملحوظ خاطر رکھ۔ اس شعر کا مطلب یہ

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ حق تعالیٰ کو کسی امر میں بھی مخلوق سے مشابہت نہیں ہے چونکہ اثبات صفات سے شائبہ تشبیہ کا وہم ہوتا ہے اس لئے علامہ دوسی رحمۃ اللہ علیہ نے تصریح فرمادی ہے کہ علمائے اہلسنت کے نزدیک صفات باری تعالیٰ ثابت ہیں مگر حق تعالیٰ سبحانہ مشابہت خلق سے منزہ ہے۔

گوحق تعالیٰ سبحانہ کی مثل نہیں ہوسکتی مگر علمائے کرام نے مثال اور مثل کو جائز کہا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ وللّٰہ المثل الاعلی (نحل ۶۰) سے عیاں ہے۔اصحاب کشف سالکین طریقت کو (عالم) مثال سے تسلیاں دی جاتی ہیں، وہ بے مثل کو چون کی مثال میں جلوہ گر کرتے ہیں جس کی وجہ سے سالکین طریقت احاطہ، قرب ومعیت کا قول کرنا شروع کر دیتے ہیں حالانکہ ہم حق تعالیٰ سبحانہ کے محیط اشیاء قرب ومعیت پر ایمان رکھتے ہیں لیکن اس احاطہ، قرب ومعیت کی حق تعالیٰ سبحانہ کے ساتھ حقیقت کیا ہے اسے سمجھنے سے ہماری فہمیں قاصر وعاجز ہیں اس کو احاطہ اور قرب علمی کہنا بھی تاویلات کے متشابہ سے ہے اور ہم اس تاویل کے قائل نہیں ہیں۔

(ماخوذ از مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب ۲۶۶ وغیرہا)

marfat.com
Marfat.com

ایمان آریم کہ او تعالیٰ قریب است وباماست اما

ہم ایمان لاتے ہیں کہ وہ تعالیٰ قریب ہے اور ہمارے ساتھ ہے

ندانیم کہ حقیقت قرب ومعیت اوتعالیٰ چیست و

لیکن نہیں جانتے کہ اس تعالیٰ کے قرب اور معیت [2] کی حقیقت کیا ہے

تواند بود کہ آنچہ در حدیث نبوی آمدہ **علیہ وعلیٰ الہ**

ہو سکتا ہے کہ جو حدیث نبوی (آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل

**الصلوات والتسلیمات یتجلی ربنا ضاحکا** باعتبار صورت

پر درود وسلامتیاں ہوں) میں آیا ہے ہمارا رب ہنستے ہوئے تجلی فرمائے گا صورت

مثالی باشد چہ حصول کمال رضا در مثال بصورت

مثالی کے اعتبار سے ہو کیونکہ کمال رضا کا حصول مثال میں بصورت

ضحک نمودہ باشند واطلاق یدووجہ وقدم واصبع نیز

خندہ دکھاتے ہوں اور ہاتھ ، چہرہ ، قدم اور انگلی کا اطلاق بھی ہو

تواند بود کہ باعتبار صورت مثالی باشد **ھکذا علمنی**

سکتا ہے کہ صورت مثالی کے اعتبار سے ہو میرے رب نے مجھے ایسی ہی تعلیم دی ہے اور

[2] حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے معیت کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں۔

معیت عامہ اور معیت خاصہ

معیت عامہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ کو بندوں کے ساتھ معیت حاصل ہے جیسا کہ آیہ کریمہ وھو معکم (الحدید) سے واضح ہے جبکہ معیت خاصہ میں محبین بتقاضائے

marfat.com
Marfat.com

ربی واللہ یختص برحمته من یشاء واللّٰه ذو الفضل العظیم و

اللہ اپنی رحمت سے جسے چاہتا ہے مخصوص فرما لیتا ہے اور اللہ فضل عظیم والا ہے اور

صلی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد واله وسلم وبارک

اللہ تعالیٰ ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ اور آپ کی آل پر درود وسلام اور برکتیں نازل فرمائے

محبت حق تعالیٰ کے ساتھ ہیں جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات المرء مع من احب (مشکوٰۃ) سے عیاں ہے مگر دونوں معیتوں میں بڑا فرق ہے۔ معیت خاصہ میں دونوں طرف (حق تعالیٰ وخلق) کی معیت ثابت ہے جبکہ معیت عامہ میں معیت صرف اسی تعالیٰ سبحانہ کی طرف سے ہے اس لئے عین وجدان میں بھی محرومی لازم ہے یاحسرتٰی علی ما فرطت فی جنب اللّٰہ (زمر ۶) ہائے افسوس! میری غفلت پر کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے حضور میں کیوں کوتاہی کی)۔

(مکتوبات شریف دفتر سوم مکتوب ۲۶)

marfat.com
Marfat.com

# منہا-۶۱

اگر در عبارت آں عالی حضرت کہ دربیان احوال و
اگر ان عالی حضرت کی عبارت میں جو احوال و
مواجید و علوم ومعارف ست تناقضے وتدافعے مفہوم
مواجید اور علوم و معارف کے بیان میں ہے[1] کوئی تناقص اور تدافع معلوم
گردد و حمل براختلاف اوقات وتنوع اوضاع باید
ہو اسے اوقات کے اختلاف اور کیفیات کے جدا ہونے پر محمول کرنا

[1] زیرِ نظر منہا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ دورانِ سلوک سالکین پر علوم و معارف کے تناقض اور تدافع کے اختلاف کو حالات و کیفیات کے اختلاف پر محمول کرنا چاہئے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں احوال و وجدانات کے متعلق قدرے تفصیلات بیان کردی جائیں تا کہ فہم منہا میں سہولت رہے۔ و باللّٰہ التوفیق

⊙ ...... احوال، حال کی جمع ہے قدوۃ الکاملین حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہُ العزیز حال کے متعلق یوں رقمطراز ہیں:

حال وہ کیفیت ہے جو حق تعالیٰ کی طرف سے قلب پر وارد ہوتی ہے اسے نہ اپنی کوشش سے روکا جا سکتا ہے اور نہ ہی اسے بہ تکلف وارد کیا جا سکتا ہے۔ جدالانبیاء حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام صاحب حال تھے نہ فراق پر نظر تھی کہ جرحناک ہوتے نہ وصال پر کہ فرحناک ہوتے۔ ستارگان، ماہتاب اور آفتاب سب مددگار حال

marfat.com
Marfat.com

تھے مگر آپ رؤیت میں سب سے فارغ البال تھے۔ ہر چیز میں مشاہدہ حق ملاحظہ فرمارہے تھے اور یوں گویا تھے لا احب الافلین

## حال کے متعلق صوفیائے کرام کی آراء

مشائخ طریقت کے حال کے متعلق مختلف اقوال ہیں

۞......حضرت شیخ حارث محاسبی قدس سرہُ العزیز اوران کے متبعین دوامِ حال کے قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ محبت، شوق، قبض اور بسط یہ سب احوال ہیں۔

۞......سید الطائفہ حضرت سیدنا جنید بغدادی قدس سرہُ العزیز اوران کے ہم نوا دوام حال کو جائز نہیں سمجھتے اور کہتے ہیں الاحوال کالبروق فان بقیت فحدیث النفسی عنی احوال بجلیوں کی مانند ہوتے ہیں جنہیں دوام نہیں ہوتا ان کے دوام کا تصور حدیثِ نفس ہے۔

۞......بعض اہل طریقت فرماتے ہیں الحال سکوت اللسان فی فنون البیان یعنی صاحب حال کی زبان بیانِ حال سے ساکت ہوتی ہے البتہ اس کا معاملہ اس کی حقیقت حال سے عیاں ہوتا ہے اسی لئے کہا جاتا ہے کہ السوال عن الحال محال یعنی حال کا بیان کرنا محال ہے کیونکہ حال فنائے مقال ہے۔

(مزید تفصیلات کیلئے ملاحظہ ہو البینات شرح مکتوبات جلد سوم مکتوب ۸۴)

## وجدانات

یہ وجدان کی جمع ہے، وجدان کی تعریف کرتے ہوئے فاضل اجل حضرت شیخ شریف جرجانی نقشبندی علائی قدس سرہُ العزیز رقمطراز ہیں

الوجدان مایکون مدرکة بالحواس الباطنة یعنی وجدان وہ چیز ہے جس کا ادراک حواس باطنیہ کے ذریعے ہوتا ہے جیسے کسی شخص کے چہرے کی ہشاشت وبشاشت کو دیکھ کر علم ہوتا ہے کہ وہ شخص خوش وخرم ہے۔

marfat.com
Marfat.com

نمود، چہ درہر وقتے احوال و مواجید علیحدہ است،
چاہئے ۲ کیونکہ ہر وقت کے احوال و وجدانات علیحدہ ہوتے ہیں
ودرہر وضعے علوم ومعارف جداست، پس فی
اور ہر کیفیت (حالت) کے علوم و معارف جدا ہوتے ہیں پس
الحقیقت تناقض وتدافع نباشد مثل ایں مثل
در حقیقت تناقض و تدافع نہیں ہوتا اس کی مثال
احکام شرعیہ است کہ بعد از نسخ و تبدیل احکام
احکام شرعیہ کی مانند ہے کہ منسوخ ۲ اور تبدیل ہونے کے بعد تناقض

۲ یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز علوم ومعارف کے اختلاف کو احوال و مواجید کے اختلاف کی بنا پر احکام شرعیہ کے نسخ کی مانند قرار دے رہے ہیں جو بظاہر متضاد ومختلف معلوم ہوتا ہے حقیقت میں تضاد نہیں ہوتا بلکہ بغور ملاحظہ کرنے سے اوقات وحالات کے مختلف ہونے کی بنا پر رفع ہو جاتا ہے جس میں شارع کی حکمتیں و مصلحتیں کارفرما ہوتی ہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں نسخ کی تفصیلات بیان کردی جائیں تاکہ فہم منہا میں مزید سہولت رہے۔ وباللہ التوفیق

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ علیم وحکیم اپنی حکمت بالغہ اور مصلحت کاملہ کے ساتھ جس وقت اپنے بندوں کو جن احکام وافعال کے اکتساب کا حکم دیتا ہے وہ نہایت خوب واحسن اور ہر اعتبار سے سودمند اور فائدہ بخش ہوتے ہیں اور اس وقت انہی کی ضرورت اور انہی میں خیر وبرکت ہوتی ہے اور جن افعال کے ارتکاب سے منع فرماتا ہے وہ نہایت قبیح اور نقصان دہ ہوتے ہیں اور ان سے اجتناب واحتراز میں ہی

marfat.com
Marfat.com

متناقضه می نمایند وچوں اختلاف اوقات واوضاع
احکام نظر آتے ہیں اور جب اوقات اور اوضاع کے اختلاف
را ملاحظه نموده آید آں تناقض وتدافع مرتفع می گردد
کو ملحوظ رکھا جائے وہ تناقض اور تدافع اٹھ جاتا ہے

عافیت وسلامتی ہوتی ہے، مگر انسان ضعیف البنیان کی ضروریات وحالات وحادثات کے پیش نظر یا تو اس حکم کو سرے سے ہی اٹھا دیا یا اس میں مناسب تبدیلی کر دی جو رب تعالیٰ کی ربوبیت وحکمت کے عین مطابق تھی۔ جس سے نہ تو اللہ رب العالمین کا لاعلم ہونا ثابت ہوتا ہے اور نہ ہی اس سے حکم شرعی کا ناقص ہونا لازم آتا ہے۔ امام المتکلمین حضرت علامہ فضل اللہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ اس کی مثال دیتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ جس طرح ایک ماہر اور حاذق طبیب کسی مریض کی تشخیص کر کے آج نسخہ تجویز کرے تو دوسرے روز مریض کے مزاج کے پیش نظر یا تو اس نسخہ کو بالکل بند کر دے گا اور اس کی جگہ کوئی دوسرا نسخہ تجویز کر دے گا یا اسی نسخہ میں بقدر ضرورت وصحت مناسب تغیر وتبدل کر دے گا۔ جس طرح تبدیلی نسخہ سے طبیب کی حذاقت اور اس کے علم طبابت میں کوئی نقص وتفاوت پیدا نہیں ہوتا بلکہ نسخہ کا ردوبدل مریض کی موجودہ حالت پر منحصر ہوتا ہے اسی طرح کسی حکم شرعی میں ردوبدل سے رب تعالیٰ کے علم کی طرف کوئی نقص عاید نہیں ہوتا بلکہ وہ مناسبت وقت کی بنا پر بندوں کے حسب حال ہوتا ہے۔

نظام کائنات میں بھی اس کی مثالیں موجود ہیں جیسے جب بچہ ایام طفولیت سے لیکر منتہائے شباب تک اپنی حیات کے مختلف مراحل ومدارج طے کرتا ہے تو اسے ہر مرحلہ پر احکام نسخ سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ اس کی خوراک، لباس اور غذا وغیرہا کے احکام، رضاعت، طفولیت اور جوانی انتہائے شباب تک بدلتے رہتے ہیں۔ جب وہ

marfat.com
Marfat.com

ولِلّٰہ سبحانہ حکم ومصالح فی ذالک فلا تکن من الممترین

اور اللہ سبحانہ کی اس میں حکمتیں اور مصلحتیں ہیں لہٰذا تم شک کرنیوالوں میں سے نہ ہو جانا

وصلی اللّٰہ تعالٰی علی سیدنا محمد والہ وسلم وبارک

اللہ تعالٰی ہمارے آقا حضرت محمد اور آپکی آل پر رحمتیں، سلامتیاں اور برکتیں نازل فرمائے

جوانی کی انتہاء کو پہنچ جاتا ہے تو اس کی طبعی خوراک، لباس اور غذا کا معیار متعین ہو جاتا ہے

شریعت مطہرہ کی ابتداء سیدنا آدم علیہ السلام سے ہوئی جو رسالت ونبوت کے مختلف ادوار میں نسخ کے مراحل طے کرتی ہوئی شریعت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات کے دور میں اپنے منتہائے شباب کو پہنچ گئی۔ من حیث الشرع اس کا معیار متعین ہو جانے سے اس میں نسخ کا احتمال منقطع ہو گیا، پوری شریعت مطہرہ اور جمیع احکام عملیہ محکم قرار پا گئے۔ تمام انسانیت کے لئے ایک مکمل ضابطہ حیات مقرر ہو گیا جیسا کہ ارشاد باری تعالٰی الیوم اکملت لکم دینکم سے عیاں ہے۔ رہا یہ امر کہ "الاحکام تتغیر بتغییر الازمان" (یعنی احکام تغیر زمانہ سے بدلتے رہتے ہیں) سے شریعت مطہرہ میں نسخ ہرگز مراد نہیں بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ شریعت مطہرہ میں ایسے اصول وقواعد موجود ہیں کہ جن کے مطابق اہل بصیرت مجتہدین، احکام کا استنباط واستخراج کر سکتے ہیں ہر مدعی علم وبصیرت کا یہ منصب نہیں۔ یہ منصب فقط ان اصحاب فہم وفراست کیلئے مخصوص ہے جو من حیث المجموع اہل حق امت محمدیہ اور ملت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کے نزدیک معتمد ہوں ورنہ نہیں۔ (التبیان وغیرہا)

واضح رہے کہ حق تعالٰی کے کلام قرآن مجید میں نسخ تو ضرور پایا گیا مگر یہ ہر قسم کے تعارض وتناقض اور اختلاف سے پاک ہے اور یہی صداقت قرآن کی بین دلیل ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالٰی ولو کان من عند غیر اللّٰہ لوجدوا فیہ اختلافا

marfat.com
Marfat.com

کثیراً سے عیاں ہے۔

محدث کبیر حضرت علامہ ملاعلی قاری نقشبندی احراری رحمۃ اللہ علیہ نسخ کے متعلق رقمطراز ہیں:

النسخ لغة التبديل و شرعا بيان لانتهاء الحكم المطلق یعنی نسخ کا لغوی معنی تبدیل کرنا اور شرعی معنی حکم مطلق کی انتہاء بیان کرنا ہے۔

(مرقاۃ شرح مشکوۃ ۱/۳۶۲)

صاحب نورالانوار یوں رقمطراز ہیں

شرع میں نسخ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کسی حکم شرعی کی آخری مدت بیان کی جائے خواہ وہ حکم قرآن میں مذکور ہو یا حدیث میں اور اس کی جگہ نیا حکم لایا جائے۔ (نورالانوار ۲۱۲)

## نسخ کی اقسام اربعہ

ناسخ کے اعتبار سے نسخ کی چار اقسام ہیں

| | |
|---|---|
| ۱۔ نسخ الکتاب بالکتاب | ۲۔ نسخ السنۃ بالسنۃ |
| ۳۔ نسخ السنۃ بالکتاب | ۴۔ نسخ الکتاب بالسنۃ |

## نسخ الکتاب بالکتاب

قرآن کا نسخ قرآن سے، اسکی مثال یہ ہے کہ ابتدائی دور میں کفار سے درگذر کرنے کا حکم دیا گیا جیسے فاعفوا واصفحوا حتى يأتي الله بامره (البقرہ ۱۰۹)

اور بعد میں کفار کے خلاف جہاد کی اجازت مل گئی جیسے قاتلوا المشركين كافة كما يقاتلونكم كافة (توبہ ۳۶)

marfat.com
Marfat.com

واضح رہے کہ نسخ انہی آیات کریمہ اور احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات میں ہوتا ہے جن سے احکام شرعیہ ثابت تھے، واقعات یا قصص وحکایات میں نسخ نہیں ہوتا اور احکام میں نسخ واقع ہونا خدا تعالیٰ جل شانہ کی حکمت محضہ ہے جس سے اس کے علم میں تفاوت یا نقص عائد نہیں ہوتا تعالی اللہ عن ذالك علواً کبیراً

## نسخ السنۃ بالسنۃ

حدیث کا حدیث سے نسخ اسکی مثال یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کنت نہیتکم عن زیارة القبور الافزوروھا یعنی پہلے میں تمہیں قبروں کی زیارت سے منع کیا کرتا تھا لیکن اب تمہیں اجازت ہے بیشک زیارت قبور کے لئے جایا کرو۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پہلا حکم جو زیارت قبور سے ممانعت کے متعلق تھا اب اس دوسرے حکم سے منسوخ ہو گیا۔

## نسخ السنۃ بالکتاب

حدیث کا نسخ قرآن سے، اسکی مثال یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب ہجرت فرما کر مدینہ طیبہ رونق افروز ہوئے تو آپ بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے رہے (صحیح مسلم باب تحویل القبلہ)۔ بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا جو پہلے ثابت تھا اس آیت سے منسوخ ہو گیا فول وجھك شطر المسجد الحرام یعنی اے محبوب صلی اللہ علیک وسلم! اب نماز میں منہ مسجد حرام کی طرف پھیر لو۔ (البقرہ ۱۴۴)

## نسخ الکتاب بالسنۃ

قرآن کے حدیث سے نسخ کی یہ قسم نہایت نازک اور اہم ہے۔ جس سے یہ مراد

marfat.com
Marfat.com

ہرگز نہیں کہ حدیث مبارکہ کے ذریعے قرآن مجید کے متن یا اس کے حکم عام کو کلیۃً منسوخ کردیا جائے جیسا کہ آیہ کریمہ قل مایکون لی ان ابدله من تلقاء نفسی (یونس ۱۵) اور ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات کلامی لا ینسخ کلام اللّٰہ (مشکوٰۃ ۳۲) سے معلوم ہوتا ہے۔ اسی لئے حضرت امام قاضی ابوزید حنفی رحمۃ اللہ علیہ نے تصریح فرمادی ہے کہ لم یوجد فی کتاب اللّٰہ مانسخ بالسنة (کتاب التحقیق باب النسخ) بلکہ اس نسخ کا مطلب یہ ہے کہ قرآن مجید کے کسی حکم عام کے بعض افراد کو زبان رسالت علیٰ صاحبہا الصلوات خاص کردے۔ یہ تخصیص و تنسیخ خبر واحد سے نہیں بلکہ خبر مشہور اور خبر متواتر سے ہی ہوگی جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات الا انی اُوتیت القرآن ومثله معه (مشکوٰۃ ۲۹) سے مفہوم ہوتا ہے جسے قرآن مجید میں ''الحکمۃ'' سے تعبیر کیا گیا ہے اسی کو سنت بھی کہا جاتا ہے اور قطعی الثبوت سنت کتاب اللہ کے حکم میں ہی ہے نیز اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو محرم و محلل بنایا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ ویحل لهم الطیبات ویحرم علیهم الخبائث سے عیاں ہے۔ (الاعراف ۱۵۷) کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام ہر قسم کی ھوایت و غوایت سے پاک ہیں جیسا کہ آیات کریمہ وما ینطق عن الهویٰ اور ماضل صاحبکم وما غوی سے واضح ہے۔ اقبال مرحوم نے اسی مفہوم کو یوں بیان فرمایا ہے

اُمّی پاک از ہویٰ گفتار او
شرح رمز ماغویٰ گفتار او

یہ امر ذہن نشین رہے کہ قرآن مجید کے حکم عام کی تخصیص صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے زبان رسالت علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات سے براہِ راست سماعت فرمائی اس لئے یہ تخصیص ان کے لئے قرآن مجید کی طرح ہی یقینی اور قطعی تھی

marfat.com
Marfat.com

کیونکہ قرآن مجید اور یہ تخصیص دونوں وحی ہیں قرآن مجید وحی متلو ہے اور یہ تخصیص (حدیث) وحی غیر متلو ہے اور یہ دونوں زبان رسالت علیٰ صاحبہا الصلوات سے صادر ہوئی ہیں چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

۱...... قرآن مجید نے یہ حکم عام دیا کہ مسلمان مرد اپنی پسند کی چار شادیاں کرسکتا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ فانکحوا ماطاب لکم من النساء مثنیٰ وثلث وربع سے عیاں ہے لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو اس حکم عام سے مستثنیٰ فرمادیا اور ارشاد فرمایا کہ علی، حیات فاطمہ رضی اللہ عنہما میں ابوجہل کی بیٹی سے شادی نہیں کرسکتے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات واللّٰــــہ لا یجتمع بنت رسول اللّٰہ وبنت عدو اللہ مکانا واحداً ابداً (ابوداؤد/ ۲۹۹ مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ) سے عیاں ہے۔

۲...... قرآن مجید نے یہ حکم عام فرمایا کہ نزاعی معاملہ میں نصاب شہادت دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں مقرر فرمایا جیسا کہ آیہ کریمہ واستشھدوا شھیدین من رجالکم فان لم یکونا رجلین فرجل وامرأتان سے واضح ہے لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کو اس حکم عام سے مستثنیٰ قرار دے دیا اور ارشاد فرمایا کہ خزیمہ کی گواہی دو مردوں کی گواہی کے برابر ہے جیسا کہ حدیث میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اعرابی سے گھوڑا خریدا۔ بحث وانکار و تکرار کے بعد اس نے کہا ھلم شھیداً گواہ لاؤ حضرت خزیمہ نے کہا انا اشھد انك قد بایعتہ فاقبل النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم علی خزیمۃ فقال بم تشھد فقال بتصدیقك یارسول اللّٰہ فجعل النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم شھادۃ خزیمۃ بشھادۃ رجلین یعنی میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے یہ خریدا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خزیمہ کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا تم کس

marfat.com
Marfat.com

طرح گواہی دیتے ہو؟ عرض گذار ہوئے کہ یارسول اللہ! آپ کو سچا جانتے ہوئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خزیمہ کی گواہی کو دو مردوں کی گواہی کے برابر کر دیا۔

(ابوداؤد ۱۵۲/۲)

۳...... قرآن مجید کے عمومی حکم الوصیة للوالدین والاقربین بالمعروف میں والدین اور قریبی رشتہ داروں کے حقوق کی تعیین جب آیات میراث (النساء ۱۱، ۱۲) سے ہوگئی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت وصیت کے حکم کی تنسیخ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا ان اللّٰہ قد اعطی کل ذی حق حقہ فلا وصیة لوارث یعنی اللہ تعالیٰ نے ہر حق دار کو اس کا حق دے دیا ہے لہٰذا وارث کیلئے کوئی وصیت نہیں ہے۔

(ابوداؤد ۴۸/۲)

۴...... قرآن مجید کا عمومی حکم ہے کہ ہر نماز کو اپنے وقت پر ادا کیا جائے جیسا کہ آیہ کریمہ ان الصلوٰة کانت علی المؤمنین کتابا موقوتاً (النساء ۱۰۳) سے عیاں ہے لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میدان عرفات میں نماز عصر کو نماز ظہر کے وقت میں اور مقام مزدلفہ میں مغرب کو عشاء کے وقت میں ادا کرنے کی تخصیص فرما دی جیسا کہ احادیث مبارکہ فجمع بین الظھر والعصر اور ان رسول اللہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم صلی المغرب والعشاء بالمزدلفة جمیعا (ابوداؤد ۱/۲۸۰، ۲۸۱) سے واضح ہے۔

۵...... قرآن مجید کا عمومی حکم ہے کہ اگر وارث کی ایک بیٹی ہو تو اسے میت کے ترکہ کا نصف ملے گا جیسا کہ آیہ کریمہ فان کانت واحدة فلھا النصف (النساء ۱۱) سے عیاں ہے لیکن خلیفۃ الرسول حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اس عموم کی تخصیص کرتے ہوئے سیدہ عالمین حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث سے نصف حصہ عطا نہیں فرمایا کیونکہ ان کے پیش نظر ارشادات

marfat.com
Marfat.com

نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات تھے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا لا نورث ما ترکناہ صدقة یعنی ہم گروہ انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کسی کو وارث نہیں بناتے ہم نے جو ترکہ چھوڑا وہ امت پر صدقہ ہے۔ (مشکوٰۃ ۵۵۰)

دوسرے مقام پر ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات ہے:

ان الانبیاء لم یورثوا دینارا ولا درهما وانما ورثوا العلم یعنی انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات نے دینار اور درہم (سونا چاندی) ترکہ میں نہیں چھوڑا بلکہ ان کی وراثت علم ہے۔ (مشکوٰۃ ۳۴)

۶...... حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خاتون جنت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی اولاد امجاد کو اپنی اولاد قرار دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ میری نسل میری لخت جگر (بیٹی) سے چلے گی جبکہ دوسروں کی نسل ان کے بیٹوں سے چلتی ہے جیسا کہ آیہ کریمہ وعلی المولود له (البقرہ ۲۳۳) سے واضح ہے۔

ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات ہے:

کل بنی ام ینتمون الی عصبة الا ولد فاطمة فانا ولیهم و عصبتهم یعنی ماں کے بیٹے اپنے وارث کی طرف منسوب ہوتے ہیں سوائے سیدہ فاطمہ (رضی اللہ عنہا) کے کہ میں ان کا ولی اور وارث ہوں۔ (مجمع الزوائد ۹/۱۷۶)

ایک مقام پر یوں ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات ہے:

ان اللّٰه تعالیٰ جعل ذریتی فی صلب علی بن ابی طالب یعنی اللہ تعالیٰ نے میری ذریت سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی پشت میں رکھ دی ہے۔

(مجمع الزوائد ۹، ۱۷۵)

۷...... حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عموم قرآن کے اختصاص واستثناء کی ایک اور مثال ملاحظہ ہو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی اکرم صلی

marfat.com
Marfat.com

اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض گذار ہوا ھلکت میں ہلاک ہو گیا فرمایا و ما شانك کیا بات ہے؟ عرض کی وقعتُ علی امرا تی فی رمضان میں حالت روزہ میں اپنی بیوی سے صحبت کر بیٹھا، فرمایا فھل تجد ما تعتق رقبة کیا ایک گردن (غلام) آزاد کر سکتے ہو؟ عرض کی لا نہیں فرمایا فھل تستطیع ان تصوم شھرین متتابعین کیا مسلسل دو ماہ کے روزے رکھ سکتے ہو؟ عرض کی نہیں فرمایا فھل تستطیع ان تطعم ستین مسکینا کیا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا سکتے ہو؟ عرض کی نہیں فرمایا اجلس بیٹھ جاؤ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک عرق (پیمانہ) کھجوریں پیش کی گئیں فرمایا تصدق به انہیں خیرات کردو۔ عرض گذار ہوا یا رسول اللہ دونوں سنگستانوں کے درمیان ہمارے گھر والوں سے تو کوئی بھی غریب نہیں (فی روایة یارسول اللہ ما احد احوج منی) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا پڑے حتی کہ آپ کے دندان مبارک نظر آنے لگے ارشاد فرمایا فاطعمه ایاهم انہیں کو کھلا دو۔ (ابوداؤد ۱/۳۴۵)

۱

marfat.com
Marfat.com

**قال العبد الضعيف الجامع لهذه النكات البديعة الرائعة**

کہتا ہے بندہ ضعیف جامع ان عجیب و غریب بلند نکات کا

**محمدالصدیق البدخشی الکشمی الملقب بالھدایة قد وقع الفراغ عن**

محمد صدیق بدخشی کشمی ملقب بہ ہدایت کہ تحقیق اسے فراغت ہوئی ان

**تسوید ھذہ المعارف العالیة الشریفه المسمی بالمبدأو المعادفی**

معارف عالیہ شریفہ کی تسوید سے جس کا نام مبداء و معاد ہے

**اواخرشھر رمضان المبارک حین الاعتکاف سنة الف وتسعة عشر**

ماہ رمضان المبارک کے آخر میں دوران اعتکاف ۱۰۱۹ھ میں۔

ایں نسخه که مبداء و معاد ست بنام

یہ نسخہ کہ جس کا نام مبداء و معاد ہے

ز انفاس نفیس حضرت فخر کرام

حضرت فخر کرام (امام ربانی) کے نفیس فرمودات میں سے ہے

چوں کرد ہدایت اقتباس از سر صدق

جب ہدایت نے اسے اخلاص سے اقتباس کیا

در سال ہزار و نوزده گشت تمام

ایک ہزار انیس میں مکمل ہو گیا

marfat.com
Marfat.com

# ابوالبیان پیر محمد سعید احمد مجددی

کی علمی فکری تحقیقی اور روحانی تصانیف



## مجموعہ تقاریر

جلد اول صفحات 288 ہدیہ 130

جلد دوم صفحات 224 ہدیہ 120

# البیان

علماء، واعظین، خطباء اور طلباء کیلئے گرانقدر تحفہ



# مقالات ابوالبیان

صفحات 504 ہدیہ 200

قرآنیات، تذکار رسالت، تصوف
افکار مجدد الف ثانی و دیگر موضوعات پر مشتمل

## تنظیم الاسلام پبلیکیشنز

121-بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ پاکستان

فون: 055-3841160 فیکس: 055-3731933

Tanzeemulislam Graphics 0333 4322012 055 3841160



marfat.com

Marfat.com

عالمی ادارہ تنظیم الاسلام